لوگوں کو بہشتی بشارت میں دیکھا ۔ سرکار رک گئے ۔ قدم بوسی کرنے آج پوچھا ۔

تمہیں ضمانت مل گئی ۔ اعمال کے حساب کی ضمانت ہے ۔ آج انسان غور کرے ۔

قیامت کا حساب ہوگا ۔ لیکن نفسی ہو گا ۔ وہ جوان ولی اللہ ۔ دل اپنی سر لئے ۔

رات ان کی تھی ۔ دل گناہوں میں رات غفلت میں ۔ لیف ذکر المیزان الذہبی

حدیث 16 ۔ معرفت نز جانے ۔ زندگی ڈھلے ۔ وفات کا وقت آیا ۔ والدہ کو بلایا

میری باتوں کو پورا کر دینا ۔ میں اللہ کا حق ادا نہیں کر سکا ۔ رسہ ڈال دینا ۔ لاش کو

گھسیٹنا ۔ جو نافرمان ہے ۔ ۲ جنازہ رات کے اندھیرے میں ۔ نافرمان جا رہا ہے

دفن کر کے چلے میں قبر پر کھڑی رہی ۔ جان کے ٹکڑوں کی برکت ۔

غیب سے آواز ۔ درست ہے سدا کا پاس ۔ اوپر کو عرش کا

پاس ہے ۔ (33-56) ہم دلوں کو پتہ کی طرف رالقلب ۔ حقانی فاتحہ ۔ سی کی زندگی

ہے سچی بندگی ہے ۔ حضور نے فرمایا ۔ انا التقوی ۔ امام حسن بصری ۔ ان الابرار ۔ الفطر 13

کس لوگوں میں ہو گا ۔ اصلاح ہوتی ہے ۔

۲۰۱۸ - ۱ - ۹
۱۴۳۹ - ۴ - ۲۱
۸ - ۴۵ - PM

جامع مسجد منہاج القرآن
ماڈل ٹاؤن لاہور
18-08-1989

فلسفہ شہادت

ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ ــــــ بقرہ 154 = حضور کو اللہ نے اپنی تمام نعمتوں
~~کا مرقع بنایا تمام انبیاء کو جو فضائل دیے وہ سارے سارے اپنے محبوب میں جمع ــ جس سطح کو
نبیوں سے فرمایا۔ اس سطح کمال کو منتہیٰ تک پہنچایا جو محبوب کی شان تھی + ایسی بلندی عطا
فرمائی اس سے آگے عالم خلق کیلئے ممکن ہی نہیں ہے ان نعمتوں میں سے ایک نعمت شہادت بھی
ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انعام یافتہ لوگوں کے چار طبقات بیان فرمائے ہیں سورۃ فاتحہ میں دعا
اھدنا الصراط ــــــ سیدھی راہ طلب کرنے کی تلقین فرمائی ــ اب جب سوال کرنے کا حکم دیا~~

\+ یہاں سے تفصیل کے ساتھ تحریر ہے +

محترم مشائخ علمائے کرام معزز خواتین حضرات۔ اور عزیزان گرامی قدر۔ اللہ رب العزت کا شکر ہے۔
جس نے اپنے بے پایاں فضل وکرم اور احسان و انعام سے ہمیں نوازا ہے۔ اور اس امت کو اپنی نعمتوں
سے بہرہ ور فرمایا ہے۔ کہ جو اتنی کثرت کے ساتھ ہیں۔ کسی پہلی امت کو نصیب نہ ہو سکیں۔ اور وجہ
اس کی یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور نبی اکرم ﷺ کو اپنی تمام نعمتوں رحمتوں شفقتوں اور عنایتوں
کا مرقع بنایا ہے۔ ~~جو~~ جس قدر نعمتیں جس قدر فضیلتیں۔ اللہ تعالیٰ نے جملہ انبیاء ؑ کو عطا فرمائیں۔ متفرق
طور پر جدا جدا۔ وہ ساری نعمتیں حضور علیہ السلام کی ذات اقدس میں اللہ رب تعالیٰ نے مجتمع
کر دیں۔ پھر ہر نعمت اور فضیلت جس نبی کو جس سطح تک ملی حضور علیہ السلام کی ذات اقدس
میں اس نعمت کی سطح کو اپنے منتہا کے کمال تک پہنچا دیا۔ وہ سطح اتنی بلند عطا فرمائی۔ اس کا فضل و
کرم کی اس نعمت کی۔ اس فضیلت کی۔ اتنی بلند سطح عطا فرمائی کہ اس کے آگے عالم خلق کے
لئے ممکن نہیں ہے۔ چنانچہ ان نعمتوں میں سے شہادت بھی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے
قرآن مجید میں انعام یافتہ بندوں کے چار طبقات گنوائے ہیں۔ سورۃ فاتحہ میں ارشاد فرمایا۔ اھدنا الصراط
ــــــ علیہم ۔ فاتحہ 1: 5-6 = ہمیں اے اللہ ہمیں سیدھی راہ کی ہدایت عطا فرما۔ صراط مستقیم
کی ہدایت اللہ کی بارگاہ سے طلب کرنے کی تلقین فرمائی ہے۔ اب جب یہ سوال کرنے کا حکم فرمایا۔
کہ تم اللہ سے صراط مستقیم مانگو۔ ہدایت طلب کرو۔ تو سوال کے مفہوم کو اور اس کے جواب
کو اس ہدایت کے مضمون کو صراط مستقیم کے معنیٰ کو مشخص کرنے کے لئے معین کرنے کے لئے۔ اللہ تبارک

نے آگے جواباً فرمایا ۔ صراط الذین انعمت علیہم ۔ کہ اللہ ہمیں سیدھی راہ کی ہدایت دے ۔ سوال پیدا ہوتا ہے ۔
کہ سیدھی راہ کی جو ہدایت مانگ رہے ہیں ۔ کیا تمہیں معلوم ہے کہ کونسی سیدھی راہ ہے ۔ کیا سیدھی
راہ تمہارے ذہن میں متعین ہے ۔ کیا وہ مشخص ہے اس کی پہچان ۔ شناخت کہ جس سیدھی راہ کی
ہدایت ہم طلب کر رہے ہیں ۔ وہ سیدھی راہ ہے کہ ۔ ذہن میں معلوم واضح ہونا چاہیئے ۔ تو اللہ تبارک
وتعالیٰ نے ۔ اس مفہوم کی وضاحت کیلئے ۔ ارشاد فرمایا کہ سیدھی راہ ان لوگوں کی راہ ہے ۔ جن پر تو نے
انعام فرمایا ۔ اللہ تبارک وتعالیٰ چاہتے ۔ تو یہاں یہ فرما سکتے تھے ۔ کہ اے اللہ ہمیں سیدھی راہ کی ہدایت دے ۔
اور سیدھی راہ تیرے قرآن کی راہ ہے ۔ تیری کتاب کی راہ ہے ۔ تیرے نبی کی سنت کی راہ ہے ۔ اس وحی
کی راہ ہے جو تو نے آسمان سے نازل فرمائی ہے ۔ یہ مضمون اس طرح بھی بیان ہو سکتا تھا اور
اس میں کوئی شک نہیں کہ اصل ہدایت تو کتاب و سنت کی ~~طرف~~ ہی ہدایت ہے ۔ اصل ہدایت
تو قرآن و حدیث کی ہے ۔ اللہ کی وحی کی ہے ۔ اللہ کے رسول کی سنت کی ہے ۔ سر چشمہ تو ہدایت
کا یہی ہے ۔ مگر ۔ اگر فقط یہ بات کہی جاتی کہ ۔ یہ اللہ کی کتاب اللہ کا قرآن اللہ کی وحی سیدھی راہ ہے ،
جب اتنی بات کہی جائے ۔ تو یہ ایک مجرد آئیڈیا ہے ۔ یعنی مشخص نہیں ہے ۔
جب شخصی صورت میں کوئی نمونہ پیش کیا جائے ۔ محض قول تصور نظریہ اس کا [illegible] انسانیت
ہدایت حاصل نہیں کر سکتی ۔ جب تک یہ نظریہ کسی انسانی روپ میں ظاہر نہ ہو ۔
مشخص کسی شخص کے روپ میں سامنے نہ ہو ۔ وہ نظریہ وہ تصور ۔ کسی ۔ جو آنکھوں سے
دیکھا جا سکے ۔ محسوس کیا جا سکے ۔ جانا جا سکے ۔ پرکھا جا سکے ۔ کسی ایسے
نمونے کے طور پر ۔ جب تک وہ نظریہ وہ تصور وہ چیز سامنے نہ ہو ۔ (7-41)
وہ مجرد آئیڈیا رہتا ہے ۔ اگر محض اللہ کی وحی سے اور کلام الٰہی سے مخلوق کو ہدایت
دینے کا مقصد پورا ہونا ہوتا ۔ تو اللہ تبارک وتعالیٰ زمین پر انبیاء علیہم السلام کو مبعوث نہ فرماتا ۔ بلکہ اللہ
اس پر قادر تھا کہ وہ اپنی ہدایت ..... اپنی وحی ۔ اپنی وحی اپنا کلام ہر مستحق تک براہ راست پہنچا دیتا ۔
جیسے مولانا ابو الماجد دریا آبادی ۔ ایک عالم ہو گزرے ہیں انہوں نے ایک پیاری بات کی ہے ،
مثال دیتے ہوئے کہ ۔ وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اسباب پر قادر ہے ۔ جیسے ہر شخص اٹھا ۔ تو اللہ تعالیٰ کا

اس کی ہدایت اس کا پیغام ہر شخص کو کانوں کی صورت میں اس کے سرہانے پڑا ہوا مل جاتا۔ کیا یہ بات
اللہ کی قدرت سے باہر ہے۔ تو ہر شخص کو اپنا پیغام ہدایت دیتا۔ اور یہ کہتا کہ یہ میرا پیغام ہے یہ میرا
حکم ہے۔ اس پر چلو۔ مگر اللہ تبارک و تعالیٰ نے ایسا نہیں کیا کہ وہ کروڑوں انسانوں کو ہدایت
دینے کے لئے ایک شخص کو نمونہ بنایا۔ ہدایت کروڑوں کو دینا مقصود ہے۔ مگر ان میں سے ایک کو نمونہ بنا دیا
یعنی ہدایت کو مشخص کر دیا — شخصیت کے طور پر ہدایت سامنے رکھ دی۔ فرمایا لقد کان لکم فی
رسول اللہ اسوۃ حسنہ۔ الاحزاب :21 = کہ تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ کی ذات اقدس میں اسوۃ
حسنہ ہے۔ تاکہ ہدایت لو۔ اب یہاں نقطہ یہ ہے۔ وہ یہ ہے —
کہ حضور علیہ السلام اسوۃ ہو سکے۔ کیونکہ صحابہ کرام نے آنکھوں سے دیکھا۔ کانوں سے سنا۔
آپ کی مجلس میں بیٹھے۔ حضور کے ساتھ سفر کیا۔ حضر میں رہے۔ معاملات کئے۔ مسائل پوچھے
جواب لیا۔ چونکہ براہ راست رابطہ ہوا۔ شخصی رابطہ۔ تو ہدایت مشخص ہو کر شخصی نمونے کے
طور پر۔ آنکھوں کے سامنے آگئی۔ تو مقصود پورا ہو گیا تھا۔ عملی نمونہ پیش کرنے کا۔ جب حضور علیہ السلام
کا وصال ہو گیا — تو اب یہ حضور ﷺ کا پورا عملی نمونہ حدیث اور سنت کی شکل میں محفوظ ہو گیا۔ مگر
وہ بھی کتاب بن گیا — جو میں نقطہ کھولنا چاہتا ہوں۔ بے شک عملی نمونہ سامنے آیا مگر وہ بھی
ایک کتاب کی شکل میں سنت نبوی کا بیان — کتابی شکل میں سامنے آیا۔ اب ہم حضور ﷺ کو دیکھنے
کی پوزیشن میں نہیں۔ کانوں سے سن نہیں سکتے۔ آنکھوں سے دیکھ نہیں سکتے۔ مجلس میں
بیٹھ نہیں سکتے۔ سفر حضر میں ساتھ نہیں ہو سکتے۔ جو براہ راست جا کے پوچھنے۔ پہلے جو
موقع صحابہ کرام کو میسر تھا۔ وہ اب ہمیں میسر نہیں ہے۔ اور قیامت تک کی نسلوں کو میسر
نہیں ہے۔ بے شک سنت عملی تفسیر قرآن مجید کی۔ بے شک حدیث نبوی کی شکل میں
موجود ہے۔ مگر وہ بھی کتاب ہو گئی ہے۔ تو قرآن مجید احکام کی کتاب ہے۔ اور حدیث پاک حضور کے
زمانے آپ کے معمولات کی کتاب ہے۔ وہ بھی کتاب ہے۔ اس لئے آپ دیکھتے ہیں۔ جس طرح قرآن
کی تفسیر پر اختلاف ہوتا ہے۔ اس طرح احادیث کے مفہوم و معانی کے تعین پر بھی اختلاف ہوتا ہے۔ وجہ کیا
ہے۔ صحابہ کرام کے اندر جو دو نہیں چلے جاتے ہیں۔ ہر وقت حضور کے پاس رہتے تھے۔ ان پر تو مسائل

میں اختلاف نہیں ہوتا تھا۔ کیوں کہ اگر کسی کو اختلاف ہوا تو حضور ﷺ سے دریافت کر لیے۔
اب حدیث نبوی عمل نمونے کا بیان محفوظ ہو گئے۔ شکل ہدایت محفوظ ہو گئی۔ مگر کتابی شکل میں۔
اب اگر حدیث پر اختلاف ہو جائے۔ اس کے معنی کے تعین پر اختلاف ہو جائے۔ حدیث
اور سنت کا جو نصوص ہیں۔ اس کی توضیح اور شرح پر اختلاف ہو جائے۔ جیسا کہ امت
میں ہوتا رہا ہے۔ تو ہر کوئی کلیم کرے گا۔ کہ جو مفہوم میں بیان کر رہا ہوں۔ یہ درست ہے۔ دوسرا
کہے گا جو میں بیان کر رہا ہوں۔ یہ درست ہے۔ تیسرا کہے گا کہ جو میں بیان کر رہا ہوں۔ جب قرآن کی
تفسیر پر اختلاف کرنے والے میں سے ہر شخص اپنے معنی کو درست کرتا ہے۔ دوسرے
کو غلط۔ اسی طرح حدیث پاک کی شرح کرنے والے جو ہوں گے وہ اپنے معنی کو درست دوسرے کو غلط
اب اس کا حل کیا ہے۔ آپ کہیں آگے عملی نمونے کا کوئی مزید ثبوت نہیں ہے۔ یہ سنت النبی کے
خلاف ہے۔ اگر یہ صورت پیدا ہو جائے تو حل کیا ہے۔ کہ جو دو علماء میں۔ دس علماء میں ہر
شخص کہہ رہا ہے کہ یہ حدیث اس کا مفہوم یہ ہے دوسرا کہہ رہا ہے۔ ——— اختلاف ہو رہا ہے
حل کیا ہے۔ اگر آپ حل یہ سمجھیں کہ اپنے ذہن کا علم عالم نے مسلط کرنا چاہیں۔ اور جس جو
مفہوم میں سمجھا ہوں۔ اصل معنی حدیث نبی کا یہ ہے۔ دوسرے تو تاویلیں کر رہے ہیں۔ تشبیہات
میں کر رہے ہیں۔ کھینچ رہے ہیں بات کو (۱۳) اور اصل بات جو میں بیان کر رہا ہوں
آپ بھی تو ایک انسان ہیں۔ ایک عالم ہیں۔ ہم بھی انسان ہیں۔ جو تاویل معنی آپ بیان کر
رہے ہیں اصل معنی جو میں بیان کر رہا ہوں۔ یہی دعویٰ اس کا ہے۔ یہی دعویٰ تیسرے شخص
کا ہے۔ اختلاف تو یہی ہے۔ اختلاف النصوص ہے احادیث پر سنت کے بیانات پر اختلاف
ہو جائے۔ تو اب انکار کس کو مانا جائے۔ اب بھی تو کوئی فیصلہ ہونا چاہیے۔ فیصلہ کرنے والا
یہ بتانے والا کہ وہ اختلاف جو ہمارے مابین ہوا۔ اس میں یہ راستہ صراط مستقیم ہے۔ یہ تعین
ہونا چاہیے۔ جیسا کہ قرآن مجید کے بیان پر اختلاف کی گنجائش تھی اللہ پاک نے اپنے انبیاء حضور
کی ذات سے کہی کہ اگر قرآن کی آیات پر اختلاف کرتے ہو تو تمہاری رائے غلط ہو سکتی
ہے۔ رسول کو جو دیکھیے ہو وہی قرآن ہے ———

حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے۔ صحیح مسلم کتاب الصلاۃ المسافرین وقصرھا جلد ۱
صفحہ ۵۱۳ ـ ۵۲۵ رقم ۷۴۶ کان خلقہ القرآن۔ حضورؐ کا اخلاق سیرت و کردار خود
قرآن تھا۔ حضورؐ خود عملی قرآن تھے۔ اسی لئے اللہ رب العزت نے اس سورۃ فاتحہ میں یہ نہیں فرمایا۔
کہ ہدایت کی راہ وہ راستہ ہے جو قرآن بتائے اور سنت بتائے نا ۔ کیونکہ اگر یہ کہہ دیا جاتا
ــ (۱۹۵۹) فقط تو یہ صرف ثابت تک آنے والے لوگوں کیلئے کتاب و سنت بے شک اصل ہدایت اور
ہدایت کا سرچشمہ ہیں۔ اس کے باہر تو ہدایت نہیں سے آ ہی نہیں سکتی۔ مگر اسی کے
معانی اور مفاہیم کے تعین پر اختلاف ہو جاتے تو کس قول کو مانا جائے۔ اس لئے اللہ پاک نے
فرمایا صراط الذین انعمت علیہم۔ فاتحہ۔6 = یہ صراط مستقیم کا تعین چاہتے ہو تو یہ جھگڑو
نا۔ بلکہ میں نے اپنی مخلوق میں کچھ ایسے لوگ بھی پیدا کئے ہیں۔ جن پر میرا انعام ہوتا ہے۔ یہ قرآن ہے۔
صراط الذین کی جگہ اللہ نے دی ہے صراط اللہ والرسول۔ صراط الکتاب والسنۃ۔ اللہ اور اس کے رسول
کا راستہ۔ اللہ اور اس کے رسول کی ہدایت اللہ قرآن اور سنت کا راستہ۔ ہدایت کا مفہوم سب سے
پہلے قرآن مجید نے خود متعین کیا ہے سورۃ فاتحہ میں۔ اس کی تعریف کی صراط الذین انعمت علیہم۔
غیر المغضوب علیہم ولا الضالین۔ مثبت انداز میں حضورؐ کی امت کے انسانوں کی بات کی منفی انداز
سے بھی انسانوں کی بات کی۔ فرمایا کہ ان لوگوں کا راستہ ہدایت ہے اور ان لوگوں کا راستہ گمراہی ہے۔
اور ہدایت کو بھی انسانوں کے حوالے سے متعین کیا۔ اور حضور علیہ السلام کے بعد امت میں سے
اور گمراہی کو بھی انسانوں کے حوالے سے متعین کیا وہ بھی امت میں سے۔ کہ جن پہ میرا غضب
ہوا اور بھٹک گئے۔ ان کی راہ گمراہی کی راہ ہے اور جن پر میرا انعام نصیب ہو گیا۔ ان لوگوں کی راہ
ہدایت کی راہ ہے۔ تو گویا قرآن مجید نے یہ سبق دے دیا۔ کہ اگر تم ہدایت تلاش کرنا چاہتے ہو۔ تو ہدایت
تمہاری عقل کے فیصلے سے تمہیں نہیں ملے گی۔ کہ تمہاری عقل کیا کہتی ہے۔ تمہارا فہم کیا کہتا ہے۔
تمہارا ادراک کیا کہتا ہے۔ کہ اگر قرآن و سنت کا ایک مفہوم متعین کر کے تم اپنے ذہن میں بیٹھ جاؤ۔ اور سمجھو کہ
وہی ہدایت ہے۔ قرآن انداز سے باقی سب غلط ہے۔ وہی کا آخر بات ہے۔ اس سے فیصلہ نہیں
ہو سکتا۔ کیونکہ ہر شخص دعویٰ کر سکتا ہے۔ اور ہر گمراہ بھی یہی دعویٰ کرتا ہے۔ یا تو وہ حضرات کبھی ہم ملے

کا انحصار ہو ہی نہیں سکتا۔ تو آؤ ہم نے ایک راستہ دکھا دیا ہے۔ کہ جہاں ہم نے کیریکٹر پیدا
کیے ہیں۔ وہاں سب سے پہلا ہدایت کا سرچشمہ ہم ہی بھیجتے ہیں۔ جو براہ راست
میری ہدایت کو وصول کرتا ہے۔ اور اپنے عملی نمونے کے طور پر وہ میری مخلوق کے سامنے پیش کرتا
ہے۔ اسی طرح ہم نے رسول کے فیض سے اس کی امت میں بھی ہر دور میں نمونے قائم کیے ہیں
جن پر مسلسل میری نعمتوں کا سلسلہ قائم ہوتا ہے۔ وہاں میری نعمتوں کا نزول ہوتا ہے۔ میرا انعام
ہوتا رہتا ہے۔ جن کا تعلق قلبی میرے رسول سے ہوتا ہے۔ ان کا تعلق میری ذات سے قائم ہوتا ہے۔ اور
میرے انعامات ہی میری نوازشات بارش کی طرح ان کے قلب و باطن میں گرتی رہتی ہیں۔ تو یہ وہ لوگ ہوتے
ہیں۔ تو جن کا ظاہر و باطن ہدایت یافتہ ہوتا ہے۔ یہ انعام یافتہ بندے ہیں۔ تو اگر جاننا چاہو۔
کہ کہیں اختلاف ہو جائے۔ کہ اصل بات جو اللہ نے کہی اصل بات جو اللہ کے رسول نے کہی۔
وہ کون سی ہے۔ اس کا تعین کرنا چاہو۔ تو وہ فیصلہ اپنی عقل سے نہ کرو۔ بلکہ دیکھو کہ میرے انعام یافتہ
بندے جس راہ پر چلے۔ جس راہ پر وہ چلتے ہوئے نظر آئیں۔ وہ تھام لو۔ یہی راہ میرے رسول کی ہوگی۔ یہی راہ میری
ہوگی۔ صراط الذین انعمت علیہم۔ جن پر میرا انعام ہوا۔ ان کی راہ سیدھی راہ ہے۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے۔
اے باری تعالیٰ تیرے انعام یافتہ بندے کون ہیں۔ یہ تو اصطلاح ہوگئی نا۔ کہ جن پہ میرا انعام ہوا۔ وہ
کیسے کہیں انعام یافتہ۔ وہ کیسے کہا کسی میں انعام یافتہ۔ پھر ایسے کہا میں انعام یافتہ ہوا۔ اب اس
کا تعین کیسے ہو۔ پھر کوئی انعام یافتہ بنا کیسے بنا ہے۔ اللہ پاک نے اس کا بھی جواب دے دیا۔ ومن
یطع اللہ والرسول ۔ جملہ لکھا۔ (69) = جو اللہ اور اللہ کے رسول کی اطاعت کرے گا۔ اس کو ہم
فاولئک مع الذین انعم علیہم۔ ان سے ہم سنگت معیت اور رفاقت میں عطا کر دیں گے۔
ان لوگوں کی۔ جن پر میرا انعام ہوا۔ جو میرے انعام یافتہ بندے ہیں۔ ان کی سنگت عطا کر دوں گا۔ اور انعام
یافتہ بندے کون ہیں۔ اولئک۔ فرمایا چار طبقے ہیں جو میرے انعام یافتہ ہیں۔ سب سے پہلا طبقہ
انبیاء کا۔ دوسرا طبقہ صدیقین کا اہل صدق ~~[illegible]~~ صفا۔ تیسرا طبقہ شہداء کا۔ اور چوتھا طبقہ
صالحین، اولیاء۔ اب اگر یہ بات قابل توجہ ہے۔ کہ ہدایت کیلئے صراط مستقیم کے لیے۔ ہدایت کا منبع سرچشمہ
اور اس کا تعین اور تشخص فقط انبیاء تک محدود ہوتا تو بات انبیاء کے واسطے۔ انبیاء کے فیض

سے آگے ان کی امت کے افراد تک نہ چلتی تو اللہ پاک انعام یافتہ بندوں کے زمرے میں فقط انبیاء کا ذکر فرماتا۔ فقط فرماتا مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین۔ جن پر میرا انعام ہوا وہ کون ہیں۔ وہ انبیاء ہیں۔ مضمون ختم کر دیا جاتا۔ بات یہیں تک ہوتی تو ہم نے قائم کی کہ وہ جب نبی کا کاروبار زندگی کا رُکا نہ ختم ہو جائے۔ اور بالمشافہ آپ ان کو دیکھ نہ سکیں، سن نہ سکیں، مجلس میں بیٹھ کے پوچھ نہ سکیں۔ پھر اگر ضرورت پیش آ جائے کہ اب اس رسول کے نمونے کو جاننے کے لیے بھی تو کوئی نمونہ ہو۔ تو فرمایا جس طرح اللہ نے اپنی ہدایت کا آئینہ دار رسول کو بنایا رسول کی ہدایت کا آئینہ دار صدیقین کو بنایا۔ شہداء کو بنایا۔ صلحاء کو بنایا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے قیامت تک سلسلۂ ہدایت کو جاری کرنے کے لیے اپنی مخلوق میں انعام یافتہ بندوں کے چار طبقات گنوا دیے۔ تو جو شخص یہ سمجھے کہ اب فقط اللہ اللہ ہے رسول کی بات قرآن اور حدیث کی کریں گے۔ اس سے آگے کسی کی بات نہیں مانے گے۔ اہل صدق و صفا کی، شہداء کی، صلحاء کی ــــ آئمہ کی بزرگان کی، اسلاف کی ان کی بات نہیں مانیں گے۔ وہ براہ راست قرآن کے حکم کے خلاف بغاوت کا مرتکب ہو رہا ہے۔ حکم قرآن کے خلاف۔ کہ قرآن مجید نے نبیین کے بعد بھی تین طبقات گنوائے۔ صلحاء تک کو اللہ نے انعام یافتہ بندہ قرار دیا۔ اور انعام یافتہ بندوں کی راہ ہدایت کا راہ ہے۔ تو صلحاء کی راہ پر بھی چلو تو تب بھی ہدایت کی راہ۔ شہداء کی راہ پر چلو تو تب بھی۔ صدیقین کی راہ پر چلو تو تب بھی ہدایت کی راہ نبیین کی راہ پر چلو۔ تب بھی ہدایت کی راہ۔ کیونکہ ان میں سے کسی کی راہ جدا نہیں ہے۔ یہ ساری راہیں۔ راہ نبوت میں سے پھوٹتی ہیں۔ اور سب ہدایت نبوت کے چراغ سے روشنی لی ہے۔ صدیقین بھی وہیں سے ہدایت لے رہے ہیں۔ شہداء بھی وہیں سے چراغ جلا رہے ہیں صلحاء بھی اولیاء بھی اپنی ہدایت کی روشنی وہیں سے لے رہے ہیں۔ سرچشمہ وہی اللہ اور اللہ کا رسول ہے۔ مگر چراغ ہیں ــــ چراغ جلتے جا رہے ہیں۔ تا کہ قیامت تک مشخص نمونے مخصوص پیکران ہدایت۔ قیامت تک انسانی آنکھوں کے سامنے چلتے رہیں گے۔ یہ جو چار طبقات گنوائے ان میں سے انعام یافتہ طبقہ ثانیہ شہداء کا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انعام یافتہ طبقوں میں سے ایک طبقہ لیا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ شہادت کو بھی ایک نعمت گنا ہے (۲۳-۳۵)

اب شہادت بھی دو قسموں کی ہیں۔ ایک شہادت معنوی ہے۔ ایک شہادت حسی ہے۔
اور جو شہداء ہیں اس میں دونوں شامل ہیں۔ جو معناً شہید ہیں۔ وہ بھی ہیں
اور حساً بھی۔ اور جو تلوار اور گولی سے اللہ کی راہ میں قتل کر دیئے گئے وہ بھی شہید ہیں
اور جنہوں نے خود کو

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را — ہر زماں از غیب

جنہوں نے تلوار سے جان دے دی اللہ کی راہ میں وہ تو شہید ہیں ہی۔ مگر جو کشتہ
عشقِ الٰہی ہو گئے۔ جنہوں نے تلوارِ عشق میں خود کو ذبح کر لیا۔ جن کی گردن پر کافر کی تلوار
نہ چلی۔ جن کے سینے پر کافر دشمن باطل کی گولی نہ چلی۔ جو تلوارِ عشق سے شہید ہو گئے۔ اور اس کی
راہ میں چلے وہ بھی شہید ہو گئے۔
تو حضور علیہ السلام کو [illegible] کہا کہ سارا انعمت ہی اللہ نے حضور کو عطا کیں۔
اور امت کو ہر نعمت حضور کے توسل سے ملی۔ تو نبوت بھی چاروں جمع ہو گئیں۔ النبیین
سے نبوت نعمت ہوئی۔ صدیقین سے صدیقیت نعمت ہوئی۔ شہداء سے شہادت
نعمت ہوئی۔ صالحین سے صالحیت نعمت ہوئی۔ اور چاروں نعمتیں حضور علیہ السلام کو عطا ہوئیں
نبوت بھی صدیقیت بھی شہادت بھی صالحیت بھی۔ اب نبوت پر قلم آ گیا۔ امت میں حضور کے
خاتم النبیین ہونے کے ناطے اب منصبِ نبوۃ تو کسی کو مل نہیں سکتا۔ مگر فیضانِ نبوت قیامت تک جاری
ہے۔ دیکھو تین شکلیں جو فیضانِ نبوت کی شکلیں ہیں۔ یہ صدیقیت بھی فیضانِ نبوت ہے۔ شہادت
بھی فیضانِ نبوت ہے۔ صالحیت بھی فیضانِ نبوت ہے۔ کہ نبوت کسی کو نہیں مل سکتی۔ حضور کے بعد
مگر نبوت کا فیض پوری امت کو حسبِ حال مل رہا ہے۔ ہر ایک کو اس کے ظرف کے مطابق مل رہا ہے
اس میں سے ایک فیضانِ نبوت نبوی دسترخوان کی نعمتوں میں سے ایک نعمت شہادت بھی ہے۔
قرآن مجید نے حضور علیہ السلام کو بھی شہید کہا۔ ویکون الرسول علیکم شہیدا۔ بقرہ = 143 = [illegible]
یہ کہ رسول تمہارے اوپر شہید ہیں۔ اب یہ لفظ میں کہنا چاہتا ہوں آپ یہ سوچیں گے کہ حضور کب
شہید ہو گئے۔ کیونکہ آپ کا وصال تو طبعی موت سے ہوا۔ طبعاً ہوا۔ ساتھ ہی آپ [illegible]

بجا رسوا علانیت ہوگا۔ (21—27) وصال ہو گیا۔ میدان جنگ میں تو شہید نہیں ہوئے مگر قرآن کہہ رہا
ہے کہ یہ رسول تمہارے اوپر شہید ہے۔ کہ سے مقام پر ہر نبی کے لئے کہا۔ فکیف اذا جئنا من
۔ بعلی ھؤلاء ۔ نساء ۴۱ ۔ قرآن نے ہر نبی کو شہید کہا۔ اور کہا کہ وہ کیسا منظر ہے۔
نظارہ ہوگا قیامت کے دن جب ہم ہر امت میں ہر امت کا شہید لائیں گے۔ گواہ لائیں
گے۔ اور وہ نبی ہوگا۔ اور اس حساب ہر نبی کا شہید یعنی گواہ نبی جدا جدا ہوگا۔ اور جب آدم علیہ السلام
سے لیکر قیامت تک ساری امتوں اور سارے نبیوں پر تنہا آپ کو شہید لائیں گے۔
تو ہر نبی کی شہادت اپنی امت پر ہوگی۔ اور آپ کی شہادت پوری کائنات بعد بعثت
پر ہوگی۔ سب ہی امتوں پر سب ہی ملکوں پر اور ان کے تمام انبیاء پر شہادت ہوگی۔
اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ شہید کس طرح ہوئے۔ حضور کیسے شہید ہوئے۔ اور وہ
جو قتل ہو جاتے ہیں۔ وہ کیسے شہید ہوئے۔ شہید کا معنی سمجھنے کی ضرورت ہے۔
یہ جو قتل ہوتے ہیں۔ ولا تقولوا لمن — بقرہ 154 — یہ اللہ کی راہ میں قتل کر
دیئے جاتے ہیں ان کو مردہ نہ کہا کرو۔ وہ تو زندہ ہیں۔ اور تمہیں ان کی زندگی کا شعور نہیں۔
وہ شہید قرآن کی نص سے زندہ ہوئے۔ قرآن مجید کی لفظ کی رو سے — بل احیاء
مر کر بھی زندہ ہوئے۔ قرآن کہہ رہا ہے — اور منع کر دیا خبردار — ان کو مردہ نہ کہو۔
ان کو مرا ہوا نہ کہو۔ جو قتل ہو گئے ہیں۔ اللہ کی راہ میں — بلکہ زندہ ہیں اور
اسے مرا ہوا کہنے والو — تمہیں ان کی زندگی کا شعور نہیں — تمہیں معلوم کیا نہیں ہے کہ
کس زندگی کے مالک ہیں — اور تمہاری زندگی ان کی زندگی کے سامنے ہیچ — شعور ہی کا نہیں
ہے۔ تو وہ لوگ جو حضور کی امت میں شہید ہوئے۔ ان کو مردہ کہنے سے منع کر دیا — اور کیسے
ہوئے۔ ان کو نعمت شہادت ملی حضور کے طفیل۔ تو قرآن نے نبی کو بھی شہید
کہا۔ تو اگر یہ مردہ نہ ہوئے۔ تو امت کا نبی بھی مردہ نہ ہوا —
حضور کی وساطت سے شہادت کی نعمت پانے والے مردہ نہ ہوئے۔ تو جن کے توسل
سے نعمت شہادت ملی وہ بھی مردہ نہ ہوئے — ۲-۲۱۔ اور اللہ پاک نے تو جگہ حضور کو بھی شہید

فرمایا ـــــ اور ہم نے بنی کو شہید کہا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ شہادت کا معنی کیا ہے کہ کس وجہ سے
شہید ہیں اور بنی کس وجہ سے شہید ہیں۔ یہ شہید کا معنی کیا ہے۔ عربی زبان کا لفظ
ہے۔ شہید اور شاہد مشہود شہداء۔ یہ سب الفاظ مصدر شہود سے نکلے
ہیں۔ مفردات امام راغب لغت کی تمام کتابیں۔ جو قرآن مجید کی لغات ہیں الشہود
کا معنی۔ الشہود مع الحضور مع المشاہدۃ اِمّا بالبصر او بالبصیرۃ = راغب اصفہانی
المفردات صفحہ ۲۶۷ = شہید گواہ کو کہتے ہیں۔ شاہد کو بھی گواہ کہتے ہیں۔ اور ان کی جمع
ہے شہداء۔ تو لفظ شہید اور لفظ شاہد۔ اس کے معنی ہیں۔ حاضر ہونا پایا جاتا
ہے۔ امام راغب فرماتے ہیں۔ مشاہدہ کے ساتھ حاضر ہونا۔ اس کو شہود کہتے ہیں اسی
سے شہود ہے اسی سے شاہد ہے۔ اسی سے شہید ہے۔ مشاہدہ کے ساتھ حاضر
ہونا۔ اس کو شہود کہتے ہیں کہ اور فرمایا اِمّا بالبصر او بالبصیرۃ۔ خواہ وہ مشاہدہ سر کی
آنکھ سے ہو یا دل کی آنکھ سے۔ اب بتانا یہ چاہتا ہوں۔ کہ یہ جو اللہ کی راہ میں قتل ہوتے
ہیں۔ جنہیں ہم شہید کہتے ہیں۔ وہ شہید کیوں کہلاتے ہیں۔ اور وہ مر کر بھی زندہ
کیوں ہوتے ہیں۔ یہ نقطہ سمجھنے والا ہے۔ شہود کا شاہد اور شہید کا معنی سمجھ کر
یہ بات ذہن نشین کرانا چاہتا ہوں۔ کہ معنی کے حوالے سے پتہ چلے کہ شہید کیوں
کہلاتے ہیں۔ اور کیسے مر کر بھی زندہ کیوں رہتے ہیں۔ یہ بات سمجھنے والی ہے۔ الشہود مع
الحضور مع المشاہدۃ اما ـــــ مشاہدہ کے ساتھ۔ حاضر ہونا یہ
شہود ہے۔ اسی سے شہادت۔ کہ جو کچھ مشاہدہ کیا۔ اسی سے مشاہدہ
ہے۔ مشاہدہ کا معنی ہے دیکھنا۔ یہ بھی شہود سے ہے۔ یہ بھی دیکھنا اور دیکھتے ہوئے حاضر ہونا۔
اس کو شاہد کہتے ہیں۔ دیکھنے کو مشاہدہ اور شہود۔ اور دیکھتے ہوئے حاضر ہونا۔
اس کو شاہد اور شہید۔ اور جسے دیکھا گیا۔ وہ مشہود۔ قرآن کہتا ہے وشاھد ومشہود
البروج (85-3) دیکھنے والا اور جسے دیکھا گیا۔ اب آپ نماز جنازہ کی دعا پڑھئیے۔
اللھم اغفر لحینا ومیتنا وشاھدنا ـ دعا کیا ـ اے اللہ معاف کردے۔ سنن ابن ماجہ المقدمہ

(جلد ۱ ص ۴۸۰ رقم ۱۴۹۸) اور ہمارے شاہدوں کو اور ہمارے غائبوں کو۔ جو غائب ہیں انہیں بھی معاف کر دے۔ اور جو شاہد ہیں۔ کیا معنیٰ ہے جو حاضر ہے۔ جو حاضر ہیں موجود ہیں اس کو شاہد کہتے ہیں۔ اسی سے شہید۔ اسی سے شہداء۔ یہ سب قرآن مجید سے عرض کر رہا ہوں۔ فرمایا فمن شہد منکم الشہر فلیصمہ (البقرہ ۱۸۵) پس تم میں سے جو کوئی رمضان کا مہینہ پالے۔ یعنی رمضان کا چاند چڑھے اور شخص موجود ہو۔ پس اس پر روزے رکھنا فرض ہیں۔ یعنی وہ دنیا میں موجود تھا۔ فمن شاہد جو پالے۔ اسے پانا موجود ہونا ایک معنیٰ یہ بھی پایا جاتا ہے۔ تو جو شاہد ہے حاضر ہونا۔ اور موجود ہونا۔ اس کو شہادت لدی شہود کہتے ہیں۔ اسی کی شان میں شہادت کہیے۔ اور مشغول فی سبیل اللہ کی شان میں شہادت کہیے۔ حدیث پاک میں آتا ہے۔ اب بیان بتاتا ہوں کہ شہید کے لفظ سے اطلاق کیسے ہوتا ہے۔ (جامع ترمذی ابواب تفسیر القرآن جلد ۵ ص ۲۳۰ رقم ۳۰۱۰) جو شخص اللہ کی راہ میں جان دیتا ہے۔ جو شہید ہو جاتے ہیں۔ جس وقت تلوار چلتی ہے۔ اس کے گلے پر۔ تو وہ ایک ایسے نظارے میں ہوتا ہے۔ حسن الٰہی حسن مطلق اور حسن الوہیت کا وہ مشاہدہ کر رہا ہے۔ اس لمحے جب تلوار چلتی ہے۔ اور اس کی روح قفس عنصری سے پرواز کرتی ہے۔ ادھر تلوار چلتی ہے (۲۱ــ۳۶) سنن ابن ماجہ المقدمہ جلد ۱ ص ۶۸ ۱۹۰) جب سینے پہ گولی چلتی ہے۔ اور جب روح کے نکلنے کا وقت آتا ہے۔ تو وہ سارے پردے اٹھا دیئے جاتے ہیں۔ اور وہ شہید ہونے والا اس لئے شہید کہلاتا ہے۔ کہ ادھر جان نکلتی ہے۔ ادھر جلوہ خدا نصیب ہو جاتا ہے۔ وہ جو عمر بھر پردے پڑے رہے تھے۔ اور جلوۂ حق اس کی نگاہوں سے اوجھل تھا۔ اور وہ آرزو کرتا رہا۔ کہ مولا کبھی تو پردہ اٹھا حسن مطلق دکھاؤ۔ حسن الوہیت کا جلوہ کبھی حسن لازوال کو تکوں۔ تیرے حسن کے نظارے میں مست اور گم ہو جاؤں۔ مگر پھر بھی رکاوٹ بنی رہی۔ پردہ بنا رہا۔ حائل رہا۔ حسن الوہیت کو دیکھنے میں رکاوٹ رہی۔ پس ادھر تلوار چلی۔ ادھر گولی چلی۔ روح قفس عنصری سے پرواز ہونے لگی۔ رب ذوالجلال نے کہا بندے۔ تو میری خاطر مر رہا ہے۔ میں تیری خاطر پردے اٹھا دیتا ہوں —

ادھر روح قفسِ عنصری سے پرواز کر گئی ۔ ادھر حسنِ الوہیت ظاہر ہو کر پھر آنکھوں کے سامنے آگیا۔
بس مرنے والا ۔ یہ تو مرنے ہی والا تھا ۔ تلوار کا درد اتنا تھا ۔ گولی کا درد اتنا تھا ۔ جو کسی اور کو لگے
تو لگتی ہے ۔ تلوار کسی اور پہ چلے تو درد ہوتا ہے ۔ کانٹا کسی اور کو چبھے تو درد ہوتا ہے ۔ درد تو
اس کو بھی اتنا ہی ہو رہا تھا ۔ مگر فرق یہ تھا ۔ کہ وہ گولی کھا رہا ہے ۔ اور جان دے کر مر رہا
ہے ۔ اسے کوئی درد نہیں ہے مگر اس کے سامنے جلوہ خدا ہے ۔
اور جلوہ یار جب آنکھوں کے سامنے ہوتا ہے ۔ اس کے مزے میں انسان یوں گم ہو جاتا ہے ۔
اگر ہزار تلواریں بھی چل جائے تو خبر نہیں ہوتی ۔ حضور نے فرمایا کہ جب شہید پہ تلوار چلتی ہے
(جامع ترمذی ابواب فضائل الجہاد جلد ۲ ص ۱۹۰ رقم 1668) جان دیتا ہے ۔ تو
اس تلوار کا درد اسے اتنا بھی نہیں ہوتا ۔ کہ جتنا چیونٹی کے کاٹنے کے ساتھ ہو ۔ جتنا چیونٹی
کے کاٹنے کا درد ہوتا ہے اتنا بھی نہیں ہوتا ۔ اب تو لیجئے ۔ تلوار کے درد کو چیونٹی کے درد کو
کس شے نے بنا دیا ہے ۔ ہائے ہائے ۔ کبھی غور نہیں کیا آپ نے ۔
تلوار اور گولی جو چلی اس درد کو چیونٹی کے کاٹنے جیسا کس نے بنا دیا ہے ۔ کیا کوئی
دوائی لگی ہوئی تھی ۔ کیا کوئی کیمیکل تھا ۔ کیا کوئی ایسا انتظام تھا ۔ کہ درد سب کا کم ہو جائے
کوئی میڈیکل ٹریٹمنٹ مل گیا ۔ نہیں ۔ تلوار اسے بھی لگی ۔ اسے بھی
چلی ۔ گولی اسے بھی چلی اسے بھی چلی ۔ درد دونوں کا لگتا تھا ۔ بس احساس میں فرق
ہو گیا ۔ وہ نابینا تھا اسے دکھائی کچھ نہیں دے رہا تھا ۔ اور ادھر درد بھی تھا ۔ اور نظارہ بھی
تھا مشاہدہ بھی تھا ۔ اس مشاہدے میں ایسا گم ہوا کہ درد ۔ تو اس
مشاہدہ حق کی چاہ ۔ شہید کہتا ہے ۔ کہ جان دیتا ہے ۔ کہ جان دیئے ہوئے مشاہدہ
کرتا ہے ۔ حدیث پاک میں آتا ہے ۔ جامع ترمذی ابواب الجہاد جلد ۲ ص 187 رقم 1663
شہید کا خون ابھی زمین پر نہیں گرتا ۔ کہ اس کی روح بارگاہ ایزدی میں حاضر ہو جاتی ہے ۔ تو
حاضر بھی ہو گیا اور مشاہدہ بھی ہو گیا ۔ الحضور مع المشاہدہ حاضر ہونا مشاہدہ
کے ساتھ ۔ مشاہدہ میں پیش کر دیا ۔ روح ادھر حاضر ہو گیا ۔ جان نکلی تو مشاہدہ ہو گیا ۔

جلوۂ حق کا۔ ادھر مشاہدہ ہوا ادھر روح اعلیٰ علیین میں پیش ہو گئی۔ تو شہید مقتول
فی سبیل اللہ کی اللہ کی راہ میں قتل ہونے والا شہید اس لئے کہلاتا ہے، کہ وقت قتل
اسے رب ذوالجلال کے حسین صفات کا مشاہدہ بھی ہوتا ہے۔ اور روح اللہ کی بارگاہ میں
حاضر بھی ہوتی ہے — دونوں باتیں نصیب ہوتی ہیں۔ قرآن مجید کو بھی اس طرح
کے درد کا احساس ہو — تو چھپتے نہ زبان مصدر ہے — جس کے ناکارہ میں
قرآن مجید کی سورۃ یوسف گواہ ہے — چھری دے دی۔ اور سیب دیئے ہاتھ کاٹ دیئے
اور حضرت یوسف علیہ السلام سے درخواست کی زلیخا نے قرآن مجید نے ~~نقل کیں~~
عرض کیا کہ ذرا ایک بار — حکایت تو نہیں ہے کہانی —
عرض کیا کہ ذرا ایک بار میری عزت کا معاملہ ہے۔ اور نبی کریم ہوتے ہیں بے شک
میں آپ کی بدنامی کا باعث بنی۔ مگر باوجود اس کے آپ اللہ کے نبی ہیں۔ میری عزت کو
آپ ہی بچالیں گے۔ یہ وہ اٹھا کے گزر جائیں۔ تاکہ یہ ادھر جو تہمت لگی کہ یہ غلام کو
دیکھ کر دیوانی ہو گئی۔ یہ تہمت اتر جائے۔ وہ بادشاہ زادیاں بھی دیکھ لیں۔ کہ یہ غلام تھا یا کچھ
اور ہے۔ اس کو دیکھنے سے کیا ہوتا ہے۔ اس کو سمجھ آجائے گا۔ اور یہ سمجھ نہیں آتی جب
تک دیکھا نہ جائے۔ یہ سارے جھگڑے اسی بات کے ہیں۔ جو دیکھتے ہیں وہ سمجھ جاتے ہیں۔ جنہوں
نے نہیں دیکھا۔ وہ منافرانہ جھگڑے کرتے رہتے ہیں۔ سارے جھگڑے اسی بات کے ہیں۔ جو دیکھ
لیتے ہیں۔ وہ کھو جاتے ہیں۔ جو چکھ لیتے ہیں۔ انہیں سمجھ آجاتی ہے۔ جو نہیں چکھتے انہیں عمر بھر
سمجھاتے جاؤ۔ انہیں ذائقے کی سمجھ آئے گی۔ جنہوں نے نہیں چکھا۔ کیلا نہیں کھایا۔ اور
کہا کہ اس کا ذائقہ بتلا دیں — انہیں ساری زندگی کتابوں پر کتابیں لکھ کے دو۔ کیلے کا ذائقہ
سمجھاتے رہو۔ اور تقریریں کرتے رہو۔ ایسا ذائقہ۔ حلاوت اسی طرح ہے ان کو سمجھ آئے گا
کہ کیلے کا ذائقہ کیا ہے۔ بالآخر مجبور ہو کے آپ ادب سے میں تو سر پیٹ کے رہ گیا۔ کہ سمجھاتے
کے سمجھ ہی نہیں آ سکتا۔ (م ب ۳ ۲) دلائل سے سمجھ آ ہی نہیں سکتا۔ بلکہ اگر میری
بات سمجھ نہیں آتی تو چکھ کر دیکھ لو۔ تو جو چیز آتی ہے وہ چیز سمجھ چکھنے سے ہے۔ وہ دلائل

کہاں سے سمجھ میں آئے گی ۔ تو کیا کتابوں پر ذائقہ لکھنے سے سمجھ میں نہیں آ سکتا ۔ تو جو چیز
دیکھنے سے سمجھ میں آتی ہے وہ کتابوں سے سمجھ میں نہیں آتی ———— اس لئے اگر بیان سے
سمجھ میں آتی ۔ تو زلیخا کبھی مصر کی شہزادیوں کو جمع نہ کرتی ۔ وہ یوسفؑ کا حسن سمجھا دیتیں
کہ ایسے حسین ہیں ۔ ان کو بھی سمجھ آ جاتا ۔ مگر نہیں ۔ اس کو پتہ تھا ۔ کہ کروڑ سمجھاؤں گی
مگر سمجھ میں نہیں آ سکتا ۔ جو بات دیکھنے میں سمجھ میں آئے گی ۔ وہ سنانے یا سننے
سے سمجھ میں نہیں آئے گی ۔ تو درخواست کی کہ ایک بار پردہ اٹھا دیں گے ۔ گزر جائیں ۔
یوسفؑ نے پردہ اٹھا دیا ۔ گزرے اور قرآن کہتا ہے ۔ فلما رأینہ اکبرنہ ———— اور یعنی ۔
یوسف (31) جب دیکھا ۔ تو بس بڑائی بیان کرتی رہ گئیں ۔ اور ہاتھ تو کٹ گئے ۔ ہاتھ کاٹ بیٹھیں
چھریاں چل گئیں ۔ پھل گر گئے ۔ ہاتھ اور انگلیاں کٹ گئیں ۔ نہ ہاتھوں کے کٹنے کی خبر نہ انگلیاں کٹنے
کا احساس ہوا ۔ نہ خون بہنے کا احساس ہوا ۔ نہ چھری چلنے کا احساس ہوا ۔ نگاہیں جمی کی جمی
رہ گئیں ۔ ہاتھ کٹتے گئے ۔ اور بولنے لگیں ۔ کہ خدا کی قسم یہ تو بشر لگتا ہی نہیں ہے ۔ یہ تو کوئی نور کا
پیکر ہے ۔ حضرت یوسفؑ بشر تو تھے ۔ ان کی بشریت کا کوئی انکار کر سکتا ہے
مگر جب تک دیکھا نہ تھا ۔ تب تک بشر بشر کہتی رہتی تھیں ۔ اور جب نگاہ پڑ گئی ۔ پیکر بشریت
میں بشریت کا تھا ۔ مگر کہنے لگی ۔ خدا کی قسم یہ تو بشر نہیں ہے ۔ یہ تو کوئی نور کا پیکر ہے
یعنی اس بشریت کے اندر چھپا ہوا نور نظر آ گیا ———— تو جب تک دیکھا نہ تھا ۔ تب تک نگاہ
صرف بشریت تک جاتی تھی ۔ اور رک جاتی تھی ۔ بشریت ایک پردہ ہے ۔ اور بشریت
پر پڑتی تھی تو نگاہ رک جاتی تھی ۔ اس پردہ بشریت کے پیچھے جو چھپا ہوا نور تھا نور الٰہی تھا ۔ حسن
الوہیت جو تھا موجیں مار رہا تھا ۔ اس آئینہ بشریت میں دکھائی نہیں دیتا تھا ۔ جب پردہ اٹھا
دیکھ لیا ۔ تو پیکر بشریت اب بھی تھا ۔ مگر نگاہ بشریت کے پردے سے گزر کر نور تک چلی گئی ۔
اور کہنے لگیں ———— جب نور دکھائی دیا تو کہنے لگی یہ تو بشر ہے ہی نہیں ۔ یہ جملہ میں نے معترضہ
سمجھایا ہے یہ نور بشر کے جھگڑے بنا بنا کے ہمارے معاشرے میں علماء لوگوں کو الجھائے بیٹھے ہیں ۔
نورانیت بھی حق ہے بشریت بھی حق ہے ۔ دونوں چیزیں بشر لباس میں اور آقا کی ذات میں ثابت ہیں

اس پر جھگڑا کرنا جہالت ہے۔ فرق (صرف) اتنا ہے۔ کہ جس نے نہیں دیکھا۔ اس کی نگاہ فقط بشریت
پر اٹکی ہوئی ہے۔ وہ بشر بشر کہتا رہتا ہے۔ جو دیکھ لیتے ہیں۔ ان کی نگاہ بشریت سے
گزر کر نور کو تک لیتی ہے۔ وہ نور کی بات کرتے ہیں۔ اتنی سی بات ہے
وہ بھی حق ہے یہ بھی حق ہے۔ دیکھنے اور نہ دیکھنے کا فرق ہے۔ تو انگلیاں کٹ کشش تو جمال یوسف
دیکھ کر ہاتھ کٹنے کا احساس نہ ہوا۔ تو جب شہید جمال الہی دیکھتا ہے تو اسے گردن کٹنے کا احساس
کیسے ہوتا ہے۔ تو حدیث پاک میں آتا ہے کہ شہید جب جنت میں ہوں گے۔
(سنن نسائی ابواب الجہاد جلد ۶ ص ۳۶ رقم 3160) تو اللہ پاک فرمائیں گے پوچھو
کہ تم جو دنیا میں نے تم سے وعدے کئے تھے وہ تم نے پالئے۔ خوش ہو۔ محلات میں چشمے ہیں
نہریں ہیں باغات ہیں حوریں ہیں غلمان ہیں۔ ولکم فیہا جو چاہیے سب مل جاتا ہے
خوش ہو۔ تو حدیث پاک میں ہے سب جنتی جواب دیں گے کہ مولا خوش ہیں۔ اب
فرق سمجھ آ گیا ہوگا خالی جنتیوں اور عاشقوں کا۔ (۱۲-۴۶)۔
خالی جنت کے طالبوں کا اور حسن الہی کے طالبوں کا۔ برا زمین آسمان کا فرق ہے۔ تو سارے
جنتی جو جنت کے طالب ہیں۔ وہ جواب دیں گے مولا تیرا شکر ہے۔ ہم خوش
ہیں۔ ہر شے پا لی۔ ہر شے مل گئی۔ جو جنت کے طالب تھے وہ خوش ہوں گے۔ اللہ فر
مائیں گے۔ ادھر کچھ لوگ چپ چاپ بیٹھے ہیں۔ تم جواب نہیں دے رہے۔ کیا کوئی کمی ہے
تمہیں۔ کوئی کمی محسوس کرتے ہو جنت میں۔ پر تم کیوں چپ بیٹھے ہو۔ بولو
عرض کریں گے باری تعالی اگر پوچھا ہے تو بولیں۔ حکم ہوگا بولو۔ وہ عرض کریں گے۔
باری تعالی۔ یہ چیزیں مل گئیں جنت میں تیرا شکر ہے۔ ہم تو ان چیزوں کے حریص ہی نہیں تھے۔
ہم کو ان چیزوں کی طمع اور لالچ نہیں تھا۔ ہم یہاں تک ان کی خاطر نہیں چل کے آئے تھے۔ تو باری
تعالی پوچھیں گے تو تم کس چیز کے طالب ہو۔ عرض کریں گے باری تعالی۔ وہ مزا جو تلوار چلنے
کے وقت آیا تھا۔ جب تلوار چلی تھی۔ جب وقت شہادت آیا تھا۔ اور پردہ اٹھا
تھا۔ اور تیرا مسکراتا ہوا حسن آنکھوں کے سامنے آیا تھا۔ اس مشاہدے کے دوران تلوار

چلنے کا جو مزا آیا مولا تیری ساری جنگ دیکھ لی۔ مزا کہیں نہیں آیا۔ بس اس مزے کی
کمی محسوس کرتے ہیں۔ مولا فرماتے ہیں کہ پھر کیا چاہتے ہو۔ عرض کی میں کہ پھر وہ ملا ——
(سنن نسائی ابواب الجہاد جلد ۲ اثبات ۳۶ رقم ۳/۱۶۰) اگر ممکن ہو تو پھر واپس بھیج
دے۔ میدان میں جائیں۔ پھر تلوار چلے تیرا دیدار ہو پھر پلٹ آئیں۔ پھر جائیں تلوار چلے پلٹ
آئیں —— اس طرح عمر بھر جیتے رہیں۔ تیرے دیدار ہوتے رہیں اور آتے رہیں۔ نہیں تو
یہ پسند ہے۔ آخرت میں جانے کے بعد انسان پلٹ کر واپس نہیں آئے گا۔
مقصد یہ ہے کہ شہید کو شہید اس لئے کہتے ہیں۔ کہ جب اس کی جان نکلتی ہے۔ تو یار کا جلوہ
ہوتا ہے۔ محبوب حقیقی کا دیدار ہوتا ہے۔ اور محبوب حقیقی کی بارگاہ میں اسے حاضر
کر دیا جاتا ہے اس کی روح کو۔ اسی لئے حاضر بھی ہوتا ہے۔ دیکھتا بھی ہے۔ تو شہید کہلاتا ہے
تو یہ جو معنی شہادت ہے B یہ حضور علیہ السلام میں
(B) یہ حضور علیہ السلام میں بدرجہ اتم موجود ہے —— فرق یہ ہے۔ کہ کسی کو یہ شہادت
حاضر ہونا خدا کی بارگاہ میں۔ اور پردے کا اٹھ جانا۔ اور دیدار ہو جانا۔ کسی کو یہ نظارہ اس کے حال
کے مطابق تلوار چلنے کو ہوتا ہے۔ کسی کو بغیر تلوار کے نصیب ہو جاتا ہے۔ نبی کو بغیر تلوار
کے نصیب ہو گیا۔ آقائے دو جہاں کو ثم دنیٰ فتدلیٰ فکان قاب —— النجم
8—9 — جب قاب قوسین کے مقام پر بلایا۔ پردے اٹھا دئیے —— اور جلوہ حق حضور
کو نصیب ہو گیا۔ اور حضور خدا کی بارگاہ میں حاضر بھی ہو گئے اور مشاہدہ بھی فرما لیا —— تو کسی
نے تلوار کے ذریعے یہ حال پایا۔ اس کے مقام کے مطابق۔ اور حضور نے قاب قوسین پر یہ حال
پایا —— اور کہیں بلند۔ اتنا بلند اس سے بڑھ کر نہیں شہادت ہو ہی نہیں سکتی۔
پھر امت کے اوپر بھی —— حاظر اور گواہ بنا دیا —— امت کو بھی دیکھنے والا۔ یکون الرسول
علیکم شہیدا اور گواہ بنا دیا —— اور گواہ میں نے بتایا جو دیکھتا ہو —— مزید کہا نہیں کہ سر کی آنکھ
سے دل کی آنکھ سے دیکھتے تب ہی گواہ ہے —— حضور امت کے گواہ ہیں کیونکہ امت کے احوال
کا مشاہدہ فرماتے ہیں —— تو حضور کو یہ شہادت درجہ اتم ملی ہے۔ اور امت کے شہدا کو اولیاء کو

کو بھی شہادت ملتی ہے۔ ایک حدیث پاک میں آتا ہے۔ ایک شخص کا جنازہ جا رہا ہے۔ اور
وہ کسی غزوہ میں شرکت نہیں ہوئے تھے۔ عام موت واقع ہو گئی تھی۔ جنازے کو دیکھ کر حضور نے
دیکھ کر فرمایا یہ شہداء میں ہیں۔ یہ سند بتاتی ہے میں نے کہ بغیر تلوار کے بھی شہادت ہوتی ہے۔
تو اولیاء اللہ کو جو کشتہ گان خنجر تسلیم را ___ یہ تو ایک بار جان دیتے ہیں نا۔
اور اللہ کے جو عاشق ہوتے ہیں وہ ہر رات جان دیتے ہیں ___ اور آخر شب اٹھتے ہیں
اور مصلے پر تڑپتے ہیں تو ایک ایک تڑپ میں سو سو بار جان دیتے ہیں ___ (۲۰-۲)
وہ اللہ کی راہ میں۔ یہ خنجر تسلیم کے شہید ہوتے ہیں۔ اور ہر آن ان کو نئی جان
ملتی ہے۔ اور حسن الٰہی پہ اپنی جان قربان کرتے ہیں۔ یہ اولیاء صلحاء کو بھی مقام شہادت
ملتا ہے ___ اگر وہ اللہ کی بارگاہ میں خود کو فنا کرتے ہیں۔ درجے پہ جا پہنچے ___ اس
لئے وہ شہید کہلاتا ہے۔ اور زندہ ہوں۔ یہ نقطہ واضح کر دو ___ اور شہید حاضر بھی ہوتا ہے اور مشاہدہ
بھی کرتا ہے ___ اور مر کے زندہ ہوتا ہے ___ وہ یہ کہ جب وہ شہید ہوتا ہے ___
اور جلوۂ حق آشکار ہوتا ہے۔ تو اللہ کے حضور اس کی روح پیش ہوتی ہے۔ تو اللہ پاک
کے نور کا مشاہدہ ~~کا پرتو کرتا ہے~~ کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ پرتو کرتا ہے۔ وہ پرتو اس کی
روح کو ابدی حیات عطا کرتا ہے۔ پودا لگاتے ہیں اور سورج کی روشنی پڑتی ہے۔ پانی ملتا
رہتا ہے ___ وہ ہرا بھرا تازہ رہتا ہے ___ حالانکہ سورج کروڑوں میل کے فاصلے پر ہے ___
کیا سورج پودے کے اندر ہوتا ہے یا دور ___ مگر پودے کی نشوونما کرتا ہے۔ سورج
دور رہ کر اپنی تپش کے ذریعے ___ اپنے اثر سے ___ اس کو حرارت دیتا رہتا ہے ___
پودے کو اور پودا زمین پر رہ کر سورج کی تپش کے اثر سے پودا زندہ رہتا ہے۔
اللہ تعالیٰ کا جب مشاہدہ ہوتا ہے ___ شہید کی روح کو۔ وہ بھی ہو شہید ہو یا ولی ہو۔
جب اس کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ خواہ وہ تلوار کی شکل میں ہو یا خواہ وہ بغیر تلوار کی۔
جب مشاہدہ حق نصیب ہوتا ہے۔ روح کو تو روح سورج سے کہیں زیادہ چمکیلی ہوتی ہے۔
اس بندے کی روح سورج ___ اپنے نور کے پرتو سے روح کو چمکا دیتا ہے۔

اب بعد از انتقال جس کی روح چمک جائے۔ تو جسم بے شک اس کا قبر میں پڑا
ہو۔ روح علیین میں ہو۔ تو جیسے سورج آسمانوں پر رہ کر اپنے اثر
زمین کے پودوں کو زندہ سلامت رکھتا ہے۔ تو اس ولی نبی اور شہید کی روح علیین
پر رہ کر سورج سے زیادہ چمکنے والی ہوتی ہے۔ وہ اپنے اثر سے قبر میں پڑے ہوئے جسم
کو صحیح و سلامت رکھتی ہے۔ زندہ تابندہ تر و تازہ رکھتی ہے۔ چونکہ روح کا
جسم سے رابطہ رہتا ہے۔ یہ حدیث پاک سے ثابت ہے۔ جب بھی کوئی
قبر پر جا کر سلام کہتا ہے (بیہقی شعب الایمان جلد ۷ ص۱۷ رقم 9296)
روح پلٹ کے قبر میں سلام کا جواب دیتی ہے۔ اور حضور کے بارے میں فرمایا۔ تم
میں سے کوئی مومن مسلم (سنن ابی داؤد کتاب اللقطہ جلد ۲ ص۲۱۸ رقم 2041)
مشرق میں ہو یا مغرب میں مجھ پر حضور پر سلام بھیجتا ہے۔ حضور نے فرمایا اللہ نے میری
روح کو قبر میں جسم میں لوٹا دی ہوئی ہے اس کا سلام سنتا ہوں اور جواب دیتا ہوں
(احمد بن حنبل المسند جلد ۲ ص۵۲۷) بات اسی روح کے تعلق کی ہے
کہ جن کی روح سورج سے زیادہ روشن ہو جائے۔ تابندہ تر ہو جائے۔ وہ روح جو
اپنی تپش اپنے اثر اور اپنے فیض سے سلامت رکھتا ہے۔ گلنے سڑنے نہیں دیتا۔
جیسے سورج پودوں کو گلنے نہیں دیتا۔ تو جس طرح روح جسم کے اندر ہو۔
زندگی کے دوران جسم مرتا نہیں ہے۔ نہیں گلتا۔ کیوں روح اندر ہے۔
تو جب جن کی روح چمک اٹھتی ہے۔ نور الٰہی کے پرتو سے۔ وہ روح جسم کے اندر
ہو یا باہر۔ اثر ایک جیسا رہتا ہے۔ ہماری روح اندر ہو تو جسم سلامت۔
مگر روح چونکہ کمزور ہے تاریک ہے۔ جب نکل جائے۔ تو مٹی میں جسم گل سڑ جاتے ہیں اسی
طرح جب پودوں کو سورج کی روشنی اور حرارت سے دور کر دیا جائے۔ محروم کر دیا جائے۔
اسی طرح ہمارے جسم کو روح سے محروم کر دیا جائے۔ تو گل سڑ جاتے ہیں۔ مگر جس سورج
کی تپش اور حرارت مل رہی ہے۔ کروڑوں میلوں کا فاصلہ کیوں نہ ہو۔ وہ پودے سلامت

صحابہ کا جسم

رہے ہیں۔ اس طرح جن کی روح نور الٰہی کے ہر شعبہ سے چمک اٹھتی ہے۔ مگر معدود ان پر
جسموں پر اعلیٰ علیین میں کیوں نہ رحم کریں گے۔ ایسے اشعہ سے قبروں کے اندر رہتے ہوئے
جسموں کو سلامت رکھتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ صحابہ چودہ سو سال
کے بعد جو بغداد کے قریب مدائن دریائے دجلہ کی وجہ سے ان کی قبریں کھودیں
گئیں۔ تاریخ کا واقعہ ہے۔ آج سے ساٹھ ستر سال پہلے کا۔ چودہ سو سال کے
بعد ان کے جسم صحیح و سلامت رہے۔ اور بعد ریڈیو کو سمیٹ کے تو تصویر میں لی گئی۔
عراق میں ۲۱ توپوں کی سلامی کے ساتھ ان کو دوبارہ دفن کیا۔ اور سینکڑوں غیر مسلم
مسلمان ہو گئے۔ یہ تاریخ کی زندہ حقیقت ہے۔ ساری دنیا جانتی ہے۔
چودہ سو سال بعد جسم سلامت نکلے۔ اس روح نے سلامت رکھا۔ کیا کیمیکل
پروسیس ان کے جسموں پر نہیں ہوا ہو گا۔ دس سال سے پچاس سال تک ہڈیاں
سے ہڈی کو گوشت سب کچھ کھایا جا سکتا ہے۔ مگر چودہ سو سال بیت گئے۔
جسم تو کیا کفن بھی سلامت رہ گئے۔ یہ کیا تھی اس شہادت نے روح کو اتنا روشن
کر دیا تھا۔ کہ وہ روح اب جہاں بھی ہو۔ جسم جہاں بھی ہو وہ اپنے پیش انوار سے اس
کو سلامت رکھتی ہے۔ اس لیے فرمایا قرآن نے کہ جو میری راہ میں مرتے ہیں۔
وہ بے شک مرتے ہیں۔ مگر انہیں مردہ نہ کہو۔ کیونکہ وہ مرتے ہیں۔ میں نے روح کو اتنا تابندہ
کر دیا ہے۔ کہ قیامت تک ان کے جسم بھی سلامت رہیں گے۔ اور ان کی زندگی اتنی
کہ تمہیں اس کا شعور بھی نہیں ہو سکتا۔

(دستخط)

۱-۲-۲۰۱۸
۱۵-۵-۱۴۳۹ (بروز جمعرات)
(۸-۲۳-۵۱)

QARI MUHAMMAD A[illegible]
Naqashbandi Chishti Qadri Suha[illegible]
11 JAN 2018
Chak 365/E.B Burewala District Vehari
Mob:[illegible]

صلی اللہ علیہ وسلم

۱۸- شہادتِ سیدنا حسینؑ ہی شہادتِ محمدی

جامع مسجد منہاج القرآن ماڈل ٹاؤن لاہور — 16-05-1997

وَمَن يُطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُولَ ـــــ الصالحین (نساء ۶۹)

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے ہم سب کو حضورؐ کی غلامی اور آپ کی امتی ہونے کا شرف عطا فرمایا ـــــ قرآن کی آیت کے مبارک الفاظ میں نے تلاوت کیے۔ جس میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ـ جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرتے ہیں ـ پس یقیناً انہیں اللہ کے انعام یافتہ بندوں کی معیت اور سنگت نصیب ہو جائے گی یعنی اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کے نتیجے میں ـ ان کو اللہ کے انعام یافتہ بندوں کی سنگت ـــــ وہ ان کی معیت میں ہوں گے ـ مفسرین کہتے ہیں کہ قیامت کے دن ان کا حشر نشر اور ان کا شمار ان کی معیت ان کی سنگت میں ہوگا ـ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو قیامت کے دن خاص معیت کرنا کا حصر درست نہیں ہے ـ بلکہ یہ امر بھی اس سے مستفاد ہے ـــــ اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرنے والوں کو اللہ کے انعام یافتہ بندوں کی سنگت اور معیت حشر و نشر کی خاطر نصیب ہوگی ہی ـ مگر میں سمجھتا ہوں ـ کہ دنیا میں بھی اللہ کے انعام یافتہ بندوں کی سنگت اور معیت اور صحبت کا نصیب ہو جانا ـــ یہ بھی ثمر اور نتیجہ اور برکت ہے اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت ـ اس دنیا میں بھی اس کا ثمر واقع ہے ـ اسی آیت کریمہ کی ابتداء میں یہ نقطہ آیا ہے ـ ایک عمل اور اس کی ایک جزا ہے ـــ اس آیت کریمہ میں من یطع اللہ والرسول ـ جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرتا ہے یہ عمل ہے ـ اسی طرح اس کو شرط اور صلہ کہتے ہیں ـ کہ جو عمل کرتا ہے ـ یعنی وہ اس عمل کی شرط کو پورا کرتا ہے ـــ تو اس عمل کی شرط کو پورا کرنے کے نتیجے میں ان لوگوں کو اس عمل کی جزا ملے گی ـ اور صلہ ملے گا ـ آخرت تو یہ ملے گا ـ کہ جن انعام یافتہ بندوں کا آگے ذکر آرہا ہے ـ جن طبقات کا ان کی معیت اور سنگت نصیب ہوگی ـ ان کا حشر نشر ان کے ساتھ ہوگا ـ اور وہ ان کے ٹولے میں ـ ان کے سنگیوں میں ان کے پیروکاروں میں ـ ان کی صحبت اور ~~معیت~~ میں رہنے والوں

میں شمار کیے جائیں گے ۔ اولئک مع الذین ـــ والصالحین ـــ اور وہ انعام یافتہ بندے
کون ہیں ۔ وہ انبیاء علیہم السلام ہیں ۔ اور صدیقین ہیں ـــ سچائی والے لوگ ہیں ۔ جو
مرتبۂ صدیقیت پر فائز ہیں ـــ والشہداء اور وہ شہداء ہیں ۔ جنہوں نے اللہ کی
راہ میں شہادت پائی ہے ۔ اور روحانی اعتبار سے بھی اس درجے پر فائز ہیں کہ وہ اللہ
کے حضور گواہ ہیں ۔ اور صالحین ۔ اور وہ اولیاء ہیں ۔ جو درجۂ صالحیت پر فائز ہیں
اللہ کے صالح اور مقرب برگزیدہ بندے ہیں ۔ تو اللہ کی اور اس کے رسول کی اطاعت کرنے والوں
کو قیامت کے دن ان چاروں طبقات کی سنگت اور معیت نصیب ہوگی ۔ اور ان کی سنگت
اور معیت نصیب ہونے کا مطلب یہ ہے ۔ کہ ان کی معیت میں وہ بھی بخشے جائیں گے ۔
کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آگے فرمایا ۔ وحسن اولئک رفیقاً ۔ یہ لوگ کتنے اچھے رفیق ہیں ـــ
یعنی سنگتی ہیں ـــ کتنے اچھے ساتھی ہیں ـــ اب جملہ معترضہ کے طور پر بات ذہن میں
آگئی ۔ ضمناً کرتا چلوں ـــ شریعت منہاج کی بنیاد بھی ـــ 1980 کے آخر
میں ۲۰ ۔ ۲۵ نام قرآن پاک سے چنے ـــ قرآن ۔ لکل جعلنا منکم شرعۃ
ومنہاجا (مائدہ ۴۸) اور ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے ۔ ایک شریعت بنائی ہے اور ایک
منہاج بنایا ہے ـــ کھلا راستہ اور اس منہاج کو قرآن ـــ سے ملا دیا ـــ اس کے ممبر
ان کو نام کیا دیا جائے ـــ رفیقاً (نساء 69) یعنی اللہ رسول کی اطاعت کرنے والے انعام
یافتہ کے سنگت میں ہوں گے ـــ انبیاء صدیقین ـــ صالحین یہ قرآن نے کہا ۔ یہ کتنے اچھے
رفیق ہیں ـــ تو ان کی سنگت رفاقت کی بنیاد پر قرآن کی بنیاد ـــ
تو قیامت کے دن یہ رفاقت نصیب ہوگی ـــ رفاقت کی جو جزا ہے ۔ وہ اس دنیا میں بھی
کام آئے گی ـــ لہذا دنیا میں انبیاء کی رفاقت صحابہ کرام کو تو ظاہری اور باطنی دونوں سطح پر نصیب
ہوگی ـــ حضور کے وصال مبارک کے بعد اب امت کو نیک لوگوں کی رفاقت ملتی ہے مگر
وہ بطریق باطن ہے ـــ بطریق اتباع ۔ اور بطریق اکتساب فیض ۔ بطریق تو حیات نبوی
نبوی ہے ـــ حضور علیہ السلام کے تعلیمات اور منہاجات کے ذریعے ۔ آپ کے توسل کے

ذریعے - آپ کی شفاعت کے ذریعے - آپ کی محبت اور اتباع کے ذریعے۔ آپ کی باطنی قربت کے ذریعے
یہ تو لنک ہے۔ اس کے ذریعے آج بھی حضورؐ کے غلاموں کو حضور کی رفاقت حاصل ہے -
اور سب آقا کی کملی کے سائے کے تلے ہیں ــــ (۳۰ ــــ ۱۱) اور آپ کی رحمت کے ذریعے
آپ کی رفاقت میں ہیں - تو ہر امتی آپ کی رفاقت میں ہے ــــ اسی طرح قیامت تک صالحین
صالحین شہدا اولیاء اور عباد مخلصین عباد مقربین تو اللہ پاک نے فرمایا۔ اگر تم اللہ اور اس کے رسول
اطاعت کرو۔ اس راہ پر گامزن ہو تو اس کی جزا ثواب کی صورت میں تو ملے گی ہی ملے گی - لیکن
ایک بہت بڑا صلہ یہ بھی ملے گا - کہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کے صلے میں اللہ پاک اس
کو اس دنیا میں نیکوں کی سنگت میں رہنے کا موقع عطا فرماتا ہے - نیکوکاروں کی صحبت
عطا فرما دے گا - اپنے سچے بندوں کی رفاقت نصیب فرما دے گا۔ اپنے ان بندوں کو جن
کو اللہ نے حقیقی شہادت کا رتبہ عطا کیا۔ یا اس مرتبہ شہادت سے سرفراز کیا۔ کہ
جو قیامت کے دن حضور کی امت میں ــــ گواہ ہوں گے۔ ان شہیدوں کی سنگت عطا
کی - اور حضور کی امت کے جو اولیاء اور صالحین ہیں - اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا۔
اللہ اس کے صلہ میں انبیاء و مقربین صالحین اولیاء اللہ کی سنگت و رفاقت عطا فرمائے گا - تو یہ
رفاقت صلہ ہے اس دنیا کیلئے بھی - اور آخرت کی دنیا کے لیے بھی - دونوں جگہ یہ صلہ نصیب ہوگا ــــ
اس کا مطلب یہ ہوا - یہاں ایک خاص نکتہ جو یہاں ــــ اخذ ہوتا ہے - وہ نکتہ یہ
ہے - جب یہ بات طے پا گئی ہے - کہ نیکوکاروں کی اللہ کے انعام یافتہ بندوں کی سنگت اور
رفاقت وہ صلہ کے طور پر ملتی ہے - جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں - اللہ اور اس
کے رسول کی اطاعت کرو تو اس کے صلے اور جزا کے طور پر انہیں اللہ کے مقرب اور محبوب بندوں کی
سنگت عطا کر دی جاتی ہے۔ اور یہ اتنا بڑا صلہ ہے کہ یہ اس ثواب کی جگہ ــــ کہیں بالا اور
بلند ہے ــــ یعنی ثواب اور جزا معمولی چیز ہے - لیکن اللہ کے مقرب بندوں کی مجلس نصیب ہو جائے
صحبت میسر ہو ان کی قربت نصیب ہو جائے - ان کی سنگت نصیب ہو جائے تو یہ اتنا بڑا
صلہ ہے - اس لیے پھر جو انعامات اللہ کے انعام یافتہ بندوں پر اتر رہے ہوتے ہیں ــــ ان کی سنگت

میں رہنے والوں کو بھی ان انعامات کا حصہ ملتا رہتا ہے۔ ملاء اعلیٰ کی جو برکات جو انوار جو تجلیات۔ جو
فیوضات اور جو توجہات الہیہ اور جو توجہات حضورؐ ان مقرب اور نیک بندوں کو ﷺ ہر وقت
اترتی رہتی ہے اور ان کو ملتی رہتی ہیں۔ جو جو ان کی سنگت اور صحبت میں آجاتے ہیں۔ وہ قریب
بیٹھنے والے ان فیوضات سے محروم نہیں کیے جاتے۔ ان کو بھی ہر فیض میں سے کچھ نہ کچھ حصہ
بقدر ظرف ملتا رہتا ہے۔ جو اندازہ کر سکے۔ ثواب تو ملا ایک جزاء کے طور پر۔ جس نے جتنا عمل کیا۔
اس کا ثواب مل گیا۔ دس گنا مل گیا۔ سو گنا مل گیا۔ ارے سات سو گنا مل گیا۔ ثواب کی
تو ایک حد تھی۔ جو ہر ایک کو عمل کے مطابق مل گئی۔ مگر یہ اللہ اپنے والوں کو محبوبوں مقربوں کو اللہ
نیکوکاروں کی سنگت دے دے یہ ایک ایسی جزاء ہے۔ جس کی کوئی حد ہی نہیں ہے۔ اس
لیے کہ جو اس کے مقرب بندے ہیں۔ ان پر تو چوبیس گھنٹوں میں۔ دن رات اور صبح شام لمحہ بلمحہ
اللہ کے انوار و تجلیات اتر رہے ہیں۔ اور اگر ہر لمحہ انوار و تجلیات اتر رہی۔ تو ان کے ہمنشینوں
کو بھی اس میں سے حصہ ملتا رہتا ہے۔ ان کے سنگیوں کو بھی اس میں سے خیرات ملتی
رہتی ہے۔ ان کی صحبت مجلس اور قربت میں بیٹھنے والوں کو بھی کچھ نہ کچھ ہر وقت درلت ملتی
ہوتی رہتی ہے۔ تو یہ وہ حساب ہے جس کا کوئی حساب ہی نہیں ہے۔ جس کا شمار کوئی نہیں۔
یہ بہت بڑی عظیم جزاء ہے۔ مثلاً۔ جب یہ آیت کریمہ اتری حضورؐ پہ ان اللہ وملئکتہ
احزاب 56۔ کہ اللہ اور اس کے فرشتے رسول پاکؐ پر درود بھیجتے ہیں۔ تو صحابہ کرامؓ نے
پوچھا یا رسول اللہ خاص طور پر سیدنا صدیق اکبرؓ نے۔ پیش پیش تھے یہ عرض کرنا آقا۔ یہ میں اس کا
دل سے ادا ہو۔ کہ یہ آپ سیر کا ہے۔ تو سوال کیا آقا اللہ کی جو نعمت آپ پہ اتری ہے۔ ہمارے
حسب حال اور قدر ظرف اس میں سے ہمیں بھی کچھ نہ کچھ حصہ ضرور ملتا ہے۔ جو کچھ اللہ پاک نے
آپ کو عطا فرمایا ہے۔ اس میں سے ہمیں بھی۔ چونکہ ہم آپ کے غلام ہیں۔ تو آپ کی سنگت
اور غلامی کے صدقے سے اور پیروی کے باعث ہمیں بھی اس میں سے کچھ نہ کچھ حصہ ملتا ہے ہم
نعمت جو اللہ نے آپ کو عطا کی ہے۔ کہ اللہ اور اس کے فرشتے آپ پر ہر وقت درود بھیجتے
ہیں۔ تو کیا اس نعمت میں سے ہمیں بھی کچھ حصہ ملے گا۔ اس بات کو سمجھ گئے نا۔

کہ آپ پر تو اللہ درود بھیجتا ہے۔ اور فرشتے بھی بھیجتے ہیں۔ تو کیا اللہ اور اس کے فرشتے
درود بھیجیں۔ آپ پر تو اس میں کچھ ہمارے لئے بھی یہ معاملہ ہو سکتا ہے۔ کہ ہمیں
بھی تھوڑی سی خیرات مل جائے۔ یہ سوال کرنے کی دیر تھی۔ رب کائنات نے
فرمایا جبرائیل جا اس سوال کا جواب دے دے۔ میرے محبوب سے کہہ دو ان کو یہ آیت اتری۔
هو الذی یصلی ~~علیکم~~ (الاحزاب ۴۳) اے میرے محبوب کے غلام سنو۔ وہ رب ہے۔ جو تیرے
پیغمبر پر صبح و شام اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہی ہیں۔ مگر یہ صحابہ اور یہ غلام میرے محبوب کی
غلامی میں آ گئے ہیں قیامت تک اللہ اور اس کے فرشتے ان پر بھی درود بھیجتے ہیں۔ فرمایا۔
یا ایها الذین امنوا اذکروا الله ——— (واسبحوہ الاحزاب ۴۱ - ۴۲) اے ایمان والو۔
صبح و شام اللہ کا ذکر کیا کرو۔ اس کی تسبیح کیا کرو۔ پھر آگے فرمایا هو الذی ——— اے ایمان والو۔
یہ صرف صحابہ کرام کے لئے خاص نہیں ہے۔ آقا کی پوری امت کے لئے ہے۔ اور قیامت تک حضور کی
پوری امت کو منفق ہوتا ہے ——— اپنے [illegible] حصہ باقی جاری ہے۔ (۵ ۔ ۱۸)
ملا فرمایا اے ایمان والو اگر تم اسی راہ پر قائم رہو تو سنو جو منفق اللہ نے پیغمبر پر کیا ہے پیغمبر پر
تو اس لئے کیا کہ وہ اس کا حقدار تھا۔ اور تم پر پیغمبر کے صدقے میں یہ خیرات ہو رہی ہے
کہ وہ ذات ——— تم پر بھی اس کے فرشتے۔ اسی طرح درود بھیجتے رہتے ہیں۔ هو الذی
یصلی ——— اللہ اور اس کے فرشتے تم پر بھی درود بھیجتے رہتے ہیں۔ حضور پر
درود بھیجنا ان کی شان اور مرتبے کے لائق اور اس میں سے امت کو حصہ ملا۔ امت کی
شان کے لائق ——— اور ہر شخص کی شان اور مرتبے کے لائق ہے ——— اور ایک مقام پر فرمایا
اولئک علیہم صلوات من ربہم ——— ۱۵۷ ۔ صبر کرنے والے مومن لوگ وہ ہیں
کہ ان پر اللہ پاک کی ——— درودوں کی بوچھاڑ اترتی رہتی ہے ——— درودوں کی بارش ہوتی
رہتی ہے مومنوں پر ——— حضور علیہ السلام پر بھی ہو گی اور آقا کے صدقے پوری امت
~~کو حصہ~~ پر بھی ہو گی ——— تو قرآن کی دلیل سے یہ بات ثابت ہو گئی۔
اب یہاں سے جو نقطہ سمجھنے والا ہے وہ یہی ہے۔ بعض لوگوں کا کبھی کبھی یہ سوچنا۔

کہ جو عمل کرتا ہے اس کی جزا اسی کو ہے۔ آپ جو بزرگوں نبیوں ولیوں نیکو کاروں کے اچھے لوگوں کے ساتھ
جانے کا لالچ کرتے ہیں۔ تو آپ کو کیا ملتا ہے — سوال ہوتا ہے ذہن میں۔ کہ انہوں نے عمل کیے۔
ان کو تو جزا ملے گی۔ آپ کو کیا ملتا ہے۔ ان کے پاس جانے کا۔ آپ اپنا جو عمل کریں گے۔ تبھی آپ
کو کچھ مل جائے گا — تو قرآن اس کا جواب دیتا ہے — کہ درود تو بھیجا گیا حضور پر۔ مگر آل
کو حضور کی غلامی کی نسبت سے مشابہت تک اس میں سے حصہ مل گیا۔ تو ہم بیچاروں کی
خاطر نہیں یہ حضور کے صدقے سے ملا ہے —

تو گویا اگر کوئی تعلق پیدا کر لیتا ہے — تو اللہ پاک چھانٹی نہیں کرتا۔ کہ اچھا یہ
کرم کرتا ہے۔ اس کے سنگیوں کو چھانٹ لے کہ کیا کر ذرا باہر نکل جاؤ؟ ذرا اک طرف ہو جاؤ؟
میں کرم کر رہا ہوں۔ نور بھیج رہا ہوں۔ رحمت بھیج رہا ہوں۔ برکت دے رہا ہوں تم ذرا ایک
طرف ہو جاؤ۔ میں صرف ایک بندے کو دے دوں — نہیں۔ جس بندے پر وہ کرم کر رہا ہوتا
ہے۔ وہ بندہ بھی سخی ہوتا ہے — اور اللہ کی رحمت بندوں — سے بھی زیادہ سخی ہے۔
اگر یہ اصول بالفرض فرشتہ کوئی کم دیں کہ — یہ ہوتا نہیں ہے ایسا — تو بندہ دعا کر
دے گا — کہ مولا اگر میرے سنگیوں کو نکالا کہ صرف مجھ پر رحمت کرنی ہے تو پھر میں ایسی
رحمت کو قبول ہی نہیں کرتا — وہ جو میری سنگت والے ہیں۔ ان کو بھی
شریک کر۔ اللہ کی رحمت — جواب دیتی ہے بندے اگر تو بندہ ہو کر اتنا سخی ہے تو میں تو
رب کی رحمت ہوں — میں تجھ سے بھی زیادہ سخی ہوں۔ لہٰذا جس پر رحمت ہوتی
ہے۔ اس پر ہوتی ہے۔ اس کے عمل کی بنا پر۔ اور جو اس کی سنگت اور رفاقت میں
آ گئے ہوتے ہیں۔ ان کو ان کی مخلصانہ سنگت و رفاقت کے صلے میں اس رحمت
میں سے بقدر ظرف حصہ عطا ہوتا ہے — تو صحبت میں بیٹھنے والے اور قریب
رہنے والے اور سنگت و رفاقت اختیار کرنے والوں میں سے کوئی محروم نہیں رہتا۔ اب
سمجھ گئے رفاقت کا معنیٰ اور سنگت کا معنیٰ یہی صحبت ہے۔

اور دوسری کی دلیل حدیث پاک میں ہے — بخاری و مسلم شریف کی روایت کہ

صحاح ستہ میں متفق علیہ اور صحیح حدیث ہے۔ ۲۰ آپ سن چکے ہیں۔ میں صرف تھوڑا
سا اشارہ چاہتا ہوں کہ فرشتے زمین پر اترتے ہیں۔
(صحیح بخاری کتاب الدعوات جلد ۵ ص ۲۳۵۳ رقم ۶۰۴۵) اور ذکر والوں
کی مجلس کو تلاش کرتے ہیں۔ اور جب کسی کو اللہ کا ذکر (صحیح مسلم کتاب الذکر والدعا
جلد ۴ ص ۲۰۶۹ رقم ۲۶۸۹) کرنے والوں بندوں کو دیکھتا ہے۔ تو وہ دوڑ کر اس
کی مجلس میں شریک ہو جاتے ہیں۔ اور مجلس ذکر میں اور ذکر کرنے والے بندوں کی
مجلس میں اختتام تک بیٹھے رہتے ہیں۔ مجلس برخاست ہو جاتی ہے۔ تب فرشتے
واپس اللہ کی بارگاہ میں جاتے ہیں۔ شام کو اللہ پاک پوچھتا ہے کہاں سے آئے ہو۔
وہ عرض کرتے ہیں باری تعالیٰ مثلاً فلاں ذکر کرنے والا بندہ یا ذکر کرنے والے بندے ان کی مجلس
تھی ہم اس کی سنگت میں مجلس میں بیٹھ گئے تھے۔ ان کی مجلس سے اٹھ کر آئے ہیں
طویل مکالمہ بیان ہوا ہے۔ آخری بات سنانا کہنا چاہتا ہوں بالآخر اللہ پاک فرماتے ہیں
فرشتو گواہ ہو جاؤ۔ اس ذکر کی مجلس میں جتنے لوگ بیٹھے تھے۔ میں نے سب کو بخش
دیا ہے۔ اب کوئی ضعیف حدیث نہیں ہے۔ متفق علیہ حدیث ہے۔ اور حدیث
صحیح ہے۔ ابوہریرہ رض راوی ہیں۔ اور متعدد کتب حدیث میں یہ روایت موجود
ہے۔ فرمایا میں نے ان سب کو بخش دیا۔ فرمایا ایک فرشتہ کھڑے ہو کے عرض
کرتا ہے۔ کہ باری تعالیٰ تو نے اس مجلس کے سارے لوگوں کو بخش دیا۔ اس میں
کچھ ایسے لوگ بھی تھے۔ جو یونہی اپنے کسی کام کے لئے جا رہے تھے۔ یعنی اس گلی سے گزر
رہے تھے۔ (۱۰ — ۲۳) سبزی تھیلا سے ہیں نیچے تھیلا لٹکا رہا ہوں اپنی سبزی گوشت
لینے جا رہے تھے۔ وہ تو ذکر کی خاطر آئے بھی نہ تھے۔ یوں ہی چلتے چلتے جا رہے تھے کہ دیکھیں کیا
ہو رہا ہے۔ تو مجلس میں رک گئے۔ تو کیا باری تعالیٰ آپ نے ان کو بھی بخش دیا۔ اللہ پاک نے
فرمایا مجھے اپنی بخشش کی عنایتی عزت کی اور عرش کی قسم میں نے ان کو بھی بخش دیا۔ اس
لئے کہ میرے جن بندوں کی مجلس میں بیٹھے تھے۔ وہ اتنے اونچے لوگ ہیں کہ جو ان کی سنگت میں آگئے

جائے۔ وہ بھی محروم نہیں رہتا۔ تو میری رحمت یہ گوارہ نہیں کرتی۔ اور ان بندوں سے میری محبت گوارہ نہیں
کرتی کہ ان کو بخششوں جو عام طور پر ہے کم درسے ہو گئے۔ ان کو نکال دوں۔ وہ شکوہ کریں گے مثلاً میری اتنی
وسیع رحمت اور تو نے ان کو نکال دیا۔ چلو وہ آ تو گئے تھے نا کسی بہانے ان کو بھی حصہ دے دیتا تو میں نے
بخشش کا حصہ ان کو بھی عطا کر دیا۔ اب یہ میری اور آپ کی لیے بڑی بات نہیں ہے کہ کوئی اعتراض کرے
یہ حدیث صحیح ہے اور متفق علیہ حدیث ہے۔ اس کا انکار کوئی صاحب ایمان نہیں کر سکتا۔ کیا
پتہ چلا کہ اس میں صرف ذکر کی بات نہیں ہے۔ اس میں امت میں سے نیک لوگوں کی بات ہے کہ جو
نیکوکاروں اور مجلس شعاروں میں آ جاتے۔ اور چلتا چلتا ہو ہزار رغبت پیدا ہو اور بیٹھ جائے اس
کو بھی حصہ مل جاتا ہے۔ کیونکہ اسی طرح ان کی سنگت میں بیٹھنے سے جو ہلکا ہلکا رنگ چڑھتا
لگتا ہے۔ تو اللہ پاک محروم نہیں کرتا۔ تو یہ نقطہ ہو گیا۔ من یطع اللہ والرسول ۔ تو اللہ اور
اس کے رسول کی اطاعت کرنے کا صلہ اونچا صلہ یہ ہے کہ اس کے نیکوکاروں کے انعام یافتہ بندوں کی سنگت
مل جاتی ہے ۔ اور سنگت ان کی مل جانا اور سنگت کا برقرار رہنا۔ اتنی بڑی نعمت ہے کہ اس کا
مقابلہ کوئی اور نعمت نہیں کر سکتی ۔ ہر لحظہ بہ لحظہ اور لمحہ بہ لمحہ نیکوکاروں پر جو انعامات اللہ
پاک کے ہوتے ہیں۔ آقائے دوجہاں کے جو فیوضات نصیب ہوتے ہیں۔ ان سنگتیوں کو بھی ان
کے صدقے میں کچھ نہ کچھ حصہ ملتا رہتا ہے اور ان کا سینہ دھلتا رہتا ہے۔ اور منور ہوتا رہتا ہے۔
اب یہاں سے جو نقطہ معلوم ہوا۔ کہ نیکوں کی سنگت اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کا صلہ ہے
تو آپ جو چاہیں کہ یہ سنگت ہمیشہ برقرار رہے۔ تو اس کے برقرار رکھنے کا راز یہ ہو گا کہ تم
نیک عمل میں ہمیشہ جاری رکھو۔ اور اللہ رسول کی اطاعت اور نیک عمل جس کے صلے میں یہ سنگت ملی۔
اگر سنگت کو قائم و دائم رکھنا چاہتے ہو۔ تو نیک اعمال اور اعمال صالحہ کو بھی قائم اور دائم رکھنا پڑے گا۔ اگر
وہ چھوڑ دیا تو اس کے صلے میں جو اولیاء کی سنگت بھی نہ ملے گی۔ یہ لازم و ملزوم ہیں۔ وہ قائم رکھیں
اگر چاہیں کہ دیا چراغ جلتا رہے۔ تو تیل ڈالتے رہیں گے۔ سادہ سی بات۔ تیل نہ ہو تو چراغ چلتا
نہیں ہے۔ مگر جب جل رہا ہے اس مغالطے میں نہ ہو جانا کہ اب جل پڑا ہے۔ اب تیل کی کیا ضرورت
اب جل پڑا ہے۔ نہیں اس کا جلنا۔ جیسے شروع میں تیل کا محتاج تھا اسی طرح اس کا

جلتے رہنا یہی نسبت کا سمجھنا ہے - اگر چاہو کہ جلتا رہے اس کی شعاعیں اپنی پوری قوت اور شان
کے ساتھ برقرار رہیں - تو نسبت ختم نہ ہونے دینا - تیل ڈالتے رہنا - تو تیل عمل کا تیل -
نسبت بیداری کا تیل اللہ اللہ کا تیل ذکر اذکار کا تیل اللہ کی اطاعت و محبت کا تیل اس
کی معرفت کا تیل حضور سے عشق اور اتباع کا تیل اللہ کی نذرانی کا تیل - تقویٰ و طہارت
کا تیل - روحانیت کا تیل - تعلق کا تیل رب سے تعلق کا تیل - اخلاص کا تیل - یہ سب ایک
ایک تیل کی شکل ہے یہ مختلف نام ہیں - یہ ڈالتے رہو گے - تو لو جلتی رہے گی یہ روشنی باقی
رہے گی - جس دن یہ تیل ختم ہوا - تو جلتی ہوئی لو بھی بجھ جائے گی - کبھی چراغ ٹمٹمانے لگ جاتے
ہیں تیل کم ہو جاتے ہیں - یہ بات بڑی قطعی ہے - یہ دونوں چیزیں لازم و ملزوم ہیں -
کیونکہ نسبت والی نسبت عمل کے بغیر ملتی نہیں - اور نہ نیک عمل کے کٹ جانے سے نسبت
برقرار رہتی ہے - دونوں چیزوں پر توجہ کرنی چاہیئے - تو جن کو نسبت ملی وہ بھی اللہ کی نعمت
تھی اللہ کی نعمت مل جائے تو نعمت آزمائش بھی ہوا کرتی ہے ڈرتے بھی رہنا چاہیئے کہ اللہ
نے معاملہ جو نسبت دی ہے - اس کو برقرار بھی رکھنا - اور وہ چھن بھی سکتی ہے - شیطان
آ جائے گا درمیان میں - نفس حملہ کر دے گا - شیطان وسوسہ انداز کر دے گا اس تعلق کو
کمزور کرنے کے لئے ذہن میں فتنے ڈال دے گا ___ وہم ڈال دے گا وسوسے ڈال دے گا ___
جس وہم اور وسوسے ___ وہ تعلق کا دھاگا کمزور ہوتا چلا جائے گا - اور وہ کام کرتا رہتا انسان - اس
کی بنیاد کو توڑ بیٹھے گا - وہ فتنہ شر وسوسے جو بھی تعلق کو توڑ دیں گے - وہ نعمت جس
کی ہو یہ چھن جائے گی ___ (۱ - ۴۹) تو نعمت ملنا بھی اللہ کی رحمت اور اس کا برقرار
رہنا بھی اللہ کی رحمت ہے - لہذا اس کو برقرار رکھنے پر بھی محنت کرنا چاہیئے - اللہ سے ڈرنا
چاہیئے ___ یہ دو نکات تھے جو آیت کریمہ کی ابتدا اور انتہا کے عنوان سے بیان کر دیئے ___
اللہ پاک نے فرمایا کہ اللہ پاک سے یہ نعمت عطا کر دی اس شکل میں کہ اللہ کے جو انعام یافتہ
بندے ہیں وہ ہیں انبیاء صدیقین صالحین شہداء ان کی معیت نصیب ہو جائے گی - اب یہ معلوم ہوا
کہ اللہ پاک نے ان چار طبقات کو انعام یافتہ بندوں کے طبقات قرار دیئے ہیں - اس

پتہ چلا کہ اللہ کے حضور سب سے بڑی چوٹی کی نعمت یہ چار ہیں۔ انبیاء اگر انعام
یافتہ ہوئے تو سب سے اونچی نعمت کون سی ہوگی۔ نبوت۔ انبیاء کس نعمت کے باعث
انعام یافتہ ہوئے۔ نعمتِ نبوت سے۔ تو نبوت سب سے بڑی نعمت ہے۔ (2) صدیقین
پھر یہ انعام یافتہ ہوئے اللہ کے سچے اور سُچے بندے۔ سچائی والے لوگ۔ تو پھر نعمت کون سی ہوگی۔
صدیقیت۔ سچائی سُچا پن۔ اور صدق و صداقت اللہ سے تعلق بندگی پیار کا
نعمت ہوئی۔ صدیقیت۔ تیسرا طبقہ انعام یافتہ بندوں کا ہوا شہداء۔ تو نعمت ہوئی شہادت
چوتھا طبقہ اللہ کے انعام یافتہ بندوں کا ہوا صالحین۔ تو نعمت صالحیت۔ تو چار نعمتیں اللہ
کے حضور میں سب سے اونچی نعمت ہوئیں۔ نبوت، صدیقیت، شہادت، صالحیت۔
اب ایک نکتہ عرض ہے کہ اللہ پاک نے حضور نبی اکرم ﷺ کو تمام نعمتیں عطا فرمائی ہیں جو
اللہ نے کائنات انسانی یا کائنات خلق میں کسی کو بھی عطا کی۔ آدم علیہ السلام
سے لے کر آج تک قیامت تک اللہ نے جتنی نعمتیں اپنی مخلوق کو اپنے اولیاء کو اپنے برگزیدہ
بندوں کو اماموں کو ولیوں کو صحابہ کو کسی پیغمبر یا صحابی یا جنتی کو انبیاء کو نبیوں کو رسولوں کو تمام
مخلوقات کے طبقات کو اللہ پاک نے جو جو نعمت بھی آج تک عطا کی ہے وہ آئندہ
عطا کرنے والا ہے حضور علیہ السلام کے دامن میں وہ ساری نعمتیں اللہ پاک نے رکھی ہیں۔
یعنی اوروں کو وہ نعمتیں جدا جدا کر کے عطا کیں۔ کسی کو کوئی نعمت دی۔ یا چند نعمتیں دیں
کسی کو کوئی اور نعمت دی۔ یا کچھ اور نعمتیں دیں۔ ان کو نعمتیں بانٹتا رہا اللہ پاک اللہ
بانٹتا رہا ہے اور بانٹتا رہے گا سب کے دامن مصطفیٰ ﷺ میں ساری نعمتیں جو پوری کائنات میں
تقسیم کی تھیں۔ اسی ایک دامن میں یکجا کر دیں۔
اس لیے حضور ﷺ تمام نعمتوں کا جامع بن گئے ہوئے۔ اور نہ صرف جامع ہوئے بلکہ جس جس کو جو نعمت
ملی ہے۔ وہ حضور کے تصدق سے ہوئی ہے۔ حضور کے توسل سے ملی ہے۔
تو آپ منبع بن ہو گئے اللہ سر چشمہ بن ہو گئے ساری نعمتوں کے۔ یعنی ہر نعمت آقا کے
تصدق سے جنم لے رہی ہے۔ ہر ایک کو جو نعمت ملی ہے۔ وہ حضور ﷺ کے طفیل ملی ہے۔ مثلاً نبوت

کی نعمت اب نبوت سے بڑی کوئی نعمت تو کوئی نہیں ہے۔ جبکہ نبوت کی نعمت جو ساری نعمتوں سے
بلند ترین نعمت ہے۔ یہ بھی نبیوں کو حضور کے تصدق ہی سے ملی ہے۔ تو نچلے درجے کی نعمت آپ
یا وسیلے کے بغیر کیسے مل سکتی ہے۔ جبکہ باقی نعمتوں میں کسب شامل ہے۔ انسان کی
محنت کا دخل ہے۔ تمام جو نعمتیں ہیں۔ جیسے نعمت شہادت اور صالحیت بے شک
ہر نعمت اللہ کا وھب ہے۔ اللہ کی عطا ہے۔ اللہ کی دین ہے مگر ہوتا کیا ہے۔ وھب کے
سے تو اس بندے کی محنت کا دخل ہوتا ہے۔ کوشش کرتا ہے۔ کسب کہتے ہیں:
تو کسب اور وھب مل کے آپ کو اس کے اہل بھی بناتا ہے۔ اور اللہ کی عطا بھی ہوتی ہے۔
تو ہر نعمت وھب اور کسب کا اجتماع ہوتا ہے۔ یعنی عطا اور جہد عطا اور محنت مگر
نبوت ایک ایسی نعمت ہے۔ جو کسی شخص کو آج تک آدم علیہ السلام تک محنت اور ریاضت
کے نتیجے میں نہ ملی۔ اگر محنت، اور ریاضت کے نتیجے میں ملتی ہوتی۔ تو حضور غوث پاک سے بڑھ کر
ولایت میں محنت، ریاضت اور درجہ کس کا تھا۔ ان کو مل جاتی۔ حضرت بابا فرید الدین
گنج شکر سے بڑھ کر ریاضت کس کی تھی۔ امام اعظم ابو حنیفہ جنہوں نے چالیس سال
عشاء کی نماز کے وضو سے فجر پڑھی۔ سرکار غوث الاعظم نے چالیس برس
عشاء کے وضو سے فجر پڑھی اور ہر رات قرآن ختم کیا۔ اور ایسے بہت اولیاء گزرے
اتنی ریاضتیں کیں۔ تو پھر ان کو اس ریاضت کے نتیجے میں نبوت ملتی۔ مگر نہیں ملی
یہ خالصۃً اللہ کی وھب اور عطا ہے۔ جس پہ چاہا فضل کر دیا۔
کہ جو شخص باقی نعمتوں میں اتباع کرتا ہے پیروی کرتا ہے۔ اس پیروی اور اس اتباع اور
اطاعت کی شکل میں ترقی کرتا کرتا اس درجے تک پہنچتا ہے۔ تو ساری نعمتوں میں اس کا
کی پیروی کر کے اور نبوت لینے کے لیے کسی کی پیروی کرنا لازمی نہیں۔ نبی کو تو پیدائش کے وقت
سے لے کر بلکہ عالم ارواح میں جس کو نبوت دینی تھی۔ یا جس کو نہیں دینی تھی یہ فیصلہ
عالم ارواح میں کر دیا گیا۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ نبوت جو عالم ارواح
میں دی جا چکی۔ اس عالم بشریت میں۔ روحوں کے منتقل ہونے اور جسموں کا دنیوں

بڑی محنت اور ریاضت کرنے سے بھی پہلے نبوت کی نعمت جن کو مل چکی تھی۔ جبکہ ولیوں کی نبوت
بھی اس وقت بھی جب بھی جن کو ملی وہ بھی آقا علیہ السلام کے صدقے سے ملی تھی۔ تو جو نعمتیں
لوگوں کو ایسی محنت اور ریاضت سے دنیا میں عطا فرمائیں وہ تو بطریق اولیٰ حضور کے
صدقے سے ملی ہیں۔ قرآن مجید نے فرمایا۔ واذ اخذ اللہ میثاق ــــ آل عمران 81
تمام انبیاء کی روحوں کو اللہ پاک نے جمع فرمایا تھا۔ اور ان سے کہا تھا۔ کہ یہ وعدہ لیا تھا۔
کہ میں تم سب کو دنیا میں بھیجوں گا۔ تمہیں کتاب و حکمت دوں گا۔ پھر تم سب کے بعد پیغمبر
میرے آئیں گے۔ آخر الزماں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ وہ تم سب کی نبوت اور کتابوں کی تصدیق فرما
دیں گے۔ تم سب کو ان پر ایمان لانا ہوگا۔ ان کی مدد کرنا ہوگی۔ اور یہ کہہ کر فرمایا۔ بولو۔ کیا تم
نے کہ اس پیغمبر پر ایمان لانے اور ان کی مدد کرنے کا عہد کرتے ہو۔ وہ جو عہد کرنا تھا۔ وہ حلف برداری
کی تقریب تھی۔ ان سے اللہ پاک نے انبیاء کی ارواح کی مجلس میں ارواح انبیاء سے
حلف لیا کہ میرے مصطفیٰ کی نبوت و رسالت پر ایمان لاؤ۔ اور ان کے مددگار بنو
اور ان کے معاون بن کر نصرت کا اعلان کرو۔ تو جب جن ارواح نے حضور پر ایمان لانے کا اعلان
لیا۔ اقرار کیا۔ حلف اٹھایا۔ ان کے سروں پر تاج نبوت رکھ دیا۔ کہ گویا نبوت
کا تاج ان کے سروں پر سجایا گیا۔ جنہوں نے اس بشری دنیا میں آنے سے قبل عالم
ارواح میں۔ حضور کی نبوت پر ایمان کا حلف اٹھایا تھا۔ تو گویا نبوت کی نعمت
حضور کے صدقے سے ملی۔ قرآن بتا رہا ہے۔ اور امام قسطلانی نے المواہب اللدنیہ
میں اس مقام پر یہ حدیث روایت کی ہے۔ قسطلانی المواہب اللدنیہ جلد ا ص ۸۰
اس مقام پر اچانک ایک نور چمکا اس نور نے تمام انبیاء علیہم السلام کی ارواح کو روحوں
کو اپنے گھیرے میں لے لیا۔ ان کی روحوں پر سایہ فگن ہو گیا۔ اللہ پاک نے پوچھا۔ انبیاء کی ارواح
سے کہ تمہیں معلوم ہے کہ یہ نور کیا ہے۔ عرض کیا باری تعالیٰ بتا ہمیں آگاہ فرما دے۔ اللہ پاک نے
فرمایا یہ میرا اس پیغمبر آخر الزماں کا نور ہے۔ جن کو میں تم سب کے زمانوں کے بعد
مبعوث فرمانے والا ہوں۔ جس کی نبوت و رسالت پر۔ ایمان لانے کے نتیجے میں تم کو

نبوت علاوہ بات والا ہوں ۔ تو جب اس نور کی معرفت ان کو نصیب ہو گئی ۔ تو سب حضور پر ایمان
لے آئے ۔ سب نے حضور پر ایمان اقرار کا حلف اٹھایا ۔ جب وہ حلف اٹھا چکے تو اللہ پاک
نے حضور ؐ کے صدقے میں سب کو نبوت عطا فرما دی تھی ۔ اب معلوم ہو ہوا ۔ کہ ہر نبی کو نبوت کی خلعت
ملی حضور ؐ کے صدقے ۔ یہاں ایک لطیف بات ذہن میں آ گئی ۔

اس لئے ۔ بڑی خاص بات ہے ۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار جو کہ ہر نبی کی نبوت اس
روح کو عالم ارواح میں مل گئی تھی ۔ اور معرفت ہو گئی ۔ اس لئے ہر نبی نے کوئی دعویٰ نبوت
کا اعلان نہیں کیا ۔ بعثت تک جب بعثت کا اعلان نبوت کا وقت آیا ۔ تو ہر
پیغمبر کا پہلا اور آخری اعلان اس کی نبوت کا ہوتا تھا ۔ اعلان نبوت سے پہلے وہ
مختلف طریقے اعلان کے نہیں کرتا تھا کہ اب میں یہ ہو گیا ہوں پھر اس کے بعد اب میں وہ ہو گیا
ہوں ۔ یا دعویٰ ہے کہ میں نبی نہیں مگر ہے اب دیکھیں نبی ہوں ۔ پھر ایک وقت آئے اور یہ پہلے
مجھے پتہ نہیں تھا ۔ اب پتہ چلا ۔ کہ میں نبی بھی ہوں ۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء میں
سے یہ عمل کسی پیغمبر سے ثابت نہیں ۔ یہ عمل نہیں یہ تماشا ہے ۔
کسی نبی کو معاذ اللہ کسی مغالطے میں مبتلا نہیں ۔ ہر پیغمبر خاموش رہا ۔ تا آنکہ
وقت بعثت آ گیا ۔ اور جب اعلان نبوت کا وقت آیا ۔ تو پیغمبر نے پہلی بار
ہی نبوت کا اعلان فرما دیا ۔ تو ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کا طریقہ تو ایک ہی تھا
تو پتہ چلا کہ اعلان نبوت کا طریقہ ایک ہی ہے ۔ جو سارے انبیاء نے اپنایا ۔ اور جو
مرزا غلام احمد ہوئے ۔ انہوں نے دس اعلان کئے پہلے ۔ اور ہر بار کہا ۔ کہ اب میں نبی بن گیا
جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جیسے یا کسی کو نبی مانے وہ کافر اور مرتد ہے ۔ اعلان کرتا چلا گیا ۔
ایک صبح آ کر کہنے لگا کہ پہلے مجھے مغالطہ تھا ۔ اب میں عقیدہ بدلتا ہوں ۔ مجھے اب پتہ چلا کہ نبی
بنا دیا گیا ہوں ۔ اللہ نے کسی نبی کو اسے دھوکے میں نہیں رکھا ۔ تو جو دھوکے میں ہے وہ نبی
کیسا ہے ۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ شیطانی اعلان ہے ۔ رحمانی اعلان نہیں ہے ۔
اسے پتہ نہیں ہوتا کہ اعلان کیا اور نفی کر دی ۔ دس بار کے بعد کیا اب فاش کی جگہ پتہ چلا ہے کہ

چلا ہے ۔ کسی پیغمبر کا اگر یہ طریقہ پہلے بھی کسی کا ہوتا ۔ تو اور بھی کسی کا مان لیتا — یہ جھوٹ ہے دجل ہے
فریب ہے — مکاری ہے — شیطانیت ہے ۔ (عرض یہ تھا)
کہ جب ہر پیغمبر کی نبوت بھی حضور علیہ السلام کے صدقے — اور نعمت نبوت کا
منبع اور سرچشمہ بھی آپ کی روح پاک اور آپ کی ذات گرامی تو اس کا پتہ یہ چلا ۔ کہ جب
نبیوں کو نبوت ملی آقا کی نبوت کے طفیل ملی ۔ تو پتہ چلا ۔ کہ صدیقین کو صدیقیت بھی صدیقیت
مصطفیٰ کے صدقے — ملی ۔ شہداء کو شہادت بھی شہادت مصطفیٰ کے صدقے —
ملی — (۷ — ۴۲) ؟ اور صلحاء کو صالحیت بھی صالحیت مصطفیٰ کے صدقے ملی ۔ یعنی یہ
نقطہ واضح ہو گیا کہ انبیاء کو نبوت نبوت محمدی کے طفیل ملی ۔ صدیقین کو صدیقیت صدیقیت
محمدی کے طفیل ملی ۔ اور شہداء کو شہادت شہادت محمدی کے طفیل ملی ۔ اور صلحاء کو صالحیت
صالحیت محمدی کے طفیل ملی — اس لئے حضور نے فرمایا انما انا قاسم واللہ یعطی ۔ بے شک تقسیم
صرف میں کرنے والا ہوں — اور جسے اللہ عطا کرتا ہے — تو اللہ پاک حضور علیہ السلام کو نعمتیں عطا
فرما دیتا ہیں — اور آقا علیہ السلام وہ ساری نعمتیں ہر ایک کو اس کے حسب حال تقسیم
فرماتے رہتے ہیں — جو جس نعمت کا اہل ہے اس کو عطا ہو جاتی ہے ۔ تو تقسیم ساری نعمتوں کی
در مصطفیٰ سے ہوتی ہے — اسی طرح اللہ تعالیٰ نے فرمایا انا اعطینک الکوثر — کوثر کثیر
سے مبالغہ ہے ۔ اور فرمایا محبوب ہم نے آپ کو خیر وہ ساری کی ساری خیر کثیر جمع کر کے دے
دی ۔ کوئی خیر ایسی بھی باقی نہیں جو تیرے دامن طلب میں موجود نہ ہو — ساری کائنات میں جتنی
خیر بھی بانٹی ہم نے تقسیم کی ہیں — جتنی نعمتیں تقسیم کی ہیں ۔ اور جتنی کثرتیں تقسیم
کی ہیں — ان ساری کثرتوں کا منبع محبوب آپ کا دامن ہے ۔ ان سب ما خیر کا منبع
محبوب تیرا دامن ہے — ساری نعمتوں کا سرچشمہ محبوب تیرا دامن ہے ۔ جس کو جو کچھ
ملا تیرے دامن سے ملا — جو تیرے دامن میں نہیں وہ کائنات میں کہیں اور نہیں ۔
اسی لئے اعلیٰ حضرت نے کہا ۔

کہ بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر ۔ جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو ۔

جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

جس کو جو کچھ ملا۔ جو خیر جو نعمت جو فضل جو درجہ مرتبت جو عنایت جو کرم اللہ پاک کا جو ہوا یعنی ملا ہوا جتنا ہوا — وہ سب دونوں جہاں کا منبع و سرچشمہ دامنِ مصطفیٰ ہے بارگاہِ مصطفیٰ ہے۔ وجودِ مصطفیٰ ہے — اور حضور علیہ السلام کا الکوثر ہے جو ساری کائنات میں بٹ رہا ہے۔ اسی لئے آقا کو کوثر عطا کیا۔ یعنی ساری خیر حضور کو عطا فرما دی گئی — اب یہ بات سمجھ میں آگئی کہ نبیوں کو نبوت حضور کے صدقے سے ملی — اور قرآن کی رو سے معلوم ہو گیا اور حدیث کی رو سے کہ شہیدوں کو شہادت بھی حضور کے دامن سے نصیب ہوئی — اور صالحین کو صالحیت بھی حضور کے صدقے ہی ملی — اور صدیقوں کو صدیقیت بھی حضور کے صدقے سے ملی — تو ثابت ہوا کہ سارا کچھ مل سکتا ہے جو سارا کچھ دامنِ مصطفیٰ میں موجود ہو — سب کچھ دامنِ مصطفیٰ میں ہو تو سب ہی پا سکتے ہیں۔ مثال — سبزی کی دکان سے گوشت طلب کریں — وہ کہے گا میرے پاس تو سبزی ہے گوشت نہیں ہے — آگے جائیے۔ جوتا دے دیں — اسی طرح قصاب کے پاس جائیں گے تو گوشت کے سوا کچھ اور نہ ملے گا — مگر سٹور ہیں جن سے ہر شے مل جاتی ہے۔ جیسے ایک چھوٹی سوئی سے لے کر ہوائی جہاز تک خرید سکتے ہیں۔

(B)

صدیوں کی ترقی کے بعد اب بات یہاں تک پہنچ چکی ہے۔ کہ پہلے سٹور تھے کہ ایک ایک چیز یہاں سے ملے۔ اب ترقی کرنے کے بعد لوگ یہاں تک پہنچے کہ سٹور ایسا ہی ہونا چاہیئے کہ سارا کچھ اسی ایک سٹور سے ملے۔ تو انسانیت اس مقام پر پہنچ گئی نا — تو انسانیت اس شعور پر آج پہنچی تو نبوت چودہ سو سال پہلے پہنچ گئی —

کہ آدم سے لے کر عیسیٰ علیہ السلام تک ہر نبی اور ہر پیغمبر کی نبوت گویا مخصوص سٹور کے مانند تھی — مگر اس نبوت کی نعمتوں کا جو سٹور تھا — ان کی امتوں کو اور انسانیت کو ایک سے سینکڑوں تک نعمتیں جن کو وہ اس وقت کے انسانوں کو ملیں؟ اور سب ایک سٹور کھولا۔

اللہ کی نعمتوں کا اللہ کی عطا ہے۔ وہ ساری چیزیں ہیں نا جیسے۔ وقت گزرتا گیا۔ انسانی شعور ترقی
کرتا گیا اور نبوت و رسالت بھی۔ وسعت جامع ترقی کے درجات طے کرتی چلی گئی۔
تا آنکہ جب بعثت محمدی کا وقت آیا تو رب کائنات نے فرمایا میں نے ایک
لاکھ چوبیس ہزار سے اور اپنی نعمتوں کے فضیلتوں کے رحمتوں کے برکتوں کے آسمانی اور
روحانی عنایات کے اپنے پیغمبر کی نبوت کے ذریعے اسے کو بانٹا۔ کہ مختلف جگہوں
سے مختلف نعمتیں ملتی ہیں۔ اب وقت آگیا ہے۔ چونکہ آخری پیغمبر آرہا ہے۔ اللہ
اس پیغمبر کے بعد قیامت تک کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا۔ اب آسمانی نبوی شعور
کوئی نہ کھلے گا۔ اب آخری شعور مکمل ہوا ہے۔ آپ محبوب محمد مصطفی ﷺ میری ذات کو جامع منبع بنا رہے ہیں۔
قیامت جو شخص جس نعمت کا طالب ہو میری بارگاہ میں مل جائے گا۔
جس نعمت کا طلب ہوگی۔ اگر کسی کو صدق کا منزل چاہیے۔ میری محبت کے تحت ملے گا۔ کسی
کو ولایت چاہیے میری بارگاہ میں۔ کسی کو تقویٰ چاہیے میری محبت میں۔ قربت و معرفت الٰہی میری محبت
کے نیچے۔ صالحیت یہاں ملے گی۔ صدیقیت یہاں ملے گی۔ جیسے پیغمبروں کو نبوت بھی میرے صدقے
میں ملی۔ قیامت تک شہیدوں کو شہادت بھی میری بارگاہ سے ملے گی۔
یہ فیصلہ ہو گیا کہ ساری نعمتیں صرف ایک ہی محبت سے ملیں گی۔ اور یہ کالی کملی کی محبت
ہے۔ سب کچھ یہیں سے ملے گا۔ فیصلہ فرما دیا کہ اب نہ کوئی نیا نبی آئے گا۔ نہ کوئی آنا تھا۔
نہ کوئی نیا آسمانی شعور کھلنا تھا۔ اور یہاں وہ چیز رکھ دی گئی۔ جس کی ایکسپائری ہی نہیں ہے۔
ہر چیز کی ایک آخری ڈیٹ ہوتی ہے۔ مگر محمدی نعمتوں کی ایکسپائری ڈیٹ نہیں ہے۔ کہ چونکہ اس
نبوت کی ایکسپائری نہیں ہے۔ قیامت تک ہے۔ جس کو سب کو ہر ایک کو اس محمدی دستر خوان
سے ملے گا۔ تر و تازہ ہی ملے گا۔ تابندہ ہی ملے گا۔ آقا علیہ السلام کو اتنا عظیم بنا دیا۔
اب یہاں سوال پیدا ہو رہا تھا۔ ہر نعمت تو یہاں نظر آرہی ہے۔ نبوت بھی صالحیت بھی صدیقیت بھی
ولایت بھی تقویٰ بھی۔ قناعت بھی۔ صبر بھی اخلاص بھی سخاوت بھی۔ ہر نعمت نظر آرہی ہے۔ یہ تو سمجھ میں
آرہا ہے کہ ہر ایک کو آقا سے ملا۔ لیکن شہیدوں کو شہادت بھی حضور کے صدقے میں ملی ہے
(نبوت حتیٰ کہ شہادت کے لیے بھی ہے)

حضور تو خود شہید نہیں ہوئے۔ تو شہادت کیسے ملی۔ یہ سوال تھا۔ تو لفظ شہادت حضور
کی ذات میں نظر تو نہیں آتا۔ ظاہراً نہیں نظر آتا تو لوگ یہ لفظ ملا۔ دس محرم الحرام
کی شہادت حسین اس سوال کا جواب تھا۔ شہید تو امام حسین ہوئے۔ اور شہادت
محمد کا صلہ بن گئی۔

سوال۔ یزید کس کا بیٹا تھا۔ اب سوال صرف ذہنی کمزوری کا سبب ہے
کہ کس کو پتہ نہیں۔ وہ سوال یہ کرنا چاہتا ہے جو کام یزید کا ہے وہ اس کے والد کا
ہے۔ حضرت معاویہ کا بیٹا تھا۔ صحابی تھا۔ امیر معاویہ کو گالی گلوچ دینا
شبراً اللہ پہ حرام ہے۔ یزید اپنے عمل کا ذمہ دار تھا یزید کا خود ذمہ دار تھا وہ فاسق و فاجر تھا۔
دین کا منکر ہوا۔ کفر کا ارتکاب کیا۔ حرمین کی اہانت کرے۔ کافر ہو گیا بے ایمان۔
حضرت نوح علیہ السلام کا بھی بیٹا تھا۔ کنعان۔ کافر تھا۔ بیٹے کا کردار باپ
کے کھاتے میں ڈالا نہیں جا سکتا۔ والد کو ملامت کرو۔ (ولا وزرہ وزر اخریٰ)
امیر معاویہ لیکن مرتبہ میں نہ خلفائے راشدین کے برابر ہیں۔ نہ علی نہ حسنین کریمین کے برابر
۔ نہ عشرہ مبشرہ میں ہیں۔ نہ پہلے چالیس میں سے ہیں۔ نہ بدری صحابہ میں سے
ہیں۔ صرف ... السابقون الاولون میں سے ہیں فتح مکہ کے بعد ایمان لائے صحابی ہیں
ہیں۔ ان کے والد حضرت ابوسفیان بھی۔ مگر اس میں شک نہیں کہ وہ صحابی ہو گئے۔ اور جنت
آخرت کا اللہ نے اس کا رسول نے ان سے وعدہ کیا۔ ان کو گالی دینا۔ ملامت کرنا
مطلق حرام ہے۔ اور اپنی آخرت تباہ کرنا کے مترادف ہے۔

Nukhbah
بقلم

۱۹-۲-۲۰۱۸
۲۲-۵-۱۴۳۹ PM
۳۰-۵۲-۲

QARI MUHAMMAD [illegible]AS
Naqshbandi Chishti Qadri Suharwardi
11 JAN 2018
Chak 365/E.B Burewala District [illegible]
Mob:[illegible]

۱۹- شہادتِ حسینؑ شہادتِ محمدیؑ کا عکس

(۲) ۱۲۵

جمعۃ المبارک 23-05-97

سابقہ آیت ۔ پچھلے جمعۃ المبارک میں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کی حقیقت کی گفتگو شروع ہوئی۔ میں نے بھی اپنا بیان اس نکتے پر ختم کیا تھا ۔ کہ جو بھی نعمتیں اور عنایتیں انبیاء اور غیر انبیاء تمام انعام یافتہ بندوں کو جس قدر بھی نعمتیں عطا ہوتی ہیں ۔ حضور اکرمؐ کے تصدق سے عطا کیں ۔ وساطت سے عطا کیں۔ وہ ساری نعمتیں اللہ تعالیٰ نے انبیاء صدیقین شہداء اور صالحین کو عطا کیں وہ ساری کی ساری حضورؐ علیہ السلام کے دامن اقدس میں اور آپ کی ذات بابرکات میں ۔ بدرجہ اتم موجود تھیں ۔ اسی وجہ سے آپ کی وجہ سے انعام یافتگان کو ملیں ۔ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ انبیاء کو نبوت بھی حضور علیہ السلام کے واسطے سے ملی ۔ اور صدیقین کو صدیقیت بھی حضور علیہ السلام کی صدیقیت کے طفیل ملی ۔ اور صالحین ۔ کو سوال تھا کہ شہداء کو شہادت بھی حضور علیہ السلام کے واسطے سے نصیب ہوئی ۔ جبکہ ظاہراً آپ کو مرتبہ شہادت ۔ نہیں ملا تھا ۔ اس کا جواب میں نے ایک جملے میں دے کر گفتگو کو ختم کیا تھا ۔ اور آج اس کی تفصیل بیان کرنا ہے ۔ جواب یہ تھا کہ حضورؐ مرتبہ شہادت سے بہرہ یاب ہوئے ۔ اور اللہ پاک نے آپ کو نعمت کی شہادت کے درجے اور رتبے سے بہرہ ور فرمایا تھا۔ مگر اس مرتبہ شہادت کا ظہور حضور علیہ السلام کی اپنی حیات طیبہ میں نہ ہوا ۔ بلکہ اس کا ظہور کامل ۔ امام حسن اور امام حسین علیہم السلام دو شہزادوں کی زندگیوں میں ہو گیا ۔ یعنی شہادت محمدیؐ کے ظہور تام اور ظہور کامل کے لئے ۔ امام حسن اور امام حسین دونوں کی شہادتیں واقع ہوئیں ۔ الگ صورت میں ان دو شہزادوں کی شہادتیں دو ہیں ظاہراً ۔ مگر حقیقتاً اور باطناً دونوں کی شہادتیں شہادت محمدی کے ظہور کی تکمیل ہیں ۔

یہ نکتہ جس کو میں اس وقت بیان کر رہا ہوں ۔ مختلف بزرگان دین اور آئمہ اسلام کے ہاں اس کے اشارے ملتے ہیں ۔ مگر اس عقیدے کو اور اس سرِّ شہادت کو مفصل طریقے سے حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ (۲۶ - ۵) جس نکتے کی وضاحت میں کر رہا ہوں ۔ اس کی پوری وضاحت اور اس راز کو اس پورے فلسفے کو مفصل طریقے پر انہوں نے بیان کیا ۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی جو حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے صاحبزادے تھے ۔ انہوں نے ایک پورا کتابچہ

لکھا ہے - سِرُّ الشہادتین اس کا نام ہے - کہ دونوں شہادتوں کا راز اور دونوں شہادتوں
کی حقیقت - عربی زبان میں یہ کتابچہ ہے - انہوں نے اس بنیادی نکتے کو بیان کیا ہے ـــ میں
اس کو ذرا تفصیل کے ساتھ آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں ــــ اب یاد رکھیں ہر عمل کی
دو صورتیں - اور دو حیثیتیں ہوتی ہیں - ایک اس عمل کی حقیقت اس عمل کی روح - اور اس
عمل کا جوہر ہوتا ہے ــــ (۳۱-۶) - دوسرا اس عمل کی ظاہری شکل و صورت ہوتی ہے - اس عمل کی
حقیقت اور روح کو عمل کے جوہر کو حیثیت اصلیہ کہتے ہیں - یعنی اس کا بنیادی جوہر ہے - اس
کی ظاہری شکل - جسے انسان ادا کرتا اور دیکھتا ہے - وہ ہوتی ہے - مثلاً ہم نماز پڑھتے ہیں -
تو نماز کا جوہر اور نماز کی روح - یا نماز کی حیثیت اصلیہ - کیا ہے - اقم الصلاۃ لذکری (طٰہٰ ۱۴)
نماز میری یاد کیلئے قائم کرو - تو اللہ کی یاد ہے - اللہ کا ذکر ہے - لیکن تکبیر تحریمہ کے ساتھ
نماز میں داخل ہونا - قیام کرنا - رکوع سجود - قعدہ کی ساری کچھ پڑھنا - اور دائیں بائیں سلام
پھیرنا یہ ساری شکل و صورت ہے یہ ہے حیثیت کذائیہ - تو کسی بھی عمل کی تکمیل کے لیے اس
عمل کے کامل ظہور کیلئے - دونوں حیثیتوں کا پایا جانا ضروری ہے - اس کی حقیقت اصلیہ یعنی جوہر اور
روح بھی پائی جائے - یعنی حیثیت کذائیہ - یہ ظاہری شکل و صورت بھی پائی جائے گی. تب جا کر
اس عمل کا ظہور تام ہوتا ہے - یہ وجود اس کا مکمل ہوتا ہے - جس طرح روزہ ــــ
اب روزہ کی جو حیثیت کذائیہ ہے جس کی ظاہری شکل و صورت سحری کے وقت
ـــ لے کر غروب آفتاب تک کھانا پینا اور دیگر معاملات جو روزے کو توڑنے والے ہیں -
ان سے گریز کرنا ہے - یہ ساری اس کی ظاہری شکل و صورت ہے - لیکن اس کا جو اصل
جوہر ہے - وہ تقویٰ ہے اور رضائے الٰہی ہے - کہ اللہ کی رضا کی خاطر انسان کھانا پینا اور راحت بدنی
بھی ترک کرے - یہ جو جذبہ ہے یہ جوہر ہے - اس کو قرآن مجید نے تقویٰ بھی کہا ہے لعلکم تتقون.
یہ روزے کی حقیقت اور اس کا جوہر ہے - اسی طرح حج کو لے لیں - اس کی حیثیت کذائیہ تو یہ ہے
خاص دنوں میں مکہ معظمہ جانا - احرام باندھنا - پھر وہاں سے مناسک پھر منیٰ جانا - عرفات جانا
پھر منیٰ جانا - اور منیٰ میں قیام کرنا - قربانی کرنا - کنکریاں مارنا - مزدلفہ کو رات کا قیام ہو

پھر طواف الوداع کرنا ۔ یہ جو سارے طریقے ہیں ۔ قربانیوں کے بعد ناخن بال کٹوانے ہیں ۔ یہ سارے ارکان اور مناسک کی ادائیگی مخصوص ایام میں یہ تو حج کی ہیئت کذائیہ اور اس کا ظاہری شکل و صورت ہے ۔ اور اس پورے عمل کا جوہر اس کی حقیقت اور اس کی روح کیا ہے ۔ اللہ کے گھر کی زیارت کرنا ۔ یہ حج کا معنیٰ بھی ہے ۔ وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا
اللہ کے لیے اس کے گھر کا حج ہے ۔ تو گھر تو خانہ کعبہ ہے ۔ روح جوہر کو بیان کیا ۔ منیٰ مزدلفہ ۔ کا ذکر نہیں کیا ۔ اللہ کے لیے اس کے گھر کا حج کرنا ہے ۔ اس کے گھر کی زیارت کرنا ہے ۔ تو بیت اللہ کی کعبۃ اللہ کی ہی زیارت کرنا یہ اس حج کی روح اور جوہر ہے ۔ یعنی اس کی حقیقت ہے ۔ اور جب حقیقت کو عملی جامہ پہنایا گیا ۔ اس کو جسم دیا گیا ۔ وہ تمام ارکان مناسک حج کی صورت اختیار کر گئے ۔ اب انسان کی اپنی زندگی کو دیکھیں ہماری زندگی میں بھی ایک روح اور جسم ہے ۔ روح ایک لطیف جوہر ہے ۔
وہ ہمیں دکھائی نہیں دیتی لطیف جوہر ہے ۔ اور جسم اس کا ناسوتی یا مادی خول ہے ۔ جس کے اندر روح جاری و ساری ہے ۔ جسم نظر آتا ہے اور اس کے نظر آنے سے ہی انسان دکھائی دیتا ہے ۔ مگر روح اس جسم سے نکل جائے ۔ اور جسم سارا کا سارا سلامت پڑا ہو تو اس کو انسان نہیں کہتے ۔ تو پتہ چلا کہ اس جسم سے انسان بنا ۔ انسان اس جسم کے روح کے برقرار رہنے اور جاری و ساری ہونے سے بنتا ہے ۔ تو گویا یہ انسانی زندگی اور جسمانیت انسان کی اس کی زندگی وہ بھی اور اس کی انسانیت روح اور جسم کے ملاپ سے بنی ہے ۔ اسی طرح جو اعمال ہم بجا لاتے ہیں ۔ ان اعمال میں حضور علیہ السلام نے فرمایا انما الاعمال بالنیات
کہ بے شک اعمال کا دار و مدار اعمال کی قبولیت کا دار و مدار نیت پر ہے ۔ اگر نیت ہے تو عمل مقبول ہوگا ۔ نیت اچھی اور صاف نہیں تو عمل مقبول نہیں ۔ تو گویا نیت اس عمل کا جوہر ہو گیا ۔ اس عمل کی حقیقت ہو گئی ۔ اور ہر عمل کی جو ظاہری شکل و صورت ہے ۔ اس کو ہیئت کذائیہ کہیں گے ۔ تو آپ نے اندازہ کیا کہ ہر عمل میں ہر شے میں ۔ ایک اس کا جوہر حقیقت ہے

جو باطن میں ہے۔ اور اسی کی وجہ سے وہ عمل مقبول ہے۔ اگر وہ نہیں تو عمل قبولیت کا درجہ تمام شرائط
رسوم پوری کرنے کے باوجود عمل مقبول نہیں بن سکتا۔ جو ہر عمل کی حقیقت ہے۔ اور وہ خالی جوہر ہے
اور اس کی ظاہری شکل نہ بنے تو پھر بھی عمل مقبول نہیں۔

اب اسی طرح عمل شہادت لفظ شہادت میں بھی ایک اس کا جوہر ہے۔ اور وہی حقیقت
شہادت ہے۔ اس پر ہی شہادت کی شریعت کا دارومدار ہے۔ اور ایک اس عمل شہادت
کی ظاہری شکل و صورت ہے جس سے شہادت وجود پذیر ہوتی ہے۔ شہادت کا وجود
ثابت ہوتا ہے۔ اب شہادت کی حقیقت کیا ہے وہ ہے۔ اللہ کی راہ میں شہید ہو جانے
کی آرزو۔ اور تمنا۔ اس نیت ارادے اور خواہش کا پایا جانا۔ کہ میں اللہ کی راہ میں
اپنی جان دے دوں۔ اللہ کی رضا کے لئے اپنی زندگی قربان کر دوں۔ اللہ کی خوشنودی کے لیے اور اپنی زندگی
اپنی جان دے دینا اور موت کو سینے سے لگا لینا۔ اس آرزو کو اس تڑپ کو اس
تمنا کو نیت اور ارادے کو شہادت کا جوہر کہتے ہیں۔ شہادت کی حقیقت کہتے ہیں۔
شہادت کی بنیادی روح کہتے ہیں۔ اور عملی صورت کیا ہے۔ کہ کوئی دشمن کے مقابلے
میں آئے۔ یا دشمن اس پر کوئی وار کرے۔ زہر کی شکل میں۔ یا آلے کی شکل میں۔ اور دشمن
کے وار کے نتیجے میں وہ کہ جس کا ارادہ تھا۔ اللہ کی بارگاہ میں۔ اللہ کی راہ میں زندگی قربان
کرنے کا۔ تو دشمن کے وار سے موت آگئی۔ اور اس کے کچھ فرائض پورے ہو گئے۔

تو اس کو شہادت کا نام دیا گیا۔

اس کے برعکس کوئی شخص جنگ میں نہیں جانا چاہتا۔ وہ بھاگ جاتا ہے چھپ جاتا ہے اس کو
پکڑ کے محاذ پر بھیجتے ہیں اور وہ وہاں بھی بھاگ رہا ہے اور جان بچا رہا ہے۔ نہ کوئی لڑ رہا ہے
نہ لڑنا چاہتا ہے۔ نہ وہ مرنا چاہتا ہے۔ نہ اس کا اللہ کی راہ میں مرنے کا ارادہ ہے۔ اسی طرح
دشمن کی گولی لگے۔ اور محاذ جنگ پر بھاگ کے میدان جنگ لگے۔ اور وہ مر جائے۔ تو وہ عنداللہ شہید
نہیں ہوگا۔ لوگ بے شک اس کو کہا کریں کہ اس کو شہید بنا ڈالیں۔ اس کو میڈل دے دیں۔
تمغہ دے دیں کوئی یادگار کھڑی کر دیں۔ یہ آپ کا اور ہمارا عمل ہو سکتا ہے۔ مگر اللہ کے ہاں

چونکہ اس شخص کی موت تو ہوئی مگر جوہر اور حقیقت شہادت موجود نہ تھی۔ وہ چاہتا نہیں تھا مرنا۔ تو وہ جان بچا کے بھاگ رہا تھا۔ اچانک مر گیا۔ تو لہذا اس مقام پر دشمن کے ہاتھوں موت واقع ہو جانے کے باوجود وہ شخص شہید نہیں ہے۔ وہ تعلق ہے حقیقت شہادت جوہر اور شہادت کے ظاہری کا۔ ملاپ کا ۔۔۔ اور یہاں قرآن مجید کی آیت سنیں۔ قرآن مجید نے کہا۔

ومن یخرج من بیتہ ۔۔۔ علی اللہ ۔ سورۃ نساء میں

فرمایا کہ جو شخص اپنے گھر سے نکل پڑا اللہ اور اللہ کے رسول کی طرف ہجرت کرنے کی نیت سے مگر وہ ہجرت پوری نہ کر سکا۔ ہجرت تو تبھی ہوتی ہے نا کہ وہ کسی جگہ پر پہنچ جائے۔ کہ جہاں سے ہجرت کر کے جانا ہے۔ وہ ہجرت کے مقام پر پہنچ نہ سکا۔ عمل ہجرت کی تکمیل نہ کر سکا۔ نکلا تو راستے میں ہی اس کی موت واقع ہو گئی۔ تو قرآن مجید نے فرمایا۔ اس کے عمل ہجرت کا اجر اللہ کے ذمے لازم ہو گیا۔ اللہ کی بارگاہ سے اس عمل ہجرت کا پورا پورا اجر ملے گا۔ عمل پورا نہیں ہو سکا۔ راستے میں ہی موت واقع ہو گئی۔ مگر اجر ہجرت کا پورا ہو گیا۔ وہ اللہ کے ہاں مہاجر ہو گیا ۔۔۔

مہاجر کا لفظ وہ نہیں ہے وہ ہم سیاسی لفظ استعمال کرتے ہیں۔ بعض شہروں میں کہ پچاس سال پاکستان کو بنے ہو گئے۔ اور جو لوگ پاکستان بننے کے بعد بھی پاکستان میں ہی رہ گئے۔ ان کو بھی مہاجر کہا جائے۔ وہ کہاں کے مہاجر ہو گئے انہوں نے کہاں سے ہجرت کی ہے۔ تو پیدا یہیں ہوئے۔ جب آپ اور جب ہم۔ وہ وہ سیاسی ہجرت نہیں ہے۔ میں شرعی اور دینی ہجرت کی بات کر رہا ہوں۔ تو اللہ پاک نے فرمایا کہ بے شک ہجرت کا عمل پورا نہیں کر سکا تب بھی اس کے لئے ہجرت کا اجر پورا اللہ کے ذمے لازم ہو گیا۔ اللہ عطا فرمائے گا ۔۔۔ انما الاعمال بالنیات۔

کیونکہ اعمال کا دارومدار نیات پر ہے۔ اس نے ہجرت کی نیت کر لی تھی۔ اور نیت ہجرت کر کے گھر سے نکل پڑا تھا۔ اب بے شک عمل تکمیل تک نہیں پہنچ سکا۔ مگر اس نے نیت کے ساتھ آغاز کر لیا تو عمل کا جوہر پایا گیا۔ عمل کی حقیقت پائی گئی۔ عمل کی روح پائی گئی۔ عمل کرنے کی ابتداء تکمیل تک پہنچانے کی آرزو اور خواہش پائی گئی۔ مگر انجام تک نہ پہنچ سکا۔ تو اللہ پاک نے اب اس کے عمل کو اس کی نیت کے آئینے میں دیکھا۔ اور اسے اس عمل کا پورا اجر عطا فرما دیا۔

یہ قاعدہ اور کلیہ ہے شریعت کا انما الاعمال بالنیات کا معنیٰ یہ ہے۔ اس لئے حدیث پاک میں
اللہ تعالیٰ ~~نے فرمایا~~ حضور علیہ السلام نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ تمہاری
صورتوں (____________) اور مال و دولت کو نہیں دیکھتا۔
.. تمہارے دلوں کو اور نیتوں کو دیکھتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں کو اور تمہارے اعمال کی ظاہری شکلوں
کو نہیں دیکھتا۔ کہ ظاہراً تم نے کیسے اعمال اپنا رکھے ہیں۔ اللہ کی نظر تمہارے دلوں پر ہوتی ہے۔
اور تمہارے دلوں کے اندر چھپی ہوئی نیتوں پر ہوتی ہے ___ یہ جو عمل کر رہے ہو۔ ان عملوں کے پیچھے
نیت کیا ہے۔ تو اللہ پاک سے اس نیت کی بنیاد پر فیصلہ کرتا ہے۔ اور اس نیت کی وجہ ___
اس عمل کا تحقق اور اس عمل کے اجر کا تحقق اللہ پاک کے حضور ___ ہوتا ہے ___
یہ بنیادی اصول ہے۔ اب حضور علیہ السلام کی ذات اقدس اور مرتبہ شہادت کے حوالے
جو بات سمجھنے والی ہے وہ یہ ہے۔ کہ جب آپ سمجھ گئے کہ شہادت کا اصل جوہر ہے اللہ کی
راہ میں جان دینے اور اللہ کی رضا کے لئے موت سے آجانے کی آرزو اور تمنا ہے۔ یہ اس کا جوہر حقیقت
ہے۔ اور اس کا عمل اس کی ظاہری ہیئت کذائیہ ہے۔ بالآخر پھر اس کے نتیجے میں موت واقع ہو جائے۔
نبی پاک ﷺ نے بھر کا عمل اللہ کی راہ میں جان دینے کی دعائیں کیں۔ آرزو کی۔ تمنا کی ___
اور شہادت کی روح اور شہادت کا جوہر بدرجہ اتم حضور علیہ السلام کی حیات طیبہ میں
موجود تھا۔ آپ ہمیشہ اللہ کی راہ میں جان دینے کی آرزو کرتے تھے۔ (صحیح بخاری کتاب الجہاد۔
جلد ۳ ص ۱۰۳ رقم ۲۶۴۴) آپ فرماتے والذی نفسی بیدہٖ ___ ثم اُقتل
ثم اُحیا ___ اس رب کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ میں شدید آرزو
رکھتا ہوں۔ اس بات کی کہ میں اللہ کی راہ میں قتل کیا جاؤں۔ پھر زندہ کیا جاؤں۔ پھر قتل
کیا جاؤں۔ پھر زندہ کیا جاؤں۔ پھر قتل کیا جاؤں۔ حتیٰ کہ آپ فرماتے میری شدید آرزو
ہے۔ باری تعالیٰ مجھے بار بار زندگیاں عطا کرتا رہے اور میں ساری زندگیاں یکے بعد دیگرے خدا کے
حضور نذر کرتا رہوں۔ قربان کرتا رہوں۔ حضور علیہ السلام ہمیشہ ہمیشہ دعا کرتے۔ اب یہاں
سے یہ بات واضح ہو گئی۔ کہ اللہ کی راہ میں جان دینے اور شہید ہو جانے کی آرزو۔ حضور اکرم ﷺ کی حیات

طیبہ میں بدرجہ اتم موجود تھی۔ پھر اس عمل کا آغاز بھی یوں تھا۔ آپ نے بنفس نفیس درجنوں غزوات
میں جہادات میں حصہ لیا۔ اور جہادات میں شرکت کی۔ پہلے غزوہ میں بدر سے لے کر
خود شرکت فرمائی۔ غزوہ اُحد میں خود شرکت فرمائی۔ غزوہ خندق میں خود شرکت فرمائی
بلکہ جہاد کے دوران مختلف معرکات میں خود انجام دیتے تھے۔ خندق خود کھودی۔ 23-55
یہ تو شرکت بھی عمر بھر فرمائی تمام غزوات اور آرزو بھی اللہ کی راہ میں شہید ہو فرمائی۔ مگر حقیقت
کیا تھی۔ تو آپ نے دیکھا کہ شہادت کی حقیقت روح جو ہر بھی پائی گئی۔ حضور علیہ السلام
کی ذات پاک میں اس کی کوشش عملی کوشش زبانی اگر بیٹھے نہیں میدان جہاد میں ۲۶
کر۔ تیس سے زائد غزوات میں جنگوں میں خود شرکت کی اور شریک ہو کر جہاد میں خود
عملی حصہ لے کر آپ نے اس آرزو کی تکمیل کی کوشش میں گا اور پوری حیات طیبہ کے دس
سال اسی میں گزار دیا۔ مگر یاد رکھیں کہ اللہ رب العزت کی طرف سے ایک وعدہ تھا۔
حضور علیہ السلام کے بارے میں واللہ یعصمک من الناس (مائدہ 67) اے میرے
حبیب اللہ تم کو دشمنوں کے ہاتھوں سے محفوظ رکھے گا۔ یہ حضور کے خصائص میں
سے تھا۔ یہ حضور علیہ السلام کے سوا یہ خصوصیت نہ کسی اور پیغمبر کو دی گئی نہ کسی صحابی
اور نہ امت کے کسی اور فرد کو۔ جیسے قرآن مجید کی فضیلت دی گئی تھا۔ انا نحن
نزلنا الذکر ـــــــ (الحجر ۹) اس قرآن کو ہم ہی نے نازل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت
کریں گے۔ اسی طرح اس کی حفاظت کی یہ گارنٹی اور حفاظت پوشیدہ کسی اور کتاب کو نہیں ملا۔
اسی طرح حضور علیہ السلام کی جسم اقدس اور آپ کی حیات ظاہری کی حفاظت کی ضمانت
جیسے قرآن کی حفاظت کی ضمانت اللہ نے اپنے اوپر لی۔ اسی طرح آپ کی حیات ظاہری کی
کی دشمنوں کے ہاتھوں محفوظ رہنے کی ضمانت بھی اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے اوپر لی۔ میرے حبیب
اس کائنات انسانی کا کوئی فرد اپنے ہاتھ سے آپ کی موت کا باعث نہیں
ہو سکتا۔ دشمنوں کے ہاتھوں سے گزند پہنچے سے جو موت واقع ہو جائے اللہ پاک
آپ کو ہمیشہ محفوظ رکھے گا۔ اللہ نے قسم کھا کر وعدہ کر لیا۔ اور جس دن یہ

(اسلحہ نمبر ۳)

وعدہ اترا۔ خاص حضور علیہ السلام کی ذات پاک کیلئے تھا۔ اس دن آپ نے اپنے مسلح گارڈ
ہی فوج جو حضور علیہ السلام کی سنت تھی پہرہ دار رکھا کرتے تھے۔ اس دن ان کو چھٹی دے دی۔
اب تم آزاد ہو۔ اب اسلام کی حفاظت کے دیگر امور انجام دو۔ میری ذات کی حفاظت
کے لئے جو مسلح گارڈ رکھے تھے۔ آج سے تمہاری ڈیوٹی ختم اور اللہ نے یہ ڈیوٹی ذمہ لے لی ہے ——
اب اللہ پاک میرا گارڈ ہو گیا ہے۔ ہمارا بھی اللہ پاک ہی محافظ ہے۔ کوئی
انسان کسی کو کیا بچا سکتا ہے —— یہ کوشش ہوتی ہے۔ یہ حضور علیہ السلام کی سنت اور
قرآن کا حکم ہے (یا ایہا الذین آمنوا خذوا حذرکم نساء ۷۱) اے ایمان
والو اپنی حفاظت کی تدبیریں اختیار کرو۔ یہ حکم ہے قرآن کا۔ یہ امر توکل کے خلاف
نہیں ہے۔ یہ حکم قرآن ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ آپ کا توکل اس آیت کے
اترنے سے پہلے بھی اللہ پر تھا۔ اور آیت کے اترنے کے بعد بھی —— یہ تو معاذ اللہ نہیں ہے
کہ آیت اتری تو توکل قائم ہوا —— اور پہلا زمانہ جو نبوت و رسالت کا گزرا کیا اس
میں توکل نہیں تھا۔ اس وقت بھی توکل تھا۔ مگر جب یہ آیت اتری تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا
میرے حبیب مکرم اب آپ کی جان کی حفاظت اللہ نے اپنے ذمے لی ہے۔ آگے ان کا
اور ڈیوٹیاں لگا دے۔ اللہ خود گارڈ ہو گیا —— اس سے قبل ہمیشہ حضور علیہ السلام
صحابہ کرام میں سے محافظ گارڈ رکھتے تھے۔ اور آپ کے دروازے پر بھی محافظ پہرہ دار رہتا
تھا۔ جنگوں میں سفر میں حضر میں رات سوتے جاگتے جہاں جاتے آپ کے ہمراہ رہتا
صحابہ کرام میں سے محافظ گارڈ۔ تلوار لے کر آپ کی پہرہ حفاظت کرتے تھے۔ یہ سنت
رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اور یہ جو پہرہ ہے گارڈ کا۔ سیدنا علی نے سیدنا صدیق اکبر نے
بھی دیا ہے۔ خلفائے راشدین نے بھی دیا ہے اللہ کی اور سے جو رہے —— زائد خدمت
گارڈ رکھے حضور علیہ السلام نے —— مختلف وقتوں میں —— (۲۵ — ۲۸)
حتیٰ کہ آپ کی جالی مبارک میں جا کر دیکھیں ریاض الجنۃ میں کچھ ستون ہیں ان میں ایک ستون ہے استوانہ
الحرس۔ گارڈ کو کہتے ہیں موجود محافظ کو کہتے ہیں۔ یہ ستون اس وجہ سے قائم ہے کہ وہ جگہ ہے

جب حضور علیہ السلام در دولت میں ہوتے تو اس جگہ ایک صحابی مسلح ہو کر بطور گارڈ کے کھڑا ہو کے پہرہ دیا کرتا۔ تو جہاں ہر وقت حضور علیہ السلام کا مسلح پہرہ دار رہتا تھا۔ محافظ۔ اس جگہ کی نشاندہی کے لیے ستون بنا دیا گیا کہ یہ حارس۔ محافظ کی جگہ ہے۔ وہ ریاض الجنہ میں موجود ہے۔ یہ جاری ہیں یہ حضور علیہ السلام کی سنت ہے۔ مگر اس پہرے کو اس دن ختم فرمایا۔ جس دن یہ آیت اتری کہ اللہ کا اعلان آ گیا کہ آج سے دن کی حفاظت کی ذمہ داری میں نے خود لے لی ہے۔

اب اللہ کا چونکہ وعدہ ہو گیا۔ حضور علیہ السلام کو کوئی شخص ایسی گزند نہیں پہنچا سکتا تھا جس سے آپ کی موت واقع ہو جائے۔ گویا ضمانت ہو گئی کہ آپ کا وصال جب بھی ہو گا۔ وفات جب بھی ہو گی۔ یعنی موت کسی شکل میں ہو گی۔ کسی دشمن کے حملہ اور وار کے نتیجے میں آپ وصال نہیں فرمائیں گے۔ واللہ یعصمک من الناس۔

اب نتیجہ یہ ہوا۔ ادھر اللہ پاک حضور علیہ السلام کو مرتبۂ شہادت بھی دینا چاہتا ہے تاکہ سارے شہید حضور کے طفیل ہی مرتبۂ شہادت کی خیرات پائیں۔ اور شہادت کا جوہر بھی قلب مصطفیٰ میں ابتداء رکھ دیا ہے۔ صبح و شام اللہ کی راہ میں شہید ہو جانے کی آرزو کرتے ہیں اللہ کی راہ میں جان دینے کی آرزو کرتے ہیں۔ اور شہادت کا عمل بھی جنگوں جہادوں میں غزوات میں شرکت فرما کے شروع ہو چکا ہے۔ تو شہادت کی روح بھی آقا علیہ السلام کے اندر رکھ دی۔ جوہر شہادت بھی رکھ دیا۔ حقیقت شہادت بھی رکھ دی۔ نیتِ شہادت بھی دے دی۔ ارادۂ شہادت بھی دے دیا۔ آرزو و تمنائے شہادت بھی دے دی۔ عمل شہادت کی راہ پہ گامزن بھی کر دیا۔ اب صرف یہ بات رہ گئی تھی۔ کہ اس شہادت کی راہ کے نتیجے میں۔ کسی حملہ میں تلوار دشمن کی تلوار آقا علیہ السلام مرتبۂ شہادت کو پہنچ جاتے۔ شہادت کی موت عملاً واقع ہو جاتی۔ اس کے نتیجے میں خدا نے حکم نکال دی کہ کوئی ایسا کر نہیں سکتا۔ اب کسی کی تلوار میں جرأت نہیں کہ کوئی حضور کی شہادت کا باعث بن سکے۔ لہٰذا اس پہ بھی بن تنگ گیا۔ اللہ کی طرف سے مسئلہ بن آ گیا۔ کوئی جرأت ہی نہیں کسی کو کہ حضور اقدس کے جسم اقدس کو گزند پہنچا سکے۔ اور باعث موت ہو سکے۔ لہٰذا طے یہ پا گیا کہ اللہ کے۔ اب معاذ اللہ اس لیے تو یہ کہا گیا ہیں کہ حضور کو شہادت کے درجے سے محروم

کر دیا جائے۔ یہی ہو گیا واللہ یعصمک من الناس ___ اب کیا یہ مطلب تھا کہ حضور کو شہید
نہ ہونے سے محروم کر دیا جائے۔ اگر اللہ کے ہیں نعمتوں سے محروم کرنے لگیں تو پھر کون ہیں
نہ رہے۔ لیکن یہ ضمانت دے دی اور یہ ضمانت کیوں دی گئی کہ اسلام کی ابتدا تھی۔ تازہ تازہ
لوگ بکوشش اسلام میں ہو رہے تھے۔ مسلمان بن رہے تھے۔ اسلام پھیل رہا تھا۔ اور اس کے اندر بھی باہر بھی مسلح
اسلام پر حملے تھے۔ خطرات تھے۔ اندر منافق تھے۔ بے شمار منافق تھے۔ جو اسلام کے دائرے میں
بظاہر داخل ہو کر اسلام کی جڑ کو کاٹنا چاہتے تھے۔ مسلمانوں کو متذبذب متزلزل کرنا چاہتے
تھے۔ ان کو پھیر کر واپس کدھر لے جانے کی کوشش کرتے رہتے تھے۔ اور ہر موقع کی تلاش میں رہتے تھے حتیٰ
کہ غزوہ احد میں زخمی ہو گئے۔ آقا علیہ السلام کے رخسار مبارک پہ ہلکا سا زخم آیا۔ لیکن انہوں نے
موقع ہاتھ سے نہ جانے دیا ___ اور وفات کی افواہ کو پھیلا دیا صحابہ کرام کو زخم آئے۔ انہوں
نے موقع ہاتھ سے جانے دیا اور معاذ اللہ حضور علیہ السلام کے خلاف ایک فضا ہموار کرنی شروع
کر دی کہ دیکھو۔ یہ حضور کا فیصلہ غلط تھا۔ جو احد کے میدان میں لے گئے۔ تمہارے اندر اتنی طاقت
اور صلاحیت ہی نہ تھی کہ جنگ لڑ سکتے۔ معاذ اللہ اس پیغمبر نے مروا دیا۔ اس نے غلط
فیصلہ کیا ہے۔ قرآن مجید بیان کرتا ہے ان سب چیزوں کو۔ اور ہم نے تو قرآن کبھی پڑھا
ہی نہیں ہے۔ ان چیزوں کے حوالے سے۔ معاذ اللہ ___ منافقین نے اندر ہی صفوں میں
وسوسے شروع کر دیئے کہ دیکھو نبی نے مروا دیا۔ یہ کوئی جنگ تھی۔ یہ کوئی مقابلہ تھا۔
کہاں ہم مٹھی بھر اور کہاں وہ طاقتور فوج۔ اس طرح کے طرح طرح کے حیلے بہانے
تلاش کرتے اور مسلمانوں کو اسلام سے باغی کرنے کی کوشش کرتے۔ تو یہودی بھی
دشمن تھے اور عیسائی بھی دشمن تھے۔ غیر مسلم مشرک قبائل بھی سازشیں اسلام
کے خلاف کرتے۔ اور بے شمار قبائل اور بھی تھے ___ سرحدوں کے باہر ایران اور روم کی
سلطنتیں بھی اسلام کو مٹانا چاہتی تھیں۔ دس سال کا کوئی زمانہ تھا جو مدنی دور تھا
جس میں اسلام پھیل رہا تھا۔ یہ دور تھا جس میں لوگ داخل ہوتے تھے۔ ان کا اسلام میں
داخل ہونے کے باوجود بھی زیادہ بھروسہ حضور کے وجود مسعود پر ہوتا تھا۔ حضور علیہ السلام

کو دیکھتے تھے ۔ تو حوصلے تازہ ہو جاتے تھے ۔ جوان ہو جاتے تھے ۔ ان کی ہمتیں بڑھ جاتیں ۔ آقا علیہ السلام
دکھائی نہ دیتے تو حوصلے پست ہو جاتے ۔ یہ فطری اور بشری تقاضے ہیں ۔ ان تقاضوں کو
سامنے رکھ کر باری تعالیٰ چاہتے تھے ۔ کہ ان کے جذبات بھی پختہ ہو جائیں ۔ اور جذبات کے
ساتھ ان کے شعور کے پختہ ہونے تک ان کے جذبات ٹوٹنے نہ پائیں ۔ یہ بڑی خاص
بات ہے ۔

ان کے شعور کی پختگی تک ان کے دل بھی ٹوٹنے نہ پائیں ۔ جذبات بھی ٹوٹنے نہ پائیں
خیالات بھی ان کے شکستہ نہ ہوں ۔ تاکہ وہ شعور پختہ کر لیں ۔ اسلام پر ثابت قدم
ہو جائیں ۔ اور بڑے سے بڑا حادثہ بھی ان کے قدموں کو متزلزل نہ کر سکے ۔ اور یہ اسلام
کو دین کو اور دین اسلام کی بڑھتی ہوئی انقلابی عالمگیر طاقت کو اتنا سمجھ لیں شعوری
طور پر فکری طور پر نظریاتی طور پر عملی طور پر نظام کے طور پر عمر بھر بڑھتے ہی چلے جائیں ۔
اور ہزار ہا حادثات اگر ان کی زندگی میں بھی آ جائیں تو ان کے قدم ڈگمگا نہیں سکیں ۔ آگے
ہی بڑھتے چلے جائیں ۔ اس مقام تک ان میں فکری شعوری اور نظریاتی اور ارادی طور پر لانے کے
لئے وقت درکار تھا ۔ اور ان کا سب سے بڑا سہارا اسلام کے اندر حضور علیہ السلام
کی ذات پاک تھی ۔ بہت ثنا آتی دوڑ کے حضور کے پاس آتے ۔ بیمار ہوتے تو دوڑ کے
آقا علیہ السلام کے پاس آتے ۔ قرض ادا کرنا ہوتا دوڑ کے ۔ کوئی مر جاتا تو دوڑ کے
آقا علیہ السلام کی خدمت میں آتے ۔ بھوکے ہوتے تو دوڑ کے ۔ جنگ ہو جاتی تو آقا کی
خدمت میں آتے ۔ کوئی حملہ ہو جاتا آقا کی خدمت میں آتے ۔ کوئی صفوں میں
انتشار ہو جاتا تو آقا کی خدمت میں آتے ۔ بے شک وہ اسلام کے سپاہی بن کر سوئے
منزل بڑھ رہے تھے ۔ مگر ان کا سارا تکیہ سارا بھروسہ سارا توکل اور سارا اعتماد
آقا کی شفقتوں پر آقا کی عنایتوں پر ۔ آقا کی رحمتوں پر آقا کی توجہات پر آقا کی محبتوں پر
آقا کی قربتوں پر آقا کی مجلسوں پر ۔ اتنا تھا کہ ہر لمحہ ان کی زندگی حضور کی ذات سے
مل رہی تھی ۔ ہر لمحہ جو حسن ان کو حضور کی ذات سے مل رہا تھا ہر لمحہ ان کی

غیرت دینی کو روشنی حضور کی ذات سے مل رہی تھی۔ ان کی رگ رگ ایمانی میں تپش ہر لحظہ حضور کی ذات سے مل رہی تھی۔

تو حضور علیہ السلام کی ذات پاک اسلام کی اس اٹھتی ہوئی تحریک کو ایک خاص مقام تک پہنچانے کے لئے۔ اس امر کا کچھ متبادل نہ تھا۔ متبادل اب بھی نہیں مگر۔ پھر وہ لمحہ ایک وقت آیا کہ جب حضور کا وصال ہوا۔ تو سمجھ گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل —— حتیٰ کہ دس سال بعد بھی حضور علیہ السلام کا وصال ہوا ——

میں آپ کو ایک لطیف بات بتاتا ہوں۔ دس سال گزار کر اسلام کا علم اسلام کا فکر اسلام کو شعور پختگی کے ساتھ حاصل کر کے دس سال گزر جانے کے باوجود بھی آقا علیہ السلام کی ذات پاک سے جذباتی وابستگی کا عالم یہ تھا۔ کہ جب حضور علیہ السلام کا وصال ہوا۔ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ جیسے جری شجاع اور صاحب فکر اور بہادر باشعور صحابی بھی ایک دم لڑکھڑا گئے۔ آپ جوش میں آ گئے بے قابو ہو گئے۔ تلوار ہاتھ میں اٹھا لی۔ اور سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے کہا خبردار جس نے محمد مصطفیٰ کے بارے میں کہا۔ کہ وفات پا گئے۔ میں تلوار سے اس کا سر قلم کر دوں گا۔ کوئی نہ کہے کہ حضور وفات پا گئے۔ یہ لفظ سننے کو تیار نہ تھے۔ صحیح بخاری کتاب المناقب جلد ۱ صفحہ ۱۳۰ سیدنا فاروق رضی اللہ عنہ اس جوش میں اس وقت ہیں —— یہ کیفیت تھی ——

تو اندازہ کریں کہ دس برس کے بعد حضور کے وصال پر جب سیدنا فاروق اعظم کے جوش کا اور جذبے کا یہ عالم ہے۔ کہ حضور کی وفات کا لفظ سننے کو تیار نہیں۔ تو اس سے قبل اگر جب غزوات اور جنگیں ہو رہی تھیں —— (۴۸ — ۳۸)

اس وقت وصال ہو جاتا تو نیا نیا لوگ ابھی تازہ تازہ مسلمان ہو رہے تھے۔ وہ تو ذرا سی بات سے بھی بہکائے جا سکتے تھے۔ وہ یہ سمجھتے ہیں۔ کہ جن کی خاطر ہم آ رہے تھے۔ جب وہی وفات پا گئے تو اسلام کا مستقبل کیا ہوگا۔ یہ اب کیا بچے گا معاذ اللہ حضور کی وفات

کا مطلب یہ لیتے کہ شاید اسلام ہی ختم ہو گیا۔ اور کثیر تعداد میں لوگ پھر پلٹ کے کافر ہو جاتے یا مرتد
ہو جاتے۔ اسلام سے خارج ہو جاتے۔ انتشار ہوتی شورش دب جاتی۔ یہ وہ حکمت تھی حضور
علیہ وسلم کو کسی کے ہاتھوں وفات سے محفوظ رکھنے کی ضمانت دیتے ہیں۔ جب سیدنا فاروق
اعظم رضی اللہ عنہ نے جوش میں یہ کلمے ادا کیے تو سیدنا صدیق اکبر نے دیکھا کہ یہ تو بڑی ہی سے جب سیدنا فاروق
اعظم کہہ رہے ہیں۔ تو پھر باقی صحابہ کا حال کیا ہو گا۔ چنانچہ وہ کھڑے ہو گئے۔ اور انہوں نے خطاب کیا
اور کہا کہ (صحیح بخاری کتاب المناقب جلد ۳ ص ۱۳۴۱ رقم ۳۴۶۷) کہ حضور اللہ کے رسول
ہیں۔ اللہ کی آیتیں اتر آئیں۔ قد خلت من رسل حضور سے
پہلے بھی اللہ کے رسول آئے اور دنیا سے رخصت ہو گئے۔ تو لوگو یہ حق ہے کہ حضور ﷺ دنیا سے
رخصت ہو گئے۔ حضور وفات پا گئے۔ جو شخص اللہ کی عبادت کرتا ہے۔ وہ جان لے کہ حضور
ہم سے رخصت ہو گئے ہیں۔ اور جو معاذ اللہ حضور کی عبادت کرتا تھا۔ اب اسلام اس کی
اجازت نہیں دیتا۔ وہ جان لے کہ حضور وفات پا گئے۔ حضور کی عبادت تو کوئی نہیں کرتا تھا۔
یعنی اس تصور سے ہی سیدنا فاروق اعظم بھی سنبھلے۔ جب سیدنا صدیق اکبر جیسے عاشق رسول
کی زبان سے یہ کلمات نکلے تو وہ سنبھل گئے۔ اس لئے یہ ایک وعدہ الٰہی تھا۔ کہ کسی دشمن
کے وار سے حضور کی وفات نہیں ہو گی۔

اب جب حضور کی ذات اقدس کا یہ بات طے پا گئی کہ دشمن کے وار سے وفات
ممکن نہیں ہو سکتی۔ اور شہادت کی آرزو۔ حیثیت جو موجود ہے شروع ہو چکی ہے۔
تو اب اس کی تکمیل اور اس کے ظہور کی صورت کیا ہو گی۔ یہ عمل تکمیل کیسے
ہو گا۔ اور اس عمل کا ظہور کیسے ہو گا۔ وہ ظہور حضور کی حیات طیبہ میں تو ہو ہی نہیں سکتا تھا
کیونکہ اللہ کا وعدہ معاذ اللہ غلط ہو جاتا۔ اللہ کا وعدہ برکار ہے تو اللہ پاک نے کیا
کیا۔ حکمت الٰہیہ یہ ہوئی۔ کہ شہادت کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ ایک شہادت سری۔
اور ایک شہادت جہری۔ سری شہادت، چھوٹی شہادت کو کہتے ہیں مخفی شہادت
اور جہری شہادت ظاہری شہادت۔ اگر دشمن کسی کو زہر کھلا کے اور وفات ہو

جائے۔ تو یہ سِرّی شہادت ہے۔ اور اگر دشمن یا کافر کے ہاتھوں انسان اس تقاضے اور شرارت کا
کے ساتھ تلوار سے زخمی ہو کے شہید ہو جائے وفات ہو جائے تو یہ شہادت جہری ہے۔
حضور علیہ السلام کے اندر اسباب العزت نے دونوں شہادتوں کا اجرا فرما دیا۔ شہادت سری
وہ زہر سے جو موت واقع ہوتی ہے۔ خیبر کے دن ایک یہودی نے حضور علیہ السلام
کو گوشت میں زہر کھلا دیا ______ (۸۔۴۲) تو زہر حضور علیہ السلام کو کھلا دی گئی تو
آپ نے دعوت قبول کر لی ہے — زہر آلود گوشت آپ کو کھلایا گیا۔ یہودی عورت تھی زینب
بنت الحارث۔ اس نے ایک بکری کا بھنا ہوا گوشت زہر میں بھگو کر حضور علیہ السلام کو پیش
کر دیا۔ آپ نے بھی کھا لیا۔ آپ کے ساتھ ایک صحابی تھے بشیر انہوں نے بھی کھا لیا۔ دونوں
نے چند بوٹیاں کھا لیں۔ کھانے کے بعد گوشت بولا — یا رسول اللہ مجھے نہ کھائیے میں
زہر آلود ہوں — گوشت کی بوٹیاں بول اٹھیں — تو حضور علیہ السلام نے بھی دست مبارک
کھینچ لیا۔ اور صحابی نے بھی بشیر انہوں نے بھی ہاتھ کھینچ لیا۔ وہ جتنا گوشت کھا چکے تھے۔ وہ زہر
جو اندر جا چکا تھا۔ اس کے نتیجے میں صحابی وہیں شہید ہو گئے۔ وفات ہو گئی۔ مگر چونکہ زہر
اب دشمن نے کھلائی تھی — اور اللہ کا وعدہ تھا واللہ یعصمک من الناس۔ اگر اس زہر کے
نتیجے میں حضور کی جو وفات ہو جاتی — تو دشمن کامیاب ہو گیا ہوتا۔ حضور کی وفات زہر کا
اللہ نے وفات سے بچا لیا۔ کیونکہ وعدہ تھا — صحابی کا شہید ہو جانا وفات پا جانا۔
اس بات کی دلیل تھی وہ زہر کی جتنی مقدار آقا علیہ السلام اور صحابی دونوں نے کھائی وہ
موت بننے کے لئے کافی تھی۔ اسی لئے صحابی نے اسی وقت کھائی تو وفات پا گئے۔ آقا
علیہ السلام نے بھی اسی قدر کھائی مگر وفات نہ پائی۔ چونکہ اللہ کا دست قدرت بچانے کے لئے
آڑے آ گیا۔ تو زہر آقا علیہ السلام نے کھائی تو شہادت سری کا اجرا۔ غزوہ خیبر کے
دن آقا علیہ السلام کی زندگی میں کر دیا گیا۔ شہادت سری کا زہر کے نتیجے میں جو ہونا تھا
یعنی وہ جاری ہو گیا۔ یاد رکھیے کہ اثر اس زہر کا وفات کے آخری دنوں تک حیات
مبارکہ کے آخری دنوں تک زہر کا اثر برقرار رہا۔ حضور علیہ السلام فرمایا کرتے تھے۔ بار بار کہ

مشکوٰۃ میں حضرت کعب نے نقل کی۔ حضرت عائشہ صدیقہ رض آپ نے فرمایا اے عائشہ میں
خیبر میں جو میں نے زہر کھائی تھی۔ اس زہر کا اثر آج تک میرے اندر موجود رہتا ہے۔ اور ایسے لگتا
ہے۔ اس زہر کے اثر سے جیسے میری رگِ جان منقطع ہو رہی ہے کٹ رہی ہے۔ تو خیبر
میں کھائی ہوئی زہر کا اثر تادم وصال اللہ پاک نے حضور کے اندر برقرار رکھا۔ اثر بھی ختم نہ کیا۔
مگر اس کے نتیجے میں موت سے بھی بچالیا۔ تاکہ وعدہ بھی پورا رہے۔ اور شہادت سری کا
کا سفر بھی جاری رہا۔ تو شہادت سری کا آغاز غزوہ خیبر کے دن ہو گیا۔ اور تادم وصال
شہادت سری کا سفر جاری رہا۔ اگر اس شہادت سری کا ظہور ظہور تام۔ اور اس سفر کی
تکمیل ظہور کے اعتبار سے رہ گئی تھی۔ اللہ کے وعدے کے پیش نظر اسے موخر کر دیا گیا۔
اور شہادت جہری تھی۔ کہ دشمن کے وار سے زخمی ہو اور موت واقع ہو۔ جب
غزوہ احد کا دن آیا۔ اور جب پلٹ کر کافروں کے لشکر نے حملہ کیا۔ تو حضور علیہ السلام
کے چہرہ اقدس پر انہوں نے نیزے سے وار کیا۔ پتھر مارے۔ رخسار مبارک زخمی ہو گئے۔
خون مبارک بہا۔ دندان مبارک شہید ہوئے۔ گویا ایک وہ دندان مبارک الگ گیا۔
دشمن نے حملہ بھی کیا۔ وار بھی کیا۔ آلہ زخمی کرنے کا وہ بھی لگا۔ میدان جنگ میں پتھر
بھی لگے۔ خون بھی بہہ گیا۔ دندان مبارک شہید بھی ہو گئے۔ اور ایک لمحے کیلئے بے ہوشی بھی طاری
ہو گئی۔ اور زمین پر گر بھی پڑے۔ سارے اجزاء شہادت کے پورے ہو گئے۔ بس وفات ممکن
نہ تھی۔ اللہ کا وعدہ تھا واللہ یعصمک من الناس۔ وفات نہ ہوئی۔ مگر
وفات کی خبر پھیل گئی۔ افواہ پھیل گئی کہ شہید ہو گئے۔ خالی افواہ کے نتیجے میں
صحابہ کرام سیسہ پلائی دیوار بن کر لڑنے والے صحابہ ان کے بدن حضور کی شہادت کی
کی خبر سن کر حتی کہ آقا پاک کی غشی جب ختم ہوئی۔ کھڑے ہوئے رخسار
مبارک سے خون بہہ رہا تھا۔ دندان مبارک ٹوٹا۔ آقا کی زبان اقدس سے یہ الفاظ
میں نکلے تھے۔ اس قوم کو کیسے نجات ملے گی۔ جس نے اپنے پیغمبر کا چہرہ خون آلود کر دیا یہ کلمات
نکلنے کی دیر تھی۔ اللہ پاک نے یہ آیت کریمہ موثر آئی ہو گی۔ لیس لک من الامر شیء

0302- 6040273
کپڑے والا ایجنٹ رکشہ

ایسا ہی جیسے آپ نے فرمایا وہ کون ہے جو نجات پائے گا جن نے ــ آپ کی زندگی کا معاملہ تو آپ کے اپنے ہاتھ میں رہا ہی نہیں ہے ــ یہ سارے معاملے تو ہمارے سپرد ہو گئے ہیں۔ اسی لمحے آقا نے اپنا اعلان بدل دیا۔ فرمایا آج جو شخص ہلاک کر دیا جائے گا محمد اس کو جنت کی خوشخبری سنا دے گا۔ (B)

یعنی پہلا خطاب جلال میں تھا۔ دوسرے لمحے خطاب جمال سے بدل گیا ــ پہلا غضب میں تھا۔ دوسرا خطاب رحمت ــ سے بدل گیا ــ دوسرے میں معافی آ گئی ــ جنت کی ضمانت دینا ہوگا۔

زخمی ہو کے خون بہہ رہا ۔ دندان مبارک بھی گرے ۔ شہید ہونے کی بجائے غشی آ گئی۔ زمین پر بھی گر گئے ۔ اور شہادت کی افواہ بھی پھیل گئی ــ سارے کام ہو گئے ۔ فقط ایک بات رہ گئی کہ روح قفس عنصری سے پرواز نہ کر سکی ۔ موت واقع نہیں ہوئی ۔ کیونکہ ۔ وفات دیت مقدرت سے نہ تھا۔ واللہ یعصمک من الناس ۔ تو معلوم ہوا کہ جب شہادت سری کی صورت میں ۔ غزوہ خیبر کے دن آقا کی زندگی میں شروع ہو گئی اور وہ عمل جاری رہا۔ مگر اس کی تکمیل اور اس کا ظہور حیات مبارکہ میں ممکن نہ تھا ۔ وہ کسی کے پیچھے تک ـ

شہادت جہری جو دشمن کے وار سے زخمی ہو کے وفات پانے کی شہادت تھی ۔ اس کی ابتدا اور اس کا اجراء بھی غزوہ احد کے دن زخمی ہونے سے ہو گیا ۔ اور اجزائے شہادت جہری سارے جمع ہو گئے ۔ مگر شہادت واقع نہ ہو سکی ۔ مگر وعدۂ الٰہی واللہ یعصمک ــ اب ضرورت اس امر کی تھی ۔ چونکہ شہادت سری کا وجود معدلے امر موجود تھی ۔ اس کی ابتداء حیات مصطفیٰ سے ہو چکی تھی۔ اب اس کی انتہا کی ضرورت تھی تا کہ تکمیل اور ظہور کے لئے کوئی موقع میسر کیا جا سکے ۔ اور شہادت جہری کا میدان جنگ میں دشمن کے ہاتھوں زخمی ہو کر اس کی ابتداء بھی حیات مصطفیٰ سے ہو گئی تھی مگر اس کی تکمیل اور اس کا ظہور ممکن نہ تھا ۔ ضرورت یہ تھی کہ شہادت ظاہر کے انعقاد

اور اسی کے ظہور پذیر تمام کئے ہیں۔ موقع کا انتخاب کیا جا سکے۔ چنانچہ شہادت کبریٰ کا ابتدا
جو غزوہ خیبر سے ہوئی تھی۔ اسی کے ظہور پذیر تمام کئے۔ اور اسی عمر کے انجام کئے۔ رب کائنات نے
حضور کے شہزادے امام حسن کو منتخب فرمایا۔ زہر کی ابتداء یہاں جا کر ختم ہوئی۔
اور شہادت جہر کا جس کی ابتداء حمزہ احد سے ہوئی تھی۔ اس کی تکمیل کے لئے رب کائنات
نے میدان کربلا کو منتخب کیا جس کی ابتداء مصطفیٰ کی ذات سے ہوئی۔ اور ظہور حسین
کی ذات سے ہوئی۔

MUH…AD ABBAS
…bandi Chishti Qadri Sohary
11 JAN 2018
…B Burewala District Vehari
Mob:0334-7633365

۱۵ — ۲ — ۲۰۱۸
۲۸ — ۵ — ۱۴۳۹
بروز جمعرات
۱۱ — ۵۵ — ۱۵ — AM

۲۔ شہادت امام حسین کا تاریخی پس منظر 1

(8-5-1998) ماڈل ٹاؤن لاہور منہاج القرآن مسجد ۲۸۶/۹۲

حضور نبی پاکؐ کا ایک ارشاد ہے۔ دیگر آئمہ حدیث نے روایت کیا ہے۔ حضور علیہ السلام نے اپنی خلافت راشدہ کا ذکر فرمایا۔ اور فرمایا یہ جو خلافت راشدہ ہے یہ میرے بعد تیس سال قائم رہے گی۔ اور تیس سال کے بعد ملوکیت کا ہے ۔ نبی پاکؐ نے ایک پیشین گوئی فرمائی ۔ نبی پاکؐ نے خلافت راشدہ کا ذکر صریح الفاظ میں یوں فرما دیا تھا۔ علیکم بسنتی و سنۃ الخلفاء الراشدین ۔ کہ تم پر میری سنت پر عمل کرنا واجب ہے۔ اور جو خلفائے راشدین ہیں۔ اور مہدیین ہے۔ یعنی ہدایت یافتہ خلفائے راشدین ہیں۔ ان کی سنت پر بھی ۔ نبی پاکؐ نے خلافت راشدہ اور اپنے دور مدنی اور اپنے دور نبوت کی سنت کو یکجا کر دیا۔ اور فرمایا یہ دونوں سنتیں حقیقت ہیں۔ اور ان پر عمل کرنا تم پر واجب ہے۔ یعنی دس سالہ مدنی دور یہ نبوت و رسالت کا دور ہے۔ یہ گویا اسلام نظام سلطنت کا آغاز ہے۔ اور تیس سال کا خلافت راشدہ کا دور وہ اس مصطفوی نظام کا دور رہے۔ اور آپ نے فرما دیا کہ یہ دور خلافت راشدہ کا ہے پھر اس کے بعد ملوکیت کا آغاز ہو جائیگا۔ نام بے شک خلافت کا دیا جاتا رہے ۔ مگر حقیقی معنوں میں خلافت نہ ہوگی ۔ یعنی ملوکیت بادشاہت سے بدلتی جائے گی ۔ ملوکیت بادشاہت ہے اور بادشاہ ہے پھر اچھا بادشاہ آ جائے گا۔ دین کی خدمت ہوگی۔ برا کوئی آ جائے گا تو دین کو نقصان ہوگا۔ حضور علیہ السلام کی عین خبر کے مطابق۔ خلافت راشدہ تیس برس سیدنا صدیق اکبرؓ پہلے خلیفہ راشد ۔ انہوں نے 2½ برس خلافت کی ۔ (2) سیدنا فاروق اعظمؓ کا دور خلافت دس برس تک مشتمل رہا۔ کل کتنا عرصہ ہوگا ۔ 12½ ان کے بعد سیدنا عثمان غنیؓ نے 12 برس تک خلافت کی ہے۔ کتنا ہو سب ملا کے ۲۴ سال پھر سیدنا علیؓ کا دور خلافت آیا۔ آپ پانچ برس تک خلافت راشدہ کے عہدہ جلیلہ پر متمکن رہے۔ ساڑھے 29 برس۔ تو تیس برس میں کتنا کم ہے۔ اس میں پہلے چار خلفائے راشدین ہی کی طرح۔ اسی طرح لکھی ہے منہاج کے مطابق۔ سیدنا امام حسن مجتبیٰؓ کو خلیفہ راشد مقرر کیا گیا۔

تو گویا یہ پانچویں خلیفہ راشد ہوئے۔ یوں اگر تفصیل میں جائیں۔ تو خلفائے راشدین چار نہیں بلکہ پانچ ہیں۔ سیدنا امام حسین رضہ چھ ماہ تک خلافتِ راشدہ کے منصب پر فائز رہے۔ تو تیس برس کی مدت مکمل ہو گئی۔ خلافت کے مسئلے پر امت میں تفرقہ تب سے شروع ہو گیا تھا۔

جب سیدنا علی رضہ تختِ خلافت پر بیٹھے۔ بلکہ جب سیدنا عثمان غنی کی شہادت ہوئی تو تب سے اس متفقہ خلافتِ راشدہ کا۔ متفقہ خلافتِ اسلامیہ کو تقسیم کرنے کا عمل شروع ہو گیا۔ جب سیدنا مولا علی رضہ چوتھے خلیفہ راشد ہوئے۔ آپ نے تختِ خلافت سنبھالا۔ تو اس زمانے میں۔ حضرت معاویہ رضہ شام دمشق کے گورنر چلے آرہے تھے۔ جو اس وقت صوبہ تھا۔ کیونکہ فتوحات ہو چکی تھیں۔ شام فتح ہو چکا تھا فلسطین عراق سب علاقے فتح ہو چکے تھے۔ تو حضرت امیر معاویہ رضہ صوبہ شام کے گورنر تھے۔ سیدنا علی کا تعلق قریش کے قبیلہ بنو ہاشم سے تھا۔ اور اسی قبیلے سے حضور تاجدار کائنات ؐ بھی ہیں (۵۸ - ۸) اور حضرت معاویہ کا تعلق قریش کے قبیلہ بنو امیہ سے تھا۔ یہ سوئے اتفاق ہے کہ پرانے وقتوں سے بنو امیہ اور بنو ہاشم میں چپقلش کشمکش اور ناچاقی چلی آرہی تھی۔ اور وہ عصبیتیں اپنے اثرات اس وقت تک رکھتی تھیں۔ اور کچھ اسباب بھی اس کے ساتھ ملے

جب سیدنا علی رضہ تختِ خلافت پر بیٹھ گئے۔ تو حضرت معاویہ نے ملک شام میں بجائے سیدنا علی رضہ کی خلافت کو قبول کرنے اور حسبِ سابق آپ کی خلافت پر بیعت کرنے کی بجائے اور اپنی گورنری خلافت علی شیرِ خدا کے تابع کرنے کی بجائے۔ انہوں نے خلافت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اور شام کی گورنری کو اپنی آزاد حکومت میں بدل دیا۔ اور اپنی آزاد حکومت کا اعلان کر دیا۔ یہ جدید اصطلاح میں سمجھیں یہ اس خلافتِ راشدہ سے ایک بغاوت تھی۔ اور اس بنیادی خلافتِ راشدہ کی وفاداری کے خلاف اک انحراف ایک بغاوت تھی۔ اور ان کا حضرت علی شیرِ خدا رضہ کے حق پر اپنی خلافت کو قبول نہ کرنے اور انکار کر کے اپنی گورنری کو آزاد اور مطلق حکومت میں بدل دینا۔ یہ اقدام

کا شرعاً اور سیاستاً درست اقدام نہیں تھا۔ یہاں سے ایک غلط اقدام کی ابتداء ہوگئی
اب اس پر مختلف اسباب ہیں۔ شیعہ حضرات اس کے اسباب بیان کرتے
ہیں۔ اور وہ حضرت علیؓ کے حق پر قائم ہونے کی حمایت کرتے ہوئے حد سے بھی بڑھ
جاتے ہیں اور کچھ بہت کچھ حضرت معاویہؓ کے خلاف کہتے چلے جاتے ہیں۔ اور کچھ لوگ
وہ ہیں۔ جو خارجی الذہن ہیں اور وہ اپنے دل میں بغض اہلبیت رکھتے ہیں۔
چھپا ہوا بغض رکھتے ہیں۔ ظاہر نہیں کرتے۔ نام نہیں لیتے۔ اہل بیت کا۔ جو اہل بیت
اطہار کی محبت سے اُن کے دل خالی ہیں۔ یا بغضِ اہلبیت کا کوئی نہ کوئی بیج
مخفی ان کے دل کے اندر ہوتا ہے۔ اس کے پیش نظر حضرت امیر معاویہؓ کے اقدام کو
ہر صورت دفاع کرتے ہیں۔ اور اسے درست ثابت کرنے کی کوشش کرتے
ہیں۔ نتیجۃً وہ بھی حد سے بڑھ کر وہ بھی ایک طرف چلے جاتے ہیں۔ یہ اقدام بھی
ناروا اقدام ہے۔ یعنی ایک غلط قدم کو درست ثابت کرنا۔ کبھی درست نہیں ہو
سکتا۔ ہمارا موقف کیا ہے۔ یعنی اصل اہلسنت والجماعت اور اہلسنت کے آئمہ
کا اکابرین کا۔ راہ راست پر چلنے والے سواد اعظم کا اصل موقف کیا ہے کہ دونوں
انتہاؤں سے بچ کر وہ بات کہنا جو ہم نے احتیاط کے ساتھ کہی ہے۔
کہ درست کو درست کہا جائے غلط کو غلط کہا جائے۔ مگر ہم سیدنا علی شیر خدا
کی خلافت کو حق پر مبنی خلافت جانتے ہیں۔ انہی کی خلافت وامامت حق تھی
اور حضرت امیر معاویہؓ کا آزاد حکومت کا اعلان کرنا اور سیدنا شیر خدا کے دست
حق پرست پر بیعت نہ کرنا۔ اور ان کی خلافت کو قبول نہ کرنا۔ (۔۔۔۔۔ ۱۴)
لاکھ دلائل دیئے جانے کے باوجود بھی درست نہ ہے نہ ہو سکتا ہے کہ ہم ان کے اعمال کا دفاع نہیں
کرتے۔ مگر کیا کرتے ہیں۔ محض ان کے صحابی رسول ہونے کی بنیاد پر۔ کہ غلطی صحابی سے بھی
سرزد ہو سکتی ہے۔ صحابی انسان ہوتا ہے کہ وہ رسول اور نبی ہیں معصوم۔ ولی اللہ سے بھی غلطی
بھی ہو سکتی ہے۔ خواہ نفس کا غلبہ ہو۔ خواہ سبب ہو اس کا خاندانی محبت کا۔ خواہ سیاسی کا

بیٹے کی جانشینی کیا اور اس کی محبت کا غلبہ ہو۔ خواہ اس کا سبب اور گرد شام و دمشق اور ماحول پر سبائیوں کا
اُن کا خارجی دباؤ ہو۔ خواہ خاندانی عصبیت کے زیر اثر ہوا ہو۔ خواہ بزعم خویش فتنوں خرابے سے
بچنے اور خلافت کو دو حصوں میں بٹ جانے کے ڈر سے۔ اس خوف سے بچاؤ کیلئے نیک نیتی پر
قدم ہو۔ اسباب کوئی مورخ جو چاہے بیان کر لے۔ جس کا جی چاہے اس کا سبب کو مشکوک کر لے۔ جس کی
جی چاہے مذکورہ سبب کو مشکوک کرے۔ اسباب جو بھی ہوں مگر اس اقدام کا دفاع نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم
یہ کہتے ہیں۔ کہ وہ صحابی رسول تھے۔ اقدام غلط تھا۔ مگر صحابی رسول اور حضور علیہ السلام کا ارشاد الصحابہ
کلھم عدول۔ کہ میرے تمام صحابہ عادل ہیں۔ ان کی طرف بدنیتی کا الزام کو منسوب نہیں کیا جا سکتا
۔ آقا علیہ السلام کے ارشاد کے پیش نظر۔ صحابیت کے حیا کو پیش نظر اور صحابہ کے عدول
ہونے کا تصور کے پیش نظر۔ ادباً اور حیاءً اپنی زبان بند رکھتے ہیں۔ اور ان کی ذات پر طعن تشنیع
و تنقید نہیں کرتے۔ ادباً حیا اور خاموشی کو اچھا سمجھتے ہیں۔ اور انہیں گالی دینے کو حرام سمجھتے
ہیں۔ اور طعن و تشنیع دینا۔ ان کو برا بھلا کہنا۔ ان کو معاذ اللہ منافق کہنا۔ کافر کہنا۔ یا ان پر لعنت
ملامت بھیجنا۔ یا برے الفاظ کے ساتھ انہیں یاد کرنا۔ اس عمل کو صحابیت کی توہین سمجھتے ہوئے۔
اور حضور علیہ السلام کے حکم کی خلاف ورزی تصور کرتے ہوئے۔ ادب اور حیا کے خلاف سمجھتے ہیں۔ ادب اور حیا کا
پیش نظر حقیقت وہ حیائے رسول ہے۔ کہ حضور کے صحابی ہیں۔ ہم خاموشی کو واجب جانتے ہیں۔ اور
زبان درازی کو حرام سمجھتے ہیں۔ چونکہ اہلسنت میں تمام تر حقائق کے باوجود ہمارا سب سے بڑا ایک عقیدہ
ادب کا ہی ہے۔

اور ادب ہی ہماری پہچان ہے بحث کے عنوان میں۔

لہٰذا اس ادب اور حیا کے پیش نظر خاموشی ہمارا مسلک ہے۔ مگر اس خاموشی سے بڑھ کر ان کے
اقدام کا دفاع کرنا ہم ناجائز سمجھتے ہیں۔ اسے درست قرار دینا ہم ناجائز سمجھتے ہیں۔ درست
مولا علی شیر خدا ہی ہیں۔ جائز قدم مولا علی شیر خدا کا ہی ہے۔ حق پر مبنی خلافت مولا علی شیر خدا ہی کی
ہے ہم یہ اعلان کرتے ہیں۔ کہ حق حضرت علی کی جانب تھا۔ اور ہمارا نقطہ کی مطابقت کا بعض کتابوں میں
صراحتاً کے ساتھ یہ بات درج کی ہے۔ بعض نے تو یہاں تک بھی لکھ دیا ہے۔ کہ حق علی کی طرف

تھا۔ اور حضرت معاویہ کا اقدام حضرت علی کے خلاف بغاوت ہے۔ اگر وہ صحابی رسول نہ ہوتے تو کوئی اور شخص ہوتا۔ تو پھر اس کے لئے حکم ~~کشتنی~~ سخت ہوتا۔ یہ آقا علیہ السلام کی صحابیت ہے۔ کہ جس نے ان کو سخت حکم سے بچا لیا۔ اس کی حفاظت کی۔ بس یہ دفاع ہے۔ صحابیت دفاع ہے۔ اقدام کا دفاع نہیں ہے۔ اب آپ پر کلیئر ہو گئے کہ نہیں اس معاملے میں۔ شکوک و شبہات کے بادل چھٹ گئے۔

اب ہوا یہ کہ جب مشاورتی حکومت کا اعلان کر دیا گیا۔ سیدنا مولا علی ؓ نے ان کو خط بھی لکھا۔ کہ اے بھائی معاویہ میری خلافت اسی طرح منعقد ہوئی ہے۔ جیسے عثمان، عمر، ابوبکر صدیق کی۔ اسی طرح شوریٰ نے مجھے خلیفہ منتخب کیا ہے متفقہ طور پر جیسے ان کو متفقہ طور پر کیا تھا۔ اور شوریٰ نے اور مسلمانوں نے اسی طرح متفقہ طور پر میری بیعت کی جیسے اصحاب ثلاثہ کی ہوئی تھی۔ اور یہی حجت میری خلافت کی دلیل ہے۔ تو انہوں نے لکھ بھیجا کہ میں آپ کو اپنی بیعت کی دعوت دیتا ہوں۔ لیکن حضرت معاویہ ؓ نے اس بیعت کو قبول نہ کیا۔ یوں ان سے امت میں دو دھڑے ہو گئے۔ میں نہیں کہتا کہ خلافت دو حصوں میں بٹ گئی۔ خلافت تو نہیں بٹی آقا علیہ السلام فرما چکے تھے۔ کہ خلافت تیس برس 30 تک قائم رہے گی۔ اور وہ تیس برس کے پانچ سال مولا علی کی خلافت میں آتے ہیں۔ نہ کہ حضرت معاویہ کے۔ وہ تو متوازی حکومت شروع ہوئی۔ حتیٰ کہ سیدنا علی ؓ کے بعد کے چھ ماہ بھی امام حسن مجتبیٰ ؓ کے خلافت راشدہ میں شامل ہیں مگر یہ کہ غیر مشاورتی حکومتیں دو بن گئیں۔ اور نتیجتاً ملک شام میں ان کی حکومت اور کوفہ عراق سمیت حجاز حرمین اور باقی علاقوں میں سیدنا علی شیر خدا کی حکومت تھی۔ سلطنت بٹی خلافت نہیں۔ امت بٹ گئی دو دھڑے بن گئے۔ اور یہ امت کی یک جہتی کے لئے نیک شگون نہیں تھا۔ اور اس کے نتیجے میں پھر جنگیں بھی ہوئیں۔ اہلسنت علماء اور آئمہ حضرت امیر معاویہ کے اس اقدام کو خطا ہی قرار دیتے ہیں۔ اور ادب اور حیاء چونکہ ان کی زبان طعن دراز کرنا حرام ہے۔ اللہ عدل پر بھی اعتقاد اور عدالت پر بھی اعتقاد رکھنا ضروری ہے۔ ہاں سنو!

اس خطاء کو خطائے اجتہادی قرار دیتے ہیں ۔ اور خطاء اجتہادی میں یہ ہے کہ اگر غلطی بھی ہو گئی تو اللہ معاف کر دیتا ہے اور نیک نیتی پر چونکہ مبنی ہوتی ہے تو اللہ پاک ایک اجر دیتا ہے۔ ہم اس سے زیادہ بحث میں نہیں پڑتے ۔

جنگ جمل و صفین وغیرہ اسی باب کی کڑیاں ہیں ۔ یہاں دو حکمرانوں کے معرض وجود میں آ جانے کے بعد چار طبقات وجود میں آئے ۔ ایک طبقہ تو جو حضرت سیدنا علی کی خلافت کو حق سمجھتا تھا ۔ اور آپ کا اتنا حامی ہوا کہ آپ کی حمایت میں حضرت امیر معاویہ کو برا بھلا کہنا شروع کر دیا ۔ اور ان کے ساتھ کھلم کھلا جنگ پر اترا ۔ یعنی یہ وہ طبقہ تھا جس نے حضرت علی کی حمایت میں اتنا غلو کیا کہ حضرت امیر معاویہ کو برا بھلا کہنے لگ گئے ۔ تو یہ طبقہ اپنے آپ کو شیعان علی کہتے تھا ۔ تو یہ ایک طبقہ وجود میں آیا ۔ اب یہ لفظ یاد رکھ لیں ۔ جو جب لفظ شیعان علی تو اس سے مراد کوئی شیعہ مکتب فکر نہیں تھا ۔ شیعہ مسلک نہیں تھا ۔ (۳۰ ۔ ۲۳) شیعہ کا کوئی فقہی مذہب اس سے مراد نہیں تھا ۔ ایسی کوئی چیز نہیں تھی ۔ یہ فقط اختلاف سیاسی تھا ۔ اور یہ حمایت بھی سیاسی تھی ۔ اور اس حمایت میں جو لوگ بڑے شدید ہو گئے ۔ انہوں نے سیاسی حمایت سیدنا علی شیر خدا ؑ کی کرتے ہوئے اپنے آپ کو شیعان علی کا نام دیا ۔ شیعہ گروہ کو کہتے ہیں ۔ یعنی یہ حضرت علی کا حامی گروہ تھا ۔ تو شیعان علی کی ابتداء ایک سیاسی گروہ کے طور پر ہوئی ۔ کسی مذہبی مسلک ۔ امور اعتقادی فرقے کے طور پر نہیں ہوئی تھی ۔ دوسرا طبقہ اسی طرح اس کے مد مقابل ۔ وجود میں آیا ۔ یہ وہ لوگ تھے شام اور دمشق کے رہنے والے ۔ جنہوں نے حضرت معاویہ کی حکومت کو سپورٹ کیا ۔ اور وہ سیاسی طور پر ان کے حامی ہو گئے ۔ اور وہ مولا علی شیر خدا کو معاذ اللہ بعض نادان لوگ برا بھلا کہنے لگ گئے ۔ ~~طبقہ~~ یہ واضح ہے نہ مولا علی نے معاویہ کو برا بھلا کہا ۔ اپنی زبان اقدس سے اور نہ حضرت امیر معاویہ نے اپنی زبان سے کبھی مولا علی کو برا بھلا کہا ۔ جو روایات اس کے برعکس ملتی ہیں ۔ وہ جھوٹی ہیں ۔ وہ گھڑی ہوئی روایات ہیں ۔ تا کہ ابتداء میں افراط و تفریط کو اور بڑھایا جائے ۔ اور تعصبات کو

اور زیادہ اچھالا جاتا ہے۔ بجز صورت و صحابی کے۔ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ وہ اُن سے اس قدر
اس اقدام کی ہرگز توقع نہ تھی۔ کہ وہ منبر رسول ﷺ پر کھڑے سیاسی اختلاف کے ساتھ معاذ اللہ اخلاقی
حدود سے نیچے اتر آئیں۔ اور حضرت علی کو برا بھلا کہیں۔ یہ ناقابل توقع ہیں۔
مگر اور صحیح روایتوں سے ثابت ہے۔ اور سیدنا مولا علی نے اُن سے تو یہ ممکن ہی نہ
تھا۔ وہ تو خلفائے راشدین میں سے تھے۔ عشرہ مبشرہ میں سے تھے۔ افضل اربع
میں سے تھے۔ اور باب مدینۃ العلم مصطفیٰ تھے۔ اور حضور علیہ السلام نے اُن کے لیے ایسا دیا تھا۔
(حاکم المستدرک جلد ۳ صفحہ ۱۳۷ رقم ۴۶۳۷ — ۴۶۳۸) انا مدینۃ العلم انا —
طبرانی المعجم الکبیر جلد ۱۱ صفحہ ۶۵ رقم ۱۱۰۶۱ وہ خاص اخلاقی سطح سے نیچے
کی بات نہیں کر سکتے۔ تو حضور علیہ السلام کا اعلان عام تھا۔ من کنت مولاہ —
(جامع ترمذی ابواب المناقب جلد ۵ صفحہ ۶۳۳ رقم ۳۷۱۳) تو حضرت علی کے لیے
آقا علیہ السلام نے اپنے اور نچلی رشتوں کی باتیں کیں ہوں وہ سیاسی اختلاف پر حق
پر ہونے کے باوجود اور انہیں غلط سمجھنے کے باوجود غیر اخلاقی قدر کی انہیں برا بھلا
کہیں۔ یہ باتیں جو ان تمام صحابہ کی طرف اگر کسی کتاب میں منسوب ملیں تو یہ فتنہ پروری ہے
من گھڑت روایات ہیں۔ تاکہ اہل اسلام کے اندر تعصبات کو ہوا دی جائے۔ صحابہ
کی پاسداری کی شخصی طور پر تو یہ صورت موجود ہے۔ یہ اُن کے مقام و منصب کے تقاضے
تھے۔ چنانچہ وہ گروہ بن گیا جو حضرت معاویہ کا حامی تھا۔ سیاسی گروہ۔ اُس کو کوئی
خاص نام نہیں دیا جاتا۔ یعنی بنو امیہ کے حامیوں کا گروہ۔ یا اس ملوکیت کا حامی
گروہ بن گیا۔ جو شہنشاہیت وجود میں آ رہی تھی۔ ملوکیت وجود میں آ رہی تھی۔
ایک نئی بادشاہت وجود میں آ گئی تھی اس کا حامی گروہ بن گیا۔ ایک آمریت وجود
میں آ رہی تھی اس کا حامی بن گیا۔ وہ دو گروہ ہو گئے۔ تیسرا گروہ ایک اور وجود میں
آیا۔ جنہوں نے حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ دونوں کی ہی لعنت کا اعلان کر دیا۔ یہ نیا فتنہ
کھڑا ہو گیا۔ یعنی اس اختلاف سے ناجائز فائدہ اٹھانے والے۔ ایک نیا فتنہ کھڑا ہو گیا

اور یہ فتنہ خوارج کا فتنہ تھا۔ انہوں نے حضرت علیؓ کو بھی برا بھلا کہا۔ اور حضرت امیر معاویہؓ کو بھی برا
بھلا کہا۔ اور ان کا نعرہ کیا تھا۔ ان الحکم الا للہ ـــ حکومت کا حق صرف اللہ کا ہے نعرہ
بڑا اچھا تھا۔ نیت بڑی خراب تھی۔ سیدنا علیؓ نے ایک مقام پر فرمایا کہ ان کے الفاظ اچھے
ہیں۔ مگر نیت بری ہے۔ کہ ان الحکم الا للہ کہ حکم صرف اللہ کا چلے گا ـــ (۵-۰۵-۲۸)
مگر خوبصورت نعرے کے اندر نیت بڑی خراب تھی۔ نیت خراب کیا تھی۔ ان الحکم الا للہ کہ کر کے
جہاں حضرت امیر معاویہ کی حکومت کی نفی کر رہے تھے۔ وہاں وہ بدبخت خارجی حضرت مولا علی کی خلافت
حقہ کی بھی نفی کر رہے تھے۔ اور ان کی خلافت راشدہ کا بھی انکار کر رہے تھے۔ جبکہ اسے ماننا عین
تقاضہ شریعت تھا ـــ یہ حکومت محمدیؐ کا تسلسل تھا۔ اس کا بھی انکار کرتے ہوئے یہ فتنہ خارجیوں
کا پیدا ہوا ـــ چنانچہ انہوں نے حضرت علی شیر خدا رضی اللہ کو اور حضرت امیر معاویہ کو دونوں کو معاذ اللہ
واجب القتل اور کافر کہہ دیا ـــ اور دونوں کے خلاف سازشیں شروع کر دیں۔
اور ان کے درمیان جنگیں ہوئیں۔ اور اس فتنہ کو بھی مولا علیؓ نے کچلا۔
اور بالآخر سیدنا علیؓ کی شہادت کا سبب بھی یہی بدبخت خارجی بنے۔ اور حضرت امیر معاویہ
کو بھی انہیں خارجیوں میں سے کسی نے شہید کیا۔ یہ فتنہ تھا۔ اور ان خوارج کا فتنہ کیا تھا۔ یہ نماز کے
بڑے پابند تھے۔ روزے کے پابند۔ زکوٰۃ کے پابند۔ نوافل کے پابند۔ تہجد پڑھتے۔ ذکر اذکار
کرتے تلاوت قرآن کی بہت کرتے۔ یہ ساری خوبیاں ان میں تھیں۔ اس قسم کی خوبیاں آج کل
بعض بڑے متشدد قسم کے ملاؤں کی جماعتوں میں پائی جاتی ہیں۔ میں نام نہیں لیتا۔ بتاتا آپ
سمجھ لیں۔ لیکن بڑے متشدد ہیں۔ ان کے نعرے بھی اسی قسم کے ہیں ان الحکم الا للہ کہ اللہ کے سوا
کسی کی حکمرانی کو نہیں مانتے۔ اللہ کے سوا کسی کی حکومت نہیں۔ اللہ کے سوا کسی کا نظام نہیں۔ حتیٰ کہ
نظام مصطفیٰ کو بھی نہیں مانتے۔ نظام الٰہی مانتے ہیں ـــ شریعت محمدی کو بھی نہیں۔ شریعت الٰہی کو۔ حکومت
صرف اللہ کی ہے۔ صرف اللہ کو مانتے ہیں۔ جن لوگوں کا ایمان صرف اللہ پر ہے ـــ حتیٰ کہ رسول پاک کی ذات
کی حکومت حاکمیت کا بھی انکار کرتے ہیں۔ وہ لوگ بڑے متشدد ہیں۔ نماز میں آپ سے بڑھ کر۔ روزوں
میں بڑھ کر۔ تہجد میں بڑھ کر۔ اذکار میں بڑھ کر۔ جہاد میں بڑھ کر۔ تلاوت قرآن میں بڑھ کر۔ شریعت کی اتباع

پابندی پڑھ کر۔ وہ ساری علامتیں اس دور کے خوارج میں نظر آتی تھیں۔ وہ آج بھی بہت سی کھلی آنکھوں سے
آپ دیکھیں تو نظر آتی ہیں۔ اور حضور علیہ السلام نے فرمایا تھا۔ کہ یہ ٹولہ میری امت میں آخر وقت
تک موجود رہے گا۔ اور اس ٹولے کی ایک علامت حضور علیہ السلام نے یہ بھی بیان فرمائی۔ کہ یہ میری
امت کو کافر اور مشرک کہے گا۔ شرک کا فتویٰ دے گا مسلمانوں پر۔ یہ بھی ان کی علامتوں
میں سے ہے۔ اور یہ بھی ان کی علامتوں میں سے ہے۔ بخاری شریف میں ابن عباس اور دیگر
صحابہ سے مروی ہے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ قرآن مجید کی وہ آیتیں جو کافروں اور
مشرکوں کے حق میں نازل ہوئی تھیں۔ وہ یہ ٹولہ مسلمانوں پر اطلاق کرے گا۔ اور مسلمانوں کو ان
آیتوں کے نام سے کافر و مشرک بنائے گا۔ یہ [illegible] علامتیں صحیح بخاری و مسلم اٹھا کے
ترمذی اور صحاح ستہ اٹھا کے۔ یہ ان خارجیوں کی تھیں۔ تو اس ذہنیت کی ابتداء خود رسالت
مآب سے ہی شروع ہو گئی تھی۔ ایک شخص ذوالخویصرہ تمیمی شخص تھا۔ جس نے بھرے مجمعے میں آقا علیہ السلام
کو جب آپ مال غنیمت تقسیم فرما رہے تھے۔ حضور کو براہ راست خطاب کر کے اس بدبخت
نے کہا تھا اعدل یا محمد۔ براہ راست حضور پر تنقید کر دی۔ اور کہا تھا عدل کریں آپ عدل نہیں
کر رہے۔ اس پر آقا علیہ السلام نے جواب دیا کہ اے بدبخت اگر میں اللہ سے نہیں ڈرتا۔ اور
میں عادل نہیں ہوں۔ جسے صحیح معنی میں آسمان سے غیب کی امانت عطا کی جاتی ہے۔ اگر میں
عدل نہیں کروں گا تو روئے زمین پر ہے کون شخص عدل کرنے والا۔ مگر یہ گستاخ رسول پاک کا۔ وہ
بدبخت حضور علیہ السلام کو طعنہ دے کے صحابہ کرام کی بھری مجلس میں حضور کی طرف پشت کر کے
روانہ ہو گیا۔ گستاخی کر کے چل پڑا۔ (۲۹-۳۲) تو حضور علیہ السلام نے فرمایا۔ لوگو۔ حضرت
فاروق اعظم جلال میں آ گئے۔ حضرت خالد بن ولید جلال میں آ گئے۔ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اجازت
دو۔ کہ میں اس بدبخت کا سر قلم کر دوں۔ حضور تاجدار کائنات پر اس کی انگلی اٹھانے کی جرأت کر
کیسے ہوئی۔ آقا علیہ السلام نے فرمایا نہیں عمر۔ ایک دوسری روایت کے مطابق نہیں خالد بن ولید رک جا اس
بدبخت کو قتل نہ کرو۔ اسے پہچان لو۔ اس کی پشت میں سے ایک قوم جنم لے گی۔ اور اس کا سلسلہ
آخر کے زمانے تک ہو گا۔ اور وہ قوم نمازیں تم سے زیادہ پڑھے گی۔ روزے تم سے ... یہ حضور علیہ السلام

میں سے فرما رہے تھے۔ صحابہ کرام کو۔ ان کی نمازیں تم سے زیادہ ہوں گی۔ ان کے روزے تم سے زیادہ ہوں
گے۔ یہ قرآن کی تلاوت بھی تم سے زیادہ کریں گے۔ اسلام کا نام بھی تم سے زیادہ لیں گے۔ تمہاری نمازیں
تمہارے روزے تمہاری تلاوت ان کی تلاوت ان کے مقابلے میں تھوڑی نظر آئے گی۔ مگر دیکھو۔ یہ لوگ دین سے اس
طرح خارج ہوں گے جیسے تیر شکار میں سے نکل کر خارج ہو جاتا ہے۔ اور خون کا نشان بھی اس کو نہ
لگے۔ اس طرح خارج ہوں گے۔ ان کو شک نہ کرو۔ ورنہ لوگ ان کی ظاہری عبادت روزے دیکھ کر دھوکا کھا جائیں گے
بعض مسلمان نے خود اپنے مسلمانوں کو دشمن کہنا شروع کر دیا ہے۔ ابھی وقت نہیں طعنہ دیں گے۔
اس وجہ سے چھوڑ دیا۔ آقا علیہ السلام نے فرمایا اس کی پہچان کر لو۔ تاکہ اس کی نسل سے پیدا
ہونے والے لوگوں کی پہچان ہو سکے۔ علامتیں کیا تھیں۔ صحابی بیان کرتے ہیں۔ میں بخاری مسلم شریف کی
حسب حال بیان کر رہا ہوں۔ متفق علیہ حدیث صحیح۔ آقا علیہ السلام نے دکھایا۔ صحابہ کہتے ہیں اس
کی پہچان یہ تھی۔ کہ اس کا سر منڈا ہوا تھا۔ اس کی داڑھی بہت بڑی اور گھنی تھی۔ اس کی آنکھیں
اندر کو دھنسی ہوئی تھیں۔ اس کے گال ابھرے ہوئے تھے۔ اس شخص نے اپنا تہبند ٹخنوں سے آدھی
پنڈلی تک اونچا باندھا ہوا تھا۔ اس قسم کی اس کی علامتیں تھیں۔ یہ صحابہ کرام نے کیوں بیان فرمایا۔
ایک بنیادی بہت بڑا سوال ہے۔ ہزار ہا واقعات ہوئے۔ ہزار ہا باتیں ہوئیں۔ ہزار ہا لوگ نظروں
سے گزرے۔ ۲۱ — ۳۶ — احادیث بھری پڑی ہیں۔ لیکن کبھی اس کے حلیے بھی صحابہ نے بیان فرمائے۔
کہ فلاں شخص منڈے ہوئے سر کا تھا۔ آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں۔ اور اس کی داڑھی گھنی تھی۔ گال ابھرے
ہوئے تھے۔ اور ٹخنوں سے اوپر آدھی پنڈلی اس کی ننگی تھی۔ سوال یہ ہے کہ یہ علامتیں صحابہ نے
کیوں بیان کیں۔ کوئی تو حکمت ہوگی۔ کیا معاذ اللہ اس کا مذاق اڑا رہے تھے۔ نہیں صحابہ کرام
کے مقام سے فروتر ہے۔ یعنی کیا اس کی شکل کا حلیہ بیان کر کے اس کا مذاق اڑا رہے تھے۔
نہیں صحابہ کرام تو اونچے لوگ ہیں۔ اس لئے بیان کیں کہ ان علامتوں کو پہچان لو۔ اور آقا علیہ
السلام نے فرمایا۔ اس شخص کی پشت میں سے اس کی نسل پیدا ہو گی۔ جو بے حد گستاخ ہو
وہ بھی گستاخ ہو گا۔ اس طرح زبان دراز ہو گا۔ اس طرح طعنہ دیں گے۔ نماز روزے تلاوت
قرآن کی تم سے زیادہ ہو گا۔ پہچان لو کہ وہ دیکھنے میں دیندار نظر آئیں گے۔ مگر حقیقت میں

دین سے خارج ہوں گے۔ یہ خارجی تھے۔ اور خارجیوں کی نسل ہے۔ اور آگے یہ اسلام نے دکھلا
کہ قیامت کے آخر وقت تک وہ نسل موجود رہے گی۔ اور سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا طریقہ کار۔
ایک شخص نے آپ سے سوال کیا۔ قرآن مجید کی ایک آیت کا معنی پوچھا۔ اور وہ آیت عام
طور پر غلط لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کے خلاف استعمال کیا کرتے تھے۔ یہ بدبخت بد
عقیدہ لوگ۔ یعنی ان آیتوں سے یہ مراد لیتے تھے۔ کہ دیکھو حضور کو معاذ اللہ اللہ نے مجبور کیا
ہے۔ یعنی حضور کی شان کو گھٹانے کے لئے۔ ان آیتوں کا غلط استعمال کرتے تھے۔ تو
وہ آئے سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے معنی پوچھا۔ تفسیر پوچھی۔ علامہ ابن تیمیہ نے
الصارم المسلول میں یہ حدیث تو احادیث صحاح ستہ میں مگر انہوں نے ایک باب میں جمع
کر دیں۔ علامہ ابن تیمیہ وہ عالم ہیں۔ جن کو سب سے زیادہ دنیا میں سعودی کا امام مانا
جاتا ہے۔ فرماتے ہیں۔ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سمجھ گئے۔ معنی انہیں بتایا ان آیتوں کا
ترجمہ نہیں بتایا تفسیر میں نہیں گئے۔ اس نے آیتوں کا مفہوم پوچھا۔ سیدنا فاروق اعظم نے فرمایا
ذرا سر سے کپڑا اٹھانا۔ جب اس نے ہٹایا تو اس کے سر پر بال تھے۔ آپ نے فرمایا
اس خدا کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ اگر تمہارا سر منڈا ہوا ہوتا۔ تو
جو آیتیں چن کر تم ان کا معنی پوچھ رہے تھے۔ اگر تمہارا سر منڈا ہوا ہوتا۔ تو اس تلوار سے
تمہارا سر کا رگڑا اتار دیتا۔ اس لئے میں منڈا ہوا تمہارا سر دیکھ کے سمجھ لیتا
کہ کہاں سے بول رہے ہو۔ کس اسٹیشن سے بول رہا ہے۔ اب چونکہ سر منڈا
ہوا نہیں ہے۔ اس لئے شک پڑ گیا۔ معلوم نہیں ان میں سے ہو۔ یا نہیں ہو۔ اس
لئے چھوڑ دیتا ہوں۔ یہ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا عمل ہے۔
تو ان لوگوں نے نعرہ تو اللہ کا لگایا ان الحکم الا للہ۔ حکومت صرف اللہ کی ہے۔
نعرہ توحید کا لگایا۔ یہ بدبخت ایک اچھے نعرے کے ذریعے۔ بدنصیبی پھیلانے والے تھے۔ حضرت
(ان کا کارنامہ)
مولا علی کرم اللہ وجہہ کے خلاف۔ حضرت امیر معاویہ کے خلاف۔ اور خاص طور پر سیدنا علی کے خلاف کیا
یہ خوارج کا طبقہ ہوا۔ اور تین طبقے ہو گئے۔ ایک شیعان علی انہوں نے حضرت علی کا ساتھ دیا

سے تجاوز کیا۔ اور حد سے بڑھ گئے۔ انہوں نے اہلبیت اور کبار صحابہ پر الزام جوڑے اور حضرت امیر معاویہؓ ان کے ادھیر
میں زبان طعن اور نازیبا کلمات پر پہنچ گئے۔ ادب اور حیا کی حد کو توڑ دیا۔ دوسرے حامیان امیر
معاویہؓ۔ جنہوں نے ایک غلط اقدام کی حمایت کی۔ اور خلافت حقہ کی مخالفت میں حد سے بڑھ گئے
اور تیسرا طبقہ خوارج کا ہے جو دونوں کے خلاف تھا۔ چوتھا طبقہ امت مسلمہ کی اکثریت کا رہ گیا۔ اور وہ
اہلسنت والجماعت کا طبقہ تھا۔ ان کا موقف کیا تھا۔ یعنی وہ حضرت علیؓ کی خلافت کو حق پر
مانتے تھے۔ انہی کے دست حق پر بیعت کی۔ انہی کو امام برحق اور خلیفۂ راشد مانتے۔ اور انہی کی
حکومت کو سچی حکومت مانتا ہے۔ اور حضرت امیر معاویہؓ کی حکومت کو درست نہیں مانتے تھے۔ مگر وہ اب
دوسرے میدانوں میں آگے ہے۔ جنگ اور قتال میں اس لئے نہیں آتے تھے۔ کہ امت میں خون خرابہ نہ ہو۔ بڑا ابتلا میں
کیے ہوئے تھے۔ حیا کی ادب کا چپ رہتے تھے۔ اور خون خرابہ اور تفرقہ سے بچتے تھے۔ مگر معنوی طور پر سے
سیدنا علی شیر خدا ہی کی خلافت کو حق مانتے تھے۔ یہ امت مسلمہ کی اکثریت تھی۔
سیدنا امام حسن مجتبیٰؓ انہوں نے چھ ماہ کی خلافت کا زمانہ پایا۔ تو آپ نے دیکھا کہ یہ سلسلہ
خلافت راشدہ پورا ہو سکتا ہے۔ لیکن امت تو بدستور الگ الگ ہے۔ اب شام دمشق اور دیگر
کے علاقے سلطنت میں ہیں۔ فتنے بھی ہو چکے ہیں۔ اور اپنے موقف سے ہٹنے کے لئے تیار نہیں اور امت
میں وحدت پیدا نہیں ہو رہی ہے۔ حجاز میں کوفہ تک اور ہمارا خلیفۂ خلافت راشدہ ہے۔ آپ نے
نے سمجھا کہ اگر یہ عمل اسی طرح جاری رہا۔ تو اب چونکہ وہ ڈٹ گئے ہیں۔ اب کسی صورت ہٹنے پر تیار
نہیں۔ (۳۲-۵۲) یہ سلسلہ دائماً اس امت کی تفریق جاری رہے گی۔ اور اسلام کی حکومت ایک مرکز
پر یکجا نہیں ہوگی۔ سیدنا حسن مجتبیٰؓ نے باوجود حق پر ہونے کے اس امت کی وحدت یکجہتی کی
خاطر اور امت کی خیر اور فلاح کی خاطر اور اسلام کی قوت کو دائماً سیاسی طور پہ تقسیم ہونے
اس حکمت کی مصلحت کی بنا پر جب دیکھا کہ حضرت معاویہؓ تو نہیں مان رہے۔ انہوں نے خود اپنی
خلافت ہار کر کے حضرت امیر معاویہؓ کے حق میں یکجا کر دیا۔ یہ سیدنا امام حسن مجتبیٰ کی عظمت تھی۔ یہ عالی ظرفی
تھی۔ ان کی وسعت ظرف تھی۔ ان کا احسان تھا۔ اور امت پر ان کا کرم تھا۔ باوجود اس کے کہ وہ حق پر ہوتے ہوئے
حق پر رہنے کے باوجود جو تفریق ہو گئی تھی۔ وہ ختم نہیں ہو رہا تھا۔ اور یہ جو کچھ جاری تھی۔ اور مجموعی طور پر اسلام کی عالمگیر قوت

کو نقصان ہوگا۔ تو وہ اہلبیت کے فرزند تھے۔ اور گلشن مصطفیٰ کے چشم و چراغ تھے۔ انہوں نے درگزر
فرما کر بہتر جانا۔ اور امت کی اجتماعی خیر اور اجتماعی وحدت کے پیش نظر۔ حضرت معاویہ کے ہاتھ پر
بیعت کرلی۔ اور اپنی خلافت سے دستبردار ہوگئے۔ اور اس طرح امام حسن مجتبیٰ کی قربانی سے
جو حکومت بنی اسلام کی وہ دوبارہ ایک جگہ پر یکجا ہوگئی۔ اب جو حکومت تھی وہ مجتمع ہونے کے باوجود وہ ملوکیت
ہی رہی وہ خلافت راشدہ نہ بن سکی۔ اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ امام حسن مجتبیٰ کے بیعت کر لینے کے
بعد حضرت امیر معاویہ کی ملوکیت خلافت راشدہ بن گئی تھی — وہ غلط سمجھتا ہے۔ وہ ملوکیت ہی رہی۔
خلافت راشدہ اس دن بیعت کرنے پر تیس سال مکمل کرنے کے بعد ختم ہوگئی۔ اور آقا نے جو خبر دی
دی تھی۔ تیس سال تک خلافت راشدہ ہوگی وہ ختم ہوگئی۔ جس کے بعد اسلامی سلطنت ملوکیت کی
شکل میں ایک وحدت کے طور پر آگے چل پڑی۔ اب یہاں ایک معاہدہ تھا۔ کہ حضرت امیر معاویہ اپنا دور
حکومت ختم ہونے کے بعد اپنا کوئی جانشین نامزد نہیں کریں گے۔ اور — لوٹا دیں گے کہ امت
کی طرح جس طرح امام حسن مجتبیٰ منتخب کر لیتے۔ امت اپنا خلیفہ یا بادشاہ جب خلفائے راشدہ کے طریق
پہ۔ گویا یہ معاہدہ ضروری تھا۔ تا کہ اس وقت میں تقسیم ختم ہو جائے۔ اس کے بعد امت پھر متحد ہو کر
نئے خلیفہ کا انتخاب کر سکیں گے۔ لیکن بدقسمتی عالم اسلام کی کہ ایسا نہ ہو سکا۔ جب حضرت
امیر معاویہ کا آخری وقت آیا۔ اب یہاں پر مورخین نے مختلف اسباب لکھے ہیں۔ میں کسی پر
جرح و تنقید نہیں کرتا۔ کسی نے عدول کے تصور پر کہ سب صحابہ عادل ہیں۔ نیک نیتی پر اعتماد
کرتے ہوئے۔ اہلسنت مورخین اس طرف گئے ہیں۔ کہ وہ بے شک خاندان یا بیٹے کی محبت کا غلبہ تھا
لیکن اس خیال سے کہ شاید کسی ایک امام اور خلیفہ پر امت کو چھوڑ دیا جائے۔ اور میں نے نامزد نہ
کیا۔ تو شاید امت کسی ایک خلیفہ پر متفق نہ ہو سکے۔ لہذا نیا نہ سلسلہ شروع ہو جائے۔
انہوں نے اسی خیال کے پیش نظر۔ اپنے بیٹے یزید کو اپنا جانشین نامزد کر دیا۔ کچھ لوگ کہتے ہیں۔
کہ یہ بات میرے علمی ذوق کو اپیل نہیں کرتی۔ لہذا میں اس دلیل سے متاثر نہیں ہوا۔ باوجود
عدول پر ایمان رکھتا ہوں۔ مگر عدول پر ہی قائم ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ انسان کے اندر جو بشری کمزوریاں
ہوتی ہیں وہ غالب آ گئیں۔ یہ بشر کی خطا ہوئی۔ اس کو یہی خطائے اجتہادی کہا جاتا ہے۔

ہر شفقت اتنی غالب آئی بطور باپ کے۔ یا خاندانی عصبیت غالب آئی۔ یا مجموعی حکومتی ماحول نے اثر انداز کیا
جو بھی اسباب تھے مجموعی طور پر بہرصورت۔ اس معاملے میں عمل پیرا نہ ہو سکے۔ اور اپنے آخری عہد میں کچھ
لوگوں نے یہ ماحول برپا کر دیا کہ آپ کے بیٹے سے ہی شروع ہو اس کو خلیفہ نامزد کر دیں۔ نہ کیا تو شاید قتل و غارت
ہو جائے گی۔ حکومت تقسیم ہو جائے گی۔ جنگیں ہوں گی۔ فتنہ و فساد ہو گا۔ بہرصورت کچھ ان کے داخلی عوامل اور کچھ
خارجی اور سیاسی عوامل۔ جنہوں نے مل کر معاملے پر عمل پیرا ہونے نہ دیا۔ ان سے ان کے بیٹے یزید کی
جانشینی کروا دی۔ اور یہ ان کی غلطی تھی۔ یہ دوسرا غلط اقدام تھا۔ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی حکومت
کے خلاف اپنی آزاد حکومت کا اعلان غلط اقدام تھا۔ دوسرا اپنی زندگی میں ہی جائے خلافت (B)
گویا سنت کی طرح دائمی بنانے کے خود اپنے بیٹے یزید کی جانشینی کا اہتمام کروا دینا۔ اور اسے نامزد
کر دینا جانشین مقرر۔ یہ دوسرا غلط اقدام تھا۔ اور ہم اسے بھی پہلے کی طرح صحابیت کے دفاع کے سبب
ہم زبان طعن دراز نہیں کرتے۔ ہم ادب اور حیا رکھتے ہیں۔ کہ دونوں غلطیاں ہو گئیں۔ اور بڑی سیاسی غلطیاں ہو گئیں
مگر تابعی اسلام کے صحابی ہیں۔ اس شرف صحابیت کی چادر نے ان کا دفاع کر دیا۔ ہم خاموش
رہنا چاہتے ہیں۔ گستاخی نہیں کرتے۔ اور بے ادبی نہیں کرتے۔ زبان طعن دراز نہیں کرتے
ہم حرام سمجھتے ہیں۔ یہ ادب و حیا کا معاملہ ہے۔ اور ادب بھی نسبت رسول کا ادب ہے۔ کیونکہ
رسول کا ادب ہے۔ اس کے آگے ہم اس بات کو طول نہیں دیتے۔ اور یہی میری نصیحت ہے ہر ایک کے لیے۔
تاکہ ادب قائم رہے۔ ورنہ یہ غلط اقدام ہوا۔ اور یزید کی جانشینی کروائی۔ ان کی زندگی میں یزید کی بیعت
لی گئی۔ یہاں سے اسی ایک اگلی تاریک باب کی بنیاد رکھ دی گئی۔ جو تاریک باب معرکہ
کربلا کے جا کے ختم ہوا۔

بعض علماء نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس کو سیاسی سوجھ بوجھ سمجھی اس وجہ سے اس کو نامزد کیا۔
اس صورت کے جتنے دلائل ہیں وہ وزنی نہیں ہیں۔ اور حمایت داری کا تقاضا یہ ہے کہ جو بات حقیقت
ہے اسے تسلیم کر لیا جائے۔ اور بعد ازاں زبان درازی سے رکا جائے۔ خاموشی ادب کے ساتھ اس کی
جا سکے۔ چنانچہ یزید تخت پر بیٹھ گیا۔ اور یہاں سے دور یزیدیت کا آغاز ہو گیا۔ اپنا اقتدار
امیر معاویہ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی۔ اور تلقین کی۔ جو ان سے اندازہ تھا وہ کہہ دیا کہ بیٹے بے شک

سیدنا امام حسین۔ یہ چند ہستیاں ہیں جو ہمارے ناز کا ہر سبب ہیں نہیں کریں گے۔ مگر یاد رکھنا وہ آلِ
بیت رسول ہیں۔ حضور کے صاحبزادے اور شہزادے ہیں۔ ان سے نفرت نہ کرنا۔ ان سے زیادتی
نہ کرنا۔ یہ نصیحت کر دی۔ جیسے باپ کا خیال ہوتا ہے کہ بیٹا میری بات کا خیال کرے گا۔
اندازہ نہیں تھا کہ یزید کتنا بے حیا ہے۔ وہ بے حیا تھا بدبخت تھا۔ وہ نادان تھا۔ اس
نے کسی چیز کی قدر نہ کی۔ اور تخت حکومت پر بیٹھتے ہی اس نے مدینے کے گورنر کو خط لکھ دیا۔
اس کا نام ولید بن عتبہ تھا۔ اور کہا کہ حضرت امام حسین، حضرت عبداللہ بن عمر
اور حضرت عبداللہ بن زبیر۔ ان شخصوں کو بلاؤ۔ اور میرے لئے ان سے بیعت لو۔ اور اگر
وہ انکار کریں تو انہیں گرفتار کر کے میرے پاس لے آؤ۔ اس بدبخت نے حکومت پر بیٹھتے ہی
ظالمانہ کاروائی کا آغاز کر دیا۔

یہاں ایک بات کہہ دوں۔ یہ لڑکا ہے کہ یہ جو تخت حکومت پر بیٹھا ہے یزید۔ اور یہ بدبختی کا سال
تھا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ حدیث پاک صحیح بخاری میں ہے کہ میں نے دو طرح
کے کلمات سیکھے۔ ایک وہ جو میں ہر عالم میں تم سے بیان کرتا رہتا ہوں۔ میں کھلی محفلوں
میں بیان کرتا ہوں۔ دوسرا دوسری قسم ایسی باتوں کی ہے اگر میں کھلے عام بیان کر دوں۔ تو میری گردن
کاٹ دی جائے گی۔ وہ میں ہر شخص کو بیان نہیں کرتا۔ وہ خاصوں کے لئے ہے کہ میاں محمد نے فرمایا

مد خاصاں دی گل عاماں اگے نہیں مناسب کرنا۔
کھیر پکا محمد بخشا کتیاں اگے دھرنی

یہی حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا تھا۔ سیدنا یوسف علیہ السلام اپنے بیٹے کو۔ جب وہ
خواب دیکھا تھا آپ نے۔ کہ سورج چاند اور ستارے سجدہ کرتے ہیں۔ حضرت یعقوب نے
بشارت دی کہ بیٹا خوب سمجھ گیا ہوں۔ اس خواب نے تمہارا مستقبل دکھا دیا ہے۔ مگر
خاصوں کی بات ہے عاموں سے نہ کر بیٹھنا۔ عرض کیا بابا عام کون ہیں۔ فرمایا یہ جو تمہارے
سوتیلے بھائی ہیں ان کو نہ بتانا۔ یہ فتنہ کھڑا کر دیں گے۔ ہم کیا جانیں حضرت یوسف علیہ السلام
بھولے انہوں پر اعتماد کر بیٹھے۔ اور اعتماد کر کے بالآخر انہی کو بتا دیا۔ اور یہ اس خاص بات کا

سو نکلے بھائیوں عاموں کو بتانے کا نتیجہ تھا۔ کہ پھر کنوئیں میں گرائے گئے۔ اور کبھی مصر کے بازاروں میں بیچے گئے۔ اور کبھی زلیخا سے ستائے گئے۔ اور نو سال تک جیلوں میں رہے۔ اور تیئیس سال تک بار بار ستائے گئے۔ اور پھر زمانہ کاٹ کر تخت مصر پر بیٹھے۔ پھر والدین آئے۔ گیارہ بھائی آئے۔ اور تخت مصر پر یوسف کو پایا۔ جب سارے زمانے کے رواج کے مطابق سجدے میں گر گئے۔ حضرت یعقوب بولے بیٹے یہ ہے اس خواب کی تعبیر جو تو نے بچپن میں دیکھا تھا۔ جو حاسدوں کی بات تھی تو عاموں کو بتا بیٹھا۔ سچا تو ثابت ہو گیا۔ مگر [illegible] سال تجھے تکلیف اٹھانا پڑی۔

تو حضرت ابو ہریرہ کہتے ہیں — آقا علیہ السلام نے مجھے خاص باتیں بتائی ہیں تو اگر عام کو بتا دوں۔ تو میرا گلا کاٹ دیا جائے۔ کسی خاص نے کہا ان سے پوچھا۔ کہ ان میں سے کوئی ایک بات مجھے تو بتا دو۔ اور یہی حدیث بخاری میں ہے۔ اور فتح الباری میں روایت ہے۔ حضرت ابو ہریرہ نے بتا دیا کہ ان خاص باتوں میں سے ایک یہ ہے۔ کہ حضور علیہ السلام دعا کرتے تھے۔ اے اللہ میں ساٹھ ہجری کی ابتداء سے پناہ مانگتا ہوں۔ جب میری امت کی ساٹھ ہجری شروع ہوگی۔ اور نااہل کم عمر لوگ جب تخت سلطنت پر بیٹھیں گے۔ اس سے پناہ مانگتا ہوں۔ تو جب ساٹھ ہجری آیا تو یزید کم عمر تھا۔ نااہل تھا۔ بدبخت تھا۔ فاسق تھا فاجر تھا۔ شرابی تھا زانی تھا۔ بے ایمان تھا بے حیا تھا۔ ملعون تھا جہنمی تھا کم عقل تھا۔ کم شعور تھا۔ یہ تو معلوم نہیں [illegible] ساٹھ ہجری کی ابتداء۔ مگر اس راز کی بات کی حضور اس سال سے پناہ مانگتے تھے۔ نگاہ مصطفیٰ ساٹھ ہجری کے لپیٹے ہوئے برسوں کے پردوں کے اندر چھپے ہوئے معرکہ کربلا کو دیکھ رہی تھی۔ نگاہ مصطفیٰ بدبخت یزید کی جانشینی کو دیکھ رہی تھی۔ نگاہ مصطفیٰ حسین کا [illegible] کربلا میں اہل بیت کے خیموں کا لٹنا ہوا۔ دیکھ رہی تھی۔ نگاہ مصطفیٰ [illegible] کے پیاسوں کا پیاسا ہونا تک رہی تھی۔ نگاہ مصطفیٰ خانوادہ مصطفیٰ کے معصوموں کے گلے کا کٹنا دیکھ رہی تھی۔ نگاہ مصطفیٰ امام حسین کی لاش پر گھوڑوں کی ٹاپوں سے چلنا تک رہی تھی۔ نگاہ مصطفیٰ خانوادہ [illegible] کا [illegible] مارا جانا تک رہی تھی۔ نگاہ مصطفیٰ اہل بیت کے خیموں کا جلایا جانا تکتی۔ نگاہ مصطفیٰ حسین کے سر کا قلم ہونا۔ دمشق میں پھرایا جانا تک رہی تھی۔ اور [illegible] منظر دیکھ کر خدا کی

بارگاہ میں عرض کر رہے تھے کہ ساٹھ ہجری کی ابتدا سے پناہ مانگتا ہوں اور فتح الباری میں بھی یہ حدیث ہے
کہ حضرت ابوہریرہ جو خود ساری زندگی۔ جب بازاروں سے کبھی گزرتے تھے۔ باآواز بلند یہ دعا کرتے
تھے۔ اے اللہ مجھے ساٹھ ہجری تک زندہ نہ رکھنا۔ دعا میں کرتے تھے۔ اور اللہ کی شان ساٹھ ہجری کی
آمد سے پہلے حضرت ابوہریرہ کی وفات ہو گئی۔ کسی کو خبر نہ تھی کہ ساٹھ ہجری میں کیا ہونے
والا ہے۔ اور ساٹھ ہجری کا سال آیا تو یزید پلید تخت پر بیٹھا۔ اس کا تخت پر بیٹھنا تھا کہ
معرکہ کربلا کی ابتدا ہو گئی۔ بعد اقتدار ولید بن عتبہ کو خط لکھتے ہیں کہ حسین کو
پکڑلو۔ عبداللہ بن عمر کو پکڑ لو۔ عبداللہ بن زبیر کو پکڑ لو۔ اور ان سے میری بیعت کا مطالبہ کرو۔
بیعت کرے تو ٹھیک ہے نہیں تو انہیں گرفتار کر کے میرے دربار میں پیش کرو۔

میرا حسین باغ نبوت کا پھول ہے
حیدر کی اس میں جان ہے خون رسول ہے۔

۲۰ — ۲ — ۲۰۱۸
۳ — ۶ — ۱۴۳۹
منگل — ۴ — ۱۵

۲۱ شہادت امام حسینؑ کا تاریخی پس منظر ۲

۱- ۱۵-۵-۱۹۹۸ مرکزی جامع مسجد منہاج القرآن ماڈل ٹاؤن لاہور

یزید نے تخت نشین ہوتے ہی حضرت معاویہؓ کی وفات کے بعد سب سے پہلے گورنر مدینہ ولید بن عقبہ کے نام خط لکھا۔ اور حضرت امیر معاویہؓ کی وفات کی اطلاع بھیجی۔ اور ساتھ ہی سیدنا امام حسینؓ۔ اور عبداللہ بن زبیر۔ عبداللہ بن عمر (تاریخ ابن اثیر جلد ۴ صفحہ ۱۴) ان سے یزید نے اپنے حق میں بیعت لینے کا مطالبہ کیا۔ ولید بن عقبہ ایک رحم دل انسان تھا۔ اور خاندان نبوت کا احترام اور قدر کرنے والا تھا۔ اب وہ گورنر تھا یزید کی حکومت کا بھی یہ پڑھ کر گھبرایا۔ اور اس نے اپنے مشورے کیلئے۔ اپنے نائب مروان بن حکم کو بلا لیا۔ کہ یہ صورت حال ہے۔ اس میں میں کیا کروں (البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۴۷) مروان سنگ دل اور سخت مزاج شخص تھا۔ اس نے کہا کہ ان تینوں افراد کو فوری طور پر بلواؤ۔ اور ان سے بیعت لینے کیلئے کہو۔ اگر وہ بیعت کر لیں۔ تو ٹھیک ہے نہیں تو ان کے سر قلم کر دو۔ اور اس نے کہا اگر تم نے ایسا نہ کیا۔ تو یہ تینوں کسی الگ الگ مقامات پر جا کر اپنی الگ خلافت کا اعلان کر دیں گے۔ ان خطوط میں اس نے یہ بات ڈالی۔ مشکلات پیدا ہو جائیں گی۔

ولید نے سیدنا امام حسینؓ اور عبداللہ بن زبیر کو بلا بھیجا۔ سیدنا امام حسینؓ مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے جب وقت قاصد کی آمد دیکھ کر امام حسینؓ سمجھ گئے۔ کہ لگتا ہے۔ کہ حضرت امیر معاویہؓ کی وفات ہو گئی ہے۔ اور یزید نے بیعت لینے کی مطالبے کی اور اس سلسلے میں بلایا ہے۔ تاہم جزئیات میں جانے کی بجائے۔ حضرت امام حسینؓ کی ولید سے بات چیت ہوئی۔ تو آپ نے نہ بیعت کرنا تھی نہ کی۔ اور یہی معاملہ دیگر صحابہ کرام کا ہو گیا۔ حضرت عبداللہ بن زبیر بھی مختلف حیلوں بہانوں سے ٹالتے رہے۔ اور دوسرے دن اپنے بھائی جعفر کو لے کے مدینے منورہ سے مکہ معظمہ روانہ ہو گئے۔ اور سیدنا امام حسینؓ نے اپنے اہل عیال کو عزیز و اقارب کو اور خانوادہ نبوت کے مقدس افراد کو جمع کیا۔ انہیں بھی شہر مدینہ چھوڑ کر مکہ معظمہ کی طرف منتقل ہو جانے کا کہا۔ تیاری کر لی۔ آپ سمجھ رہے تھے۔ کہ ہمارے بیعت نہ کرنے پر یزید سخت اقدام کی دوبارہ حکم کرے گا مزاحمت ہو گی ہم بیعت نہیں کریں گے۔ خانوادہ نبوت

اور ہمارے محبت کرنے والے جملہ صحابہ، تابعین، تبع تابعین اور غلامان اہلبیت اور جملہ مسلمان
مزاحمت کریں گے۔ اور سرزمین مدینہ پر خون بہنے کی نوبت نہ آ جائے۔ اور اس طرح یہ بدبخت
لوگ ہیں۔ یزید بھی بد ہے یزید کے پیروکار بھی اور اس کے ملازم و انصار بھی۔ یہ بدبخت لوگ ہیں
جنہوں نے اس رسول کا احساس نہیں کیا ہے۔ اور خانوادہ رسول کے تقدس کو پامال کرنے کا کوئی
ڈر نہیں۔ اس کے لئے شہر مدینہ کے تقدس کو پامال کرنا کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ آپ
نے مدینہ پاک کے حرم کی عزت و تکریم کی خاطر کہ یہاں ایسی صورت حال پیدا نہ ہو۔
اعزہ و اقارب کو لے کر مدینہ پاک سے مکہ معظمہ کی طرف ہجرت فرمائی۔
حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ اور یہ سیدنا امام حسین کی آخری حاضری تھی۔
نوافل ادا کیے۔ دست بستہ سلام عرض کیا (6-S.S) وہ آپ کی آنکھوں سے بے ساختہ
آنسو رواں تھے۔ اور سمجھ رہے تھے کہ معلوم نہیں اس کے بعد نانا جان کی اس بارگاہ میں حاضری اور
دیدار کی دولت نصیب ہو سکے گی نہ ہو گی۔ گنبد خضریٰ کے مکین سے جدائی کا تصور حضور علیہ السلام
کی بارگاہ سے دور جاتے ہیں۔ وہ بچپن سے لے کر آج تک کی یادیں۔ وہ ساری آنکھوں
کے سامنے تھیں۔ آپ کے اوپر ایک رقت طاری ہو گئی تھی۔ اس شہر کی معطر منور اور مبارک
فضاؤں کو چھوڑنا آسان بات نہ تھی۔ پیدائش سے لے کر بچپن لڑکپن جوانی
اور آج کی عمر تک مدینے پاک کی گلیوں میں۔ آقا علیہ السلام کی گود سے لے کر شہر مدینہ
کی فضاؤں میں آپ نے زندگی گزاری تھی۔ اور آج سے شہر مدینہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے چھوٹ
رہا تھا۔ والدہ ماجدہ کے مزار اقدس پر حاضر ہوئے۔ سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا ان کی بارگاہ میں بھی
سلام عرض کیا۔ مکہ معظمہ روانہ ہو گئے۔ بعضوں نے حضرت محمد بن حنفیہ۔ آپ کے خاندان
کے ایک فرد۔ بھائی لگتے رشتے میں۔ انہوں نے یہ تجویز دی کہ آپ اپنے مکہ معظمہ کی بجائے شہروں
میں قیام نہ فرمائیں۔ دور دیہاتوں یا ریگستانوں میں سے کسی غیر آباد علاقوں میں جا کے قیام
کریں۔ اور وہاں لوگوں کو پیغام بھیجیں اور لوگ آ کر آپ سے وہاں بیعت کرنے لگیں۔ اور
جب وہ بیعت آپ کی کر لیں۔ اور آپ کے پیروکاروں کا ایک گروہ یا لشکر جمع ہو جائے۔ اسی

کام کو دعوت کے ذریعے آگے بڑھاتے رہیں ۔ اور شہروں میں قیام نہ فرمائیں ۔ تو سیدنا امام حسینؓ نے مشورہ
پوچھا کہ میں کہاں جاؤں ۔ آپ نے فرمایا کہ مکہ معظمہ چلے جائیں ۔ اگر وہاں آپ کو اپنی سکونت قیام
میں اطمینان ملے تو بہتر ہے کہ وہیں رہیں ۔ اگر محسوس کریں کہ وہاں بھی اطمینان نہیں ۔ اور یزید کی
حکومت وہاں بھی پریشان کر رہی ہے ۔ تو دور دراز ریگستان میں چلے جائیں ۔ حضرت امام حسینؓ
نے مدینہ چھوڑا ۔ اور قرآن مجید کی وہ آیت کریمہ زبان پر تھی ۔ جب شہر مدینہ سے سوئے مکہ کو
روانہ ہوئے تھے جب سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے مصر چھوڑ کر مدین کی طرف جاتے ہوئے تلاوت
کی تھی ۔ اور قرآن مجید میں اس کا ذکر آیا ہے ۔ فخرج منھا خائفا ــــ الظالمین ۔
اور جب آپ مکہ معظمہ میں داخل ہوئے ۔ وہ کلمات جو سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے مدین جو
آپ کے لئے جائے سکونت جائے پناہ تھی ۔ اس میں داخل ہوتے ہوئے ۔ فلما توجہ تلقاء
السبیل ۔ شکر اللہ رب العزت ۔ ہمیں ان ظالموں سے نجات بھی عطا
کر ۔ امید ہے کہ میرا رب مجھے سیدھی راہ پر استقامت کے ساتھ گامزن فرمائے گا ۔ جب آپ مکہ معظمہ
پہنچے ۔ آپ کے پہنچنے سے قبل حضرت عبداللہ بن زبیر چونکہ پہلے آ چکے تھے مکہ معظمہ میں سب
سے ان کے حامی تیار ہو گئے تھے ۔ یزید نے یہ دیکھ کر کہ ولید بن عتبہ نے امام حسینؓ کو بھی
رخصت کر دیا ۔ حضرت عبداللہ بن زبیر کو بھی رخصت کر دیا ۔ آپ نے سخت قسم کی گرفت نہ کی
گئی ۔ وہ ولید بن عتبہ سے مایوس ہو گیا ۔ اور اس نے ساٹھ ہجری میں ہی رمضان کا مہینہ
تھا ۔ تخت پر بیٹھنے کے بعد مدینہ کی گورنری سے ولید بن عتبہ کو معزول کر دیا ۔ اور اس کی جگہ عمرو بن
سعید کو مدینہ کا گورنر مقرر کر دیا ۔ ایک لشکر بھی بھیجا دو ہزار یا زائد سپاہیوں پر مشتمل
اور عبیدہ لشکر مکہ معظمہ پہنچ کے مکہ کا محاصرہ کر لیا ۔ تو حضرت عبداللہ بن زبیر نے مکہ کا دفاع کیا ۔
اس دوران یزید کے لشکر کا سپہ سالار مارا گیا ۔ اور یزید کے لشکر کو شکست ہوئی یوں ملک زبیر
کی ہار تھی ۔ اور سیدنا امام حسینؓ کعبہ کے تقدس کے پیش نظر اس معرکے میں شریک
ہوئے ۔ اور الگ تھلگ رہے ۔ آپ نے مکہ معظمہ میں قیام فرمایا ۔ حج کے دن آ گئے قریب آ رہے
تھے ۔ جب مکہ میں قیام ہوا تو وہاں کوفہ کو معلوم ہوا ۔ کہ آپ نے شہر مدینہ چھوڑ کر یزید کی بیعت

سے انکار کر دیا ہے۔ اور اس کی بیعت کو مسترد کر دیا ہے۔ اور ہجرت فرما کر مکہ معظمہ میں قیام پذیر
ہیں۔ اہل کوفہ نے آپ کو دعوت دی کہ آپ ہمارے پاس تشریف لائیں۔ ہم آپ کے والد
گرامی مولا علی شیر خدا کے محب ہیں۔ اُن کے پیروکار ہیں۔ یعنی وہ شیعانِ علی جو کہلاتے
تھے جن کا ذکر پچھلے خطاب میں کر چکا ہوں۔ یعنی حضرت علی حامی وہ گروہ تھا۔ سیاسی طور
پر۔ اور جنہوں نے حضرت امیر معاویہ کی سیاسی مخالفت کی تھی۔ اور سیدنا مولا علی شیر خدا رضہ
کی سیاسی طور پر حمایت کی تھی۔ اور خود کو شیعانِ علی کہتے تھے۔ ان کی بھاری اکثریت
کوفہ میں آباد تھی۔ اب انہوں نے سیدنا امام حسین رضہ کو اطلاع کی اور پے در پے خطوط بھیجے
بعض روایات میں آتا ہے کہ ۱۲ ہزار کی تعداد میں۔ اہل کوفہ نے سیدنا امام حسین کو خط بھیجے
اور آپ کے والد نے مدینہ منورہ کی جگہ کوفہ کو دار الخلافہ بنایا تھا۔ اور اس کا ذکر آپ نے
سنا ہے۔ کہ سیدنا علی کے خلافت پر بیٹھنے تک اسلام کا دار الخلافہ مدینہ طیبہ تھا۔ اس وقت
چونکہ اسلام ملک شام اور اس کے علاوہ دور دراز کے علاقوں تک پھیل چکا تھا۔ بلکہ
یورپ کی حدود سپین تک داخل ہو چکا تھا۔ ادھر فلسطین تک پھیل گیا تھا۔ لہذا مدینہ طیبہ
ملک شام اور ملک عراق ایران کی سرحدوں کے اعتبار سے بہت دور پڑتا تھا۔ اور وہاں قریب
ہی دمشق میں حضرت امیر معاویہ آزاد حکومت کی ہے ۔ اور وہاں وقتاً فوقتاً طرح طرح کی
بغاوتیں اور فتنے سر اٹھاتے رہتے تھے۔ لہذا سیدنا مولا علی رضہ نے اسلام کی سلطنت خلافت
کو ایک مضبوط مرکز دینے کے لئے۔ اور مرکز کو مرکزی مقام پر رکھنے کے لئے۔ مدینہ پاک سے منتقل
ہو کر آپ نے مرکز کوفہ کو مقرر فرما لیا ۔ یعنی آپ اپنے حیات مبارکہ کے سارے چار
سال کا عرصہ کوفہ میں رہے اور وہیں آپ کی شہادت ہوئی ۔ اور کوفہ سے ہی کچھ چند میل
کے فاصلے پر آپ کو دفن کیا گیا۔ وہ جگہ آج نجف اشرف کہلاتی ہے۔ سیدنا مولا علی کا مدفن مبارک
ہے۔ حضور پاک ﷺ نے آپ کو خطاب کیا۔ علی تیرے بارے میں دو گروہ ہلاک
ہو جائیں گے۔ ایک وہ گروہ ہوگا جو محبت میں حد سے بڑھ جائے گا (نہج البلاغۃ جلد اول ۳۸۳)
(احمد بن حنبل المسند جلد اول ۱۶۰) اور ایک وہ گروہ ہوگا جو بغض و عداوت میں

حد سے بڑھ جانے والا ہوگا۔ میری محبت میں افراط حد سے بڑھ جاتا ہے۔ تو کسی غلط
چیز میں اپنا لیتا ہے۔ اسی طرح جب کوئی بغض رکھتا ہے دل میں تو بغض اور عناد کی
وجہ سے جب وہ حد سے بڑھتا ہے۔ اور حق کو چھوڑ دیتا ہے اور اندھا ہو جاتا ہے۔
جیسے آج کل بغض آل بیت میں یزیدی ہو گئے۔ اور جو یزید کو امیر المومنین کہتے
ہیں۔ معاذ اللہ۔ یہ یزید کے جنتی ہونے کی بات کرتے ہیں۔ وہ اپنے آپ کو جہنم کا ایندھن
بناتے ہیں۔ جو یزید کو جنتی بناتا ہے وہ بدبخت ~~جو~~ وہ خود کو جہنمی بناتا ہے۔
اور وہ یزید سے پیار کر کے معاذ اللہ۔ وہ امام حسین کو باغی کہہ کر استغفر اللہ اپنے
آپ کو جہنم میں اپنا ٹھکانہ بناتے ہیں۔ اور امام حسین کے نانا کی شفاعت سے خود کو
محروم کر لیتے ہیں۔ معرکہ کربلا جب ہو گیا اور خانوادہ نبوت کے مقدس مبارک سر شہزادوں
پر قافلے کی صورت میں دمشق جا رہے تھے۔ تو راستے میں ایک جگہ انہوں نے
(طبرانی المعجم الکبیر جلد ۳ صفحہ ۱۲۴ رقم ۲۸۷۳) پڑاؤ کیا۔ هیثمی مجمع الزوائد
صفحہ 199 جلد 9۔ انہوں نے آرام کرنا چاہا۔ تو خون کے قلم سے آسمان کے اوپر
ایک شعر لکھا گیا خونی قلم سے اور شعر یہ تھا۔

اترجوا امۃ قتلت حسینا

شفاعۃ جدہ یوم الحساب۔

یہ حدیث تو لو اور گروہ جس نے حسین کو قتل کر دیا ہے۔ کیا حسین کو شہید کر کے اب حسین
کے نانا کی شفاعت کی امید رکھتے ہیں۔ (۱۱۔۲۰) قیامت کے دن حسین کے نانا اسی
کی شفاعت کریں گے۔ جس کے لئے حسین چاہیں گے۔ اور حسین کی شفاعت پہ حسین راضی نہیں ہوگا
علمبرداری کی گنبد خضرا کی قسم اور تاجدار کائنات کی کالی کملی کی قسم جس سے حسین
راضی نہیں ہوگا۔ اس کی مصطفیٰ کبھی شفاعت نہیں کرے گا۔ وہ دوزخ کا ایندھن ہوگا۔ یہ کہاں کا
اعتدال کی بات کرتے ہیں
تو وہ یزید کو ذکر بن گیا تھا سیدنا علیؓ کا سیاسی حامیوں کا۔ اس وقت شیعہ سنی مسلک

وجود میں نہ تھا۔ اس وقت تک سیاسی تفریق تھی۔ یعنی خلافت راشدہ کی حمایت کون کرتا ہے؟
اور اس وقت خلافت راشدہ مولا علی شیر خدا کے پاس تھی۔ وہ امام وقت تھے۔ ان کے برعکس
بنو امیہ کی حکومت حضرت امیر معاویہ کی وہ خلافت نہ تھی وہ ملوکیت تھی۔ وہ سلطنت تھی۔
وہ بعد میں بادشاہت و شہنشاہیت بن گئی۔ اس کی حمایت کون کرتا ہے۔ دو سیاسی
گروہ بن گئے۔ تو بعد ازاں سواد اہلسنت ہو گئے۔ وہ حامی تو مولا علی شیر خدا کے ہو گئے۔
حق پر انہی کو سمجھتے رہے۔ اور اگر کوئی جنگ کی نوبت آگئی تو مولا علی ؑ کے علم کے نیچے ہو کر لڑتے
رہے۔ مگر دوسری سمت گالی نہیں دیتے تھے۔ زبان کو صرف حضور کی صحابیت نسبت
کی وجہ سے خاموش رکھتے تھے۔ اور یہ خاموشی حضرت معاویہ کی ذات تک ہی رہا۔
ان کے اقدامات کو درست کبھی نہیں سمجھا۔ غلط سمجھا۔ اور خاموش ہی رہا۔ اور جب
وہ گئے۔ یزید کا معاملہ آیا۔ یزید چونکہ صحابی نہیں تھا۔ لہٰذا جو تحفظ تھا یزید کو وہ اس کو
وہ یزید کو میسر نہیں تھا۔ وہ ڈھال جو صحابیت کی وہ امیر معاویہ کو میسر تھی۔ وہ یزید
کو میسر نہ رہی۔ تو اس بدبخت نے جو عمل کیا اس نے جہنم کمائی۔ اپنے آپ کو تباہ و برباد
کیا۔ اور قیامت تک لعنت کا مستحق ٹھہرا۔
تو خط آنے لگے کہ امام حسین ہمارے پاس آ جائیں۔ ہم علی کی طرف ہیں۔ ہم آپ کے ہاتھ
پر بیعت کریں گے۔ اور یزید کا تختہ الٹ دیں گے۔ ہزار ہا لوگ بے تاب ہیں۔ اس طرح
دعوتیں آنے لگیں۔ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے تمام خطوط پڑھ کر آپ نے فیصلہ کیا۔ اگر
ہزار ہا لوگ اس وقت بھی حق کی آواز بلند کرنے کے لیے بیدار ہیں۔ اور امر بالمعروف و نہی
عن المنکر کے لیے پکار رہے ہیں۔ اور یزید کی آمریت اور یزید کا ظلم و تشدد۔ اور یزید کا ظلم و جبر
بربریت۔ اور دین حق سے یزید کا انحراف اور اسلام کا نظام سے یزید کی بغاوت
اور اس کا فسق و فجور۔ اور اسلام کے خلاف اسلام کی قدروں کے خلاف۔ یزید کی کھلی
جنگ پر مبنی اور پلید حکومت کے خاتمے کے لیے۔ اگر مسلمان کو وہ بھی پکار رہے ہیں۔ تو میرا
یہ فریضہ ہے کہ میں ان کی دعوت کو لبیک کہوں۔ اور وہاں پہنچوں۔ اور پہنچ کر۔ ان کی بیعت

ہوں۔ اور میں مسلمانوں کا گروہ اکٹھا کر کے۔ اس یزید کی پلید حکومت کا تختہ الٹ کر اور دین
حق کا جھنڈا بلند کروں۔ اور خلافت راشدہ کے نظام کو پھر سے بحال کر دوں۔ جو سیدنا
صدیق اکبر سیدنا فاروق اعظم سیدنا عثمان غنی۔ اور سیدنا مولا علی ۔ اور سیدنا امام حسن نے برقرار رکھا
تھا۔ یہ آقا علیہ السلام کے بعد تسلسل سے جاری تھا۔ اب اس کی حفاظت کی ذمہ داری کا خانوادہ
اہلبیت رسول پر آ پڑی تو آپ نے فیصلہ کرنا شروع کیا۔ اور فیصلہ بالآخر کر لیا۔ اور میں کوفہ
پہنچوں اور جا کے اس پر بجتے ہوئے نظام کے خلاف ٹکر لوں۔ یہاں دین و سیاست کا
ایک ہونا۔ اور دین و سیاست کا جدا ہونا۔ دو فلسفے یہاں سے شروع ہوتے ہیں۔
اور آج امت مسلمہ بالخصوص پاکستانی عوام کے دل اعتزال پر رہنے کے باعث یزیدی فکر کی
حامل ہو گئی ہے۔ اب بات یہ ہے کہ ہم کس طرف ہم جا رہے ہیں۔ اور ایک معرکہ کربلا
برپا ہونے کو جا رہا ہے۔ اور دو طاقتیں آپس میں ٹکرانے کو جا رہی ہیں۔ اس کا بنیادی
سبب کیا ہے۔ کیا یزید نے کھلم کھلا اسلام کا انکار کر دیا تھا۔ کیا یزید نے نمازیں بند کرا
دی تھیں۔ اس نے نماز زکوٰۃ ختم کرا دیا تھا۔ کیا یزید نے عمرے بند کروا دیئے تھے۔ کیا یزید
نے مسجدیں گرانا شروع کر دیں تھیں۔ کیا ہندوستان کی حکومت بن گیا تھا یزید۔ نہیں
پاکستانی حکومت کی طرح تھا۔ پچاس سال سے پاک دھرتی پہ یہ نظام مسلط
ہے۔ وہ کیا ہے۔ اس میں کیا نماز روزے کا انکار ہے۔ کوئی حج عمرے معطل ہو گئے
ہیں۔ سب حکمران عمرے حج کرنے جاتے ہیں (۲۴-۳۱) یہ کوئی جانتا ہے۔ صرف
جنگ کس بات کی تھی۔ امام حسین نے یزید کی بیعت کیوں نہ کر لی۔ بیعت کرنے کا مطلب
یہ تھا۔ کہ یزید کی حکومت کو تسلیم کر لینا۔ اس زمانے کا ایک طریقہ تھا۔ بیعت
آج وہ بیعت نہیں اس کا طریقہ ہے ووٹ دیا جاتا ہے کہ ووٹ کی پرچی سے تسلیم کیا جاتا ہے
یعنی اس کے خلاف بغاوت نہیں کرتے قبول کر لیتے ہیں۔ تو یہ بیعت ہو جاتی ہے۔ ہر دور
اپنے اپنے دور کے طریقے ہیں۔ تو بیعت سے مراد یزید کی حکومت کو تسلیم کرنا اور بیعت
نہ کرنے سے یزید کی حکومت کو تسلیم نہ کرنا۔ جب یزید نے کہا میری بیعت کرے۔ تو مدعا

یہ تھا۔ کہ میری حکومت تسلیم کرنے کا اعلان کرو۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ امام حسینؑ
نے یزید کی حکومت کو تسلیم کیوں نہ کیا۔ کوئی بھی آج کل کے حکمرانوں کی طرح نماز تو وہ
بھی پڑھ لیتا تھا۔ اور آج کل حکمران اکٹھا نماز پڑھ لیتے ہیں۔ تو وہ بھی اکٹھا
نماز پڑھتا تھا۔ آج کل حکمران کبوتروں کا شکار کرتے ہیں۔ وہ بھی شکار کرتا تھا۔ آج کل کے
حکمران اور طرح بھی حج اور عمرے بھی کرتے ہیں۔ شراب بھی پی لیتے ہیں۔ کوئی پیتا ہے کوئی نہیں
پیتا۔ وہ بھی یہی کام کرتا تھا۔ حج و عمرہ بھی کر لیتے ہیں۔ زنا بھی کرتے ہیں اور پردہ
وہ بھی کر لیتا تھا۔ تو کردار میں کوئی فرق نہیں تھا۔ اور نظام میں بھی کوئی فرق نہیں
تھا۔ جنگ کی بنیاد کیا تھی۔ معرکہ کربلا کی اصل حقیقت کیا تھی۔ یزید یہ چاہتا تھا۔
کہ حسینؑ مذہب کی تبلیغ تم سنبھال لو۔ اور سیاست و حکومت میں سنبھال لوں۔ تم
سیاست میرے لئے چھوڑ دو۔ اور مداخلت نہ کرو۔ سیاست میں اور میری حکومت میں
روڑے نہ اٹکاؤ۔ مذہب اور دین کی تبلیغ پر چار خطبہ جمعہ یہ میں آپ کے لئے چھوڑ
دیتا ہوں۔ مسجدوں میں واعظ دینا۔ درس دینا۔ اللہ اللہ کرنا۔ درس قرآن دینا۔ خطاب
کرنا۔ تبلیغ کرنا۔ لوگوں کو حدیث قرآن پڑھانا یہ کام آپ کے لئے چھوڑ دیتا ہوں۔ اور سیاست
کرنا حکومت کرنا۔ سلطنت چلانا اور پورے ملک کے نظام کو چلانا یہ میرے لئے چھوڑ دو۔
بس یزید یہ تقسیم مانگتا تھا۔ اور امام حسینؑ یہ تقسیم نہیں مانتے تھے۔ یزید بھی
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے والا تھا۔ مگر اس نے کہا کہ آؤ حسینؑ لا الہ کو
دو ٹکڑے کر لے۔ مذہب کا حصہ تم سنبھال لو۔ سیاست اور حکومت کا حصہ میں سنبھال لوں
میں تمہاری تبلیغ میں مداخلت نہ کروں بلکہ مدد بھی کر دوں گا۔ تم میری سلطنت و حکومت میں
مداخلت نہ کرو۔ یزید اپنی آمریت چاہتا تھا۔ اس نے خلافت کو آمریت سے بدل دیا۔
لوگوں سے حقوق انسانی چھین لئے۔ عدل و مساوات کا نظام ختم کر دیا۔ خلافت
جو حقیقی مشاورت پر قائم تھی اسے پامال کر دیا۔ خاندانی حکومت لے آیا۔ اس کا
حکم قانون بنتا تھا۔ وراثت چاہتا تھا۔ جمہوریت ختم کرنا چاہتا تھا۔ اس کے سامنے کوئی کھڑا ہو کر

اسے غلط نہ کہہ سکے۔ بس وہ مطلق العنان حکمران کا خواہشمند تھا۔ حسین ہو یا عبداللہ بن ابن زبیر۔ کوئی بڑا ہو۔ وہ گوارہ نہیں کرتا تھا۔ کہ یزید کے غلط کام کو اس دھرتی پر کوئی غلط کہہ سکے۔ بس اتنی سی بات تھی۔ اس نے کہا آپ بھی آرام سے چلیں اور میں بھی ـــ امام حسینؑ کا جواب کیا تھا۔ گویا یزید بد بخت میں اپنے مصطفیٰؐ کے اپنے نانا کے دین کو دو ٹکڑوں میں تقسیم ہونے کی اجازت نہیں دوں گا۔ اگر سیاست حکومت اور سلطنت اور ادھر دین مذہب اور روحانیت دو الگ چیزیں ہوتی۔ تو پھر مصطفیٰؐ فقط مسجدوں میں نظر آتے۔ اُحد بدر کے میدانوں میں دکھائی نہ دیتے۔ اگر سیاست و مذہب دو چیزیں ہوتیں۔ تو پھر مصطفیٰؐ رات کو مصلے پر سجدہ کرتے نظر آتے۔ وہ حنین کے اور طائف کے بازاروں میں پتھر کھاتے نظر نہ آتے حسین کے نانا پر پتھر نہ برستے ـــ تاجدار کائنات کے اوپر پتھر نہ لگتے۔ آپ کے رخسار زخمی نہ ہوتے۔ آپ کا تن زخمی نہ ہوتا۔ بدر کا معرکہ نہ ہوتا۔ احد کے معرکے نہ ہوتے۔ خندق کے معرکے نہ ہوتے۔ حنین کے معرکے نہ ہوتے۔ مکہ سے ہجرت نہ ہوتی۔ مدینے سے پلٹ کر مکہ فتح نہ ہوتا۔ خلافت نہ بنتی۔ مدینہ سلطنت نہ بنتی۔ اور مصطفیٰؐ سلطنت کے حکمران نہ بنتے ـــ

بس حضورؐ مسجد کے صحن میں بیٹھ جاتے۔ آنے جانے والوں کو کلمہ پڑھاتے رہتے۔ نماز کے طریقے سکھاتے۔ حج زکوٰۃ کے طریقے سکھاتے۔ قرآن پڑھاتے۔ حلال و حرام سکھاتے۔ اور کہتے ہو قریش تم مکہ کے سردار ہو جاگیردار ہو وڈیرے ہو۔ جس طرح نظام چلاتے ہیں چلاتے رہیں۔ اگر انسانوں کو غلام بنا رہے ہیں۔ تو اس سے ٹکر نہ لو۔ غریبوں کا لہو چوس رہے ہیں۔ تو اس سے ٹکر نہ لو (۱ ـــ ۳۳) تمہارا خون نچوڑ رہے ہیں تو اس سے ٹکر نہ لو۔ کیونکہ یہ سیاست بن جائے گا۔ جب آپ حکمرانوں سے ٹکراتے ہیں تو سیاست بن جاتی ہے۔ لوگوں کے حقوق مانگتے ہیں۔ حکمرانوں کی غلطیوں پر ٹوکتے ہیں جونہی آپ اس سمت نکلتے ہیں۔ یہ سیاست بن جاتی ہے ـــ اگر یہ سیاست دین سے

جُدا ہوئی۔ تو مصطفیٰؐ کی ذات اس سے جُدا رہتے۔ اور ہجرت مدینہ کے بعد جب
آپ کو ریاست مدینہ کا حکمران اور سربراہ بنایا گیا۔ حضور علیہ السلام انکار کر دیتے کہ مجھے
ریاست مدینہ کا حکمران بننے کی کیا ضرورت ہے۔ میں تو فرش سے عرش تک ساری کائنات
کا بادشاہ ہوا۔ حکمران بن گئے کیونکہ سیدنا صدیق اکبر اقتدار کو [illegible] گئے۔ کیوں خلیفہ راشد
بن گئے۔ سیدنا عمر فاروق سلطنت کے بھوکے تھے۔ کیوں تخت حکومت پر بیٹھے۔ سیدنا عثمان
غنی سلطنت کے بھوکے تھے۔ (نہیں) کیوں تخت سلطنت پر بیٹھے ہیں حکومت لے لی۔
اور کیا مولا علی شیر خدا سلطنت کے بھوکے تھے۔ نہیں۔ کیوں سلطنت تخت پر بیٹھے۔ کیا
امام حسن سے اور کیا امام حسین سلطنت کے بھوکے تھے۔ کیوں خاندان لٹا دیا۔
اور کربلا برپا کیا۔ اس ساری اسلام کی تاریخ کو پڑھ پڑھ کر میں اور کہیں
اور جو اس ملک کے نظام کے بدلنے کی بات کرتا ہے۔ اور مسجد سے نکل کر معاشرے کے
بدلنے کی بات کرتا ہے۔ اور آج ہمارے نمازی لوگ کہتے ہیں کہ سیاست میں آ گئے۔
تو سب سے بڑی تہمت امام حسین پر لگ جاتی ہے۔ پھر اہلبیت پر لگ جاتی ہے
خلفائے راشدین پر لگ جاتی ہے۔ اور سب سے بڑھ کر تاجدار کائنات پر لگ جاتی ہے۔
انہوں نے لشکر بھیجے۔ فوجیں بھیجیں۔ جنگیں کرائیں۔ عدالت لگائیں۔ یہ سب کچھ
کیا ہے۔ یہ سیاست نہیں تو اور کیا ہے۔ اس سے اوپر چلیں سیدنا موسیٰ
علیہ السلام مدین سے چلتے ہیں۔ اپنا روحانی سفر مکمل کر کے حضرت شعیبؑ کے پاس شادی
کر کے اپنی زوجہ کو لے کر مدین سے چلے مصر کی طرف وادی ایمن میں پہنچے۔ یہ وہ
وادی جہاں طور سینا ہے۔ تو موسیٰ علیہ السلام جب درخت کے پاس۔ جہاں سے نور کی تجلی
بن کے چلا۔ اور اللہ پاک نے پہلا کلام کیا [illegible]۔ اور پہلی بار طور کی گفتگو
بعد میں ہوگی۔ چالیس دن کا چلہ بعد میں ہوا۔ تورات بعد میں ملی۔ جب مصر
بنی اسرائیل کو لے کے نکلے ہیں۔ دریا نیل عبور کر کے اور دوبارہ وادی سینا میں آئے ہیں۔
اور یہاں بنی اسرائیل نے قیام کیا۔ اس زمانے میں بعد طور پر گئے۔ وکلم اللہ موسیٰ تکلیما۔

(النساء ۴/۱۶۴) کلام ہوا اور تورات ملی۔ یہ بعد کا واقعہ ہے۔ میں بتا رہا ہوں کہ جب
مدین سے مصر آ رہے ہیں۔ ابھی مصر میں داخل نہیں ہوئے۔ تو منصب رسالت پر
جب سیدنا موسیٰ علیہ السلام کو فائز کیا گیا۔ پہلا کلام اللہ پاک کا۔ آپ کو رسالت عطا کی گئی۔
تو رسالت کے منصب پر فائز کرتے ہوئے۔ پہلا پیغام رسالت اللہ پاک نے کیا دیا؟
اور رسول بناتے ہی جو پہلی ڈیوٹی لگائی۔ وہ سیاسی ڈیوٹی لگائی۔ اسی درخت سے جب
شعاع نور نکلا۔ فرمایا میں تمہارا رب ہوں۔ کلام کیا تو حکم کیا دیا۔ پہلا حکم یہ نہیں
دیا کہ موسیٰ جاؤ۔ کہ بنی اسرائیل کو نمازوں پہ لگا دو۔ جاؤ بنی اسرائیل کو روزوں پہ لگا دو۔
جاؤ بنی اسرائیل کو حرام و حلال کا سبق سکھا دو۔ ان کو شریعت دو۔ نہیں یہ سب
کچھ سکھایا گیا مگر بعد میں۔ منصب رسالت پر فائز کرنے کے بعد۔ رب کائنات
نے جو پہلا حکم لگایا وہ سیاسی انقلاب کا حکم تھا۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا
مولا۔ میرے بھائی ہارون کو بھی اس ڈیوٹی میں شامل کر دے۔ فرمایا تیرے بھائی ہارون کو بھی تیرا ساتھی
وزیر بنا دیا۔ دوسرا حکم آیا۔ اذهبا الى فرعون انه طغى۔ (طہ ۴۳) اے
موسیٰ دونوں جاؤ۔ بنی اسرائیل کی طرف نہیں۔ سیدھا فرعون کے دربار میں جاؤ۔ جو سرکش
ہو چکا ہے اور اس کے دربار میں جا کر نعرہ انقلاب بلند کر دو۔ موسیٰ علیہ السلام نے
پوچھا باری تعالیٰ انقلاب کا نعرہ کیا لگاؤں۔ کیونکہ سیاست میرے سپرد کی گئی ہے۔ کونسی
سیاست کروں کیا کروں۔ اللہ پاک نے فرمایا جا میرے موسیٰ بنی اسرائیل کی پوری کی
پوری قوم کو فرعون نے اپنا غلام بنا رکھا ہے۔ اور میرا پہلا حکم یہ ہے کہ جا بنی اسرائیل کی آزادی
کا نعرہ بلند کر دے۔ اور فرعون کو کہہ دے۔ میں بنی اسرائیل کو تیری غلامی کی زنجیروں
سے آزاد کرانے کے لئے آیا ہوں۔ موسیٰ علیہ السلام آئے۔ اور بنی اسرائیل کی آزادی کا نعرہ
بلند ہو گیا۔ اسی دن سے موسیٰ اور فرعون کی جنگ شروع ہو گئی۔ یہ جنگ کل
موسیٰ اور فرعون کی ہے۔ اس سے پہلے کبھی ابراہیم اور نمرود کی تھی۔ اور یہی جنگ کبھی
مصطفیٰ اور ابوجہل ابولہب کی ہے۔ اور یہی جنگ رہے گی اور نام بدلتے جائیں گے۔ جلوہ ایک ہی تھا

جاتا ہے۔ وہی جنگ کربلا میں امام حسینؓ اور یزید کی ہے۔ ایک وقت میں حق کا نام ابراہیمؑ ہوتا ہے
باطل نمرود کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔ اگلے وقت میں حق کا نام موسیٰؑ ہو جاتا ہے۔
باطل فرعون بن کے اٹھتا ہے۔ اگلے وقت میں حق کا نام مصطفیٰ ہوتا ہے۔ باطل بولہب
و ابوجہل۔ اور منصور و کسریٰ بن کے اٹھتے ہیں۔ اگلے وقت حق کا نام خلافت راشدہ
ہوتا ہے۔ باطل قیصر و کسریٰ ——— اگلے وقت میں حق کا نام کربلا ہو کے حسینؓ ہوتا ہے۔ اور
باطل یزید بن کے اٹھتا ہے۔ نتیجہ کیا ہوتا ہے کہ حسینؓ حق ہو کے شہید ہو کر بھی زندہ
رہتا ہے۔ یزید موجی فتح پا کر بھی ہمیشہ کے لئے مردہ رہتا ہے ———
تو امام حسینؓ نے اس دعوت کو قبول کیا۔ کہ جیسے حق کی دعوت آئی ہے۔ اور کلمہ
حق بلند کرنے کے لئے آپ نے تیاری کی۔ اور کوفہ کی طرف جانے کا فیصلہ کر لیا۔ اور آپ نے
احتیاطاً اپنے جانے سے قبل اپنے بھائی اپنے تیرا۔ حضرت امام مسلم بن عقیل بن
ابی طالب۔ حضرت سیدنا علی بن ابی طالب۔ سیدنا مولا علی کے بھائی ہیں عقیل۔ حضرت
ابو طالب کے بیٹے۔ یہ بھی سن لیں۔ ہم صرف ابو طالب نہیں کہتے۔ ادب کے خلاف ہے۔
جب بولا کرو حضرت ابو طالب بولا کرو۔ حضرت عقیل کے بیٹے مسلم۔ مولا علی
کے بھتیجے اور سیدنا امام حسینؓ کے چچا زاد بھائی ——— کو بھیجا اپنا نمائندہ بنا کر۔ تاریخ ابن
اثیر جلد ۴ ص ۲۱) کہ کوفہ کے حالات معلوم کرو۔ پہلے دیکھیں ہیں دیکھئے۔ دس
بارہ ہزار بھر اٹھارہ ہزار کوفیوں نے حضرت مسلم بن عقیل کے ہاتھ پر امام حسینؑ کی خاطر بیعت
کر لی۔ پھر پورا کوفہ پلٹ پڑا۔ حتی کہ یزید پریشان ہو گیا۔ جو نعمان بن بشیر جو
کوفے کا گورنر تھا۔ یزید کے احکامات کے باوجود حضرت مسلم بن عقیل کی مخالفت اور اخت
کے لئے تیار نہ تھا۔ تاکہ یزید نے اسے بھی بدل دیا۔ یزید نے ابن زیاد کو گورنر بنا دیا
کوفہ کا۔ حضرت مسلم نے جب دیکھا۔ کہ جہاں کوفے کے سب لوگ امام حسینؓ کی بیعت
کر رہے ہیں۔ انہوں پیغام بھیج دیا۔ البدایہ والنہایہ جلد ۸ ص ۱۵۲ ——— کوفہ والوں نے جو خط
لکھے تھے وہ اس دعوت پر قائم ہیں۔ اور یزید کا تختہ الٹ کر حق کی خلافت قائم کرنے کے لئے آپ

(۵۵۔۴۳) کے دست حق پرست پر بیعت کرنے کیلئے تیار ہیں۔ مسلم بن عقیل کی اطلاع پا کر
یہ سفیر امام حسینؑ اہلبیت کا کنبہ لے کر سوئے کوفہ روانہ ہو جاتے ہیں۔ چل پڑتے ہیں۔
یہ طاری ابن زیاد سیاہ کپڑے پہن کر رات کے اندھیرے میں کوفہ میں داخل ہو جاتا ہے۔ تو
لوگوں نے سمجھا شاید مسلم بن عقیل نے بلایا تھا۔ امام حسین کو۔ یہ شاید
امام حسین تشریف لے کر آ رہے ہیں۔ یہ ابن زیاد کو امام سمجھ کر دوڑ دوڑ کر بیعت
کرنے لگے۔ پردہ جو اٹھا تو پتہ چلا کر یہ تو یزید پلید کا گورنر ابن زیاد ہے۔ مسلم
بن عقیل کی تلاش شروع کر دی گئی۔ انہیں شہید کر دیا گیا۔ ہزاروں کوفی لوگ
جنہوں نے امام کو بلایا تھا۔ نماز کے بعد بیعت کو پست کر دیا۔ جب نماز سے
فارغ ہو گئے تو تمام کوفی چلے گئے۔ سب وفاؤں کا سفر کا آغاز۔ اپنے بیٹوں کو قاضی کر دیا۔
قافلہ سے الگ۔ بچوں کو بھی شہید کر دیا۔ جب قریب پہنچے۔
تو امام حسین کربلا میں پہنچائے گئے۔ خیمے نصب کر دیے۔ اس مقام پہ پوچھے
اس جگہ کا نام۔ کرب و بلا ہے۔ یہ ہے شہیدوں کی جگہ ہے۔
(B) سواری سے اتر کر زمین کی طرف دیکھا۔ اور آسمان کی طرف دیکھا۔ فرمایا خانوادہ
نبوت کے مسافرو۔ اپنے گھوڑوں اور گھوڑیوں سے اتر آؤ۔ یہی وہ کربلا ہے۔
یہی وہ ریگستان ہے یہی وہ صحرا ہے۔ جو ہماری منزل کا سفر ہے۔ میں نے بچپن
میں۔ اپنے نانا کی زبانی سنا تھا۔ اور میں نے بچپن میں اپنے بابا علی شیر خدا سے
سنا تھا۔ کہ وہ مقام جہاں میرے حسین کا خون بہے گا۔ جہاں خانوادہ نبوت کے گلے کاٹے
جائیں گے۔ اس ریگزار کا نام کرب و بلا ہے۔ میں نے بچپن سے سنا تھا۔
(سعودطما الکفائق الکبری جلد ۲ صفحہ ۱۶۲) جہاں خیمے گاڑے جائیں گے۔ جہاں خانوادہ
نبوت کے معصوم گلے کاٹے جائیں گے۔ جہاں خانوادہ نبوت شہید ہو گا۔ اور زمین
آسمان دونوں بیک وقت خون کے آنسو روئیں گے۔ بعض لوگ جب انکار کرتے ہیں آج
بھی تک یہ چیز کا انکار کرتے جاتے ہیں۔ اور یہ کہ کربلا کی اہمیت کو گھٹانے کیلئے۔ اور

شہادت امام حسین کو کم کرنے کی کوشش کم تر سمجھنے کے لئے معاذ اللہ — اہلبیت کی اس وبا ان کے درجے
کو کم کرنے کے لئے — وہ یہ بات اور یہ روایت کو شیعہ حضرات کے کھاتے میں ڈال کے
چلے جاتے ہیں — کہتے ہیں یہ شیعوں کی من گھڑت باتیں ہیں۔ اور یہ خود بھی حدیث
کی کتابیں نہیں پڑھتے — یہ میں جو پڑھا — جو اہل تشیع کی کتب میں تو تھا ہی۔
مگر اہلسنت کی کتب حدیث میں ہے — جس کو مولا علی نے روایت کیا۔ اور دیگر
صحابہ — تابعین اور تبع تابعین — سے مروی ہے اور ہمارے محدثین نے نقل کیا ہے اس کو
اور ان روایات پر اعتماد کیا ہے۔ حسین پاک کی جو شہادت کا ہے۔ اس
کی خبر بھی حضور علیہ السلام نے ۵۶ برس پہلے آپ کی ولادت کے دو سال کا
جب حضرت ام فضل حضور علیہ السلام کی چچی حضرت عباس کی زوجہ مطہرہ۔
اور حضرت عبداللہ بن عباس کی والدہ۔ آقا علیہ السلام کی خدمت میں آئیں۔
(حاکم المستدرک ج ۳ ص ۱۹۴ رقم ۴۸۱۸) امام حسین دو سال کے بچے
تھے۔ اور تاجدار کائنات ان کو اپنی گود میں لے کر بیٹھے تھے۔ حضرت ام فضل فرماتی
ہیں چشمان مقدس سے آنسو چھم چھم گر رہے تھے۔ میں نے عرض کیا میرا ماں باپ قربان
ہوں میرے آقا۔ کیا بات آپ کو رلا رہی ہے۔ اتنا پیارا پیارا بیٹا حسین آپ کی گود
میں کھیل رہا ہے؟ عرض کیا حضور کیا بات ہے۔ آپ نے فرمایا ام فضل یہ میرا بیٹا حسین
ہے۔ میری امت کا ایک گروہ اس میرے بیٹے کو حسین کو شہید کرے گا۔ اشارہ جو ہو رہا
اس حسین کو — جو آپ کی گود میں کھیل رہا ہے۔ (طبرانی المعجم الکبیر جلد ۳ ص ۵۰)
(بزار المسند جلد ۱۲ ص ۴۱۸) جو آپ کے کندھوں پہ سواری کیا کرتا ہے۔ جب آپ مدینہ
کی گلی کوچوں میں چلتے ہیں۔ لوگ سواری کا کرتے ہوں گے مبارک دیتے ہیں کتنی اچھی سواری ملی ہے
تو آپ بڑی پڑتے نہیں۔ سواری کو چھوڑو بتاؤں سوار کتنا اچھا ہے۔ فرمایا ابھی ابھی جبرائیل
امین آئے تھے۔ اور خبر دی ہے — آپ کی امت کا ایک گروہ اس کو شہید کر دے گا۔ وہ اس کے
مقتل کی مٹی بھی دے کر گئے ہیں۔ وہ خون آلود مٹی ہے جس پر حسین شہید ہوگا۔

(ابن عساکر تاریخ دمشق الکبیر جلد ۱۴ صفحہ ۱۹۳) میرا بیٹا حسین اس میدان میں شہید کر دیا جائے گا۔ حسین کا نام پیارا لے کر بلایا ۔۔۔ اور حضرت ام سلمیٰ فرماتی ہیں۔ ہم حضور نے وہ مٹی مجھے دے دی۔ (طبرانی المعجم الکبیر جلد ۳ صفحہ ۱۰۸ رقم ۲۸۱۷) اور ایک شیشی میں ڈال کر دی اور فرمایا ام سلمیٰ۔ اس کو سنبھال کے رکھو۔ جب یہ خون میں بدل جائے۔ تو جان لینا کہ میرا بیٹا حسین شہید کر دیا گیا ۔۔۔ دوستو۔ ۵۵ برس بیت گئے۔ اور جب سنہ ۶۱ ہجری میں امام حسین شہید ہوئے۔ اس مٹی کی شیشی ام المومنین کے پاس اسی طرح محفوظ رکھی ہوئی پاس رکھی تھا۔ اور دس محرم کی دوپہر تھی۔ ادھر امام حسین شہید ہو رہے ہیں۔ اور شہر مدینہ میں کسی کو خبر نہیں۔ کہ کربلا میں کیا کربلا ہو رہا ہے۔ ام سلمیٰ لیٹی ہیں۔ فرماتی ہیں اچانک خواب میں میں نے دیکھا۔ (جامع ترمذی ابواب المناقب جلد ۵ صفحہ 657 رقم 3771) حاکم (المستدرک جلد ۴ صفحہ ۲۰ رقم 6764) کہ تاجدار کائنات تشریف لائے ان کا سر انور تھا خاک آلود ہے۔ ان کی ریش مبارک خاک آلود ہے۔ میں پریشان ہو کے پوچھتی ہوں آقا یہ کیا ہوا۔ فرماتے ہیں ام سلمیٰ میں حسین کے مقتل سے ابھی ابھی آ رہا ہوں۔ میرا حسین شہید ہو گیا ۔ حضرت ام سلمیٰ اسی وقت اٹھیں شیشی کو دیکھا تو وہ خون سے بدل چکی تھی ۔۔۔ فرمایا آج حسین شہید کر دیئے گئے۔ تو واقعہ کربلا کہ نہ صرف تاریخ میں ہے۔ بلکہ یہ واحد واقعہ شہادت ہے۔ جو اس کے رونما ہونے سے پہلے احادیث میں تاجدار کائنات نے بیان فرما دیا تھا ۔۔۔ ورنہ واقعات رونما ہو جانے کے بعد لکھے جاتے ہیں۔ مگر حسین کا واقعہ شہادت رونما ہونے سے پہلے لکھا جا چکا ہے۔

جمعۃ المبارک ۶ - ۱ - ۱۴۳۹ھ
۲۳ - ۲ - ۲۰۱۸
۷ - ۲۲ - PM

۲۲۔ شہادتِ حسینؑ شہادتِ محمدیؐ ہے (۳)

(B)

30-5-97

یہ تو تھی ظاہری مشابہت۔ اب اس کے بعد ایک باطنی مشابہت۔ اب ایسا ہوتا ہے۔ جسمانی صورت بھی ایک ہوگئی۔ صدر و صورت بھی ایک ہوگئی۔ مگر باطن ایک جیسا نہیں۔ صدر و صورت تو ملتی ہے بیٹے باپ کی طرح نظر آرہے ہیں۔ مگر اندر باپ کی طرح نہیں ہیں۔ باطن باپ کی طرح نہیں ہے۔ مشابہت نہیں۔ اگر باطن باپ کی طرح وجود کی طرح نہ ہو۔ تو شاید بھی وہ جسم حقدار نہ تھے کہ حضور کا ہم شبیہ شہادت ان سے ظاہر ہوتا ۔ تو باطنی مشابہت عطا کی ۔ اور فرمایا (جامع ترمذی ابواب المناقب جلد ۵ ص ۶۶۰ رقم ۳۷۸۱) فاطمۃُ سیدۃُ نساءِ اھلِ الجنۃ۔ وانَّ الحسنَ والحسینَ سیدا شبابِ اھلِ الجنۃ۔ میری بیٹی فاطمہ جنتی عورتوں کی سردار ہے۔ اور میرے بیٹے حسن حسین جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔ جو باطنی درجہ اللہ نے حضرت فاطمہ کو عطا کیا۔ وہ درجہ آخرت میں جنت امام حسن امام حسین کو عطا فرمایا۔ اور باطنی مشابہت میں فرمایا۔ ترمذی شریف کی حدیث ہے۔ جلد ۵ ص ۶۵۷ رقم ۳۷۷۰ حسن و حسین ھما ریحانتای من الدنیا۔ حسن حسین اس دنیا میں میرے دو پھول ہیں۔ اب بولئے کیا پھول سیدھے زمین پر اُگ آتے ہیں۔ کیا ڈائریکٹ دیکھا کوئی پھول زمین پر اُگ آیا ہو ۔ کسی پودے پر ہی اُگتا ہے نا ۔ حسن حسین تو دو پھول ہوئے اور پودا کون سا ہے۔ فرمایا ھما ریحانتای میرے دو پھول ہیں۔ گویا میں پودا ہوں۔ حسن ایک پھول ہے حسین دوسرا پھول ہے ۔ اور پھولوں میں جو خوشبو آتی ہے۔ وہ پھولوں کی اپنی ہوتی ہے ۔ خاص جو بیج ڈالتے ہیں۔ زمین سے پودا نکلتا ہے وہ ساری اصل خوشبو مہک کوالٹی خاصیت اس پودے کی ہوتی ہے۔ جو پھولوں میں رنگ روپ خوشبو مہک ظاہر کرتا ہے۔ تو حسن اور حسین فقط پھول ہوئے۔ مگر یاد رکھو کہ پھولوں کا رنگ پودے سے ہے۔ پھولوں کی مہک پودے سے ہے۔ پھولوں کی خوشبو پودے سے ہے۔ پھولوں کی چاشنی پودے سے ہے ۔ پھولوں کا حسن و جمال پودے سے ہے۔

پھولوں کی نزہت پودے سے ہے۔ جو کچھ پودے میں ہے۔ وہ پھولوں سے ظاہر ہوتا ہے۔ فرمایا۔ تو گو
پودا میں ہوں۔ پھول حسن حسین ہیں۔ پتہ چلا کہ مصدر میں ہوں۔ مظہر حسن حسین ہیں۔
بیٹے مجھ سے ہیں تو بات سمجھ میں آ گئی ہے۔ جب باپ کہے کہ میں ان سے ہوں۔
تو سوال ہوگا کہ باپ بیٹوں سے کیسے ہو گیا۔ تو جواب اس کا یہ ہے فرمایا۔ کہ حسن
حسین مجھ سے ہیں۔ مطلب کیا ہے کہ ان کے جتنے کمالات ہیں۔ وہ میرے ہیں۔ مجھ
سے لئے گئے ہیں۔ اور میں ان سے ہوں۔ کیا مطلب ہے۔ میرا ایک ایسا کمال ہے۔
جو ان سے ظاہر ہونے والا ہے۔ میں ان سے ہوں۔ یعنی میں مصدر ہوں۔ یہ میرے
کمالات شہادت کے مظہر ہیں۔ یہ سارا کمالات ان کے مجھ سے لئے گئے ہیں۔ لہذا میرا
ان سے ہونے کا مطلب یہ ہے۔ کہ ایک کمال میرا ظاہر ہونے سے رہ گیا تھا۔ کمال
میرا ہے۔ مگر میری زندگی میں ظاہر نہ ہو سکا۔ خدا کا وعدہ تھا۔ ولسوف یعطیک۔
وہ مرتبہ شہادت میری زندگی میں انجام پذیر نہ ہو سکتا تھا۔ میرا کمال میرے اندر بند ہو گیا۔
اب یہ مجھ سے ہیں۔ اور میں ان سے ہوں کا مطلب ہے وہ کمال جو میرا ظاہر نہ ہو سکا۔
اب آدھا حسن پر ظاہر ہوگا۔ آدھا حسین پر ظاہر ہوگا۔

شہادت سری کا وہ کمال جس کی ابتداء غزوہ خیبر میں ہو گئی تھی۔ مگر تکمیل میری
زندگی میں ممکن نہ تھی۔ وہ میرا کمال میری شان مظہریت کے باعث میرے بیٹے حسن
کی زندگی پر ظاہر ہوگا۔ ان کو زہر دیا گیا۔ زہر نے انتڑیاں کاٹ ڈالیں۔ سبز
ٹکڑے جگر کے ہو گئے۔ اتنے کمال درجے کی شہادت سبز شہادت محمدی کا ظہور بن گیا۔

اور حسین جو ہے۔ میری وہ شہادت اور کمال جو غزوہ احد میں
شروع ہوا تھا۔ اور اس کا ظہور تمام میری زندگی میں ہو یا اللہ کے وصال کے پہلے بھی تکمیل
ممکن نہ تھا۔ میں اس سے ہوں۔ جب میری شہادت جہری کے تمام وقت حسین
کی زندگی پر آئے گا۔ یہ کربلا کے دن شہادت حسین سے ظاہر ہوگی۔ دیکھنے
والے سمجھ رہے ہوں گے کہ حسین شہید ہو گیا۔ حقیقت میں شہادت مصطفیٰ کا باب

مکمل ہو گیا ۔ تو یاد رکھیں کہ کربلا حقیقت میں شہادت حسین نہیں ہے حسین
مصطفےٰ کے بابا کی تکمیل ہے ۔ وہ جو آخری سطر رہ گئی تھی اس باب شہادت
محمدی کی وہ لکھی گئی میدان کربلا میں ۔

اسی لئے آقا نے یہ حدیث بیان کی ۔ من احبھما واحبنی ——
(حاکم المستدرک جلد ۳ ص ۱۸۱ رقم ۴۷۷۶)
جس نے میرے حسن حسین سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی جس نے مجھ
سے محبت کی اس نے اللہ سے محبت کی ۔ جس نے اللہ سے محبت کی اللہ نے اسکو جنت
میں ڈال دیا ۔ جس نے میرے حسن حسین سے بغض رکھا ۔ اس نے مجھ سے بغض
رکھا ۔ جس نے مجھ سے بغض رکھا اس نے اللہ سے بغض رکھا جس نے اللہ سے
بغض رکھا اللہ نے اسکو دوزخ میں ڈال دیا ۔ یہ انجام ہے حب حسین اور بغض
حسین کا ۔ یہ مضمون ہے ترمذی شریف ابواب المناقب جلد ۵ ص ۶۵۸ رقم ۳۷۷۵
حسین منی وانا من الحسین ۔ کثرت کے ساتھ یہ حدیث آئی ہے ۔ اور اس کو
روایت کرنے والے صحابہ کرام ہیں ۔

اب یہ سوال ہو سکتا ہے ۔ کہ حضور کے طیب و طاہر کے لئے ہو اللہ پاک حضور کو اپنے نسبی
بیٹے بھی تو دے سکتا تھا ۔ کہ اپنے بیٹوں پہ شہادت ہو جاتی ۔ لیکن میں پہلے خطاب
میں بات واضح کر چکا ۔ کہ بیٹے اگر ہوتے شہادت کے لئے جوان ہوتے تو شہادت
دیتے تو نبوت نہ دیتے ۔ آقا کے بیٹے ہو کر جوان ہوتے تو ان کو شہادت ملتی
نبوت نہ ملتی ۔ وہ نبوت کے حق دار ہوتے ۔ اور نبوت کسی کو مل نہیں سکتی
تھی ۔ خاتم النبیین کا فیصلہ ہو گیا تھا ۔ (ما کان محمد ابا احد ———— احزاب ۴۰)
حضور نے اپنے نسبی بیٹوں کی جگہ فاطمہ کے نسبی بیٹوں کو عطا فرمائی ۔ ان کو بیٹا بنا لیا ۔
اور شہادت کا اشارہ ان کی ولادت سے دے دیا ۔ جب امام حسن حسین پیدا ہوئے
(احمد بن حنبل المسند جلد ۱ ص ۹۸) تو حضرت علی ان کا نام حرب رکھا ۔ جنگجو ۔

آقا آتش بغدادی سے پوچھا علی بیٹے کا نام کیا رکھا ہے۔ ہم نے ان کا حرب رکھا ہے۔ فرمایا کہ حرب
نہیں ہے۔ بلکہ حسن ہو حسین اس کا نام حسن ہوگا۔ جب امام حسین پیدا ہوئے۔ حرب
رکھا۔ جنگجو تھے جہاد کا شوق تھا۔ دوبارہ آنحضرت نے آقا آتش بغدادی سے کیا نام رکھا ہے۔
اس کا نام حسین ہوگا۔ دونوں نام بدل دئیے۔ اس پر کسی نے غور نہیں کیا۔ حدیثوں
میں آیا۔ امام بخاری کا اللہ کی جنگوں پر آیا ہے۔ مگر غور نہیں کیا گیا۔ محدثین نے کہ یہ
نام جو بدلے گئے کیوں۔ دنیا میں نے ان کے نام ہارون علیہ السلام کے بیٹوں
کے نام شبر اور شبیر کے نام رکھے ہیں۔ فلسفہ معلوم نہیں۔ میں عمر بھر سوچتا
رہا۔ کتابوں میں درج نہیں تھا۔ کہ یہ نام بدل کے حسن اور حسین کیوں رکھے
اچانک ایک کتاب نظر سے گزری کا لغت کی۔ اور میں چونک اٹھا۔ ایک فرحت
کی کیفیت قلب پر نصیب ہوئی۔ جیسے کوئی کھوئی ہوئی میراث مل گئی۔ وہ کیا تھا میں
نے حسن اور حسین کے معانی دیکھے۔ ان دونوں میں معنوی قدر مشترک ہے۔
حُسنا۔ حسن میں بھی حُسنا ہے اور حسین میں بھی حُسنا ہے۔ ایک معنیٰ الحسنا
کا معنیٰ شہادت ہے۔ سب سے زیادہ حسین انجام ہے۔ موت ہے۔
حسنا حسن میں بھی ہے۔ حسین میں بھی ہے۔ تو درحقیقت آقا علیہ السلام نے
ان کی ولادت کے دن سے ہی حسن اور حسین نام رکھ کر یہ اعلان کر دیا۔ اے علی
تم تو حرب نام رکھتے پھرتے ہو۔ ان کو تو رب کائنات نے میرے مرتبہ شہادت کے
ظہور تمام کے لئے پیدا کیا ہے۔ حسن کے ذریعے بھی میری شہادت سِرّی کے باب کی
تکمیل ہے۔ اور شہادت سِرّی کا ظہور تمام ہوگا۔ اور حسین کے ذریعے میری شہادت
جہری کے باب کی تکمیل اور ظہور تمام ہوگا۔ اس لئے یہ حرب نہیں۔ انہیں وہ نام دوں
گا۔ حسن اور حسین کا تاکہ ان کا نام ہی پیش خبر ہوگا۔ کہ یہ بھی شہید ہوگا وہ بھی شہید
ہوگا۔ اور ان کی جب شہادت واقع ہوگی دیکھنے والے ان کی شہادت کو حسن حسن
کی شہادت تصور کرتے رہیں گے۔ مگر حقیقت کی معرفت رکھنے والے سمجھیں گے کہ شہادت

ان کی نہیں میری شہادت کا ظہور تام ہے۔ حسن کے لئے یہ شہزادے منتخب ہوئے۔ مثال اس کی یوں ہے جیسے ایک درخت ہو۔ ایک درخت پر دو شاخیں ہوں۔ اور شاخوں پر ایک پھل ادھر لگے۔ ایک پھل ادھر لگے۔ تو دیکھنے والا تو یہی کہے گا کہ شاخوں کا پھل ہے۔ بھولا سا سمجھ رکھنے والا کہنے لگا کہ شاخوں کا پھل ہے۔ مگر مالی سے پوچھو۔ اور سمجھ دار سے پوچھو وہ کہے گا۔ وہ شاخوں کا کیا ہوتا ہے وہ درخت کا پھل ہے۔ وہ جب درخت پھل لے آیا۔ وہ یہ نہیں کہے گا کہ شاخیں پھل لائیں۔ وہ کہے گا میرے درخت نے پھل دیا۔

دوستو سردار کائنات کی ذات وہ شجر نبوت تھی۔ اس شجر نبوت پر ایک شاخ حسن کی تھی۔ اور شجر نبوت محمدی پر دوسری شاخ حسین کی اگی۔ حسن کی شاخ پر شہادت سری کا پھل لگا۔ اور حسین کی شاخ پر شہادت جہری کا پھل لگا۔ حسن کی شاخ پر زہر کا پھل لگا۔ حسین کی شاخ پر کربلا والا پھل لگا۔ کم سمجھ لوگوں نے دیکھا۔ کہ سمجھا کہ یہ حسن کا پھل ہے۔ کم سمجھ لوگوں نے دیکھا تو کہا کہ یہ حسین کا پھل ہے۔ جب مالی سے پوچھا تو مالی نے بولا۔ حسن اور حسین تو دو شاخیں ہیں۔ حسن کی ٹہنی پر شجر محمدی کا پھل ہے۔ تو جو بیج احد و خیبر کے دن بوئے گئے۔ جن کا درخت جوان ہوا۔ اس درخت پر پھل۔ زہر کے دن اور کربلا کے دن جا کے لگے۔ اور حسن حسین کی شہادتوں کے ذریعے۔ شہادت محمدی کے باب کی نہ صرف تکمیل ہوئی بلکہ اس درجے کا ظہور تام ہوا۔

۲۴ — ۲ — ۲۰۱۸ ہفتہ
۷ — ۶ — ۱۴۳۹
۱۰ — ۴ — AM

جھنگ

سیدنا

۲۳- حضرت امام حسینؑ کا تعارف

۲۸۶/۹۲

13-03-2003

انما یرید اللہ لیذھب ـــــ تطھیرا ۔ مرج البحرین ـــــ یلتقیان

محترم علماء کرام محبان مصطفیٰؐ اور غلامان حسینؑ معزز خواتین و حضرات ۔ اور عزیزان گرامی قدر ۔ آج کی رات حسینؑ کی رات ہے ۔ یوں تو میری جو معروف دین اللہ نے جو عطا کی اس سے سوال کرو ۔ یوں تو ہر شب شب حسینؑ ہے ۔ خواجہ اجمیر

شاہ است حسین ۔ بادشاہ است حسین ۔ دین است حسین دین پناہ است حسین ۔

سر داد نہ داد دست در دست یزید ۔ حقا کہ بنائے لا الٰہ است حسین ۔

اس اعلان کے بعد ہر شب شب حسینؑ ہے ۔ ہر روز روز حسینؑ ہے ہر سال سال حسینؑ ہر زمانہ زمانۂ حسینؑ ہے ۔ مگر بعض ہم آج کی رات خصوصیت کے ساتھ نواسۂ مصطفیٰؐ کی رات ہے ۔ اور یہ رات ذکر حسینؑ کی خاطر لوگوں کو کھینچ کر کشاں کشاں یہاں لائی ۔ اور یہ وہ نقطہ ہے ۔ یہاں کوئی شیعہ سنی کا فرق نہیں رہتا ۔ یہ وہ مقام ہے ۔ جہاں کسی مسلک کو مکتب کا امتیاز نہیں رہتا ـــــ مسلک و مکتب تو ایک طرف رہ گئے ۔ حقیقت یہ ہے کہ انسان کو بیدار تو ہو لینے دو ۔ ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسینؑ ۔ حسینؑ نہ صرف سنیوں کا ہے ۔ حسینؑ نہ صرف شیعوں کا ہے ۔ میں آگے کی بات کرتا ہے ۔ حسینؑ نہ صرف مسلمانوں کا ہے ۔ حسینؑ کائنات کے سب انسانوں کا ہے ـــــ

میں نے دو آیات کہ جو آج کی اس مبارک مقدس رات کے ذکر کیلئے پڑھی ۔ اور ان کا اب مختصر سا ترجمہ مفہوم اور موثر شان نزول بیان کروں گا ۔ اور کلام مضمون کو آگے لے کے چلوں گا ـــــ صحیح مسلم ـــــ روایت ہے جو حدیث کو رقم کر رہا ہوں ـــــ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہؓ بیان کرتی ہیں ۔ کہ حضور نبی اکرمؐ صبح کا وقت تھا ۔ باہر تشریف لائے ۔ اور آپ نے سیاہ اون کی چادر اس کو آپ نے کملی کہہ لیں ۔ اوڑھی ہوئی تھی ۔ اور حدیث میں ایک لفظ آیا ہے ۔ مگر میں اس لفظ میں ۔ اس نسبت دور کی نسبت کی طرف میرا دھیان جا رہا ہے ۔ وہ جو سیاہ کملی اوڑھے

ہوئے تھے۔ اس کملی میں پیا۔ کجاووں کے نقش بنے ہوئے تھے۔ اونٹوں پر جو کجاوے رکھے جاتے ہیں
ان کجاووں کے نقش تصویر بنی ہوئی تھیں۔ اونٹوں کی نہیں ـــ اس اونی کملی کے
ساتھ آپ باہر تشریف لائے۔ اور اتنے میں منیٰ حسن ابن علی۔ حسن مجتبیٰ آگئے۔ آقا
نے حسن کو بلایا۔ اور کملی اٹھا کے اس کے نیچے چھپا لیا ـــ ثم جاء الحسین فدخل
معہٗ۔ پھر حسین آگئے۔ وہ بھی اسی کملی میں آگئے۔ ثم جاءت فاطمہ پھر سیدہ کائنات
آگئیں۔ آقا علیہ السلام نے ان کو بھی اس چادر میں۔ داخل فرما لیا۔ ثم جاء علی فادخلہ
پھر علی المرتضیٰ آگئے ـــ آقا علیہ السلام نے ان کو بھی اس چادر میں داخل فرما لیا۔ خود پہلے
تھے۔ چار تھی اللہ میں داخل کر لیے۔ ایک کملی تھی۔ پنج تن اس کے نیچے تھے۔ میں
یہ حدیث اس لیے بھی سنا رہا ہوں ـــ تاکہ یہ جو دوریاں پیدا کر دی گئی ہیں۔ وہ مٹ جائے
اور آپ کو پتہ چلے۔ کہ یہ پنجتن ہر ایک کے ہیں۔ اور ہر کوئی پنجتن کا ہے۔ ان چیزوں
پہ جھگڑے نہ کیا کریں۔ اور حدیث پاک سنا رہا ہوں صحیح مسلم سے اور روایت کرنے
والی ـــ (۲۷ ـــ ۱۰) میں ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ۔ بتایا کیا جھگڑے کی گنجائش نہ
گئی۔ داخل کر لیا اور آقا علیہ السلام نے سب کو داخل کر کے اس کے بعد فرمایا ثم قال انما
یرید اللہ ـــ فرمایا اے اہلبیت اللہ کا ارادہ یہ ہے کہ تمہیں پاک کر کے پاک کر دے۔ کوئی
رجس تمہیں چھو نہ سکے۔ اور ایسی طہارت عطا کر دے جو اس طہارت کے کمال کا حق ادا
کر دیتا ہے۔ خوب طہارت پاکیزگی صفائی ہو جائے۔ ایک ایک تن سراپا طہارت آقا علیہ السلام
نے یہ اعلان فرمایا۔ پھر دوسری حدیث۔ اسی آیہ کریمہ کی جو میں نے پڑھی ہے۔ وہ حدیث
میں صحاح ستہ سے۔ جامع ترمذی شریف سے حضرت عمر بن ابی سلمہ راوی ہیں فرماتے
ہیں جب یہ آیت کریمہ انما یرید اللہ ـــ نازل ہوئی اس وقت آقا علیہ السلام ام المومنین
حضرت ام سلمیٰ کے گھر تشریف فرما تھے۔ آقا علیہ السلام بیٹھے تھے۔ جب یہ آیت
کریمہ اتری۔ فوراً فاطمہ و حسن حسین یہ آیت اتری تو آقا علیہ السلام نے فاطمہ الزہرا
کو بلایا سلام اللہ علیہا ـــ حسن مجتبیٰ کو بلایا ـــ اور حسین مرتضیٰ کو بلایا ـــ

اور علی شیر خدا کو بلایا۔ اور ان سب کو آقا علیہ السلام نے ایک چادر میں لے کر کملی میں ڈھانپ
لیا۔ حضرت علی جو تھے ان کو اپنے پیچھے کھڑا کر لیا حسن حسین کو اپنے دائیں بائیں لے لیا۔
سیدہ کائنات کو سامنے کر لیا۔ اور سب کو کملی میں چھپا کر فرمایا اللھم ھؤلاء اہل بیتی اہل بیتی
اے اللہ یہ میری اہلبیت ہے۔ انہیں ہر نجس سے لئے ایک ایک جز کو پاک کر دے۔ یہ اس
آیت کریمہ پاک کا شان نزول ہے۔ دوسری آیت جو میں نے پڑھی تھی۔ اللہ پاک نے
فرمایا مرج البحرین ۔۔۔ دو سمندر یا دو دریا مل گئے آپس میں۔ حضرت انس
بن مالک رض حضور علیہ السلام کے جلیل القدر صحابی ہیں قرآن مجید کی متعدد تفاسیر ہوتی ہیں
اللہ کا کلام چونکہ کلام لا محدود ذات کا ہے۔ اس لئے اس کلام کے معانی اور معارف
بھی لا محدود ہیں۔ صرف ایک معنی اسے محصور نہیں کرتے۔ امام فخر الدین رازی
جیسے اکابر مفسرین کو دیکھیں۔ ایک ہی آیت کے متعدد معانی مطالب معارف
موارد بیان کرتے چلے جاتے ہیں۔ اور وہ سب معارف اسی آیت کے اندر ہوتے ہیں
جیسے ایک ہیرا ہے ہر سمت سے اس طرح کی شعاعیں نکلتی ہیں تو قرآن کے کلام
سے معانی اور معارف کی شعاعیں نکلتی ہیں۔ صاحب کتاب درر نے حضرت
انس بن مالک رض سے روایت کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ مرج البحرین۔ دو دریاؤں کا
ملنا اس سے مراد یہ ہے کہ ایک دریا بحر ولایت علی کا ہے۔ اور دوسرا دریا بحر
طہارت عصمت فاطمہ ہے۔ ایک بحر معرفت علی ہے۔ ایک طرف بحر عصمت
طہارت فاطمہ ہے۔ ولایت علی اور عصمت و طہارت فاطمہ کے دو سمندر مل گئے۔
مرج البحرین یلتقیان۔ بینھما برزخ لا یبغیان۔ اور ان کے درمیان جو ان کے حقوق
کی حدود متعین کرتا ہے۔ وہ پردہ ہے۔ وہ برزخ نکاح ہے۔ اس لئے یہ نکاح کی
اہمیت کیا ہے۔ وہ نکاح عام مسلمانوں کے جوڑوں کے نکاح جیسا عام نکاح نہیں
ہے۔ ورنہ وہ برزخ تو ہر میاں بیوی کے درمیان ہوتا ہے۔ مگر علی اور فاطمہ کے درمیان جو
برزخ نکاح ہے۔ اس کی اہمیت یہ ہے کہ وہ نکاح زمین پر بعد میں پڑھا گیا عرش

پھر پہلے پڑھا گیا۔ وہ درمیان میں پردہ نکاح ہے۔ یخرج منہما اللؤلؤ والمرجان۔ پھر جب یہ دو سمندر یعنی علی ولایت علی۔ اور بحر طہارت فاطمہ جب اس رشتہ نکاح کے ذریعے آپس میں ملے تو ان میں سے دو چیزیں نکلیں۔ ایک موتی اور دوسرا مرجان نکلا۔ موتی آپ کو معلوم ہے سیپ میں ہوتا ہے۔ اور سیپ سمندر کی لہروں لگ لگ کر سیپ میں اور اس کی اندر کی ساری سطح بھی اس میں سبز چمک آ جاتی ہے۔ خالص موتی کی پہچان یہ ہوتی ہے۔ جب آپ اسے خریدیں۔ اس کو دیکھیں تو ہلکی ہلکی چمک دمک میں ہر سمت سبز چمک آتی ہے۔ اس میں سے ایک موتی نکلا۔ وہ موتی حسن سے سبز چمک آ رہی ہے۔ والمرجان اور دوسرا مرجان نکلا۔ مرجان کا رنگ سرخ ہوتا ہے۔ سبز کا اشارہ زہر کی طرف ہے۔ جو حسن مجتبیٰ کو ملا اور شہادت ہوئی۔ مرجان کا سرخی کا اشارہ خون حسین کی طرف ہے۔ جو کربلا میں بہا۔ فرمایا دو سمندر بحر ولایت علی اور بحر طہارت فاطمہ ملے اور حکم الٰہی سے درمیان پردہ نکاح تھا۔ اس رشتہ ازدواج سے ایک موتی بن کر حسن مجتبیٰ نکلا اور مرجان بن کر حسین مجتبیٰ نکلا۔

میں نے عرض کیا۔ یہ وہ رشتہ ہے جو حسن اور حسین کے جنم لینے کا باعث ہوا۔ اب جو میں نے تفسیر کا برزخ کی بات کی ہے۔ پردہ نکاح اس کی اہمیت۔ تھوڑا سا اس کا ذکر کر لیں۔ حدیث پاک میں۔ امام طبرانی نے المعجم الکبیر میں حدیث کو روایت کیا۔ اور کنز العمال میں بھی حدیث روایت ہوئی۔ آقا علیہ السلام نے فرمایا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود نے حدیث کے راوی ہیں۔ فرمایا قال ان اللہ امرنی آقا علیہ السلام نے فرمایا۔ یہ مجھے اللہ جل جلالہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ میری حبیب فاطمہ کا نکاح علی سے کر دو اور خطیب البغدادی نے امام ابن عساکر نے بھی اس کو روایت کیا۔ اور وہ حضرت انس بن مالک سے مروی ہے۔ فرمایا کہ آقا علیہ السلام نے فرمایا انس تم جانتے ہو کہ ابھی جبرائیل جو میرے پاس آئے تھے۔ صاحب عرش کی کیا پیغام لائے تھے۔ عرض کیا یا رسول اللہ

آپ فرماتے ہیں کہ کیا پیغام لائے تھے۔ آقا نے فرمایا کہ اللہ کی طرف سے جبرائیل یہ پیغام
لائے تھے۔ کہ اے میرے محبوب فاطمہ کا عقد علی سے کر دو۔ پھر محب طبری کی
الریاض النضرہ میں جو حدیث روایت کی حضرت انسؓ کی تفسیر پر مبنی ہے —
اس برزخ نکاح کی وہ فرماتے ہیں کہ حضرت انسؓ کہ حضور علیہ السلام مسجد میں
تشریف فرما تھے۔ اب اس واقعہ کی تفسیر بیان کرتے ہیں۔ اور آقا علیہ السلام نے فرمایا
حضرت علی سے فرمایا۔ فرمایا علی ابھی جو اللہ کی طرف سے پیغام جبرائیل امین میرے
پاس لائے۔ وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عرش پر تمہارا نکاح شادی فاطمہ سے کر دی
ہے۔ (۲۲-۲۴) آقا علیہ السلام پوچھتے ہیں۔ کہ اس شادی میں شرکت کن لوگوں
نے کی — لڑکے والوں کی طرف سے یعنی لڑکی والوں کی طرف سے کن کن لوگوں نے شرکت کی۔ طرفین
سے شریک کون ہوئے۔ جبرائیل امین نے عرض کیا یا رسول اللہؐ چالیس ہزار ملائکہ کو
شرکت کی اجازت دی گئی۔ تڑپتے رہے ہوں گے چالیس لاکھ چالیس کروڑ چالیس
ارب ملائکہ۔ مگر ہر ایک کو شرکت کی اجازت نہ تھی۔ اور یہ کہ جو لکھا ہے جو ملائکہ کی
میں اُن کو اجازت ہے۔ — چالیس ہزار ملائکہ شریک ہوئے اور یہ مجلس نکاح
کے گواہ بنے — نکاح ہو گیا تو پھر اللہ پاک کی طرف سے حکم آیا۔ شجر ہائے طوبیٰ کو
جنت کے درختوں کو حکم ہوا۔ جب ڈالیاں جھومیں ساتھ ثمرہ بانٹتے ہیں۔ آقا علیہ السلام
نے فرمایا۔ کہ پھر یا بنا کیا گیا۔ اللہ نے فرمایا کہ شجر طوبیٰ علی اور فاطمہ کا نکاح ہو گیا ہے۔ ان
حاضرین مجلس پر چالیس ہزار ملائکہ پر موتی اور یاقوت نچھاور کرو۔ اور فرمایا وہ جو
چالیس ہزار ملائکہ اس عقد نکاح کے موقع پر تحفے لئے یاقوت اور موتی کے حدیث پاک میں
ہے کہ وہ قیامت تک باقی ملائکہ کو تحفے دیتے رہیں گے۔ اب اس نکاح کے تحفے قیامت
تک بٹتے رہیں گے۔ اس لئے آقا علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ اللہ رب العزت نے پہلے اوپر کر دیا۔
مجلس نکاح منعقد ہو گئی۔ پھر حکم آیا کہ اب نیچے آپ بھی کر دیں۔ تب آقا علیہ السلام نے
وہ نکاح کیا۔ — یہ ہے بینھما برزخ لا — یخرج منھما اللولو والمرجان

جب بحرِ ولایت علی اور بحرِ عصمت و طہارت فاطمہ ملے اور اس عقد کے نتیجے میں حسن اور حسین
پیدا ہوئے۔ تو اس حسن اور حسین کا رشتہ مصطفیٰ سے کیا ہے۔ عام رشتوں میں
یہ رشتہ نانا اور نواسے کا بنتا ہے۔ مگر آقا علیہ السلام نے اس رشتے کی نوعیت بدل
دی ہے۔ حدیث پاک میں کہا۔ (۵۹-۲۷) امام طبرانی معجم میں روایت کرتے ہیں اور یہ
درجنوں کتب حدیث میں روایت ہے۔ حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا روایت کرتی
ہیں۔ فرماتی ہیں کہ آقا علیہ السلام نے فرمایا ہر ماں کی اولاد اپنے باپ کی طرف منسوب
ہوتی ہے۔ مگر فاطمہ اب میری اولاد اپنے باپ علی کی طرف نہیں اولاد مصطفیٰ کی طرف
منسوب ہوگی۔ اب میری اولاد حسن و حسین علی کے بیٹے نہیں مصطفیٰ کے بیٹے
کہلائیں گے۔ فرمایا اب میں ان کا باپ ہوں میں ان کا ولی ہوں۔ میں ان کا وارث
ہوں۔ اور دوسری حدیث حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ امام طبرانی
المعجم الکبیر میں روایت کی۔ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ کہ میں نے اپنے
کانوں سے سنا۔ فرمایا کہ ہر ماں کی اولاد کی نسبت اپنے باپ کی طرف ہوتی ہے۔
مگر سوائے اولاد فاطمہ کے۔ فرمایا فاطمہ میری اولاد جو ہوگی ان کا ابا بھی میں ہوں۔
ان کا نسب بھی میں ہوں۔ اور ان کا باپ بھی میں ہوں۔ تو اب نسب فاطمہ ہی نسب
مصطفیٰ ہے۔ اب حسین حسن حضور کے نواسے نہیں کہلائیں گے۔ بلکہ حضور کے بیٹے
کہلائیں گے۔ جب تاجدار کائنات نے اولاد فاطمہ کا نسب خود کو قرار دے دیا۔
یہ یخرج منھما اللؤلؤ والمرجان کی حقیقت کیا ہے۔ جب نسب قرار دے دیا خود کو
تو اس سے بھی آگے حدیث ہے۔ اور اس حدیث کے راوی بھی حضرت عمر بن خطاب
ہیں۔ اور حدیث امام حاکم نے المستدرک میں روایت کی۔ اور امام احمد بن
حنبل نے فضائل صحابہ میں روایت کی۔ اور امام بزار نے مسند میں روایت
کی۔ اور امام طبرانی نے المعجم میں روایت کی۔ اور بہت سی کتب حدیث میں ہے۔ سیدنا
فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے تھے۔ نسب فاطمہ کی اولاد کا نسب مصطفیٰ ہے۔ اس کا یہ

آقا علیہ السلام نے فرمایا۔ چونکہ اولاد فاطمہ کا نسب مصطفیٰ سے ہے فرمایا حضرت فاروق اعظم نے کہ شاہ
کائنات نے فرمایا کہ قیامت کے دن ہر ایک کا نسب ختم ہو جائے گا۔ سوائے میرے اور میری
فاطمہ کے بچوں کے۔ مگر فاطمہ کا نسب برقرار رہے گا ۔ کیونکہ اس کا نسب مصطفیٰ کا نسب
ہے۔ اور اسی طرح امام بیہقی نے سنن الکبریٰ میں روایت کیا۔ فرمایا عبداللہ بن زبیر
نے کہ رسول پاک ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن ہر نسب اور ہر رشتہ و تعلق منقطع ہو جائے گا۔
کوئی باقی نہیں بچے گا سوائے میرے نسب کے جو فاطمہ کے ساتھ ہے۔ وہ رشتہ برقرار رہے
گا وہ نسب برقرار رہے گا ۔ تو جو بات سمجھانے والی ہے وہ یہ ہے کہ کہا کہ لوگو ہر ایک کا
نسب فنا ہے۔ ہر ایک کی آل کو فنا ہے۔ اگر فنا نہیں تو نسب فاطمہ کو فنا نہیں ہے۔
اور آل فاطمہ کو فنا نہیں کیوں کہ یہ نسب فاطمہ نسب مصطفیٰ ہے اور آل فاطمہ آل مصطفیٰ ہے
یہی وجہ ہے کیونکہ اس کو فنا نہیں ہے۔ اسی لئے رب کائنات نے فرمایا۔ جب جمعہ کی نماز پڑھو۔
دنیا کو چھوڑ کر دنیا کے سارے رشتوں کو بھول کر جب میرے حضور میری عبادت اور بندگی
کے لئے حاضر ہو جاؤ۔ اور نماز فقط اللہ کے ذکر کے لئے پڑھو۔ اور اللہ کی عبادت میں
کسی غیر کا ذکر نہیں ہے ۔ آپ اگر نماز پڑھ رہے ہوں۔ اور درمیان میں آپ کی
نماز کے دوران دنیا کا کوئی بڑے سے بڑا شخص ۔ کوئی محترم (۳۶ ـــ ۳۳)
کوئی پیر طریقت آپ کا اور مرشد شیخ پیر و مرشد بھی آجائے۔ کوئی وقت کا ولی قطب
اور غوث آجائے۔ آپ حالت نماز میں ہیں۔ اور آپ نے ادباً جو اپنا دھیان اُس کا کیا اُس
کو سلام کر دیا نماز میں کہ دوران حضرت جی کہ السلام علیکم تو آپ کی نماز ٹوٹ گئی۔
نماز سے فارغ ہو کر سلام کریں۔ ہاتھ چومیں پاؤں چومیں جو ادب جانیں کریں۔
مگر حالت نماز چونکہ عبادت خدا ہے۔ اس میں کسی اور کو سلام نہیں کر سکتے۔
اور اگر اس نے آکر سلام کہا۔ آنے والے نے۔ خواہ کتنا ہی بلند رتبہ کیوں نہ ہو۔ تو حالت
نماز میں سلام کا جواب بھی نہیں دے سکتے۔ بعد میں دیں گے جب سلام پھیر کے نماز سے
فارغ ہو جائیں۔ حالت نماز عبادت خدا ہے۔ اس دوران کسی غیر کا ذکر نہیں ہے

دنیا میں جانشین مولا پیغمبر کی نماز ہے۔ یہ سب کی عبادت ہے یہ خالصتاً ذکر اذکار ہے۔ شریعت ذکر کا
کمال ہے (۵۵-۳۴) شریعت ذکر کی انتہا ہے۔ ساری عبادتیں عبادتوں کی بلندی والا
جس مقام پر ختم ہو جاتی ہیں۔ وہ بلندی عبادت اس کا نام نماز ہے۔ نماز میں
ذکر سے ہاتھ اٹھا لیے۔ نماز میں نرے یاد سے ہاتھ اٹھا لیے۔ نماز میں ہر رشتہ منقطع ہو
گیا۔ نماز میں ہر ایک سے منہ پھیر لیا۔ یکسو ہو گئے۔ عبادت خدا کیلئے۔ اور عبادت
کرتے کرتے جب مولا کے در پر دو زانو ہو کے بیٹھ گئے۔ رکوع سجود کے بعد اپنے رانوں
پہ ہاتھ رکھ لیے۔ اور ساری عبادتیں اللہ کیلئے خالص کر دیں تو حکم ہوا میرے بندے
میری حالت نماز میں اگر چاہتے ہو کہ تمہاری عبادت کمال کو پہنچ جائے تمہاری عبادت
میرے در سے مقبولیت پا لے۔ تمہاری جھولی میں میں اپنی عطاؤں کی خیرات کر دوں میں
تمہارا کشکول چاہتا ہوں۔ تو تمہارا سفر اب میری عبادت میں اس مقام پر آ کے دو سلام
کہو۔ عبادت میری ہے۔ پہلا سلام میرے مصطفیٰ سے کہو۔ دوسرا سلام آل
مصطفیٰ کو کہو۔ کہو السلام علیک ایھاالنبی۔ جب عبادت خدا کی ختم
ہو گا۔ توجہ الی اللہ جب اپنے منتہا کے کمال پر پہنچی اور رکوع سجود قیام تلاوت
اور ذکر کا ثمر پھل لینے کے لیے آپ اللہ کے دروازے پر بیٹھ گئے۔ اس وقت حکم ہوا
کہ اگر چاہتے ہو میری خیرات ملے۔ اور چاہتے ہو کہ تمہاری جھولی میں میرے لطف و کرم کی
خیر آئے۔ تو دروازہ بند رہے گا۔ میری عطا کا دروازہ کھولنا ہے تو میرے مصطفیٰ پر سلام
پڑھو۔ تو جس نبی پر سلام پڑھے بغیر نماز نہیں ہوگی۔ اس نبی کے سلام کے
بغیر باقی عبادتیں کیسے ہوتی ہیں۔ اور تم اس سلام پہ جھگڑا کرتے ہو جس سلام کے
بغیر خدا نماز قبول نہیں کرتا۔ ہو السلام علیک ایھاالنبی۔ اس کا معنیٰ
ہے یا نبی سلام علیک۔ یہ صرف الفاظ کا تقدم ہے۔ اللہ کی عزت کی
قسم ایک لفظ کا بھی فرق نہیں کر رہا۔ ایسا کہو یا کہتے ہیں۔ نماز میں کہنا
السلام علیک ایھاالنبی۔ اور سارے لوگوں کے لیے آپ پکار رہے ہیں۔

۳۸ — ۱۶)

یا نبی سلام علیک — یا رسول سلام علیک — فرمایا جب تک یہ سلام
نہ پڑھو — کیوں جی ہے کوئی جو سلام مصطفیٰ کے بغیر نماز قبول کر کے دکھا دے —
مصطفیٰ پہ سلام پڑھ لیا۔ آگے چلے سمجھے یہ کام ہو گیا — اللہ کی عبادت قبول کرانے کے
لئے مصطفیٰ پہ سلام پڑھایا — سلام پڑھ کے یار لوگوں نے سمجھا — کہ ہم نے
کام کر لیا۔ فرمایا نہیں۔ اپنی عبادت کی قبولیت کے لئے مصطفیٰ پہ سلام پڑھایا۔ اب مصطفیٰ کے
سلام کی قبولیت کے لئے۔ اس کی آل پہ سلام پڑھایا۔ اب آل پہ درود پڑھو۔ تو جب
آپ نماز میں بیٹھے ہوتے ہیں تشہد کے بعد کہتے ہیں۔ اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد۔
بات یہ ہے۔ نبی پہ درود پڑھو۔ نبی کی آل پہ درود پڑھو — نبی پہ درود سلام پڑھو گے
تو خدا کی عبادت قبول ہو گی۔ اور نبی کا درود سلام تب قبول ہو گا۔ کہ اس کی آل کی
آل پہ درود سلام پڑھو — میں نے تو کوئی باہر کی بات نہیں کی — لکھا تو نماز کے اندر
پڑھ رہے ہیں — نہ سمجھو — آل کو ~~درود سلام~~ میں نماز میں داخل کیا۔

اب جو بات سننے والی سمجھانا چاہتا ہوں۔ کہ غیر کو سلام کر دیں۔ نماز نہیں۔
یا غیر کے سلام کا جواب دے دیں تو نماز نہیں نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ اگر نبی اور آل بھی
غیر ہوتے تو نماز ٹوٹ جاتی — تب سمجھ آئے گی — کوئی عشق کی
سمجھ کا یہ دروازہ کھلے — آپ کے شعور کے بھی پردے کھلیں — میرے پاس تو دلیل
کی بات ہے علم بھی — پیار کی بات ہے قرآن کی بات ہے — حدیث کی بات ہے
عشق کی بات ہے۔ قبول کرنا نہ کرنا آپ کی مرضی ہے — (۱۰—۱۸) م
میرے پاس تو یہ سودا ہے۔ اسی سودے کی آواز دیتا پھروں نصیب والے لے لیتے ہیں۔
جن کا نصیب شکوہ وہ نہ لیں۔ تو مرض پکڑ بیٹھا تھا۔ مگر حق یہی ہے۔ اگر غیر کو سلام کر دیں تو نماز
ٹوٹ جاتی ہے۔ اس امر میں کوئی شک نہیں ہے۔ تو سوال یہ ہے۔ اگر نبی اور آل نبی غیر
ہوتے تو نماز میں ان پر سلام نہ رکھا جاتا۔ نماز ٹوٹ جاتی۔ غیر پر سلام ہو جائے تو نماز
ٹوٹ جائے۔ اور ان پر نبی اور آل نبی پر سلام نہ ہو تو نماز ہی نہ ہو۔ تو پھر یہ غیر ہو گئے۔

یا عین مصطفیٰ ہو گئے۔ عین بمعنی اپنے۔ مصطفیٰ کے اپنے ہو گئے۔ اس لئے اپنے ہوئے جو میرے آقا نے
فرمایا۔ ہر رشتہ و نسب منقطع ہو جائے گا۔ فاطمہ کا رشتہ و نسب منقطع نہیں ہوگا۔ کیونکہ وہ
نسب فاطمہ نہیں ہے۔ بلکہ نسبِ مصطفیٰ ہے۔ اور میرے آقا نے فرمایا۔ فاطمۃ بضعۃ منی
میری بیٹی ہے وہی قلبی۔ وہی روحی ہے فرمایا فاطمہ میری جان کا حصہ ہے۔ فاطمہ میرا دل ہے۔
اور فرمایا میری روح ہے۔ اور میں کہتا ہوں حضور سمجھانا یہ چاہتے ہیں۔ لوگو سمجھو فاطمہ
میرا سب کچھ ہے۔ کیونکہ فاطمۃ الزہرا حضور کی جان کا حصہ بھی ہیں۔ جگر کا ٹکڑا
بھی ہے۔ بدن کا ٹکڑا بھی ہیں۔ دل بھی ہیں روح بھی ہیں جان بھی ہیں۔ اس لئے نبی اور
آل نبی کے تعلق پر فنا نہیں ہے۔ وہ آج بھی ہے اور قیامت کے دن بھی ہوگا۔ تو لوگو اس
تعلق کو مضبوط کر لو جس پر فنا نہیں ہے۔ اس لئے اللہ پاک نے نبی اور آل نبی کے ذکر کو اپنی
عبادت کی تکمیل میں رکھا ہے۔ اپنی عبادت کے مجموعہ میں رکھا ہے۔ (۴۳-۴۷) —
اپنی عبادت کے مجموعہ میں رکھا ہے۔ سجا کے رکھا ہے۔ جس طرح اللہ کے ذکر و عبادت کو
فنا نہیں ہے۔ اسی طرح نبی اور آل نبی کے ذکر کو فنا نہیں۔
اس لئے آقا علیہ السلام نے فرمایا۔ حدیث پاک میں ہے۔ کیونکہ ان کے ذکر کو دین
ایمان کر فرمایا۔ اُن کی محبت کو اپنی محبت فرمایا۔ اُن کے نسب کو میں اپنا نسب
فرمایا۔ اُن کے درود و سلام کو میں اپنا درود و سلام بنایا ہے۔ جس جگر کا تعلق دیا
اس لئے۔ آقا علیہ السلام نے فرمایا۔ اس اہلبیت فاطمہ اور اس کے گھر والوں کا ذکر
کر کے۔ آپ نے فرمایا۔ کہ جو فاطمہ اور فاطمہ کے بیٹوں فاطمہ تک
وَ اَبُوھَا فاطمۃ و ابوھا۔ و بعلھا و بنوھا۔ جو فاطمہ اور فاطمہ کے بابا
اور فاطمہ کے شوہر۔ اور فاطمہ کے بیٹوں کا۔ اس طرح آقا علیہ السلام نے
حسین طریقے سے بیان فرمایا۔ اللہ اس سے محبت فرماتا ہے۔ اور جو
ان سے بغض رکھے اللہ ان سے بغض رکھتا ہے۔ عداوت رکھتا ہے۔ اس کے بعد
جو حدیث پاک بیان کرنا چاہتا ہوں۔ ترمذی شریف کی حدیث پاک حضرت زید

ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث کے راوی ہیں۔ آقا علیہ السلام نے فرمایا۔ علی فاطمہ کو
و حسین جو تم سے لڑے گا۔ خدا کی عزت کی قسم مصطفیٰ اس سے لڑے گا۔ اور جو
تم سے صلح کرے گا۔ خدا کی عزت کی قسم مصطفیٰ اس سے صلح کرے گا۔ تو آقا علیہ
السلام۔ اپنی دوستی اور دشمنی کا معیار اہلبیت کے افراد کو بنا دیا۔ اور کبھی آقا علیہ السلام
نے دوسرے رخ سے زجر و توبیخ کے انداز میں فرمایا۔ حضرت ابو سعید خدری کی روایت
کرتے ہیں۔ اور امام احمد بن حنبل نے فضائل صحابہ میں حدیث پاک نقل کی
فرمایا ہے اہلبیت سے جو ہم سے بغض کرے گا وہ منافق ہے۔ پھر فرمایا
آقا علیہ السلام نے کہا کہ جتنا منافق ہے اہلبیت ہم سے کوئی منافق
محبت نہیں کرتا۔ اور ہم سے کوئی مومن بغض نہیں رکھ سکتا۔ یہ ہو نہیں سکتا
کہ کوئی شخص ہو منافق اس کا دل ایمان سے محروم ہو۔ اور ہم سے محبت کرے۔
یعنی منافقت اور محبت اہلبیت ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتے۔ اور
فرمایا ہو نہیں سکتا کہ کوئی شخص ہو مومن اور ہم سے بغض رکھے۔ ایمان اور
بغض اہلبیت ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتے۔

پھر حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ آپ نے فرمایا کہ
آقا علیہ السلام نے ایک دن ہمیں خطاب کیا۔ امام طبرانی نے المعجم الکبیر الاوسط
میں روایت نقل کی ہے۔ اور خطاب کرتے فرمایا۔ لوگو سنو۔ خدا کی عزت
کی قسم جو میری اہلبیت سے بغض رکھے گا قیامت کے دن اس کا حشر و
نشر یہود کی طرح کیا ہو گا۔ اور حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری فرماتے ہیں میں
بیٹھا تھا۔ میں نے ایک سوال کر دیا۔ خواہ وہ ساری زندگی روزے رکھے۔ اور ساری
زندگی نماز پڑھے۔ فرمایا وہ روزے رکھے اور نماز پڑھے۔ مگر میری اہلبیت سے
بغض کے باعث یہود کی طرح قیامت کے دن اٹھایا جائے گا۔
بغض اہلبیت رکھنے والا اس رب کعبہ کی عزت کی قسم اور مصطفیٰ کی عزت

کی قسم۔ رب انبیاء کی عزت کی قسم جس دل میں بغض اہلبیت ہے۔ نہ اس کی
نماز قبول ہے۔ نہ اس کا روزہ قبول ہے۔ نہ اس کا طواف کعبہ قبول ہے۔ نہ اس کا کلام
قبول ہے نہ اس کا صدقہ قبول ہے۔ آقا علیہ السلام نے دو بار دہرا کے فرمایا۔
خواہ وہ نماز پڑھے اور روزے رکھے — میں کسی کو مغالطہ نہ رہے۔ اگر دل میں اہلبیت
کا بغض ہو۔ تو بغض اہلبیت رکھنے والے شخص کو نمازیں بخشوا نہیں سکتیں۔
روزے بخشوا نہیں سکتے۔ اور حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے
اور میں جتنی حدیث بیان کر رہا ہوں — یہ شیعہ سنت — بیان نہیں کر رہا۔
سنیو — سمجھو سنت کہاں ہے — یہ سنت ہے — اگر عقیدہ یہ
ہے۔ تو اہلسنت ہو۔ اگر عقیدہ یہ نہیں تو دوزخی ہے۔ یہ نکتہ ہے اہلسنت
اور اہل تشیع — آقا کی ساری امت کو ایک نکتے پر جمع کر رہا ہوں —
ابو سعید خدریؓ فرماتے ہیں۔ آقا علیہ السلام نے فرمایا والذی نفسی بیدہ
اس رب کی عزت کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ جو شخص میرے
اہلبیت سے بغض رکھے گا۔ اللہ اسے دوزخ کا ایندھن بنا دے گا۔ حضرت
عبداللہ ابن عباسؓ روایت کرتے ہیں۔ آقا علیہ السلام نے فرمایا اگر کوئی شخص
کعبۃ اللہ میں کھڑا ہو کر رکن یمانی اور مقام ابراہیم کے درمیان کھڑا ہو۔ جو کعبہ میں سب سے
بلند مرتبہ جگہ ہے۔ صحن کعبہ میں کھڑا ہو۔ وصلی و صام۔ اور ساری زندگی روزے
بھی رکھے۔ اور نمازیں بھی پڑھے۔ اور کھڑا بھی رکن یمانی اور مقام ابراہیم کے درمیان کعبہ کو تھام کر ہو
فرمایا خدا کی قسم اگر وہ اہلبیت سے بغض رکھتے ہوئے مرا تو دوزخ میں ہے۔
(۳۲-۵۲) — سرکار نے فرمایا لوگو میری آل پاک کے بغض سے بچے رہنا۔ فرمایا
اگر اہلبیت کا بغض دل میں ہوا اور تم کہیں حوض کوثر پر آ گئے تو وہاں سے
دوزخ کی آگ کے سامنے تمہیں دھکیل کے پھینک دیا جائے گا۔ حوض کوثر کا پانی
نصیب نہیں ہوگا۔ مصطفیٰ کی شفاعت نصیب نہیں ہوگی۔ آپ کو پتہ ہے کہ

روز محشر ہے کیسا ہوگا۔ اس نبی کی شفاعت کی توقع کرتا ہوں۔ روز محشر ہی کوئی آئے گا۔
روز محشر ہر ایک کے لئے یکساں ہوگا۔ بڑی بڑی مقدس ہستیاں تب بھی آئیں گی۔ بڑی
بڑی عظیم ولیہ صالحات عابدہ ساجدہ عارفہ آئیں گی۔ سراپا عصمت وطہارت کی پیکر
آئیں گی۔ بڑی بڑی ہستیاں آئیں گی۔ مگر ہر ایک کی آمد اس کی شان کے لائق ہوگی۔ ایک
ہستی کی آمد قیامت کے دن ہوگی۔ تاجدار کائنات نے فرمایا۔ عرش کے بطن سے
اور عرش کے پردوں سے ایک آواز آئے گی۔ اے محشر والو۔ اپنی آنکھیں جھکا لو۔
اپنی گردنیں خم کر لو۔ گردنیں جھکا لو۔ لوگ پوچھیں گے کیوں آواز آئے گی۔ کہ
فاطمۃ الزہرا تشریف لا رہی ہیں۔ جب تک سیدہ کونین سیدہ کائنات جنت کی سیدہ
اہل الجنۃ سیدۃ النساء المومنین مخدومہ جگر مصطفیٰ۔ جانِ مصطفیٰ روحِ مصطفیٰ فاطمہ
الزہرا جب گزر نہ جائیں گی۔ اہل محشر میں کوئی بھی ہو یا ولی نظر اٹھا کے دیکھنے
کی اجازت نہ ہوگی۔ لوگو۔ یہ محشر ان کا ہے۔ تو پھر ان کی شفاعت کس
طرح نصیب ہو اس دل کو جو ان کی محبت سے محروم ہے

سیدہ کائنات اور علی شیر خدا۔ بحر ولایت علی اور بحر عصمت فاطمہ
مل گئے۔ اور مل کر ان کے تعلق عقد سے یخرج منہما اللؤلؤ والمرجان۔ حسن اور حسین
آ گئے۔ دو ستارے آ گئے۔ جن کو مصطفیٰ ﷺ نے اپنا بیٹا کہا۔ اور جن کے رشتے
اور نسب کو فخر سے پاک کیا۔ حسین کے نانا کا ذکر ہوا ایسا کیا
کی والدہ کا ذکر ہوا۔ اب حسین کی بارگاہ میں سلام عرض کرو

تاجدار کائنات نے فرمایا۔ حسین کو دیکھو۔ جس نے مجھ سے حسن اور
حسین سے محبت کی۔ اس نے مجھ سے محبت کی۔ جس نے ان دونوں
سے بغض رکھا۔ فرمایا اس نے مجھ سے بغض رکھا۔ مسند احمد بن حنبل
میں حدیث وارد ہے۔ ہیں حضرت عطاء اور بہت سی احادیث کہ آقا علیہ السلام
نے دونوں شہزادوں کو سینے سے لپٹا رکھا تھا۔ ایک صحابی کہتے ہیں ان کا

وقت تھا۔ میں آقا سے ملنے گیا۔ آقا علیہ السلام نے دروازہ کھولا میں ملا۔ میں نے دیکھا
کہ چادر اونچی اونچی تھی۔ اور کوئی چیز آقا علیہ السلام کے سینے کے ساتھ چمٹی
ہوئی ہے۔ میں نے اپنی حاجت عرض کی آقا علیہ السلام نے جواب ارشاد فرمایا۔
میں جانے لگا تو میں نے پوچھا ذہن بے قرار رہا تو میں نے پوچھا۔ کہ چادر کے نیچے کیا ہے
تو آقا علیہ السلام نے چادر اٹھا دی۔ تو میں نے دیکھا کہ حسن اور حسین
تھے۔ آقا نے دونوں کو سینے سے لپٹا رکھا تھا۔ اور یہ منظر دیکھا کہ میرے آقا
فرمانے لگے۔ تجھے معلوم ہونا چاہیئے کہ میں ان سے بڑی محبت کرتا ہوں۔ اور پھر میرے
آقا نے فرمایا مولا میں ان سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر اور
جو ان سے محبت کرے۔ ان سے بھی محبت کر۔ اور جو ان سے بغض رکھے
تو بھی اس سے بغض رکھ۔ یہ ہے مقام۔

حدیث پاک میں ہے حضرت عمر فاروق رض بن خطاب نے روایت کی ہے۔ اور
فرماتے ہیں۔ میں نے حسن اور حسین کو اپنی آنکھوں سے مصطفیٰ کے کندھوں پر سوار دیکھا
اور حضور انہیں کندھوں پر بٹھا کر مدینہ کی گلیوں میں چل رہے ہیں۔ قربان جاؤں حسن
اور حسین آپ کے نصیب پر۔ ایک حدیث میں سیدنا صدیق اکبر رض کا فرمان ہے۔ کہ
مجھے ان کے نصیب پر رشک آ گیا۔ اور میں نے کہا حسن اور حسین مبارک ہو
تمہیں کیسی سواری ملی ہے۔ سیدنا فاروق اعظم فرماتے ہیں۔ خدا کی عزت کی قسم میری
بات کے جواب میں مصطفیٰ نے فرمایا۔ عمر سواری کو دیکھتا ہے سوار نہیں دیکھتا
مقصود یہ تھا کہ اگر مجھے خوش کرنا ہے۔ سر عمر ہوں تو کہیے کہ تمہاری سواری کیسی
ہے۔ مجھے خوش کرنا ہے تو کہہ کہ میرے مصطفیٰ آپ کے سوار کیسے ہیں۔ کیا دلکش منظر ہوگا
جب حسن اور حسین مصطفیٰ کے کندھوں پر سوار ہوتے ہوں گے۔ یہ تو کندھوں کی سواری کا
ہے عالم حالات میں۔ حدیث پاک میں ہے امام احمد بن حنبل نے روایت کیا۔
اور پھر ہمارے صحاح ستہ کی کتابوں میں تھا۔ حضرت ابوہریرہ رض روایت کرتے ہیں۔

فرمایا۔ کہ ہم حضور علیہ السلام کے ساتھ نماز عشاء باجماعت پڑھ رہے تھے۔ کہ اچانک جب آقا ؐ
سجدہ میں گئے تو دونوں شہزادے دوڑتے ہوئے آگئے۔ اور دونوں حضور کی پشت پر سوار ہوگئے۔
اور حدیث پاک میں فرماتے ہیں۔ کہ جب میرے حضور علیہ السلام نے سجدہ سے سر انور
اٹھایا۔ اب یہ حالت نماز ہے۔ آپ کو تو صرف اتنا حکم دیا کہ میرے حسن اور
حسین پر درود و سلام پڑھو۔ تو نماز ہوگی۔ یعنی آل نبی پر سلام پڑھو۔ تو نماز ہوگی۔
اور خود دیکھا کرتے۔ کہ پشت مبارک پر شہزادے چڑھ گئے۔ جب اٹھنے لگے تو حسن حسین
اور حسین گر نہ جائیں۔ حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ حضور نے دونوں ہاتھوں سے
شہزادوں کو پکڑا اور زمین پر بٹھایا۔ پھر سجدہ سے اٹھے۔ پھر جب دوسرے سجدے میں
گئے۔ شہزادے پھر چڑھ گئے۔ آقا نے سجدہ کیا تو اٹھے تو پہلے ان کو پکڑ کے زمین پر بٹھایا
پھر اٹھے۔ اس طرح فرمایا ساری نماز شہزادے حضور پر سواری کرتے رہے۔ اور حضور ان
کو بٹھاتے اٹھاتے رہے۔ جب سلام پھیر دیا۔ تو اس کے بعد ان کو گود میں بٹھا دیا۔
ایک حدیث پاک میں ہے۔ پھر صحابہ نے پوچھا آقا آپ نے نماز میں جو کچھ کیا ہے
جو پہلے کبھی نہ کیا تھا۔ اس پر میرے آقا نے جواب دیا۔ تمہیں معلوم نہیں میں ان
سے کتنی محبت کرتا ہوں کتنا پیار کرتا ہوں۔ اس کا مطلب کیا ہوا
کہ اُن سے نماز کی حالت میں بھی مصطفیٰ ؐ کا پیار کرنا یہ عین عبادت ہی
ہے۔ تو گویا حسن اور حسین کی محبت اللہ اور اس کے رسول کی عزت کی قسم یہ اللہ کی
عبادت ہے۔ محبت حسین عبادت خدا ہے۔ اور ایک حدیث
میں صحابہ کہتے ہیں ہم نماز پڑھنے لگے آقا علیہ السلام کے پیچھے۔ آقا علیہ السلام سجدے
میں گئے۔ اور دیر گزر گئی سجدے سے سر انور نہ اٹھایا۔ ہم انتظار کرتے رہے۔ اب اٹھائے
ہیں اب اٹھائے ہیں۔ حتیٰ کہ صحابہ کہتے ہیں اتنی دیر ہوگئی۔ کہ ہمیں عجیب سا خیال آنے
لگا۔ اشارہ اس امر کی طرف ہے کہ کہیں وصال نہ فرما لیا ہو۔ اتنی دیر گزر گئی۔ اور
صحابہ کہتے ہیں۔ کہ ہم نے یہ کہا ہوگا کہ کہیں ایسا ہی نہ ہو۔ کہ آقا نے سجدے سے سر اٹھا کر

تو سجدہ میں بیٹھ گئے ہوا اور ہم نے سُنا تھا ہو سو گئے ہیں کہ ہم میں سے بعض نے سر اٹھا کر دیکھا
تو حضور پر سوار سجدے میں تھے ہم پھر سجدے میں گئے۔ بڑی دیر کے بعد آقا علیہ السلام نے سر انور
اٹھایا۔ تو دیکھا کہ حسن حسین حضور کے اوپر سوار ہیں۔ جب سلام پھیرا تو ہم نے پوچھا
یا رسول اللہ۔ آپ نے اتنی دیر کر دی سجدے میں سو فرمایا حسن اور حسین میرے کندھوں پر تھے۔
میں نے چاہا کہ ان کو ابھی اتار دوں۔ تو کہیں ان کا دل نہ ٹوٹ جائے۔ میں نے ان
کی خاطر سجدہ لمبا کر دیا۔ مگر دل حسن اور حسین کا نہیں توڑا۔ تو اللہ کے حضور
پر سجدہ ہے۔ طویل کر دیا۔ فرمایا کہ میں نے پسند نہیں کیا کہ جلدی کا سر
اٹھاؤں۔ حسن اور حسین جی بھر کے میری سواری کر لیں۔ بعد میں سجدے سے سر انور
اٹھایا۔ تو حسین کی نسبت مصطفیٰ سے ہے۔ حسین کی محبت
محبت مصطفیٰ ہے۔ حسین کا وجود جزءِ مصطفیٰ ہے۔ اور حسین کی صورت
شبیہ مصطفیٰ ہے۔ حدیث پاک میں ہے۔ ترمذی شریف میں ہے
(۱۰-۷-۱) بیماری کا مشکوٰۃ شریف میں حدیث پاک ہے۔ اور متعدد کتب حدیث میں
ہے۔ صحابہ کرام کہتے ہیں کہ۔ فرمایا کہ سینہ اقدس سے لے کر سر انور تک حسن شبیہ
مصطفیٰ تھا۔ اور سینہ اقدس سے لے کر قدموں تک حسین شبیہ مصطفیٰ تھا۔ اور لوگوں کا
بتانا ہے جاتا ہوا۔ کہ اگر حسن اور حسین کو جدا جدا دیکھو۔ تو وہ حسن تھے اور حسین تھے۔
اگر حسن اور حسین کو ملا کے دیکھو تو وہ مصطفیٰ تھے۔ جدا دیکھے تو حسن اور حسین
کے شہزادے نظر آئے۔ ملا کے دیکھے تو شبیہ مصطفیٰ نظر آئے۔ آقا کے وصال کے بعد
855
صحابہ کرام کی نگاہیں۔ جب دید مصطفیٰ کے لیے ترس جاتی۔ تو مشتاقان دید مصطفیٰ۔
سیدہ کائنات کا دروازہ کھٹکھٹاتے۔ اور شہزادے باہر آتے درخواست کرتے دونوں کو
ملا کے دیکھ لیتے انہیں دیدار مصطفیٰ ہو جاتا تھا۔ یہ کتنی خلقت پر مشتاق ہیں اور باطنی
مشتاق بہت ہی تھی۔ حسن اور حسین ظاہر میں بھی شبیہ مصطفیٰ تھے۔ اور باطن میں بھی
شبیہ مصطفیٰ تھے۔ اس لیے پھر آقا نے فرمایا۔ جو ان سے محبت کرے گا۔ وہ مجھ

محبت کر گیا اور دم بیان کی۔ فرمایا حسین منی وانا من الحسین۔ (B)
(B) ۔ لوگو سنو حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوا۔ معروف حدیث پاک۔
مصابیح السنہ میں جامع ترمذی کی حدیث ہے۔ فرمایا حسین مجھ سے ہے۔ میں حسین سے
ہوا۔ اور حسین کا مصطفیٰ سے ہونا تو سمجھ میں آتا ہے۔ اس لیے کہ بیٹا باپ سے
ہوا کرتا ہے۔ جز اپنے کل سے ہوا کرتا ہے۔ شاخ درخت سے ہوتی
ہے۔ پھل شاخ سے ہوتا ہے۔ حسین مصطفیٰ سے ہیں۔ یہ سمجھ میں آتا ہے۔
سوال یہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ مصطفیٰ حسین سے کیسے ہو گئے۔ اس کا ایک
معنیٰ تو یہ ہے کہ حسین منی حسین مجھ سے ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہر کمال
ہر فضیلت ہر حسن ہر جمال ہر عظمت ہر رفعت ہر خوبی جو تم حسین میں دیکھتے ہو
تو سمجھو کہ حسین میرا آئینہ ہے کمال مصطفیٰ کا ہے۔ نظر حسین میں آتا ہے۔ وصف
مصطفیٰ کا ہے۔ جھلکتا حسین سے ہے۔ حسن مصطفیٰ کا آتا ہے۔ دکھائی حسین
میں دیتا ہے۔ حسین منی کا مطلب ہے۔ کہ حسین کے ہر کمال کا مصدر میں ہوا۔
حسین کے ہر کمال کا منبع میں ہوا۔ حسین کے ہر کمال کا اصل میں ہوا۔ اور میں حسین
سے ہوں۔ اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ میرے ہر کمال کا مظہر حسین ہے۔ گویا مطلب
ہوا کہ لوگو مصطفیٰ حسین کا مصدر ہے۔ اور حسین مصطفیٰ کا مظہر ہے۔ حسین
کے ہر کمال کا عکس حسین مصطفیٰ سے ہے۔ اور مصطفیٰ کے ہر کمال کی جھلک حسین
سے ہے۔ لہٰذا حسین سے دوری کر لینے والو۔ جو حسین سے دوری
نہیں ہو گی وہ مجھ سے دور کا ہو گا۔ حسین سے محروم ہو جانے والو۔ مجھ
سے محرومی ہو گی۔ حسین سے بغض رکھنے والو۔ مجھ سے بغض ہو گا۔ حسین سے
محبت کرنے والو۔ مجھ سے محبت ہو گی۔ حسین کی غلامی کرنے والو۔ مجھ سے غلامی ہو گی
اور حسین حسین کرنے والو۔ یہ مصطفیٰ ﷺ کو پسند ہو گا۔ کہ محمد محمد کرتے جا رہے ہو۔ حدیث
کا معنیٰ یہ ہے۔ یعنی سر حسین حسین کیا۔ اس لئے محمد محمد کا نام بلند کیا۔

یہ رشتہ مصدر و مظہر کا ہے۔ مصطفیٰ حسین کا مصدر ہے۔ حسین مصطفیٰ کا مظہر۔ یہ تو ایک
معنی ہے۔ ایک معنی اور اللہ کے فضل اور آقا کے نعلین پاک کے صدقے میرے
دل میں اور بھی آیا ہے۔ اس نے عطا کیا ہے حسین کے جوتوں کے طفیل۔ ایک معنی اور
بھی ہے جو میں سمجھا ہوں وہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں۔ حسین منی۔ حسین مجھ
سے ہے۔ اور میں حسین سے ہوں۔ میں نے حسین کی زندگی کی تاریخ
سے نکالا ہے۔ اور اسلام کی تاریخ پہ نگاہ ڈالی۔ اور حسین کی سیرت
پہ نگاہ ڈالی۔ اور حسین کی خدمت اسلام اور حسین کے کردار پہ نگاہ ڈالی تو جو معنی فضل
الٰہی حضور کے نعلین پاک کے صدقے مجھے حضرات میں آیا۔ وہ یہ سمجھ میں آیا کہ
مصطفیٰ اشارہ دے رہے ہیں۔ حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں۔ حسین کا
مصطفیٰ سے ہونا۔ اس کا معنی یہ ہے کہ فاطمہ کی گود سے لے کر کربلا کے
دن تک حسین مجھ سے تھا۔ اور کربلا سے لے کر قیامت تک میں حسین
سے ہوں۔

فاطمہ کی گود سے لے کر میدان کربلا کے دن تک حسین مجھ سے تھا۔ کیوں میرا
پالا ہوا تھا۔ میرا پرورش یافتہ تھا۔ میرا تربیت یافتہ تھا۔ میں جو اپنی زبان اس
کے منہ میں دے کے چوسایا کرتا تھا۔ اپنا فیض اسے منتقل کرتا تھا۔ میں جو حسین
کو اپنے سینے پہ لٹاتا تھا۔ تو سینہ مصطفیٰ کا فیض حسین کے سینے میں منتقل
کرتا تھا۔ میں جو حسین کو اپنے کندھوں پہ بٹھا کر چلتا تھا۔ تو میں حسین کو کربلا کے
دن تک کے لئے تیار کرتا تھا۔ جو فاطمہ کی گود سے کربلا کے دن تک حسین
مجھ سے تھا۔ اور وقت آیا امتحان کا۔ اور میں حسین سے ہوں۔ ہوا یہ کہ حسین
نے جو کچھ کربلا میں کر دیا۔ اس لئے کربلا کے دن سے قیامت تک میں حسین سے
ہوں۔ میں حسین سے ہوں کا مطلب یہ کہ دین حسین سے ہے۔
تو میں اس مضمون کا اگر ایک عنوان بنا دوں۔ اور عمر بھر یاد کر لیں۔ تو اس کا

پوری حدیث کا خلاصہ یہ ہوا کہ اسلام محمدی الوجود ہے۔ اسلام اپنے وجود میں محمدی ہے۔
حسین منی کا معنیٰ ہے اور اپنی بقا میں حسینی ہے۔

اسلام محمدی الوجود ہے اور حسینی البقا ہے۔ لہذا حسین کا وجود مصطفیٰ
سے ہے۔ اور اسلام کی بقا حسین سے ہے۔ لہذا جو اسلام کی راہ پہ چلنا چاہتا ہے
خدا کی قسم وہ حسین کے نقش قدم پہ چلے۔

جو سنت رسول مصطفیٰ پہ چلنا چاہتا ہے۔ وہ کردار حسین پہ چلے۔ تو اسلام
کی پیروی حسین کے قدموں سے حاصل ہوگی۔

فرمایا میرا دین اسلام اس کی بقا حسین سے ہے۔ اسی کا خلاصہ تھا جو
خواجہ اجمیری نے بیان فرمایا ہے۔ یہ حقا کہ بنائے لا الٰہ است حسین۔
کہ دین اسلام کی بنا لا الٰہ حسین بنا۔

میں اس حسین کی پرورش کی بات کر رہا ہوں کہ اس حدیث سے اسلام کو بقا ملنی
تھی۔ حسین کو پیار دیا۔ حسین کو سینے پہ لٹایا۔ صحابہ کہتے ہیں۔ کہ خدا کی قسم
ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ حضور لیٹے ہوئے۔ حسین کے ہاتھوں کو ہاتھ سے پکڑا ہوا تھا۔
اور فرماتے تھے حسین میرے سینے پہ دوڑ۔ پھر حضور نے زبان نکالی۔ اور حسین
کو فرمایا منہ کھول۔ (۲۱-۱۵) میرے مصطفیٰ نے اپنی زبان اندر حسین کے منہ میں ڈال
حسین چوسنے لگ گئے۔ یہ کیا تھا؟ یہ کربلا کا پس منظر تھا۔ کہ حسین جب میری پیاس کا
وقت آئے گا۔ اس وقت پانی تو نہیں ملے گا۔ میری زبان کا چشمہ کام آئے گا۔ جب
گھوڑے میری لاش پاک پہ دوڑائے جائیں گے۔ تو اس وقت بھی میرے سینے پہ دوڑنا یاد
لینا۔ میں یہ چیزیں کہ بدلے چکائے جا رہا ہوں۔ جب تیرا سر نیزے پہ سوار کیا جائے گا۔
تو میرے کندھوں کی سواری یاد کر لینا۔ میں پہلے آنے والے وقت کا بدلہ دیئے جا رہا ہوں۔

پھر آگے ۴ حدیث ملک میں ہے۔ نام بھی رکھے۔ جیسے شہزادے پیدا ہوئے تو نام
حضور حسین لعد حسن نام رکھا۔ حدیث مسلم کی ہیں ہے امام ابن حجر مکی نے الصواعق المحرقہ

میں بیان کرتے ہیں۔ کہ دو نام یاد رکھ لیں۔ دورِ جاہلیت میں آقا علیہ السلام سے پہلے
نہ تاریخ میں کسی کا نام محمد تھا۔ نہ حسین سے پہلے تاریخ میں کسی کا نام حسن اور
حسین تھا۔ محمد کا نام بھی بے مثل تھا۔ اور حسن اور حسین کا نام بھی بے مثل تھا۔ اور آقا
نے رکھا۔ جب ان کی ولادت ہوئی۔ امام ابن حجر مکی بیان کرتے ہیں۔ فرمایا حسن اور حسین کا
نام بدل کے رکھے گئے۔ فرمایا یہ نام جیسے اللہ نے جنت سے اتار کے دئیے ہیں۔
لاڈ میں پالا تھا۔ وہ صحابہ کرام اس دن حسین کے ساتھ مصطفیٰ کے لاڈ دیکھتے ہیں۔
وہی امام حسین سے لاڈ کرتے تھے۔ بچپن کا واقعہ سنو۔

بخاری حدیث کی اسماء الرجال کے فن کی کتاب تہذیب التہذیب اور الاصابہ
امام ابن حجر عسقلانی جیسے محدث وہ واقعہ بیان کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ سیدنا
امام حسین نے اپنے بچپن کے حالات بتاتے ہوئے ایک بچپن کا واقعہ سنایا۔ آپ اندازہ
کریں حدیث کا پس منظر بتا دوں کہ کیا ہے۔ حدیث پاک میں ہے۔ صحابہ کرام
کہتے ہیں۔ ہم نے دیکھا کہ حضور علیہ السلام منبر پہ خطبہ ارشاد فرما رہے ہیں۔
(۱۳ — ۴۱) اتنے میں حسنین آگئے۔ انہوں نے سرخ جوڑا پہنے ہوئے تھے۔ دوڑتے ہوئے
اندر آگئے۔ آقا علیہ السلام کی طرف دیکھا۔ میرے آقا خطبہ چھوڑ کے منبر سے اتر آئے۔
اور ان کو اٹھا کے سامنے بٹھا لیا۔ پھر خطبہ مکمل فرمایا۔ پوچھا یا رسول اللہ خطبہ
چھوڑ کے حسنین کو اٹھا لیا۔ فرمایا تم خطبے کی بات پوچھتے ہو فرمایا میں تو نماز کے اندر
انہیں اٹھا کے کندھوں پہ اٹھا بٹھا لیتا ہوں۔ پھر سیدنا فاروق اعظم کا دور آیا۔ وہ خطبہ
جمعہ دے رہے ہیں۔ پھر سیدنا امام حسین آگئے۔ سیدنا فاروق اعظم کے خطبہ جمعہ کے دوران۔ جب سامنے
آگئے۔ تو انہیں دیکھ کر سیدنا فاروق اعظم نے خطبہ چھوڑ دیا۔ اور منبر نبوی سے نیچے آگئے
اٹھا کے سامنے بٹھایا پھر خطبہ عطا فرمایا۔ کسی نے پوچھا ان شہزادوں کے لئے آپ نے خطبہ
چھوڑ دیا۔ فرمایا خدا کی قسم میں نے یہ عمل مصطفیٰ کا بھی دیکھا ہے۔
امام حسین اپنے بچپن کا واقعہ بیان فرماتے ہیں۔ فرمایا کہ میں چھوٹی عمر میں تھا۔ میں مسجد

نبوی میں گیا۔ تو سیدنا فاروق اعظم خطبہ دے رہے تھے۔ معصوم تھے۔ فرماتے ہیں میں منبر کے قریب
چلا گیا ___ اور میں نے آواز دے کر کہا چچا جان ___ اے عمر۔ یہ میرے باپ کا منبر ہے۔
اس سے اتر آؤ اور اپنے باپ کے منبر پر جا کر بیٹھو۔ سیدنا فاروق اعظم نے خطبہ
چھوڑ کے اٹھا لیا۔ اور اٹھا کے فرمایا۔ شہزادے حسین۔ میرے باپ کا کوئی منبر نہ تھا یہ منبر
تو تیرے ہی بابا کا ہے ___

خطیب بغدادی نے تاریخ بغداد میں روایت کرتے ہیں۔ حضرت ابو العباس ؓ فرماتے
ہیں۔ حضور ؐ کی دائیں ران مبارک پر حضرت امام حسین بیٹھے ہیں۔ بائیں ران
پر حضور کے شہزادے حضرت ابراہیم بیٹھے ہیں۔ دونوں شہزادے گود میں بیٹھے
ہیں۔ سیدنا جبرائیل امین حاضر ہوئے۔ اور آ کے عرض کیا یا رسول اللہ ؐ۔ اللہ پاک نے
آپ پر سلام بھیجا ہے ___ اور فرمایا ہے میرے حبیب دونوں شہزادے آپ کے پاس نہیں
رہ سکتے۔ ایک دے دے ایک لے لے۔ حضرت ابو العباس روایت کرتے ہیں
کہ آقا علیہ السلام نے جبرائیل امین کا پیغام سن کر ایک نگاہ دیکھ کر ایک نگاہ
حسین کی طرف کی ___ ایک نگاہ ابراہیم کی طرف کی ___ (۱۸ ___ ") اور دونوں بار
رو پڑے۔ اور چشمان مقدس سے آنسو رواں ہو گئے۔ اور اس کے بعد ضبط کر کے آپ
نے جبرائیل امین کو خطاب فرمایا۔ اے جبرائیل۔ اگر ابراہیم کو دیتا ہوں۔ تو اس کی وفات
پر صرف میں روؤں گا۔ اگر حسین کو دیتا ہوں۔ تو اس کے جانے پر میں تو روؤں گا ہی ___
مگر میری فاطمہ بھی روئے گی ___ اپنا رونا تو گوارہ کر لوں گا ___ مگر فاطمہ کا رونا گوارہ نہیں
ہے۔ تو آقا علیہ السلام نے صبر کر کے فرمایا۔ ابراہیم لے جا اور حسین مجھے دے دے۔
آقا علیہ السلام نے اپنا صاحبزادہ ابراہیم دے دیا ___ فدیہ کر دیا۔ حسین رکھ لیا۔ حسن
بھی بیٹے تھے اس وقت کچھ دینا نہیں دیا ___ کہ فاطمہ نہ روئے۔ لہٰذا اپنا شہزادہ ابراہیم دے دیا۔
کربلا میں جب آپ کے جانے کا وقت آیا۔ اس وقت کون تھا آپ کا فدیہ کرتے
عالم ___ حضرت ام سلمیٰ روایت کرتی ہیں ___ حضرت عائشہ صدیقہ ؓ روایت

کرتی ہیں۔ حضرت سلام فضل روایت کرتی ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ ۔ مشہور صحابہ کرام
ازواج مطہرات صحابیات روایت کرتے ہیں۔ کہ آقا علیہ السلام کی چشمان اقدس
سے آنسو ایک دن رواں ہیں۔ حسین آپ کی گود میں ہیں۔ پوچھا یا رسول اللہ
آپ کو کیا چیز رلا رہی ہے۔ آپ نے فرمایا ابھی جبرائیل میرے پاس آئے تھے اور
مجھے اس نے خبر دی ہے۔ کہ میرے بیٹا ۔ میرے بیٹا حسین جس کی خاطر میں نے
ابراہیم کو دیا تھا۔ کہ آپ کے شہزادے حسین کو سرزمین کربلا میں شہید کر دیا
جائے گا۔ اور اس میدان کربلا کی سرخ مٹی میں سے یہ مٹی مجھے لا کر دی ہے
حضرت ام سلمیٰ روایت کرتی ہیں۔ کہ آقا علیہ السلام نے مجھے وہ مٹی دے دی۔
فرمایا ام سلمیٰ! اس مٹی کو شیشی میں ڈال لے۔ دیکھتی رہنا۔ جب یہ مٹی خون میں
بدل جائے۔ تو سمجھ لینا میرا حسین شہید ہو گیا ہے۔ فرماتی ہیں میں اس مٹی کو
دیکھتی رہتی وقت گزرتا گیا۔ سن ۶۱ ہجری کا وہ وقت آ گیا۔ جس دن معرکہ کربلا برپا تھا۔
کہ میں مدینہ پاک میں دوپہر کا وقت تھا۔ سوئی تھی محبوب خواب میں
فرمایا اچانک میں خواب میں کہ سرکار تشریف لائے۔ بال گرد آلود تھے
چہرہ پر پریشانی کے آثار تھے۔ ہاتھ میں شیشی تھی۔ شیشی میں خون تھا۔ میں نے
عرض کیا آقا یہ کیا ہے۔ فرمایا اے ام سلمیٰ میں ابھی مقتل حسین سے آ رہا ہوں۔ اپنے حسین
اور جمیع اصحاب کا خون شیشی میں بند کرتا آ رہا ہوں۔ اور اگر کوئی یہ سمجھے کہ 72
شہدائے کربلا معلی کا خون ایک شیشی میں سے بند ہو گیا۔ تو ہاں ہاں
72 شہیدوں کا خون ایک شیشی میں اسی طرح بند ہو گیا۔ جس طرح پندرہ سو صحابہ کے
غسل کے بعد وضو کا پانی مصطفیٰ نے ایک برتن میں بند کر دیا۔ جس صحابہ کرام کا لگا تار ایک
پانی شیشی میں بند کر دیا۔ جابر کے گھر میں مقتل حسین سے آ رہا ہوں۔ اور ہم سر
زمین سیکھ پر حضرت عبداللہ بن عباس لے لیتے ہیں۔ وہ روایت کرتے ہیں۔ میں نے دیکھا آقا
علیہ السلام خواب میں آئے۔ پریشان حال تھے۔ شیشی میں خون تھا۔ پوچھا یا رسول اللہ

ہو گیا ہے۔ فرمایا اس شیشی میں حسین اور اس کے اصحاب کا خون جمع کر کے لا رہا ہوں۔ اگلے دن حضرت ام
سلمیٰ فرماتی ہیں۔ میں دوڑ کر شیشی دیکھی۔ تو وہ مٹی خون میں بدل گئی تھی ۔۔ یہ منظر
اس کربلا کا تھا۔ جو مکہ اور مدینہ میں تاجدار کائنات نے فرمایا تھا ۔۔ یہ دو حدیثیں
بتا رہی ہیں۔ کہ کربلا کے دن مقتل حسین میں مصطفیٰ موجود تھے۔ اور میرا وجدان
میرا ایمان میرا ذوق اور ایقان یہ کہتا ہے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ کہ مقتل حسین میں مصطفیٰ
ہوں اور علی شیر خدا نہ ہوں۔ مقتل حسین میں مصطفیٰ ہو۔ اور فاطمۃ الزہرا نہ ہو۔
ارے کربلا کے دن حسین نانا کا دین بچانے کے لئے اپنے چمن کی اور گلشن دین
کی قربانی دے رہا تھا۔ مصطفیٰ بھی موجود تھا۔ علی المرتضیٰ بھی موجود تھا۔ سیدہ فاطمۃ الزہرا
بھی موجود تھیں۔ آؤ مکہ اور مدینہ ۔۔ ذرا کربلا کو چلیں

دس محرم الحرام کی رات آ گئی۔ بہت ماشور آ گئی ۔۔ دن کربلا کے قیام
کو ختم آنے کو آ گئے ۔۔ آخری رات آ گئی ۔۔ کربلا والوں کی آخری رات آ گئی
وہ آخری رات کیا تھی ۔۔ ایک حدیث سناتا ہوں

ترمذی شریف میں صحاح ستہ کی اندر ابواب التفسیر میں ہے۔ امام حسن مجتبیٰ امام
بیان فرماتے ہیں۔ کہ میرے بابا نے بیان فرمایا ۔۔ آقا علیہ السلام نے فرمایا کہ میں
نے ایک رات خواب دیکھا ۔۔ حدیث سنا رہا ہوں لا کر بہت کمال کی عجیب
بات سنو گے ۔۔ نئی سنو گے ۔۔ مگر سمجھ یہاں حضرت حسن فرما رہا ہیں۔

فرمان مصطفیٰ کہا ہے۔ رات ... سالہا سال میں ... جامع ترمذی کی شریف
کتب تفسیر کا ۔۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے ممبر کو بنو امیہ کے
حکمران پامال کر رہے ہیں ۔۔ (۷۰-۷۲) ۔۔ الا ماشاء اللہ ۔ عمر بن عبدالعزیز
جیسے بھی ہوئے۔ کہ جو شخص یزید کا نام خیر سے لیتا اس کو کوڑوں کی سزا دیتے۔
اس ملعون جہنمی کا نام خیر سے لینے والوں کو ۔۔ آپ کے دور میں کسی کو اجازت
نہ تھی۔ یہ کوئی اس بدبخت کو امیر المومنین کہہ کر بھی یاد کرے ۔۔ استثنیٰ ہو۔

میں نے دیکھا کہ میرے منبر پر بنو امیہ کے حکمران پامال کر رہے ہیں ۔ نسلاً بعد نسلٍ ۔ آنحضرتؐ
السلام نے فرمایا میں اٹھا تو میرا دل مغموم تھا ۔ اور بیان کر رہے ہیں حسن مجتبیٰؑ ۔ دل
میں ملال تھا بوجھ تھا ۔ تو فرمایا میرے ملال کو دور کرنے کے لئے یہ سورۃ القدر نازل
ہوئی ۔ ایک تو سورۃ الکوثر نازل ہوئی ۔ جب میں نے اُن کو اپنے منبر پر
دیکھا ۔ تو آیت آئی انا اعطینک الکوثر ۔ اس سے جو مفہوم استنباط
ہوتا ہے ۔ وہ یہ تھا کہ جیسے یہ خیال آئے ۔ کہ شاید میری نسل اور آل منقطع
ہو جائے گی ۔ اور میرا منبر اُن حکمرانوں کے ذریعے پامال ہوگا ۔ رب کائنات نے
فرمایا نہیں محبوبؐ آپ کی آل منقطع نہیں ہوگی ۔ میں نے آپ کو کوثر عطا کی ہے
ایک کی آل ختم ہو جائے گی ۔ تمہاری آل فاطمہ کے ذریعے قیامت تک چلے گی ۔
اور آپ علیہ السلام نے فرمایا میرے ملال کو دور کرنے کے لئے ۔ دوسری سورۃ انا
انا ۔ شب قدر کی بات ۔ شب قدر کیا ہے ۔ فرمایا کہ آپ جانتے ہیں ۔ ایک
شب قدر جو ایک ہزار ماہ سے افضل ہے
ایک مغالطہ پہلے دور کر دوں جو تفسیر آگے بیان کر رہا ہوں ۔ پہلی بات تو ذہن
میں یہ رکھ لیں کہ تفسیر میں نے نہیں کی ۔ کوئی مجھ پہ فتویٰ نہ لگائے ۔ یہ تفسیر
خود معصوم امام علیہ السلام نے فرمائی ۔ امام حسن نے بیان فرمائی ۔ اسناد روایت
امام ترمذی کا ہے کی ۔ (۴۹ ۔ ۳۰) ۔ دوسری بات یہ رکھ لیں کہ میں پہلے بیان کر چکا ہوں
کہ قرآن کا ایک ایک لفظ ایک ایک حرف ایک ایک آیت کے منتہیٰ معنی ہوتے
ہیں ۔ معارف ہوتے ہیں ۔ اطلاقات ہوتے ہیں ۔ آپ محفوظ نہیں کر سکتے ۔ یہ سورۃ
ہوتا ہے ۔ کیفیت ہوتی کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا شب قدر
کیا ہے ۔ یہ ایک رات شب قدر کی ہزار مہینوں سے افضل ہے ۔ حدیث
بیان ختم ہو گئی ۔ آگے حدیث کے راوی بیان کرتے ہیں جامع ترمذی میں ہے ۔ وہ بیان کرتے
ہیں کہ میں نے سن لیا ۔ ایک شب قدر کو ہزار مہینوں سے افضل کہا ۔ تو راوی کہتے ہیں حدیث

بیان کرتے ہیں۔ کہ میں سوچتا رہا کہ ہزار مہینے کونسے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ جب بنو امیہ کا دور حکومت ختم ہوا۔ تو ان کی حکومت بانوے ۹۲ سال رہی تھی۔ تخت دمشق کی حکومت فرماتے ہیں جب دور ختم ہوا تو میں نے گنا۔ تو پورے ایک ہزار مہینے تھے۔ تو میری سمجھ میں آیا کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو دور کرنے کے لئے۔ فرمایا۔ کہ ایک رات شب قدر کی رات ہے۔ جو تخت دمشق والوں کے ہزار مہینے سے افضل ہے۔

ترمذی شریف کا مضمون حدیث بیان ختم ہوا۔ اب آگے استنباطی بات۔ ایک وجدانی بات کرتا ہوں۔ جب میں سوچتا ہوں کہ ہزار مہینوں کی مثال بنو امیہ کے حکمرانوں کے بعد حکومت کے دور ختم ہوا۔ تخت دمشق ہزار مہینوں کی مثال دی۔ ضرب المثل شعر۔ تو جب ایک مثال تخت دمشق کے ہزار مہینوں کی مثال ہے۔ تو ایک رات کی بھی تو ذکر ہو گا۔ میرا وجدان کہتا ہے۔ اس پر مجھے معاف کر دینا۔ اب حدیث سے استنباط کر رہا ہوں۔ کہ اگر تمثیلاً ہزار مہینے اور یہ تمثیل کے حدیث میں آئے ہیں۔ کہ ہزار مہینوں سے مراد یہ ہیں۔ اگر ہزار مہینے زبان مصطفی علیہ السلام سے بیان ہوئے۔ یہ ہزار مہینے تخت دمشق کے۔ بنو امیہ کے حکمرانوں کے ہزار مہینوں سے شب قدر بہتر ہے۔ تو اس تخت دمشق کے مقابلے میں۔ تو شب قدر جیسی کوئی بھی ہونی چاہیے۔ اگر بنو امیہ کے ہزار مہینے تک ہیں۔ تو کسی پر ایک رات بھی تو ہو گی۔ تو کربلا والوں پر ایک رات بھی تو گزری گی۔ تو خدا کی عزت کی قسم میرا ذوق اور وجدان یہ کہتا ہے اس تمثیل کی تک (۳۵-۳۴) سے وہ جو ہزار مہینے تخت دمشق کے ایک طرف اور حسین اور سیدہ زینب کی کربلا کی خاک سے کی رات کا ذرہ ایک طرف۔ اور میں تو کہتا ہوں کہ ہزار سالوں افضل تھی۔ وہ ہزار لاکھ سالوں سے افضل تھی۔ وہ ہزار کروڑ سالوں سے افضل تھی۔ ایک طرف تخت دمشق تھا۔ ادھر خاک کربلا تھی۔ ادھر حکمران بنو امیہ کے تھے۔ ادھر حکمران سارے کائنات کے لئے۔ ان کے دست ہزار مہینے۔

ادھر ایک رات امام حسین اور سیدہ زینب ایک رات آئی امام عالی مقام اپنی تلوار سے
ٹیک لگا کر ۔ ابن کثیر نے البدایۃ والنہایۃ میں روایت کرتے ہیں۔ آخری رات کے
ہے ۔ یزیدی لشکر حملے کی تیاریوں میں ہے ۔ حسین تلوار سے ٹیک لگا کر
اللہ کے ذکر تسبیح و تہلیل میں ہے ۔ اسی حال میں بیٹھے بیٹھے ۔ ایک لمحے کے لئے حسین
کی آنکھ لگ گئی ۔ ادھر یزیدی لشکر نے حملے کا فیصلہ کیا ۔ جنگ کی تیاری کر لی۔
اس سب کا شور میں ۔ سیدہ زینب دوڑتی ہوئی امام حسین کے پاس آگئی ۔ امام عالی
مقام کی آنکھ کھلی پوچھا سیدہ بہن کیسے آئی ۔ آپ نے کہا بھائی حسین یزیدیوں نے
جنگ کی تیاری کر لی ہے ۔ اچانک حسین بولے زینب بہن ہم نے بھی تیاری کر لی ہے ۔
سیدہ نے پوچھا بھائی حسین انہوں نے تو جنگ کی تیاری کر لی ہے آپ نے کیا تیاری کی ہے
تو میرے آقا نے میرے مولا حسین نے جواب دیا۔ میری بہن سیدہ زینب ابھی آنکھ لگی
تو بابا مصطفیٰ تشریف لائے آقا تشریف لائے ہیں ۔ اور مجھے فرماتے ہیں بیٹا حسین شام کو
کل تمہارے بابا نانا ہم بھی تیاری کر چکے ہیں ۔ (۳۱ ـ ۳۲) تمہارے استقبال کی ہم
بھی تیاری کر چکے ۔ ادھر بھی تیاریاں ہیں ادھر بھی تیاریاں ہیں۔ یہ شب عاشور ہے تو
ایک مشاہدہ ہے حسین کا ۔ اور ایک باب مصائب میں دوسرا واقعہ ایک اور آتا ہے
ادھر سیدہ زینب ساری رات تسبیح و تہلیل کرتی رہی ۔ بنو ہاشم کے احوال دیکھتی ہے
کبھی انصار حسین کے احوال دیکھتی ۔ کبھی ذکر و تسبیح کرتی ۔ کبھی سجود کرتی ۔ تھکا حال
میں بیٹھے بیٹھے جسم تھکن سے چور تھا ۔ ان کی آنکھ لگ گئی ۔ خواب میں دیکھتی ہیں
کہ میدان کربلا ہے ۔ اچانک آسمان سے نور اترا ۔ حوران جنت نور کی شکل
میں اتریں ۔ ہر طرف نور ہی نور بکھر گیا ۔ اور نور کے اس عالم میں ۔ نور کے جھرمٹ
میں ۔ کوئی پردہ دار خاتون اتریں ۔ اور خواب میں دیکھتی ہیں ۔ وہ پردہ دار خاتون میدان
کربلا میں جھاڑو دے رہی ہیں ۔ سیدہ زینب فرماتی ہیں ۔ میں دوڑ کے گئی میں نے
پوچھا ۔ بی بی آپ یہاں جھاڑو کیوں دے رہی ہیں ۔ وہ فرماتی ہیں کل میرے حسین کا جب لاشہ گرے

تو کوئی کفن اس کے جسم کو نہ چھپا جائے۔ سیدہ زینب فرماتی ہیں۔ بتا تو سہی کیا آپ کی ماں ہیں۔
انہوں نے پردہ اٹھایا تو سیدہ فاطمۃ الزہرا تھیں۔ لوگو۔ یہ رات تھی کربلا والوں کی
آخری ــــ یہ آج کی رات تھی ــــ رات تیاری میں بسر ہو گئی۔ دن چڑھ گیا۔
جنگ کا نقارہ بج گیا۔ یکے بعد دیگرے اصحاب اہلبیت حسین پر قربان ہو گئے۔
ایک کے بعد دوسرے کی شہادت ہونے لگی ــــ شہادت کے لئے فاطمہ کے گھر
کی باری۔ علی اکبر کی شہادت ــــ نوجوان چاند کا ٹکڑا۔ شبیہ کی طرح
شبیر کے آگے بکھر گیا ــــ جام شہادت کا وقت ــــ امام حسین کا
جانا۔ سر اپنی گود میں رکھا ــــ پانی مانگا تو زبان ڈالی ــــ نیزہ نکالا۔ روح کا
نکلنا ــــ ابن سعد نے بیان کیا۔ 56 برس کی عمر بھی۔ ریش مبارک سفید
ہو گئی ــــ بابا بوڑھے ہو گئے ــــ آخری باری میدان کی طرف۔ قاسم کی
شہادت ــــ چودہویں کی رات کا ٹکڑا اٹھا ــــ وحشت کی ــــ سکینہ کا
خیال۔ گھوڑے کو میدان کی طرف ــــ بابا انتظار۔ خدا حافظ تک
گھوڑے کو چلایا۔ تو سکینہ ــــ بیٹی کو پیار کیا ــــ سیدہ زینب کے
سپرد کیا ــــ امام حسین کی شہادت ــــ عرش سے آواز آئی۔
عرش پر میرے قدموں کو چومنے کی انتظار میں ہے۔ حسین تو نے نبی کا حق ادا کر دیا۔
مصلے کی آواز آئی۔ تو نے ہر سجدہ کا سوالی کا حق ــــ علی کی آواز آئی تو نے میرے
خون کا حق۔ فاطمہ ــــ دودھ کا حق ــــ لاش حسین۔ یہ گھوڑا۔ آسمان
پر اندھیرا ــــ سورج چھپ گیا ــــ خون کا سمندر ــــ صحابہ نے سن کر
پہر کے اندھیرا کو آپس میں ٹکراتے دیکھا ــــ کہ نہ ستارے اللہ ہر سپاہی کا ــ شام
میں جو پتھر میں ــــ خون نکلا ــــ حضرت عائشہ فرماتی ہیں۔ جب بستے گھروں سے نکلے
تھے ــــ رنگ بند سیدہ فاطمہ کے گھر حسین کے بعد کی آواز ــــ خیمے جلا گئے۔
اسیران کربلا ــــ چھپنا ان کا سالار کاروان کربلا ــــ حضرت سکینہ کو تلاش کیا۔

حسین کا جسم ـــ لپیٹ گئی ـــ سرگوشیاں ـــ قافلہ روانہ ـــ سیدہ علم کر رہی تھی گئے
راستے میں رات گھر جا میں رات گزاری ـــ پوچھا تو بتا دیا ـ حسین کا لے لیا ـ
بنی نے صلہ دے کر امان علا کر دیا ـ یزید تخت پر بٹھایا گیا ـــ فضہ نے جواب
دیا ـــ سیدہ زینب کی تقریر ـــ یزید کے دربار میں ـــ ہر شکوہ بیان
فرمایا ـــ آخری بار امام حسین منبر رسول پہ حاضر ہوئے ـــ شہادت کے دن ملاقات
آسمان پر سرخی لگا گیا
اثر جوامع شہادت حسین ـ شفاعت جدہ یوم الحساب

ـ ہ ـ

۲۰۱۸ ـ ۳ ـ ۱۴۳۹ ـ ۹
۳۱ ـ ۶ ـ
جمعرات
۷ ـ ۵۲ ـ PM

۲۴- توحید اور شرک

۲۴/۶۲

(۱۰-۱-۲۰۰۴ء) : توحید اور شرک کی بات کرتے ہوئے یہ عقائد کا موضوع شروع
ہے۔ جو بنیادی چیز جو آپ نے ذہن نشین کرنی ہے وہ یہ ہے - یہ ایک ایسا
موضوع ہے کہ اسلامی عقائد میں مبادیات ہیں - اور بنیاد اور اساس اسلام کی عقیدے
کا - ایمان کی اور عقائد اسلام کی اس پر بہت سے مغالطے ہیں - اللہ کا ایمان
جس کا وہ بڑی غلط ملت ہوتی ہے مشکلات آتے ہیں - لہذا اس کا
علم چاہیے - تو پہلا نقطہ جو بتانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ توحید اور شرک بالعموم
شرک کا ٹھپہ لگاتے رہتے ہیں بہت سے لوگ یہ شرک ہے یہ شرک ہے
بغیر اس بات کا تعین کیے کہ شرک کیا ہے۔ توحید کیا ہے - وہ تو جائز پر بھی
بعض لوگ شرک کا فتویٰ لگا دیتے ہیں - لیکن اگر ایک چیز ناجائز بھی ہے - حتی کہ حرام
بھی ہے - تو اس کے ناجائز اور حرام ہونے کا معنی یہ نہیں ہے کہ وہ شرک ہوگا -
درجات ہیں - تو شرک تو ایک آخری درجہ ہے - جو کفر سے بھی آگے ہے
یہ اس طرح ہے جیسے پہلا زکام ہے کسی کو تو اس کو ٹی بی کہا جائے
اسی لیے اللہ تعالیٰ بعض اوقات بات سمجھانے کے لیے مثال دیتا ہے۔ وہ حیا نہیں فرماتا۔
خواہ اسے کسی چیز کی بھی مثال دینی پڑے - مچھر کی یا اس سے بھی کمتر کی - تو مثال
سے بات سمجھ میں آ جاتی ہے - مثلاً اگر کسی کو زکام ہے تو اس کو ٹی بی بنا دیا -
تو یہ سب مغالطے ہوتے ہیں - تو پہلا نقطہ ذہن میں رکھ لیں -
توحید اور شرک - یہ دو اصطلاحات - دو لفظ ہیں - دو لفظ - آپس میں متقابل ہیں
متضاد ہیں - ایک دوسرے سے متناقض ہیں - ایک دوسرے کے مخالف ہیں -
مختلف ہیں - آپس میں یہ اصطلاحات ہیں منطوق ہیں - ان دونوں کا آپس میں ٹکراؤ
ہمیشہ سے براہ راست - یعنی اگر کوئی چیز توحید ہوگی - تو اس کا عین الٹ شرک ہوگا
اس کا عین مخالف - اس کا تضاد - یعنی اگر دن ہے تو رات شرک ہوگی۔
نیچے تو اونچا - تحت تو فوق - بالکل جب متضاد سمت ہوگی - جس میں اس کی

نفی ہوگی تو تب شرک ہوگا۔ (یہ بڑا اہم پوائنٹ ہے) یعنی جنہیں شرک کہنا۔
مستلزم ہے اس بات کو اس کے لئے لازم ہے۔ آپ اس کو شرک کہنے سے پہلے تعین
کریں۔ اس بات کا۔ کہ یہ توحید کی فلاں فلاں قسم کی نفی ہے۔ جب کوئی ایسی بات ہے تو
آپ اس کو گرفت کریں گے۔ اس بات پر۔

توحید کی اقسام ہیں۔ انواع ہیں۔ توحید کی کس نوع کی اور کس قسم کی نفی ہو رہی
ہے یہاں۔ فی الحقیقت ہو رہی ہے۔ شرک ایک عمومی تصور نہیں ہے۔ بلکہ خصوصی
جب آپ کہتے ہیں شرک تو اس کا مطلب ہے۔ غلط بات تو نہیں کہہ سکتے۔
غلط عقیدے کو نہیں کہہ سکتے۔ حتی کہ بدعت کو بھی شرک نہیں کہہ سکتے۔ اگر
کوئی چیز بدعت ثابت ہو جائے۔ اگر کوئی شے کاملاً بدعت ہے۔ محض اس
کا بدعت ہونا شرک نہیں۔ منکر کو شرک نہیں۔ حرام کو بھی شرک نہیں کہا۔
شرک ہونے کے لئے ضروری ہے۔ کہ وہ نفی توحید ہو۔ توحید کی نفی ہونے کا یہ مطلب
نہیں ہے کہ بس ویسے ہی عمومی طور پر کہہ دیا۔ کہ یہ شرک ہے۔ سمجھیں کہ
توحید کی اقسام ہیں۔ (1) توحید ربوبیت۔ (2) توحید الوہیت۔ (3) توحید تحریم۔
اب شرک کے تعین کے لئے ضروری ہوگا۔ کہ شرک ان تین اقسام سے باہر نہیں
جا سکتا۔ لہذا شرک کی بھی اسی طرح تین اقسام ہیں متقابل میں۔ (1) شرک
فی الربوبیت ہوگا۔ (2) شرک فی الالوہیت ہوگا۔ یا (3) شرک فی التحریم ہوگا۔
آپ نے یہاں سے مواخذہ کرنا ہے۔

یہ جو توحید فی الربوبیت ہے۔ اس کی چار قسمیں ہیں (1) توحید فی الذات
توحید فی الصفات (3) توحید فی الافعال۔ (4) توحید فی الاسماء۔ لہذا جب بات
ہوگی کہ یہ شرک ہے۔ تو وہ شرک یا توحید فی الربوبیت کی نفی سے ہوگا۔ یا توحید
فی الالوہیت کی نفی سے ہوگا۔ یا توحید فی التحریم کی نفی سے ہوگا۔ ان تین صورتوں
سے باہر چوتھی صورت نہیں۔ اگر شرک ہوگا توحید فی الربوبیت میں تو پھر وہ ان

اقسام پر قائم ہوگا ۔ اگر شرک ہے کہ وہ شرک فی الربوبیت ادھر جا رہی
ہے کسی ایک پر ہوگا ۔ وہ ہوگا شرک فی الذات ۔
لہٰذا اگر آپ نہیں سنیں گے کوئی کہہ دے کہ شرک کر رہے ہیں (۵۱ ۔ ۲۳)
آپ اس کو پکڑ لیں ۔ اور پہلی بات تو پوچھیں اس سے کہ یہ شرک کس نوع
توحید کی نفی سے واقع ہوا ہے ۔ یہ کس نوع کا شرک ہے ۔ اور خود اسے
کچھ نہ بتائیں ۔ کہ یہ توحید فی الربوبیت میں ہے یا ۔ آپ کے علم پر چھوڑیں ۔
اپنے مد مقابل کو جو جھوٹا الزام لگا رہا ہے ۔ اس کو آپ پکڑ لیں ۔ اس کو جانچیں
کہ اس کو انواع کا پتہ بھی ہے ۔ انواع کا اس کو نہیں پتا تو وہیں آؤٹ کر دیں ۔
جس نے امت کو مشرک بنانے کا ٹھیکہ لے لیا ہے ۔ اور اگر وہ کوئی نوع بتائے
اس نوع میں کس قسم کا شرک ہے ۔ اور حق یہ ہے کہ جو خاص اللہ کے لیے ہو
شرک مشترکات کو کہتے ہیں ۔ برابری کو ۔ کلی شراکت ہو یا جزوی شراکت
ہو ۔ وہ حق صرف اللہ کا تھا ۔ اور اللہ کے سوا غیر کے لیے ۔ جائز نہیں تھا ۔
اور کسی اور کے لیے خواہ وہ نبی ہے یا ولی ہیں ۔ مانا یا ثابت کیا ۔ یا بیان کیا
تو وہ شرک ہوگا ۔ تو گویا شرک ماننے کے لیے ۔ اب اس پر یہ ضروری ہوگیا
کہ وہ ثابت کرے ۔ وہ جس حق کی نفی ہوگئی ہے ۔ یہ تو شرک ہوگیا کہ اللہ کے
سے تو غیر کے لیے ہوگیا ۔ لفظ صرف اللہ کے لیے ۔ اور اللہ کے
سوا نہیں تھا ۔ یہ ثابت ہوگا تو پھر شرک ہوگا ۔ اور اگر وہ خاص
اللہ کے لیے نہیں ہے ۔ تو پھر وہ شرک نہیں ہوگا ۔ اگر وہ خاص اللہ کے لیے
نہیں ثابت نہیں کر پائے ۔ تو پھر وہ غیر کے لیے ثابت کرنا شرک کیسے
ہوگیا ۔ کیونکہ چیزیں مشترک ہیں ۔ اللہ کے لیے کسی اور معنی میں ہوتی ہیں بندوں
کے لیے کسی اور معنی میں ہوتی ہیں ۔ مثلاً اللہ بھی حی ہے زندہ ہے ۔ آپ بھی زندہ
ہیں ۔ آپ پر اس وقت زندہ کا اطلاق ہوتا ہے کہ نہیں ۔ تو سوال کو

کے لئے شرک جائز ہے ۔ اور مخلوق میں ازل سے آج تک ایک اسم ایک کا
ہے ۔ تو مخلوق تو کسی نہ کسی طرح زندہ رہتی ہے ۔ اللہ بھی زندہ ہے ۔ جواب
کیا ہوگا ۔ مخلوق کے زندہ ہونے کا اطلاق معنًا اور ہے ۔ اللہ کے زندہ ہونے
کا اطلاق اور ہے ۔ اسی طرح اللہ شہید ہے ۔ حضور علیہ السلام کو
بھی فرمایا شہید ہے ۔ قرآن میں فرمایا ۔ اللہ بھی شہید ہے ۔ اور حضور علیہ السلام
بھی امت کے لئے شہید ہیں ۔ قیامت کے دن بھی حضور شہید ہوں گے ۔
کیا قرآن نے شرک کیا ۔ نہیں ۔ اللہ رؤف الرحیم ہے ۔ اور حضور کے لئے
بھی اللہ نے فرمایا ۔ رؤف رحیم ہے مومنوں کے لئے ۔ کیا یہ شرک ہے ۔ حالانکہ دونوں
اسماء اور صفات دونوں طرف ہیں ۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کا سمیع البصیر
ہے ۔ اور انسان کے لئے فرمایا سمیع اور بصیر فرمایا ۔ کیا یہ شرک ہے
تو سننے والا یہ کہے گا ۔ یہ شرک نہیں ہوگا ۔ توجیہ
کا مطالبہ توجیہ اس کی یہ ہوگی ۔ جو بھی توجیہ کرے گا وہی آپ کا عقیدہ ہے ۔
تو آپ کا عمل تو موحدانہ ہے شرک کر رہا ہے ۔ جیسے ہیں ہم بھی ویسا فرشتہ سمجھتے ہیں ۔
اگر سمجھتے ہیں اس کا سمیع بصیر ہونا ازل سے ابد تک ہے ۔ ذاتی ہے عطائی
نہیں ۔ تو ہم بھی ذاتی ازل سے ابد تک ۔ اگر کوئی کہے
کہ اللہ کا غیر محدود ہے تو یہ محدود ہے ۔ تو ہم بھی جو بھی چیز مانتے ہیں ۔ غیر
متناہی ۔ وہ اللہ کی محتاج ہے ۔ وہ بالذات
ہے تو ہم بھی بالعطاء مانتے ہیں ۔ اللہ کے لئے معنًا اور ہے اور مخلوق کے لئے معنًا اور
ہے ۔ دونوں کی شان حال کے مطابق الگ الگ ہے ۔ جو اللہ کی شان کے لئے وہ بندے
کی شان کے لئے وہ معنًا نہیں ہے ۔ پہلی بات بتائی کہ اگر شرک ہوگا ۔ تو وہ دونوں
میں سے ایک ہوگا ۔ اگر شرک فی الربوبیت ہے ۔ یہ لازم ہے کہ ذات میں شرک
ہو ۔ ایک اللہ کے بجائے دو مانے ۔ اگر یہ عقیدہ نہیں تو پھر شرک فی الذات

یا شرک الاسماء ۔ یا شرک فی الافعال ۔ یا شرک الصفات ـــ ہیں
یہ ثابت ہوگا کہ یہ صرف اللہ کے لئے ہے ـــ (B) وہ فعل صرف اللہ کے لئے
ثابت ہے مخلوق کے لئے نہیں ہے ـــ اسم صرف اللہ کے لئے ہے مخلوق کے لئے نہیں
تو جب یہ چیز ثابت ہوگی ـــ تو مخلوق کے لئے ثابت کرنا اس کا شرک ہوگا۔
اور آپ کا کوئی عقیدہ اس ذیل میں نہیں آتا ـــ اور اگر خاصہ نہیں ہے ـ
مخلوق کے لئے ثابت ہے ـــ اس کا اور معنی اس کا اور معنا ـــ یہ حقیقت
اور مجاز کی تقسیم ثابت ہے ـــ اس میں مختلف اقسام آجاتی ہیں ـــ تو بعض
ـــ سے کے ذیل ـــ میں نکل گئی ـــ اور "تابع" توحید رہ گئی ـــ
دوسری قسم بنتی ہے ـ توحید الوہیت ـ اس دوسری قسم کی پانچ اقسام
ہیں آگے ـــ (1) توحید فی الخلق (2) توحید فی العبادت (3) توحید فی القدرت ـ
(4) توحید فی العلم ـــ (5) اور توحید فی الدعا ـــ اب مد مقابل
ہے ـــ اگر شرک ان نوع میں کرے گے ـ اگر شرک ہوگا دوسری نوع کا ـ لازمی
ثابت ہے ـ یا شرک فی الخلق ہوگا ـــ اسی طرح شرک بھی پانچ ہوں گے۔
(6.2) ـ زیادہ تفصیل ان پانچ میں آتا ہے
(3) تیسری قسم شرک فی التحریم ـــ یہ جو محرمات ہیں ـــ ~~یہ توحید فی التحریم~~
ہوگی یا ~~توحید~~ جو میں مقرر کرنا ـــ توحید فی التحریم ـ توحید فی النذور ـ نذر ماننا
یا توحید فی الحلف ـ ستر بھی قسم اٹھانا ـــ
توحید تین چیزوں میں ہے ـ یہ تحریم میں ـ کہ اللہ کا حق ہے) کہ اللہ کی نذر ماننا ـ
حلف اللہ کے لئے قسم اٹھائی جائیگی ـــ تو شرک بھی تینوں میں ہوگا ـ یا شرک
فی التحریم ـ یا شرک فی النذور ـ یا شرک فی الحلف ہوگا ـــ کوئی بھی شرک
میں بات کرے تو فیکس کرنا ـــ یہ کس نوع میں ہے ـــ اور اس کے اندر
کس قسم میں ہے ـــ اس کا جو متقابل ہے ـ یہ شرک ہوگیا ـــ

کسی کی نفی ہوگی کہ کیا وہ توحید ہے ــــ وہ توحید ہونا ثابت کریں۔ توحید ہونے
کا مطلب کیا ہے ــــ کہ وہ اللہ کا خاص حق ہو ــــ بارہ اقسام توحید کی
اور بارہ اقسام شرک کی ۔ لسٹ ذہن نشین کریں ــــ کہ جو کام اللہ کے لیے
خاص ہو وہ دوسرے کے لیے جائز ہونا ثابت کریں تو وہ شرک ہوتا ہے ــــ
مثال ۔ عبادت ہے ۔ یہ کسی معنی میں اللہ کے غیر کے لیے ثابت کرنا ــــ
حقیقی معنی میں اللہ کے لیے ــــ (S-9) = اور مجازی معنی میں۔ کبھی "استعارہ" ــ
استعمال ہوگا تو پھر وہ شرک نہیں رہے گا ــ کبھی مشترک معنی میں کبھی عطائی معنی میں ــــ
ہوگا تو شرک نہیں رہے گا ــ کسی مخلوق کے لئے الگ معنی ہوگا۔ شرک نہیں ہے
گا ــ شرک بنے گا وہ صفت وہ حق جس طرح اللہ کے لئے ثابت ہے جس معنی میں
جس شان میں ۔ جس حیثیت میں ۔۔ حق اللہ کے لئے ثابت ہے ۔ اسی معنی میں اسی
طور پر اسی حیثیت میں اسی طریقے ــــ اگر وہ مخلوق کے لئے ثابت ہو یا کوئی مانے تو
وہ شرک ہو جاتا ہے ــــ اگر معنی بدل گیا ــ تو شرک نہیں ۔ اس کی حقیقت بدل
گئی نیچر بدل گئی ــــ اس کا اطلاق بدل گیا ــــ ظاہر بات وہ رہی ــــ مگر حقیقت میں معنی
بدل گیا ــــ تو وہ شرک نہ رہا ــــ وہی حق کسی غیر کے لئے ثابت ہو خواہ کلی
جزوی کا ــــ وہ تو شرک ہو جائے گا ــــ خواہ تھوڑے وقت کے لئے یا خواہ زیادہ
وقت کے لئے ــــ تو وہ شرک ہو جائے گا ــــ

توحید فی الخلق ــــ سورۃ البقرہ ــ 29 ــ ھو الذی خلق لکم ما فی الارض ــ
سموات ۔ یہ خلق میں توحید ہے ــــ وہی ہے جس نے سب کچھ جو کچھ زمین
میں ہے پھر آسمانوں میں تمہارے لیے پیدا کیا ــــ پھر آسمانوں کے بالائی حصوں کی طرف
متوجہ ہوا ــــ میں نے ترجمہ آسمان نہیں کیا ــ اس لیے ۔ ترجموں میں لکھا ہوتا ہے کہ آسمان
کی طرف متوجہ ہوا ــ آپ اس ترجمے کو پڑھیں تو درست ہوگا ۔ پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا
ان کے سات طبقے بنا دیئے ــــ پہلے وہ آسمان تھا تو اب سات آسمان اب بنا رہا

یہ درست نہیں ہے۔ لہذا استواء کا معنی ہے بلندی — یعنی کائنات کا جو
بالائی حصے ہیں — زمین اس کا نچلا حصہ — پھر بالائی حصوں کی طرف متوجہ ہوا۔
اور اس بالائی کائنات کے جو حصے تھے۔ ان کو سات طبقات میں منقسم کر دیا،
اور ان سات بالائی طبقات کو سات آسمان کر دیا — وہ ہر چیز کا جاننے
والا ہے — اب یہ جو ہے اللہ کی توحید ہے خلق میں۔ اسی طرح (2) ذلکم اللہ ربکم
لا الہ الا ھو خالق کل شیء فاعبدوہ — سورۃ الانعام ۱۰۲۔ یہی تمہارا اللہ ہے
پروردگار ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ ہر چیز کا خالق ہے۔
(3) ان ربکم اللہ الذی خلق السموات والارض — رب العالمین۔ اعراف ۵۴
بے شک اللہ تمہارا رب ہے جس نے آسمانوں اور زمینوں کو چھ مرحلوں میں پیدا
فرمایا — اور اس نے اس کے علاوہ پھر عرش پر استواء فرمایا — یعنی اس کائنات پر اپنے
حکم اور اقتدار کے نظام کو جاری کیا — عرش اس کا تخت اقتدار ہے — اور پھر تمام
چیزوں کی تخلیق کی۔ (4) وھو الذی خلق السموات — ھود ۷
(5) سورۃ الرعد 16 — قل من رب السموات — القہار = فرما دیجئے اللہ
ہی ہر چیز کا خالق ہے۔ اور وہی ایک ہے — اور سب پر غالب ہے — یہ توحید
فی الخلق آ رہا ہے — (6) خلق السموات — شرک کرنا النحل ۳۔
اسی نے آسمانوں اور زمین کو درستگی کے ساتھ پیدا فرمایا۔ تو اس کا شریک بناتے
ہو — یہاں خلق کی بات کو بیان کر کے — (۱۲-۱۸) — (7) وھو الذی
خلق اللیل والنہار — الانبیاء ۳۳ — (8) اسی طرح قصص
69 = الروم ۲۷ = وھو الذی یبدؤا الخلق ثم یعیدہ ۲۷ الروم = وہی اللہ ہے
جو پہلی بار پیدا کرتا ہے۔ اور پھر اسے دوبارہ بنائے گا — اس پر بہت آسان ہے۔
وہ اور یکتا ہے ان ملا ہے — (9) سورۃ یٰس = اولیس الذی — ۸۱ = وہ جس
نے آسمان پیدا کیے اور زمین پیدا کیں۔ (10) سورۃ فاطر آیت نمبر ۱۔ زمین آسمان

پیدا کرنا۔ فرشتوں کا پیدا کرنا ـــ پھر خلق میں جو چیز اما جو کرتا ہے ـــ ان تمام امور
میں توحید فی الخلق ہے۔ اب شرک فی التوحید الوہیت میں ہوگا۔ یہ نہیں کہ محض توحید الوہیت
میں شرک ہے ـــ تو اس کی نفی ہوگی تو توحید فی الخلق کا شرک ہوگا۔ جو
پہلے ان کسی اور کی بیان کرے ثابت کرے اس نے شرک فی الخلق کا عقیدہ رکھا۔
یہ کہے کہ زمین آسمان کو کوئی اور پیدا کر سکتا ہے ـــ یعنی اللہ کے سوا میں نے سات آسمان
بنائے۔ اللہ نے ـــ کوئی کہے کہ کچھ بنائے۔ ایک فلاں نے بنایا ـــ یا بنا سکتا ہے اس طرح
زمینوں کا کوئی خالق ہے۔ اللہ کے علاوہ یہ کہے کہ میں نے سورج بنائے ستارے بنائے۔ تو کوئی یہ
کہے کہ یہ چیزیں فلاں بھی بنا سکتا ہے ـــ اس کو بھی یہ شان حاصل ہے۔ پھر یہ شرک
ہے۔ اور اگر یہ عقیدہ نہیں رکھا۔ تو پھر شرک فی الخلق نہ ہوگا ـــ وہ فرماتا ہے جو
میں رات اور دن پیدا کیے ـــ تو کوئی عقیدہ رکھے کہ وہ بھی رات اور دن پیدا کرنے
پر قادر ہے ـــ اس نے کہا میں نے کائنات بنائی پھر پیدا کروں گا۔ تو کسی کا
عقیدہ ہے ـــ۔ اب شرک فی الخلق کی بات نہیں ـــ
سورۃ یونس ۳۴ ـ (قل ھل من شرکائکم من یبدؤا الخلق ـــ) اللہ نے کہا آپ کے ان
دریافت کریں ـــ عشیر کا اسم ہے۔ آپ ان مشرکوں سے پوچھیں ـــ
کیا تمہارے بنائے ہوئے شریکوں میں ـــ (جو شرک کیا ہے جن کو قرآن کہتا ہے) کیا
آپ قرآن کے پابند ہیں یا کہ جھوٹے دعویدار کے پابند ہیں ـــ جن کو تم نے میرا شریک
بنا رکھا ہے ـــ ان میں سے کون ہے جو اس کائنات کو پیدا کرتا ہے ـــ اور پھر اس
کا اعادہ کرے گا ـــ اللہ نے استدلال یہ قائم کیا ہے ـــ اللہ نے فرمایا قل اللہ۔
دوبارہ یہ صرف اللہ کرتا ہے ـــ سورۃ النحل میں ہے ـ (آیت نمبر 20) والذین یدعون
من دون اللہ لا یخلقون شیئا ـ یہ مشرک لوگ جنہیں اللہ کے سوا پوجتے ہیں پکارا
یہ کچھ بھی پیدا نہیں کر سکتے بلکہ خود پیدا کیے گئے ہیں۔ کوئی اس شان سے مانے گا تو
شرک ہوگا ـــ جو صفت اللہ نے اپنے لیے مختص فرمائی ـــ آپ جائز کہتے کو بھی لیکن

خالق پاکستان کہہ دیتے ہیں — کہتے ہیں کہ انہیں ہم تو سارے مشرک ہو گئے۔ جب
کسی مخلوق کے لئے خالق یوز کر لیا — تو یقیناً کسی مجاز کے معنی میں ہوگا —
اس معنی میں نہیں ہو سکتا — یہ شرک تب بنتا ہے کہ جس معنی میں اللہ خالق ہے —
اسی معنی میں حتیٰ کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم بھی نہیں ہوا — شرک تو تب بنتا ہے کہ
اس کی شان میں کوئی شریک ہو — جب آپ نے ان کو مان لیا کہ مخلوق ہیں
خالق نہیں ہیں — تو شرک فی الخلق کی نفی ہو گئی — قرآن نے فرمایا کہ یخلقون شیئا
وھم یخلقون — اعراف ۱۹۱ — یہ خلق نہیں کر سکتے۔ اس معنی میں جو اللہ کا معنی ہے۔
سورۃ الفرقان - ۳) واتخذوا من دونہ الھۃ لا یخلقون — نشورا ۔
نہ وہ خلق کرتے ہیں اور نہ وہ موت کے مالک ہیں۔ نہ زندگی کے مالک ہیں۔ نہ مرنے کے بعد اٹھانے
کے مالک ہیں — شرک فی الخلق میں شرک تب بنے گا — اگر کوئی کہے کہ یہ زندگی کا
خالق ہے — یہ موت کا خالق ہے — تو جو پیدا ہوا خود وہ زندگی کا خالق کیسے ہو گیا۔
جو مرنے کے بعد جی اٹھنے کا مالک نہیں — اس طرح کا عقیدہ ہوتا۔
اللہ نے پہلے توحید بیان کر دیا ہے۔ اب ان کا رد ہوتا وہ بھی بیان کر دیا — سورۃ لقمان
(۱۱) ھذا خلق اللہ فارونی — دوسرا فرمایا جب ان کو بتا دو کہ یہ سب کچھ زمین
اور آسمان کی ساری کائنات — جو کچھ تمہارے سامنے ہے۔ یہ سب اللہ کی خلق ہے
۳۶ — ۴۴) اور اللہ کے سوا جن کو تم شریک مانتے ہو — اب دکھاؤ انہوں نے کیا پیدا کیا ہے۔
اس کائنات میں — جو یہ دلیلیں اللہ نے مؤثر کر دی ہیں انہی پر عقیدہ شرک کا اور
توحید کا ہوگا — ہم ان کو غیر خالق ثابت کرتے ہیں — تو شرک نہیں ہوگا — مسلمانوں
کے لئے عقیدہ توحید اور شرک کا کر دیا — اگر صرف کافروں کے لئے ہیں تو مسلمانوں کو
کیا ملا — یہ ہو گئی توحید —
سورۃ فاطر 3 — یا ایھا الناس اذکروا نعمت اللہ ھل من خالق — کون ہے اللہ کے سوا
جو خالق ہے۔ جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے — اس نے زمین آسمان کے

کون ہے اللہ کے سوا جو پیدا کرتا ہے ۔ یہ عقیدہ ہے کس کے لیے ۔ سورۃ فاطر ۴۰ = حم السجدہ ۹
یہ قرآن لقشور سے عقیدہ توحید اور شرک کا ۔ (مجازی طور پر خالق ہونا اور ہے)
قرآن نے کہا سورۃ الاعراف ۔ ۵۴ = الا له الخلق والامر = خبردار خلق بھی اللہ کی
صفت اور امر بھی اللہ کی ہی صفت ہے = دو چیزیں بطور خاص بیان کیں ۔ (دعا اور [illegible])
سورۃ آل عمران ۴۹ عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا انی اخلق لکم ۔ میں تمہارے لیے مٹی سے ایک
پرندہ بناتا ہوں ۔ خلق صرف اللہ کے لیے ہے صفت ۔ اور دوسرا [illegible]
اکیلا یا کہ میں خلق کرتا ہوں ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا (انی خالق بشرا ۲۸) میں اس
کے اندر پھونک ماروں گا ۔ فاذا نفخت ۔ اللہ فرماتا ہے کہ میں پھونک ۔ مدد کا
طرف فرمایا ۔ عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں پھونک مارتا ہوں ۔ نفخت اور انفخ
وما خلقت الجن الا ۔ ذاریات ۵۶ ۔ سب کچھ اللہ پیدا کرتا ہے ۔ اور عیسیٰ ؑ
نے فرمایا میں پرندہ کو پیدا کروں گا ۔ (وابری الاکمه) ۔ واحی الموتیٰ ۴۹) میں
ٹھیک کر دیتا ہوں ۔ شفایاب کر دیتا ہوں ۔ جب اللہ فرماتا ہے میں احسن الخالقین ہوں ۔
مادر زاد اندھا ہے ۔ جو اللہ نے خلق کیا ہے ۔ وہ تو اس کو بینائی نہیں دیگا ۔ اللہ
بہتر خالق ۔ عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا میں بینائی کا اظہار کرتا ہوں ۔ اللہ نے اس کو
بینائی نہیں دی ۔ اللہ نے فیصلہ کر دیا کہ بینائی نہیں ملنا ۔ عیسیٰ ؑ نے فرمایا میں بینائی دے دیتا
ہوں ۔ یہ بینائی کے خالق بن گئے ۔ وابرص ۔ فرمایا میں پھلبہری ختم کر دیتا ہوں ۔
صیغہ واحد متکلم ہے ۔ ابری الاکمه ۔ واحی ۔ میں زندہ کرتا ہوں ۔ یہ نہیں کہا کہ میں پھونک
ماروں گا اللہ اڑا دے گا ۔ میں پھونک ماروں گا وہ اللہ کے اذن سے اڑ جائے گا ۔ میں اس
کو بینائی دے دوں گا ۔ جو مردے ہیں میں ان کو زندہ کرتا ہوں ۔ اللہ نے فرمایا ہوگا ۔ الذی
خلق الموت والحیوۃ ۔ ملک ۲ ۔ اللہ کا سوال ہے کہ اس نے خود سلسلہ زندگی کو پیدا
کیا ۔ حضرت عیسیٰ نے زندگی پیدا کر دی ۔ اللہ نے فرمایا موت کا خالق میں ہوں ۔ اور
نے جس کو بینائی نہیں دی اس حضرت عیسیٰ نے اس کو بینائی دے دی ۔ اور جس کو اللہ نے مار دیا ہے

رہا کر دیتے ہیں میں زندہ کر دیتا ہوں — میرا یہ کام ہے آپ نے — چار چیزوں کو بیان کیا۔ وانبئکم بما
تاکلون — میں بتا دیتا ہوں — یہ غیب ہے۔ وما تدخرون فی بیوتکم — یہ
ایک ہی آیت توحید فی الربوبیت کی چاروں اقسام کو کافی ہے — (7-50) تمام چیزوں
کی نسبت اپنی طرف کی — اب وہ کیا ہوگا — کیا شرک ہے اب کوئی کہہ
سکتا ہے — بچنے کا ایک ہی لفظ ہے۔ اس آیت میں جو دعویٰ ہے اس کو شرک
پاک رکھنے۔ (باذن اللہ) اللہ کے اذن — اگر اللہ کے اذن سے پرندہ پیدا
کرنا جائز ہے — اخلق — انفخ — ابرئ — احیی — انبئکم — (اذن اسماء)
بنا دیں تو شرک ہے کہ نہیں کیا سارا — اللہ شرک کا اعلان کروا رہا ہے یہاں
اور یہی قوم — شرک کو اپنے آیا کا مضمون بنا کے لکھوا رہا ہے — قربان جائیں اللہ کی
شان پر — کیا جواب ہے — یہ شرک نہیں ہے پیغمبر کی توحید سمجھانے کے
لئے آتے ہیں — اور ان کو توحید سکھانے کے لئے — صرف ایک ہی لفظ نے بتا دیا —
جب یہ کہہ دیا کہ ساری چیز تابع توحید ہوگی — اگر خلق ہوتا اللہ کے اذن سے شرک
نہیں ہے — اور پیدا نہیں کر زندگی کی دنیا۔ مادر زاد نابینے کو جو اندھا ہے — شفا
دینا۔ مردے کو زندہ کرنا — اگر یہ شرک نہیں ہے تو ان کو کہو کہ نبی بنا لے اور کوئی
— جرم ہمارے ذمے ہیں — کیا اس سے بڑا کچھ کیا ہے ہم نے حسن ۲ کی
شان نہیں — اللہ کے بندوں کے پاس جو ہوتا ہے باذن اللہ ہوتا ہے
کسی چیز کے ذاتی مالک نہیں ہوتے — اللہ کے لئے ہے خلق
امر والا بھی اللہ کے لئے ہے — یامرون بالمعروف وینہون عن المنکر آل عمران 104
فرمایا تم اچھے ہو کہ تم امر کرو معروف کا — ادھر کہتا ہے امر صرف اللہ کے لئے ہے
اور یہاں نے ساری امت کو امر کا حکم دے (14-28) — برائی سے روکو
اور نیکی کا امر کرو — تو ساری امت کو مشرک بنایا جا رہا ہے — حضور علیہ السلام
کے لئے فرمایا یامرھم بالمعروف (اعراف 157) حضور نیکی کا ان کو امر دیتے ہیں۔

یہی امر اللہ نے حضور علیہ السلام کے لئے ___ اور پوری امت کو حکم دیا۔ امرون بالمعروف
معروف کا حکم دینے والی امت ہے ___ یعنی معروف کا حکم دینے والا ہے ___ تو پھر اس کا کیا
معنی ہوگا۔ الا لہ الخلق والامر ___ اب لہ الامر کو شرک کی زد سے بچانے
کے لئے کیا راستہ ہوگا ___ جو اللہ کا امر ہے۔ وہ سارا کائنات کا خالق ہے اور اس
کا اپنا امر ہے ___ یا وہ اس کی صفت ہے ___ وہ کمال ہے۔ حقیقی امر اسی کا ہے۔ اور
جو ہمارا امر ہے ہمیں دیا ہے۔ اس کا بھی خالق اللہ ہے۔ وہ ہمارا فعل ہے۔ اللہ پاک نے
منصب دیا ہے کہ تم حکم دو اس کے اذن کے ساتھ ___ جن جن چیزوں کا اللہ نے ہمیں
امر دینے کا حکم دیا ہے۔ کہ ہم اللہ کے اذن سے حکم دیں ___ تو آپ نے معنی نکال
لیا نا ___ یعنی حکم میں امر دے رہے ہیں ___ یہ معنی لگائے بغیر عقیدہ توحید کا
توحید رہ ہی نہیں سکتا ___ اور مشورہ ہو رہا ہے ___ ایک دعا کو طلب کریں۔ اللہ تعالیٰ
وہاب ہے ___ وھب کرنے والا۔ عطا کرنے والا ___ (سورۃ آل عمران 38)
حضرت سیدنا زکریا علیہ السلام نے دیکھا جب دیکھیں بے موسم پھل ___ (۳۳-۱۷)
۔ وہاں حجرے میں کھڑے ہو کر دعا کی ھنالک دعا زکریا ___ ھب لی : ۳۸ - اے اللہ مجھے
وھب کر۔ مجھے عطا کر اپنی جناب سے پاکیزہ اولاد۔ (اب) سورۃ مریم میں ___
۱۹ حضرت جبرائیل امین آئے حضرت مریم کے پاس۔ انسانی شکل وصورت میں انہوں
نے پوچھا تم کون ہو کیوں آئے ہو ___ تو جبرائیل امین نے کہا: قال انما انا رسول
ربک ___ جبرائیل نے کہا کہ میں تو فقط تمہارے رب کا بھیجا ہوا ہوں۔ اور آیا اس لئے
ہوں ___ آپ کو ایک پاکیزہ بیٹا عطا کروں ___ یہ نہیں کہا۔ کہ اس لئے بھیجا گیا ہے
کہ اللہ آپ کو پاکیزہ بیٹا عطا کرے۔ یہ نہیں کہا۔ صیغہ واحد متکلم کا ہے کہ تاکہ لاھب
میں عطا کر دوں ___ تو سننے کو تو رہا ہیں جبرائیل امین دے رہے ہیں یا جبرائیل امین دیتے ہیں ___
تو جبرائیل امین نے کیا کیا شرک کیا ___ کیونکہ کہا کہ میں بیٹا عطا کرنے آیا ہوں ___ لگ گیا
مطلب یہ ہوگا ___ اس اعلان کو شرک سے کس نے بچایا ___ (باذن اللہ) انا رسول ربک

اللہ نے مجھے بھیجا ہے ۔ یہ پیغام تمہارا میں خود کچھ نہیں دیتا ہوں ۔۔ اللہ نے بھیجا ہے لوگ کچھ دے کر جاتا
بھیجا ہوگا (نا) ۔۔ اس کام کے کرنے کی ہمت اور طاقت بھی عطا فرماتا ہے ۔۔ یعنی اس لئے
مجھے بیٹا عطا کرنے والا بنا کر بھیجا ہے ۔ بیٹا دینے والا ہوتا ہے اللہ ۔ اور جبرائیل کیا بنے ذریعہ
جو ذریعہ بنا ۔۔ یہ حقیقت اور مجاز کا ذریعہ بنتا ہے ۔۔ اس کے لئے استعمال کر دیا کہ میں بیٹا
دینے والا ہوں ۔ جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے سب باتیں اپنے لئے منسوب کر دیں ۔
کیونکہ وہ ذریعہ تھے ۔ اللہ کے امر کے اجراء کے اللہ کی قدرت کے جاری ہونے کے ذریعہ تھے ۔
تو ایسی صورت میں اپنی طرف منسوب کر لیا جاتا ہے ۔۔ یہ انکشاف مجاز ہوتا ہے ۔
کہ منسوب کرنا کیا ہوتا ہے ۔۔

رب لفظ رب کی بات بتاتا ہوں ۔ سورۂ یوسف ۱۲ (۴۱ ۔ ۴۲) اور جب یہ مجازاً استعمال
ہوتا ہے ۔ تو ذریعہ اور وسیلہ کا معنیٰ بن جاتا ہے ۔ (۱۲ ۔ ۴۱ یا ایہا ...) دو آدمیوں
کو جو دو قیدی تھے یوسف علیہ السلام کے ساتھ ان کو تعبیر بتائی خواب کی ۔۔ اذکرنی عند ربک
اپنے رب کو جا کر میرا ذکر کر دینا ۔ کہ تم بھول گئے ۔ کہ قید میں ہے ۔ یہ بھی فرما سکتے
تھے اذکرنی عند ملیک ۔ بادشاہ کو جا کر کہہ دینا ۔ عند السلطان ۔
عند الامیر ۔ عند العزیز ۔۔ تاریخ میں ہے ۔ مصر کے حکمران جو فراعین جو تھے
فرعون ہوتے تھے وہ ہوتے تھے بادشاہ ان کا تمثیل رب کر ہوتا نہیں تھا ۔ قید تھے ۔ بادشاہ
تھے سلطان تھے ۔ جو بھی کہلاتے تھے ۔ یوسف علیہ السلام نے کہا اذکرنی عند ربک ۔۔
جب تو جاتے ہو تو ۔ اپنے رب کے پاس میرا ذکر کرنا ۔۔ یہ جو یوسف علیہ السلام نے کہا ۔
تو کیا شرک کیا ۔ اس بادشاہ مصر کو رب کہہ دیا ۔ تو اب کوئی مفتی
لگائیں گے نا شرک ۔۔ بچانے کے لئے یوسف علیہ السلام کو ۔

اس کے بعد آگے اللہ نے کہا ہے ۔ فانسٰہ الشیطٰن ذکر ربہٖ ۔ اور جب وہ چلا گیا
اس کو شیطان نے بھلا دیا ۔۔ اپنے رب کے پاس جا کر ذکر نہیں کیا ۔ یہ آگے اللہ نے بیان
کیا ہے ۔ اللہ تعالیٰ ہمیں کہتا ہے کہ شرک نہ کرو ۔ میری ربوبیت میں کسی کو شریک نہ کرو

خود مشرک بادشاہ کو پیغمبر بھی رب کہلوا رہا ہے۔ اللہ خود بھی کہہ رہا ہے۔ تو وہ
رب ہے۔ خود اللہ کو بھی شرک سے بچانا پڑ گیا۔ ایک یوسف علیہ
السلام نے کہا کہ اپنے رب کو جا کر بتا۔ اور پھر اللہ نے بول دیا۔
(شرک کیا کرو گے) آپ مجاز کا سہارا لیں گے۔ یہ کہیں گے۔ کہ جب یوسف علیہ السلام
نے کہا اور اللہ نے کہا۔ تو حقیقت میں وہ رب نہیں تھا۔ وہ لوگوں کا خیال ایسا تھا۔
وہ مانتے تھے۔ تو اللہ نے بھی کہا۔ یہ لفظ بولنے سے وہ حقیقی رب تھوڑا ہی بن گیا
ہے۔ تو جب اس کو رب کہنے سے حقیقی رب نہیں بن رہا۔ تو آپ نے پکار
کے کہہ دیا یا داتا گنج بخش تو اس سے وہ حقیقی رب بن گیا۔
غوث الاعظم کہنے سے وہ رب نہیں بن جاتا۔
تو پورا لفظ اپنے لئے استعمال کیا۔ الحمد للہ رب العالمین۔ کون اللہ جو پہلی آیت
ہے۔ بار بار [illegible] لفظ جو اپنی شان کے لئے بیان کیا۔ (۳۹ — ۲۶)
تو یہ لفظ اللہ کی شان کا رب وہاں پیغمبر نے مصر کے بادشاہ کو کہا۔ خدا
نے بھی کہہ دیا۔ جب ہم کہتے ہیں۔ کہ داتا۔ غوث۔ یا رسول اللہ تو شرک
کہاں رہ گیا۔ حضور بچا لیں۔ کرم فرمائیں۔ یا رسول اللہ عطا کر دیجئے۔ یہ کہہ دیا
تو شرک بن گیا۔ مصر کا بادشاہ رب بن گیا۔ تو ان مشرکوں کی بات ہو
کہ معنی مجازاً ایسے ہے تو حقیقی معنی نہیں ہے۔ یہ مجازاً۔ اللہ کا طریقہ ہے
نبی کی سنت ہے۔ [illegible]۔ یہ قرآن کا طریقہ ہے۔ قرآن کا [illegible]
[illegible]۔ یضل بہ کثیرا و یہدی بہ کثیرا۔ سورۃ البقرہ (۲۶) یہ کس کی شان ہے اللہ۔
جس کو چاہے گمراہ کر دے۔ جس کو چاہے ہدایت کر دے۔ اللہ کی شان یا مضل ہے
ہے۔ سورۃ نوح ۲۴۔ نوح علیہ السلام کے زمانے میں بت تھے۔ وقد اضلوا
کثیرا۔ اور بتوں نے بہت سوں کو گمراہ کر دیا ہے۔ وہ تو بت نہ لیتے تھے نہ
دیتے تھے۔ پتھر کے بنائے بت نہ ان کو آگے کا پتہ نہ پیچھے کا۔ نہ ان کو منہ۔

انہوں نے ان کو گمراہ کیا۔ جو یہ چاہتا ہے کہ گمراہ تو خود ہوتا ہے — بتوں کے پاس نہ ہاتھ ہیں نہ پاؤں۔
تو قرآن کہتا ہے ان بتوں نے بہت سوں کو گمراہ کر دیا ہے۔ تو گمراہ کرنا اسی طرح اللہ
کی صفت ہے جس طرح بتوں کی صفت ہے — ہدایت دینا۔ اب اللہ نے
دنیا کو ان بتوں نے گمراہ کر دیا۔ کیا وہ گمراہ کر سکتے ہیں۔ کسی معنی میں ہیں مجاز
کے معنی میں — گمراہ اور ہدایت تو اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ مگر چونکہ یہ ذریعہ بنے
وسیلہ بنے ان کی گمراہی کا — فعل کی نسبت اسی طرف کر دی۔ یہ طریقہ مجاز ہے۔
تو گویا یہ قرآن کے طریق بیان میں شامل ہے — قرآنی اسلوب کا حصہ ہے۔ اگر بدی
کا کوئی ذریعہ بنا تو وہ بھی نسبت منسوب کر دی۔ نیکی کا ذریعہ بنا تو وہ بھی منسوب کر دی۔
کسی کو زندگی ملی۔ آنکھیں ملیں۔ شفا ملی اس کو عیسیٰؑ کی طرف منسوب کر دیا۔ تو جو
کسی کام کا ذریعہ اور سبب بنے — اس کی طرف اسے منسوب کر دیا جاتا ہے۔
اور یہ شرک نہیں ہوتا — یہ قرآن کا اسلوب ہے — اب بوڑھا کون کرتا ہے۔
جوان کرنا کس کی شان ہے۔

(۵) بدن آنے کے طریق میں۔ اسناد کبھی حقیقت کے طور پر کبھی مجاز کے طور پر۔ بوڑھا
کرنا جوان کرنا کس کا کام ہے — اللہ کا کام ہے۔ اب قرآن میں ہے سورۃ المزمل
(۱۷) یوماً یجعل الولدان شیبا ۰ قیامت کا دن ایسا دن ہے۔ کہ بچوں کو
بوڑھا کر دے گا — اب بوڑھا کون کرتا ہے — انسان کس کا کام ہے پہلے تو انسان
کی بات ہو رہی تھی۔ اب دن پر آ گئی ہے بات۔ کہ بتوں نے گمراہ کر دیا۔ اب
قیامت کا دن بچوں کو — تو گویا بوڑھا کر دینے کا جو فعل ہے یہ ہے تو
اللہ کا کام ہے مگر اللہ نے کہا کہ قیامت کا دن ایسا دن ہے جو بوڑھا کر دے گا۔
دن کو منسوب کیا۔ کیونکہ اس دن کی ہولناکی نفسا نفسی۔ سورج حساب و کتاب
خوف و خطر یہ کیفیات ہوں گی قیامت کے دن کی۔ یہ غم اور اندوہ کے دکھ اس زمانے بوڑھا
کر دیں گے — وہ سبب بنے گا۔ اس فعل کی نسبت اس زمانے کی طرف کر دی گئی۔

جو اس کا سبب بنے گا۔ وہ زمانہ چونکہ سبب بنا۔ یعنی اس سبب کو اللہ پاک نے نسبت فعل
کر دیا ہے۔ یہ طریق مجازی ہے۔ یہ قرآن کا اسلوب ہے۔ کبھی دن کی طرف منسوب
کر دیتا ہے فعل کو زمانے کی طرف منسوب۔ کبھی مہینوں کی طرف۔ کبھی حالات
کی طرف۔ اور یہ شرک نہیں ہے۔ ایسا طریقہ گفتگو کا بات کا بیان کا۔ کلام کا
شرک نہیں۔

سورۃ الانفال۔ واذا تلیت علیہم (۲) یتوکلون۔ رب بنا دیں ایمان گھٹانا
یا ایمان بڑھانا۔ یہ کس کی شان ہے۔ اللہ کی۔ کسی کا ایمان ختم کر دے۔ کسی کو
ایمان دے دے۔ یہ اللہ کی شان ہے۔ یہ قرآن مجید کی آیتیں ہیں۔ اب آیتوں کی طرف
منسوب کیا۔ فرمایا جب ہم یہ اللہ کی آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں۔ اس کا فاعل کون ہے
تو یہ جو آیتیں ہیں وہ ایمان بڑھا دیتی ہیں۔ چونکہ ایمان کے بڑھنے کا سبب ہیں آیتیں
ذریعہ ہیں وسیلہ ہیں۔ اس طرف منسوب کیا۔ سورۃ زمر۔ ۴۲۔ اللہ یتوفی
الانفس حین موتھا۔ اور اللہ ہی اب یہاں حصر ہے۔ جب فاعل فعل سے پہلے آ جائے
کہ یہ اللہ ہی کی شان ہے۔ اگر ہوتا نا۔ یتوفی اللہ الانفس۔ یہ جو ہی ہے اس کا
زور آ رہا ہے۔ یہ جو تخصیص آ رہا ہے۔ یہ نہ ہوتی۔ یہ ہے اللہ بلکہ یہ اللہ ہی کی شان
ہے۔ کہ وہ موت کے وقت ان کی جانوں کو قبض کر لیتا ہے۔ جانوں کو قبض کر لینا
یہ کس کی شان ہے۔ یہ کہاں سے نکالا۔ یہ تقدیم فاعل جو ہے
یہ فعل پر فاعل کو جو مقدم کیا۔ فرمایا قل یتوفکم ملک الموت الذی وکل بکم
سجدہ ۱۱۔ فرما دیجیے۔ کہ جو موت کا فرشتہ ہے۔ وہ تمہاری جانوں کو
قبض کرتا ہے۔ باری تعالیٰ اگر بات یہی تھی تو ادھر اللہ کو پہلے۔ فعل کو فاعل پر مقدم
کر کے۔ تو سکا کیا مگر صرف تھی۔ ادھر ہی لگا دیا۔ ادھر ہی بنا دیا۔
فرمایا عزرائیل تمہاری جانیں قبض کرتا ہے۔ باری تعالیٰ ہم یہ کیا مطلب ہوا۔ تو اللہ پاک نے
کیا جواب دیا ہے۔ کہ ہمیشہ تو میں ان کو کرتا ہوں۔ یہ فرشتے کی طاقت ہے۔ عزرائیل کو میں

بشر اور نور

مقرر کیا ہے۔ میرے اذن سے کرتا ہے۔ میری طرف سے کرتا ہے۔ تو وہ ذریعہ میں نے اس کو مقرر
کیا ہے — اس لئے فعل اس کی طرف منسوب ہو جاتا ہے — جو یہ کہ ذریعے کو
میں مانتا نہیں ہوں۔ روح کو قبض کرنے کے لئے اللہ کو آنا چاہیے — عزرائیل کو مار کے دانت
توڑ دوں گا — کوئی کہے کہ تو مجھے جان نہیں دیتا — میں تو اللہ کو دوں گا جان۔ میں نے
تو ایک ہی پڑھا ہے۔ یہ فرق ہے بندوں میں کوئی کر ہی نہیں سکتا — تو آپ نے کر کے
سے کیسے بچایا — حاجی نے بچایا — تو اس میں کوئی شرک نہیں ہوتا
ہماری اور آپ کی حالت تو یہ ہے کہ ایسا کر ہی نہیں سکتے۔ اور وہ بھی لوگ ہیں جو یہ کر سکتے ہیں
جو کر سکتے ہیں ان کی طرف فعل منسوب ہوتے ہیں — موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئے —
ملک الموت — صحیح بخاری میں ہے — روح قبض کرنے آئے تھے — آئے ادھر
آنکھ نکال دی۔ ادھر یہ بندے بھی اللہ کے ہیں — تو جو دم نہیں مار سکتے۔ موت کے فرشتے کی آنکھ
یہ اعتراض کرتے ہیں۔ دوسروں کی سے الٹی ہے جو طمانچہ مار کے آنکھ ہی نکال دیں — زمین
آسمان کا فرق ہے (یہ بخاری و مسلم کی متفق علیہ حدیث ہے)

بعض لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ آقا علیہ السلام کی نورانیت پر یقین رکھتے ہیں۔ ہمارا
عقیدہ حضور کی بشریت اور نورانیت پر اکٹھا ہے — انسان کی بشریت بھی حق ہے۔
اور نورانیت بھی حق ہے۔ دونوں میں سے کسی کا انکار نہیں ہے — بشریت حق ہے قرآن
میں ہے۔ نورانیت حق ہے قرآن و حدیث میں ہے — قاعدہ کلیہ یہ ہے —
کہ جس روپ میں، ہیئت میں ہوتا ہے کوئی آتا ہے اس وقت اسی ہیئت میں اس کے
احکامات اجراء ہوتے ہیں۔ جس دنیا میں کوئی رہتا ہے۔ جب وہ جس روپ میں
اس کی دلیل میں حدیث بخاری و مسلم کی ہے — کہ ملک الموت نور ہونے میں کسی کو
کو شک نہیں ہے — اور بخاری و مسلم میں ہے کہ انہوں نے آنکھ نکال دی ہے —
اور ہاتھ پر اپنی آنکھ رکھ کے اپنے اللہ کی بارگاہ میں چلے گئے — اب وہ چیخ نہیں کر سکے
کیونکہ وہ اس ہیئت میں تھے — جس میں آنکھ نکالی گئی — تو احکام جاری ہو گئے

کہ نہیں۔ تو اگر اُن کی آنکھ نکل جانے سے عزرائیلؑ کے نور ہونے میں کوئی فرق پڑا۔
بشری حکم جاری ہونے سے اُن کی نورانیت میں کوئی فرق نہیں پڑا۔ اسی طرح جو
بشر ہیں وہ بھی نور ہی ہیں (۳۳-۱۲) اللہ کی بارگاہ میں گئے تو ملک الموت۔
حدیث پاک کے لفظ ہیں۔ آقا علیہ السلام نے فرمایا جاکے عرض کیا۔ اللہ پاک
کی بارگاہ میں۔ ارسلتنی الی عبد لا یرید الموت۔ باری تعالیٰ آپ نے مجھے
ایسے بندے کی طرف بھیج دیا ہے جو مرنا چاہتا ہی نہیں۔ اتنی طاقت ہوتی ہے۔
ملک عزرائیل کے لفظ میں۔ جو موت کا ارادہ بھی نہیں رکھتا۔ اس کا مطلب کیا
کہ مرنا یا نہ مرنا اس بندے کے ارادے میں شامل ہے۔ چاہے کوئی مسلم یا نہ ہو۔
آنکھ نکال کے واپس بھیج دیا۔ اور پھر جو اُن کی روح قبض ہوتی ہے۔ تو وہ ان
کی مرضی کے ساتھ روح قبض ہوتی ہے۔ تو یہ ارادہ جو منسوب کیا۔ مرنا یا نہ
مرنا ہے بندے کے اختیار میں ہے کہ مرنا چاہتا ہوں یا نہ مرنا چاہتا ہوں۔ مگر یہاں
حضور علیہ السلام نے بیان کیا ہے۔ سب بخاری مسلم میں آئی تو کسی نے بیان کی۔
چلو۔ اگر ملک الموت سے غلطی ہوگئی تھی لفظ کے استعمال کرنے میں
کہ آپ کا بندہ مرنا چاہتا ہی نہیں۔ اگر غلطی سے یہ کہہ بیٹھے۔ کہ حقیقۃً فعل
کا آگے سمجھ کر بھیجے گئے۔ تو حضور علیہ السلام اس کو بیان کرتے۔ تو اس کو درست
فرما دیتے۔ کہ ملک الموت نے کہا تھا۔ تو سب سے پہلے تو اللہ تعالیٰ ہی فرما دیتا۔ کہ
فلاں غلط یہ کیا ہے۔ اے ملک الموت تو تو یہ کہہ۔ پہلے تو جملہ درست کر۔ بندے
کی کیا مجال کہ مرنا ہی نہیں چاہتا۔ تو اللہ نے بھی سن لیا۔ تو ملک الموت
کا بھی عقیدہ یہ ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے بھی سن لیا۔ تو درست فرما دیا۔ حضور علیہ السلام
نے بھی درست فرما دیا۔ تو پھر شرک کا شور شرابہ کیا لگا رکھا ہے۔ یہ
سب الفاظ جب منسوب ہوتے ہیں۔ تو ظاہر پر منسوب ہوتے ہیں۔ ظاہری احکام
کے سب تعلق ظاہری آثار کے ساتھ۔ ظاہری حالات اس پر الفاظ منطبق ہو جاتے

ہیں — ذریعہ ہر وسیلہ ہر سبب ہر احکام — یہ طریقہ قرآن بھی ہے۔ طریقہ حدیث بھی ہے۔ طریقہ
ملائکہ بھی ہے — اور طریقہ عزرائیل بھی ہے — اور طریقہ جبرائیل بھی ہے۔ جبرائیل بھی الوداع
کر چلے ہیں — اور طریقہ انبیاء بھی ہے — طریقہ قرآن بھی ہے — اور طریقہ معصومین بھی ہے
معصومین نے بھی حدیث بیان فرمائی — تب ہی حدیث بنی — تو اللہ تعالیٰ نے بھیجا کہ
تم نے کیا کیا تھا — اللہ تعالیٰ نے آنکھ تو اس کی واپس کر دی — فرمایا دوبارہ جاؤ
تھپڑ اس لئے مارا کہ انبیاء کی بارگاہ میں آئے — اس طرح نہیں کہتے — ادب سے بات
کرتے ہیں — اس لئے تھپڑ مارا — تو چلو سکھا دیا۔ اور عزرائیل پہلے بھی تو انبیاء
کے پاس آتے تھے — موسیٰ سے پہلے بھی آتے رہے — آدم علیہ السلام سے آتے رہے ہیں اور
قبض کرتے — (۷۶-۱۲) بے شمار انبیاء کی جانیں قبض کر چکے تھے۔ پہلے
بھی بڑے بڑے جلالی ہوئے مگر کسی نے تھپڑ نہیں مارا — تو ۵ ہزار انبیاء کی
ارواح قبض ہونے کے بعد موسیٰ علیہ السلام نے کیوں سکھانے لگے ادب — اس لئے
سکھانے لگے ادب — کہ اب عزرائیل پہلے تو ہم لوگ آ رہے تھے — ہمارے بعد معصومین آ
رہے ہیں — آدم آئے نوح آئے ابراہیم — اب تمہیں اس لئے
سکھا دیا ہے کہ جب آگے جو بارگاہ آئے ہیں ہے ضرور ادب کرتے ہوئے آنا
تو واپس آ کے پھر پوچھا — اور جب آقا علیہ السلام کے پاس بھی اس طرح پوچھا۔ دوبارہ
آ کے پوچھا کہ اللہ پاک نے بھیجا ہے — آپ نے اپنے نانا سے بلاوا لیا؟ تو کیا آپ
رہنا چاہتے ہیں یا شہر جانا چاہتے ہیں۔ اس طرح پوچھا — اب یہ شرک بن گیا۔
یا توحید بن گئی — پوچھا پھر آئے سال — مجھے
تو پھر اجازت دیتا ہوں اپنا جان قبض کرلو — تب قبض ہوا — اور صحیح بخاری میں ہے
حضور علیہ السلام نے فرمایا — کہ اللہ تعالیٰ ہر نبی کو وفات سے پہلے اختیار دیتا ہے —
بخاری کا جلد اول ص ۴۴۹ حدیث (1274) = چاہے تو رہے چاہے تو اللہ کی بارگاہ میں
تو مجھے بھی اب اختیار دیا گیا ہے — تو اس پر فرمایا۔ بالرفیق الاعلیٰ — میں نے اعلیٰ دوست

کہ ہاں جانا چاہتا ہوں تو انبیاء کو اختیار ملتا ہے ۔ تو وہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ مرضی ہے ۔
صرف ایک مقام ہے جہاں حقیقت اور مجاز کا فرق نہیں رہتا ہے ۔ اور وہ ہے عبادت ۔ عبادت
میں حقیقت ہی حقیقت ہے کوئی مجاز نہیں رہتا ۔ وہ نہیں کہہ سکتے کہ میں مجازاً فلاں کی عبادت
کرتا ہوں ۔

— ۰ —

امام مسلم بیان کرتے ہیں اور عظیم تابعی امام محمد بن سیرین بیان کرتے ہیں ۔ اُن کے ہاں تو تعریف یوں
ہے کہ جو اہلسنت کے مدمقابل جو ان کا مخالف ہے وہ اہل بدعت ہے ۔ اور آج
زمانہ ہے کہ اہلسنت کو اہل بدعت کہا جاتا ہے ۔ اہلسنت غلامانِ رسول ہوتے
تھے ۔ اہل بدعت گستاخِ رسول ہوتے تھے ۔
کوئی بات ہو تو ثبوت مانتے ہیں کہ اس کو بخاری میں دکھاؤ ۔ کیا بخاری میں ہے
مسلم میں ہے ۔ یہ بارہ صدیوں میں جب سے بخاری اور مسلم لکھی گئی ہے تب
سے لے کے آج تک اہل علم کا یہ طرز کہنا یا کہنا یا سوچنا شیوہ ہی نہیں رہا ۔

QARI MUHAMMAD ABBAS
Naqashbandi Chishti Qadri Sohurverdi
25 MAR
Chak 365/E.B Burewala Vehari
Mob:0334-763

۲۴ — ۳ — ۲۰۱۸
۹ — ۷ — ۱۴۳۹
۱۱ — ۱۲ — ۴ — PM

(بے نماز اولیاء کرام کی نظر میں)

میرے بھائیو! ہم سب خدا کے فضل سے مسلمان ہونے کا دعوٰی کرتے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ہم خدا اور اس کے رسول علیہ السلام کے حکم پر سر تسلیم خم کرتے ہیں زبانی دعوٰی اس وقت تک کوئی فائدہ نہیں دیتا۔ جب تک ہم عملاً اس کو نہ کر دکھائیں کہ مسلمان بھی ہو اور پھر آپ کے حکم کو تسلیم نہ کرے کتنے تعجب کی بات ہے۔

نماز ایک ایسی عبادت ہے جو ہر رسول کی امت پر فرض کی گئی تھی۔ ہمارے نبی کریم نے نماز کو مسلمان اور کافر کے درمیان ایک امتیاز قرار دیا ہے۔ بے نماز خدا اور رسول علیہ السلام کی نظر میں بہت بڑا دشمن ہے۔ ہمارے آئمہ کرام اور اولیائے عظام نے بھی نماز کو ادا کرنے کی سخت تاکید فرمائی ہے۔ اور بے نماز کے بارے میں اپنی اپنی رائے کا اظہار فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول علیہ السلام کے ارشادات تو اس سلسلہ میں بے شمار ہیں۔ مگر میں یہاں صرف آئمہ کرام اور اولیائے عظام کے اقوال درج کرتا ہوں۔ تاکہ ہم ان پر عمل پیرا ہو کر پکے سچے مسلمان بن جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

(۱) حضرت امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں۔ کہ بے نماز کو جیل میں بند کر دیا جائے تاوقتیکہ توبہ نہ کرے۔ (معالم السنن)

(۲) حضرت امام مالک فرماتے ہیں۔ کہ بادشاہ اسلام بے نماز کو قتل کا حکم کرے۔ (کتاب الصلوٰۃ)

(۳) حضرت امام شافعی فرماتے ہیں۔ کہ بے نماز واجب القتل ہے۔ (الدین القیم)

(۴) حضرت امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ نماز کا تارک کافر ہے۔ (میزان شعرانی)

(۵) حضرت امام زین العابدین فرماتے ہیں۔ بے نماز خدا اور رسول کا کھلا دشمن ہے۔ (صواعق محرقہ)

(۶) حضرت عبدالقادر جیلانی فرماتے ہیں کہ بے نماز کا جنازہ نہ پڑھو۔ اور نہ اسے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرو۔ (غنیۃ الطالبین)

(۷) حضرت امام بغوی فرماتے ہیں کہ نماز کا منکر اور ترک کرنے والا قتل کے لائق ہے (معالم التنزیل)

(۸) حضرت امام شعرانی فرماتے ہیں کہ بے نماز شرعی طور پر درجہ ارتداد پر ہے۔ وہی احکام اس پر نافذ کرنے چاہییں۔ (میزان شعرانی)

(۹)۔ حضرت امام جعفر فرماتے ہیں کہ بے نماز کا ترک صرف کبیرہ گناہ ہی نہیں بلکہ بے نماز خدا کا بھی کافر
(//)۔ ہو جاتا ہے۔ (نماز جعفریہ)
(۱۰)۔ حضرت امام غزالی فرماتے ہیں کہ بے نماز جاہل پیر کو قتل کرنا سو کافروں کے قتل سے بہتر ہے۔ (شرح فقہ اکبر)
(۱۱)۔ حضرت سلطان باہو فرماتے ہیں کہ بے نماز سے ہر روز خنزیر بھی پناہ مانگتا ہے۔ (عین الفقر)
(۱۲)۔ حضرت شیخ علی ہجویری فرماتے ہیں کہ نماز خدا کا فرض ہے۔ اس کا تارک ولی تو کیا نجات بھی نہیں
(//)۔ پائے گا۔ (کشف المحجوب)
(۱۳)۔ حضرت بابا فریدالدین مسعود فرماتے ہیں۔ جو قصداً ترک نماز کو معمول بناتا ہے بوقت موت اس
(//)۔ سے ایمان چھین لیا جاتا ہے۔ (ملفوظات فریدیہ)
(۱۴)۔ حضرت محی الدین فرماتے ہیں کہ بلاشبہ نماز کا تارک مثل مرتد ہے (کتاب المبین)
(۱۵)۔ حضرت نظام الدین فرماتے ہیں کہ بے نماز بے شک شیطان کا ہم نشین ہے۔ (فوائد الفواد)
(۱۶)۔ حضرت بختیار کاکی فرماتے ہیں۔ بے نماز کا ایمان اور اسلام غیر مقبول ہیں (عمدۃ السالکین)
(۱۷)۔ حضرت جنید بغدادی فرماتے ہیں کہ بے نماز پیر اور صوفی سب دوزخ کا ایندھن ہیں۔
(۱۸)۔ حضرت عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ فرائض اسلام کے دائمی ترک سے آدمی دائرہ اسلام سے
۔ خارج ہو جاتا ہے۔ نماز تو دین کا ستون ہے۔ (اشعۃ اللمعات)

نوٹ۔ اس تمام عبارت کا عکس ڈاکٹر ارشاد احمد کے کلینک سے بروز پیر 2-8-2010
21-8-1431 کو 9:05 (am) لیا گیا۔ اور یہاں اس کو درج بروز بدھ 4-8-10
23-8-1431 کو 5:18 (PM) نقل کیا گیا پاکپتن شریف)

Abbas
۴-۸-۲۰۱۰
۲۳-۸-۱۴۳۱
بروز بدھ ۵-۱۸
(PM)

۲۵۔ تعلیماتِ تصوف اور اصلاحِ احوال

(نشست اول) شہر اعتکاف جامع المنہاج بغداد ٹاؤن لاہور

(04—10—2007)

۸۶/۹۲

معزز و محترم مشائخ علمائے کرام اور معتکفین و معتکفات۔ اور دیگر معززین کرام۔ مہمانانِ گرامی۔

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے۔ کہ آج ہم۔ امام عبدالرحمٰن سُلمیؒ۔ محمد بن حسین السُلمیؒ؟ ان کی کتاب طبقات الصوفیہ — اس کا درس شروع کر رہے ہیں— اور یہ کتاب عام طور پر طبقاتِ سُلمی کے نام سے معروف ہے — اولیاء کرام کے احوال پر۔ اور ان کے فرمودات و ارشادات پر۔ اور ان کے مبارک تذکرے پر مشتمل یہ تاریخ اسلام میں اور تاریخ تصوف میں پہلی پہلی جامع کتاب ہے۔ تصوف اور سلوک کی تاریخ میں۔ جتنی کتب بھی تذکرہ اولیاء کے عنوان سے یا تذکرۂ اولیاء و صوفیاء کے مضمون سے لکھی گئی ہیں۔ اُن تمام کتب میں۔ اور تمام مصنفین نے لا استثناء طبقاتِ سُلمی پر انحصار کیا ہے۔ اس سے استفادہ کیا ہے۔

امام عبدالرحمٰن السلمی ۳۲۵ ہجری میں پیدا ہوئے۔ اور ۴۱۲ ہجری میں آپ کا وصال ہوا — ان کے احوال پر اس وقت میں زیادہ گفتگو نہیں کرنا چاہتا — میں نے ایک کتاب ابھی حال ہی میں مکمل کی ہے — اور اس وقت وہ کمپوزنگ اور طباعت کے مراحل میں ہے — وہ کتاب میری ان اسانید کے سبق پر مشتمل ہے۔ جو حلیۃ العقد آئمہ تصوف اور ان کی کتب تک میری متصل اسانید ہیں۔ جو اپنے شیوخ اور اپنے اساتذہ سے پڑھی ہیں۔ اور اُن کی اجازات لیں — اس میں میں نے اوپر کا حصہ اسناد کے بیان کے لیے رکھا ہے — اور نیچے آدھا صفحہ مسلسل اُن آئمہ تصوف کے علم حدیث اور علم فقہ اور علوم شریعت میں اُن کے مقام اور مرتبہ کے بیان پر مشتمل کر دیا ہے — اس بات پر تفصیلی گفتگو —

مگر آئمہ تصوف کا علم حدیث میں مقام کیا ہے۔ — جب علم کی بات ہوتی ہے تو خواہ وہ آئمہ اربعہ ہوں۔ امام اعظم امام مالک امام شافعی احمد بن حنبل — خواہ وہ آئمہ حدیث ہوں — جب علم کی بات ہوتی ہے — تو وہ ان آئمہ کا ذکر آتا ہے — جو بطور محدثین یا آئمہ حدیث — یا آئمہ فقہ یا آئمہ تفسیر یا آئمہ عقیدہ — اصول اور فنون میں —

علم الکلام میں علوم ظاہرہ ہیں۔ اور علوم شرعیہ میں جن کا نام سند ہے۔ حجت ہے۔ جو
معتبر مصادر ہیں۔ اور اعتبار کی بات ہے۔ ان پر تمام کتابیں لکھی گئیں۔ اور انہوں نے کن سے
روایت کی۔ ان سے کنہوں نے روایت کیا۔ ان کی متصل اسانید کیا ہیں۔ سارا کام
علم کے باب میں۔ ان مبارک ہستیوں پر ہوتے رہے ہیں۔ امام بخاری اور امام مسلم
پر ہوئے۔ امام ابو داؤد پہ ہوئے۔ امام ترمذی، امام نسائی پر ہوئے۔ امام ابن ماجہ پر ہوئے۔ پھر امام
عبد الرزاق اُن سے پہلے۔ امام ابن ابی شیبہ پر ہوئے۔ (۲۹-۱۵) الغرض جتنے بھی امام امام بیہقی
اور امام طبرانی تک ہیں چار حصے بنا۔ جو حدیث کی جلیل القدر مصادر کی شکل میں معروف ہوئیں۔
کتب حدیث کی شکل ہیں۔ تصنیف میں تاریخ ہیں۔ جو ترتیب و تدوین ہیں۔ اور بعد کے محدثین اور علماء
اس میں چار حصے لوگوں میں ہونے والے حدیث کے کام پر پھر آگے اعتماد پر۔ اور اس سے استخراج
کریں گے۔ اور اس سے استفادہ کریں گے۔ آگے کام کو بڑھاتے رہیں گے۔ مگر علم کے باب میں جب ذکر
ہوتا ہے انہی کا۔ اور اُن کے نام کو حجت سمجھا جاتا ہے۔ حدیث کی بات ہو گی تو کہیں گے
امام بخاری کا حوالہ دیں۔ امام مسلم کی بات کریں گے۔ امام ترمذی نے لکھا ہے۔ امام طبرانی نے کہا
کہا۔ امام نسائی بیہقی نے۔ امام عبد الرزاق نے کہا ہے۔ الغرض جب محدثین کے علم کی بات
ہو گی۔ تو آئمہ حدیث کی بات کریں گے۔ یا آئمہ تفسیر کی بات کو حجت مانیں گے۔ یا آئمہ فقہ
مذاہب اربعہ اہلسنت کے یا اہل تشیع میں فقہ جعفریہ میں اُن کا اپنی اسانید اور اپنے
طرق ہیں۔ آئمہ اور علماء ان کی بات ہو گی۔ مگر علم کے باب میں بد قسمتی ہے کہ اہل علم آئمہ
تصوف، اور آئمہ ولایت کو علم کے باب میں کبھی حجت تسلیم نہیں کرتے۔ وہ اُن کو صرف اس
اعتبار سے دیکھا جاتا رہا ہے کہ وہ صاحب زہد تھے۔ اصحاب ورع تھے۔ اصحاب تقویٰ تھے۔
اصحاب اخلاص تھے۔ عبادت و ریاضت کرنے والے تھے۔ تزکیہ نفس اور تزکیہ قلب کرنے والے تھے۔
کرامات والے تھے۔ روحانیت والے تھے۔ ہدایت والے تھے۔ مکاشفات والے تھے۔
احوال رکھتے تھے۔ ان کا کوئی اس حوالے سے ہوا۔ جتنی کتابیں اولیاء اور آئمہ تصوف پر لکھی گئیں
وہ کتابیں یا ان کے حالات زندگی پر یا ان کے احوال پر۔ یا اُن کی کرامات پر لکھی گئیں۔ جتنے تذکرے

بلکہ گئے۔ جہاں اولیائے کرام کا ذکر آیا۔ آئمہ تصوف اور آئمہ سلوک کا ذکر آیا۔ اُن کے حالات زندگی ملیں گے۔ یا اُن کے اقوال و ملفوظات ارشادات ملیں گے۔ یا اُن کے روحانی مقامات کا ذکر ملے گا۔ ان کی کرامات کا ذکر ملے گا۔

میری تلاش سے آج کے دن تک چار صفحے یا آٹھ صفحے کا بھی کوئی ایک رسالہ بھی عرب و عجم کی کسی سمت سے کسی عالم کا لکھا ہوا۔ کسی زمانے اور کسی صدی میں لکھا ہوا۔ نظر سے نہیں گزرا۔ جس نے اس پہ کام کیا ہو — آئمہ تصوف، آئمہ سلوک، آئمہ معرفت اور آئمہ ولایت صرف صاحبانِ کشف و کرامت ہی نہیں تھے بلکہ یہ علم حدیث میں علم تفسیر میں، علم فقہ میں اور علم عقیدہ میں — اسی طرح بہت بلند رتبہ اور مقام رکھتے تھے۔ جس طرح دوسری سمت کے جلیل القدر آئمہ رکھتے ہیں — یہ محدثین بھی تھے اور فقہا بھی تھے۔ یہ آئمہ عقیدہ اور علم کلام کے آئمہ بھی تھے۔ اور علوم شریعت میں — دسترس اور معارف تامہ اور حاصل تھی۔ اور ان کا مقدم علوم شریعت میں اسی طرح حجت تھا اور حجت ہے۔ جیسے دیگر آئمہ علم کا تھا — اس اعتبار سے ثبوت فراہم کرنے کی جرأت ضرورت پڑتی ہے کہ اُن پہ کام کیا جائے کہ اُن کی اسانید حدیث میں کیا ہیں۔ ان کے شیوخ سب کا تذکرہ ملے گا۔ کہ ان کے شیخ فلاں ہیں۔ تصوف میں ان کے فلاں شیخ ہیں۔ اُن سے فیض لیا۔ اُن سے اجازت لی۔ اُن سے خلافت لی۔ مگر اُن کے کوئی حدیث میں بھی شیوخ تھے یا نہیں۔ علم فقہ میں کسی سے تلمذ تھا یا نہیں۔ علم تفسیر اور علم عقیدہ میں بھی اُن کو کوئی تلمذ تھا — اور انہوں نے کسی سے روایت بھی کیا۔ یا نہیں۔ اور ان سے آگے۔ آئمہ اور محدثین نے بھی روایت کیا۔ یا نہیں — یہ جو مکانۃ فی الحدیث والفقہ۔ یعنی علم حدیث اور فقہ علم عقیدہ اور علم شریعہ میں اُن کا مقام اور منزلت کیا ہے۔ اس پہ کسی کا کام آج تک نہ کیا گیا — اس کا نقصان یہ ہوا۔ کہ جو منکرین تصوف ہیں۔ اُن کے ہاتھ بڑا شاندار بہانہ ہو گیا۔ جب آپ کسی امام تصوف اور امام طریقت اور کسی اکابر اولیاء اللہ میں سے کسی ولی کی کوئی سند کو کوئی بھی ہم بات پیش کر دیں۔ تو وہ صرف کہہ دیتے ہیں اور رد کر دیتے ہیں۔ یہ صوفیاء ہیں چھوڑ دیجئے — علماء کی بات بتاؤ۔ ان کی بات سند نہیں ہوا کرتی —

کتاب کا نام
(جامع السنۃ)

سند قرآن کی بات ہے۔ جو علم میں سند اور امام ہیں — تو نتیجہ یہ ہوا۔ ایسا ہوا کہ تا دم لکھد
آئمہ تصوف کی علم میں حجت ہونے کے اعتبار — لگا ہوں — اور مجمل ہو گئی۔ اور ان کا
مقام و مرتبہ اور مجمل ہو گیا — اگر کسی نے بشر بن الحارث الحافی اُن کا ذکر کیا۔ تو بس بات
یہیں ختم کر دی کہ یہ تو ننگے پاؤں بغداد کی گلیوں میں پھرنے والا کوئی مجذوب تھا۔ ولی تھا۔ اس
کی بات شریعت میں کیسے سند ہو سکتی ہے۔ امام احمد بن حنبل کی بات بتاؤ۔ اُن کا حوالہ
دو — اور یہ خبر نہ ہوئی کہ امام احمد بن حنبل خود اس ننگے پاؤں بغداد کی گلیوں میں پھرنے والے
بشر حافی کی مجلس میں گھنٹوں بیٹھے رہتے تھے۔ اور آپ — استفادہ کرتے تھے۔ وہ کسی
جاہل کی مجلس میں جاتے تھے — تو یہ پورا گوشہ خالی رہا —
الحمدللہ تعالیٰ۔ باہر اس قیام کے دوران جو حدیث میں میں کام کر رہا ہوں۔ اللہ پاک کی توفیق
سے اور ۲۰ برس سے ۳۰ ہزار احادیث کا مجموعہ ہے — جو جامع السنۃ کے ۱۵
سے بلکہ ۲۰ جلدوں پر مشتمل ہو گا۔ وہ اس وقت — ہیں۔ کہ تمام احادیث
مخرج اور متحقق ہیں۔ تحقیق اور تخریج کیا ساتھ ہے — صرف احادیث نہیں دے دیا۔ تا
تخریج۔ تحقیق کے ساتھ۔ احادیث کا اپنا مقام اس کی اسناد میں کیا ہے۔ اس کا سلسلہ
بیان کر رہا ہوں — تو ہر صفحہ آدھا تحقیق و تخریج پر خرچ ہو رہا ہے۔ اس دوران کچھ کام ہے
— تو صرف ایک کام کا مختصر سا تذکرہ کیا ہے۔ اس طرح کے کام اور بھی ہیں۔ لیکن
یہ کام ابھی مزید سال — اور کے ذریعے اُدھار کے — آج اشارہ کر دیتا ہوں۔ یہ سیدنا
امام حسن البصری کا مولا علی شیر خدا — لقاء اور سماع محدثین اس سے انکاری رہے ہیں ہزار
سال سے کہ اُن کا لقاء و سماع کرنا مولا علی — احادیث کو براہ راست لینا۔ روایت کرنا
ثابت نہیں ہے۔ صوفیاء مانتے ہیں۔ محدثین نہیں مانتے۔ اور صوفیاء نہ مانتے تو سند کا
سلسلہ کٹ جاتے ہیں۔ (۲۴—۵۱)۔ جو ہر کل سلاسل طرق طریقت سلوک اور تصوف
یہ سیدنا امام حسن البصری کے ذریعے ہی مولا علی المرتضیٰ سے ملتے ہیں — وہ اگر اُن کا لقاء اور سماع نہ مانے
تو سارے سلسلے منقطع ہو جاتے ہیں۔ تو صوفیاء مانتے ہیں — مگر اُن کے پاس قرائن ہیں۔ محدثین

(امام حسن بصری کا رسالہ)

ادوار
ہمیشہ مانتے ہیں کیونکہ وہ ثبوت روایت کا ذریعہ چاہتے ہیں — یہ ایک کام تھا۔ یہ بھی اتفاق تھا —
امام جلال الدین سیوطی نے اس پر کچھ کام کیا۔ پوری ہزار سال کی تاریخ میں ایک فرد نے کیا۔
مگر وہ تشنۂ تکمیل تھا۔ اس پر مزید کام کی ضرورت تھی۔ وہ کام بھی بتوفیق باری تعالیٰ کے مقدر
سے توفیق ہوئی اللہ نے مکمل کر دیا — اور محدثین ایک ہزار سال سے اس میں
امام عسقلانی بھی ہیں۔ علامہ زاہدی — خطیب بغدادی بھی ہیں۔ امام قسطلانی بھی۔ علامہ عینی
ہیں — آپ جن کا نام لیں۔ ہزار سال سے محدثین سے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی
تک اس کا انکار کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں ملاقات اور سماع ثابت نہیں ہے۔
اور صوفیا مانتے ہیں۔ وہ قرائن سے مانتے ہیں کہ کیونکہ امام حسن بصری پیدا وہیں ہوئے۔
مدینے ہجری میں — اور سولہ سال تک رہے وہیں۔ قرائن اتنے قوی ہیں۔ کہ ان قرائن کا انکار
نہیں ہو سکتا — اور جو تمام اسماء رجال کی کتب میں بھی درج ہیں۔ تو قرائن کا تو انکار
نہیں کر سکتے۔ مگر وہ محدثین کہتے ہیں۔ کہ ہم قرائن پر اپنا اعتبار نہیں کرتے ہم روایت کا ثبوت
مانگتے ہیں — ان کا طریقہ ہے — یہ سب سند مانتے ہیں روایت کے لئے — یہ خلیج تھی جو
ہزار سال سے چلی آ رہی تھی — امام جلال الدین سیوطی نے کچھ کام کیا تھا۔
(القول القوی فی سماع الحسن عن علی —) جس طرح اللہ اور رسول کی حد نہیں ہے اسی
طرح ان کے علوم و معارف کی بھی کوئی حد نہیں ہے — وہ دنیا پر برس رہا ہے
وما کان عطاء ربک محظورا (بنی اسرائیل 20)۔ وہ ان کے محبوب ہیں کہ رب
کی عطا بند نہیں ہوگی۔ وہ جاری ہے۔ قیامت تک جاری رہے گی —
حضرت امام عبدالرحمن سلمی جن کو دنیا آج تک صرف صوفی سمجھتی تھی —
طبقات صوفیہ کے نام سے جانی اور زمرۂ صوفیاء میں شمار کرتے تھے۔ اور زمرۂ محدثین
میں شمار نہیں کرتے تھے۔ میں نے الاربعین 200 احادیث امام ابو عبدالرحمن سلمی کی
اپنی متصل سند کے ساتھ مرفوعا ان کو نقل کر کے اپنی کتاب میں جمع کر دیا ہے۔
عبدالرحمن سلمی نے آقا علیہ السلام تک مرفوعا روایت کی ہے — یہ وہ مقام ہے کہ لوگ

لوگ ہیں۔ ان میں اور امام بخاری اور امام مسلم میں صرف دو واسطے ہیں۔ اتنے اونچے
درجے کے محدث اور امام ہیں —— اور امام بیہقی امام ابوعبدالرحمٰن سلمی کے شاگرد ہیں۔
اب بیہقی کو ماننے والے امام بیہقی شافعی ہیں محدث ہیں۔ ان کو ماننے والے سلمی
کا انکار کرنے والے انہیں کیا خبر ہے کہ امام بیہقی جن کو وہ مانتے ہیں۔ اور امام سلمی جن
کا وہ انکار کرتے ہیں۔ بیہقی نے ساری زندگی ان کے سامنے زانوئے تلمذ طے کیا ہے۔
کوئی کھوج کر کے دکھاتا تو دنیا کو سمجھ آتی —— سنن کبریٰ امام بیہقی کی جگہ جگہ۔
جو انہوں نے اپنی سند سے سیکڑوں احادیث روایت کی ہیں۔ امام سلمی کے نام ——
کئی احادیث سنن کبریٰ میں روایت کیں —— حتیٰ کہ امام حاکم صاحب مستدرک امام سلمی
کے کلاس فیلو ہیں —— ان دونوں نے اکٹھے بیٹھ کر آئمہ حدیث سے حدیث پڑھا ہے۔
اب امام حاکم حدیث کے باب میں سند ہیں اور امام ہیں —— حدیث میں بھی اور اصول حدیث
میں بھی امام ہیں۔ حجت علی الاطلاق —— امام حاکم —— صاحب مستدرک۔ امام حاکم
اور امام سلمی ہم جماعت بھی ہیں حدیث پڑھنے میں۔ امام سلمی امام حاکم کے شاگرد
بھی ہیں۔ ان —— سے روایت کیا ہے۔ اور ایک دو حدیثیں امام حاکم نے امام سلمی ——
روایت کر کے امام حاکم ان کے شاگرد بھی ہیں۔ یہ مقام ہے ان کا۔
تو مقصود بات کا یہ ہے۔ یہ گوشہ دنیا کی نظر سے بہت اوجھل تھا۔ کیونکہ
معروف کام ان کا تصوف سلوک میں رہا —— تو لوگوں نے سمجھا کہ شاید یہ تصوف
ہی کے میدان کے لوگ تھے۔ اور علم ان کے پاس نہیں تھا۔ ہاں یہ بات تھی۔
اصطلاح میں ایک بات سمجھاتا ہوا —— بات سمجھنے والی ہے۔ دو قسموں کے علماء ہوتے
ہیں —— علم کے باب میں دو طرح ہوتی ہیں۔ ایک ہوتا ہے کثیر العلم ہونا۔ کثیر الاطلاع
ہونا —— کہ اس کے پاس علم کی کثرت ہے۔ علم پر مطلع ہے بے حساب ہے۔
دوسری کا قسم ہوتی ہے۔ کثیر الروایت ہونا۔ کثیر البیان ہونا۔ علم کی زیادہ روایت کرنے والا
علماء۔ محدثین کثیر الروایت تھے۔ اور اولیاء کثیر الاطلاع تھے۔ روایت ان کا شغف

نہیں تھا۔ کیونکہ جس کو حال میں پاتا ہے، خوف قال کم کر دیتا ہے۔ جس کو حال جتنا زیادہ ملتا چلا جاتا ہے۔ وہ قال اتنا کم کرتا چلا جاتا ہے۔ تو یہ طبقوں میں فرق تھا۔ بعضوں کی ذمہ داری امت میں ہوتی۔ کہ علم دین اور علم سنت امت تک پہنچایا جائے۔ ان کی ذمہ داری یہ ہوتی ہے
اس لیے اللہ نے انہیں طبعًا کثیر الروایت بنایا۔ تاکہ ان آئمہ کے ذریعے علم اور تعلیم اسلام کی سنت امت تک پہنچے فروغ پائے منتشر ہو۔ اور بعض لوگوں کو علم اور اطلاع بے پناہ دی مگر ان کو حال میں جا غلبہ ملا۔ تو طبعًا ان کی قال سے دور ہوتی چلی گئی۔ تو زبان اور علم کے ذریعے امت کی اصلاح کرتے رہتے۔ اور صاحبانِ حال نظر کے ذریعے اصلاح کرتے ہیں۔ جب نظر کے ذریعے اصلاح کرنے کا عمل شروع ہو جائے تو قال کم ہو جاتا ہے
اب انہوں نے چونکہ روایت کم کیا۔ تو کم اطلاع لوگوں نے سمجھا کہ شاید ان کی اطلاع نہ تھی۔ قلیل الاطلاع لوگوں نے یہ سمجھا۔ تو کیونکہ جو خود علم اور اطلاع میں کم ہیں۔ جن کے پاس علم اور اطلاع کی اتنی کمی ہے۔ انہوں نے ان کو کثرتِ روایت میں جب نہیں دیکھا تو سمجھے کہ شاید یہ علم اطلاع میں کم تھے۔ نہیں اطلاع بہت تھی۔ بیان کم تھا۔ وہ چپ رہتے تھے۔ جانتے سب کچھ تھے۔ لہٰذا ان کا ہر قول ہر ان کا عمل ہر فرمان ان کا ہر شئی مبنی بر علم بر شریعت تھا۔ اور وہ حجت ہیں۔ اور علم اور مطالعے کتب کے سمندروں میں غوطہ زنی نہیں کی۔ بس وہ پانی پر اب تیرتے پھرتے ہیں۔ غوطہ زنی کرنے والے ہوتے تو انکار نہ کرتے۔ تو آج ہم اس جلیل القدر امام ابو عبد الرحمن السلمی کی کتاب طبقات صوفیہ۔ اور تذکرۃ الاولیاء کے باب میں یہ پہلی جامع کتاب ہے
اس کا مطلب یہ نہیں ہے۔ کہ تصوف میں یہ پہلی کتاب ہے۔ یہ پہلی کتاب نہیں ہے۔ تصوف کے باب میں اس سے پہلے کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ اور تصوف کے باب میں شامل جب سے کتب لکھی جانا شروع ہوئیں تصوف اور معرفت پہ اس وقت سے کتابیں آئمہ نے اور اکابرین اسلاف امت نے لکھنا شروع کیں۔ جب الجامع الصحیح بخاری، مسلم وغیرہ بھی نہیں لکھی گئی تھیں۔ ان سے بھی پہلے تصوف پر لکھا جانا شروع ہو گیا۔

لوگوں کو اس کا علم نہیں ہے۔ تصوف کہنے والوں میں خود امام احمد بن حنبل ہیں۔ اور امام احمد بن
حنبل امام بخاری کے شیخ ہیں۔ انہوں نے کتاب الزہد لکھی۔ پہلے زمانوں میں تصوف کے لیے
الزہد والرقائق یا الزہد والرقائق۔ یہ اصطلاح استعمال ہوتی تھیں۔ ان کا عملی طور پر کتابوں کے
لیے۔ اور عملی طور پر تزکیہ اور احسان کا لفظ استعمال ہوتا تھا۔ عملاً تصوف کے لیے تزکیہ
اور احسان کا لفظ استعمال ہوتا تھا۔ اور کتب کی دنیا میں زہد الرقائق کے نام سے کتابیں
لکھی جاتی تھیں۔ تصوف کی ابتدائی کتب ان عنوانات سے تھیں۔ تو امام بخاری کے شیخ
ہیں امام احمد بن حنبل ہیں۔ انہوں نے کتاب لکھی۔ کتاب الزہد۔ اسی طرح امام وکیع بن جراح
امام حدیث ہیں۔ یہ بھی امام بخاری اور امام مسلم یعنی اصحاب صحاح الستہ کے رجال میں سے ہیں۔
اور حدیث میں سند ہیں۔ انہوں نے کتاب لکھی تھی۔ کتاب الزہد والرقائق۔ جو امام بخاری
مسلم سے بہت پہلے ہو گئے۔ جو امام ابوحنیفہ کے تلامذہ میں سے ہوئے۔ اور ان کے معاصرین
میں سے ہیں۔ امام وکیع بن جراح۔ انہوں نے لکھی تھی۔ اور پھر ان سے بھی پہلے امام
عبداللہ بن مبارک نے لکھی تھی۔ کتاب الزہد والرقائق۔ یہ عبداللہ بن مبارک امام اعظم کے ہم
عصر ہیں۔ اور امام اعظم کے معاصرین ہیں۔ ہم مجلس ہیں۔ پھر امام اعظم کے تلامذہ میں سے
ہیں۔ اور ان کا اپنا درجہ عبداللہ بن مبارک کا امیر المومنین فی الحدیث ہے۔ علم الحدیث میں
سب سے اونچا درجہ اور لقب ہے۔ سب سے اونچا لقب اس سے اونچا علم الحدیث میں کوئی
لقب نہیں ہے۔ جیسے تصوف کی دنیا میں غوث سب سے اونچا لقب ہے۔ تو
جس کو حدیث کے باب میں امیر المومنین فی الحدیث کہہ دیں۔ سمجھو وہ علم الحدیث میں غوث
کا درجہ رکھتا ہے۔ امام بخاری کو امیر المومنین فی الحدیث کہتے ہیں۔ دو امیر المومنین فی الحدیث
ہیں کہ امام عبداللہ بن مبارک اور امام سفیان الثوری۔ امام عبداللہ بن مبارک بھی صوفی ہیں
اور امام سفیان الثوری بھی صوفی ہیں۔ تو جو امیر المومنین فی الحدیث ہیں۔ وہ خود صوفیا کرام تھے۔
تو امام عبداللہ بن مبارک نے کتاب الزہد لکھی۔ والرقائق۔ تو تصوف کو صحاح ستہ
کے دور سے بھی بہت پہلے مرتب ہوا ہے۔ پھر کتابیں چلتی رہیں۔ امام بخاری سے پہلے گزرے کو

اور اُن کے احوال کو اور اُن کے مقامات کو۔ اور اُن کے فرمودات کو اور اُن کے اقوال کو اور اُن کی تعلیمات کو تذکرے کی شکل میں جمع کرنا جو بہت سی کتابیں آپ کے سامنے رکھی ہیں۔ حضرت داتا گنج بخش سیدنا علی ہجویری کی یہ تصوف کی کتاب میں ایک باب ہوتا ہے۔ تذکرۃ الاولیاء کا۔ تو کشف المحجوب میں بھی تذکرۃ الاولیاء کا ایک باب ہے جس میں آپ نے اجل اکابر قرون اولیٰ کے اکابر اولیاء کے احوال لکھے ہیں۔ عوارف المعارف میں بھی ہے۔ حضرت فرید الدین عطار کی پوری کتاب تذکرۃ الاولیاء ہے حضرت ابراہیم خواص کی تذکرۃ الخواص ہے۔ الغرض جیسے محدثین کے ہاں طبقات المحدثین ہے۔ میزان الاعتدال ہے۔ تہذیب التہذیب ہے تقریب التہذیب ہے۔ تہذیب الکمال ہے۔ (۱۹ ۔ ۴۴) سیر اعلام النبلاء۔ تاریخ بغداد ہے۔ جیسے ہزاروں کتابیں محدثین کے طبقات میں لکھی گئیں۔ امام بخاری کی تاریخ الکبیر ہے تاریخ الصغیر ہے۔ کتاب الضعفاء ہے۔ کتاب المجروحین ہے۔ اسی طرح محدثین کے طبقات پر لکھی گئیں ان کے احوال ان کی سیر کیا ہو ان کے مستند ہونے پر ان کی ثقہ ہونے پر ان کے مقام و مرتبہ پر اسماء رجال کی کتابیں ہیں۔ اسی طرح صوفیاء اور اولیاء کے بھی احوال پر کتابیں ہیں۔ ان کتابوں کو تذکرۃ الاولیاء کی درس کی کتابیں کہا جاتا ہے۔ تو یہ تصوف کی کتاب میں اسی طرح کے ابواب ہوتے ہیں۔ [illegible]۔ یہ کتاب خاص اول تا آخر اولیاء اللہ کے تذکرے پر ہے۔ اور یہ کتاب سند کا درجہ رکھتی ہے۔ یعنی تذکرۃ الاولیاء کے باب میں طبقات سلمی کا درجہ اس طرح ہے جیسے حدیث کے باب میں بخاری شریف کا مقام ہے۔ علم التصوف میں اور تذکرۂ صوفیاء اور تذکرۃ اولیاء کے باب میں طبقات سلمی کا وہ درجہ ہے۔

اس کتاب کا پہلا باب امام ابو عبدالرحمن سلمی نے حضرت فضیل بن عیاض کا کا ہے۔ اس کا اسم گرامی تھا۔ فضیل بن مسعود بن بشر التمیمی الخراسانی یعنی اصلاً یہ صوبہ خراسان میں سے تھے۔ اور خراسان ایران کا صوبہ ہے۔ اور اکثر محدثین آئمہ رجال ہوئے۔ امام ابن ماجہ امام نسائی نسا سے ہوئے

وہ بھی اسی صوبہ سے ہیں۔ امام ترمذی ترمذ سے ہوئے۔ وہ بھی ایران اس زمانے کا
ترکستان تھا۔ یہ ایران کے حصے میں آجاتا ہے۔ امام ابو داؤد سجستانی —
چار قول ہیں۔ بعض محدثین نے کہا یہ ایک گاؤں تھا۔ دیگر محدثین نے کہا یہ تھا زرنج مکران میں
خاران میں ایسے لوگ کا گاؤں ثابت نہیں — انہوں نے کہا خراسان میں گاؤں تھا
بیشتر اقوال محدثین کا یہ ہے۔ امام ابو داؤد کا جن کی سنن ابو داؤد ہے — کہ یہ کابل سے
تھے۔ یہ گاؤں افغانستان کابل میں تھا — اور کابل کا وہ خطہ جو ہندوستان اور افغانستان
کے پہاڑوں کو ملاتا ہے — اور چوتھا قول یہ ہے کہ ایران اور سندھ یا سیستان کا بھی حصہ
تھا۔ جو بلوچستان ملتا ہے۔ اس جگہ کہیں سجستان کا گاؤں تھا۔ جہاں سے امام ابو
داؤد سجستانی ہوئے — تو تھوڑا سا حصہ آئمہ حدیث کے باب میں اس خطے
کا بھی شامل ہو گیا — امام مسلم نیشاپور سے ہوئے۔ نیشاپور بھی
خراسان ایران سے تھا — اور امام بخاری بخارا سے ہوئے۔ وہ آج ازبکستان
ہے۔ مگر اس زمانے وہ بھی ایران کا صوبہ تھا — آپ اندازہ کریں کتنا بڑا حصہ یہاں اس
خطے کا۔ اسلام میں بہت سارے آئمہ اکرام آئے۔ الحرمین عظیم
بخاری کے روات مسلم کے روات اکرام سے یہ وہ علاقہ جہاں —
حضور داتا گنج بخش آئے غزنی سے یہ علاقہ ایک ہے۔ اور حضور داتا گنج بخش
علی الہجویریؒ ان کے دادا شیخ ہیں۔ جن کی کتاب کا درس دے رہا ہوں —
امام عبدالرحمن السلمی — ان کے دادا صاحب کے شیوخ میں ہیں۔ امام ابو القاسم
القشیری کا جن کا معروف رسالہ القشیریہ ہے۔ یہ حضور داتا صاحبؒ کے
شیوخ میں سے ہیں — اور امام ابو القاسم القشیریؒ یہ امام سلمی کے شاگرد
اور مریدین میں سے ہیں — حضرت سلمی حضور داتا صاحب کے بھی دادا شیوخ
میں سے ہیں — تو یہ امام سلمی حضرت فضیل ابن عیاض سے اور یہ فضیل ابن عیاض
ان کی وفات 187ھ میں ہوئی — اور ولادت بہت پہلے تھی — اور یہ جلیل القدر

اولیاء اللہ میں سے تھے۔ مگر جلیل القدر امام حدیث بھی تھے۔ اور یہ صحیح بخاری، صحیح مسلم سمیت
ابن ماجہ کے سوا پانچوں کتابوں صحاح ستہ کی حضرت فضیل بن عیاض ان کتب کے رجال
میں سے ہیں — امام بخاری اور امام مسلم کے بھی۔ ابو داؤد دارمی و امام ترمذی نسائی سب
کے رجال میں سے ہیں — تو لوگوں نے حضرت فضیل ابن عیاض کو صوفی جانا۔ اور
یہ امام بخاری، مسلم وغیرہ کے کتب کے امام حدیث بھی ہیں — آپ نے اپنا علم زیادہ
تر کوفہ میں آکے حاصل کیا۔ ولادت آپ کی سمرقند میں ہوئی تھی۔ اور بعضوں نے کہا۔
بخارہ میں ہوئی — تاہم بخارہ اور سمرقند شہر قریب ہیں۔ امام فضیل
بن عیاض نے ان کی سند متصل ہوئی حضور علیہ السلام تک ہے۔ حضرت فضیل بن
عیاض۔ روایت کرتے ہیں۔ امام منصور بن معتمر سلمی سے وہ روایت کرتے ہیں کہ سیدنا
امام ابراہیم النخعی سے — (۲۱-۵۳) جو امام اعظم کے شیخ ہیں۔ اور جلیل القدر
تابعی ہیں — وہ روایت کرتے ہیں حضرت علقمہ سے — حضرت علقمہ بن قیس النخعی —
وہ شاگرد ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود کے۔ آقا علیہ السلام نے فرمایا۔ امام سلمی
نے یہاں حدیث متصل اور مرفوع سند کے ساتھ حضرت فضیل بن عیاض۔ کی روایت کی
اس پوری روایت میں — اس میں کوئی راوی کمزور نہیں ہے — یہ بات بڑی اہم ہے کہ
سند میں ایک راوی بھی غیر ثقہ نہیں ہے — حضرت فضیل ابن عیاض خود بلند
درجہ آئمہ میں سے ہیں۔ جن سے آئمہ نے آگے روایت کیا ہے۔ اس لیے یہ شمار ہوا
کہ آگے جو حدیث آرہی ہے وہ قابل ذکر ہے — اور سب سے بڑھ کر یہ بات سمجھ
لیں — اصول حدیث میں۔ اور علم الاسناد میں جس سند کے راوی محدثین بھی ہوں
ثقہ اور فقہاء بھی ہوں — جو سند اور روات فقہاء محدثین کی ہوں۔ خواہ وہ سند
نازل ہی کیوں نہ ہو — یعنی طویل لمبی سند ہی کیوں نہ ہو — اور اس کے مقابلے میں چھوٹی
سند ہو۔ تھوڑے افراد پر مشتمل مگر غیر فقہاء محدثین کی سند ہو۔ تو فقہاء محدثین کی سند
نازل۔ خالی محدثین کی سند عالی سے اعلیٰ اور ارفع ہوتی ہے —

یعنی یہ سند زیادہ معتبر ہوتا ہے — اور یہ جو سند میں نے حدیث میں بیان کی ہے یہ فضیل
بن عیاض کی — یہ مسند شہاب کی حدیث کی سند ہے — بڑی بلند رتبہ سند ہے —
اس سند سے روایت کرتے ہیں عبداللہ ابن مسعود ؓ — دل کے کانوں سے یہ
حدیث سننے والی ہے — کہ آقا علیہ السلام نے فرمایا (مسند الشہاب جلد ۲
صفحہ ۳۲۸ رقم 1453) کہ اللہ تعالیٰ دنیا سے ڈرتا ہے — آ دنیا — اب یہاں
یہ بات معلوم ہوئی کہ کہ جب اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے — الا ان
اولیاء اللہ لا خوف — (سورۃ یونس 62) کہ خبردار میرے اولیاء پر نہ کوئی خوف
ہوگا۔ دنیا کا نہ کوئی غم ہوگا — یہ نہیں ہے کہ مطلقاً خوف و غم ہوگا۔ اللہ
نے اولیاء کو ایک قسم کے خوف کو غم سے بچا رکھا ہے اور ایک قسم کے خوف و غم
سے بھر دیا ہے — دنیا کا خوف و غم ان سے ہٹا دیا ہے اور اپنا خوف اور اپنا غم
ان کو لگا دیا ہے — (دوستان محترم) ایک دل میں دو خوف جمع نہیں ہو سکتے
اور ایک دل میں دو غم جمع نہیں ہوتے — اور ایک دل میں دو محبتیں جمع
نہیں ہوتی — یہ نظام قدرت ہے — دو سودے اکٹھے نہیں ملیں گے
ایک کر لو۔ یا یہ کر لو — یا یہ کر لو — ایک گھر میں دو سوکنیں نہیں رہ سکتی —
ایک مولا کی محبت اور ایک دنیا کی محبت۔ ہماری پوری کی زندگی کا جس ابتداء کا
شکار رہی ہے — وہ یہ ہے کہ اس ناممکن کو ممکن بنانے کے دھندے میں لگے ہوئے ہیں
ہم دو متضاد قسم کے سودے اکٹھے کرتے ہیں — دونوں دلوں کے لیے چاہتے ہیں کہ اللہ
کی محبت اس دل میں آ جائے — اور باقی کیا رہ گیا ہے ابلیس دل کے لیے چاہتے
ہیں کہ دنیا کی محبت ہمارے دل میں آ جائے — دو محبتیں اکٹھی نہیں رہ سکتی —
میں دنیا چھوڑ دینے کی بات نہیں کر رہا — اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے نہیں فرمایا
دل سے حب دنیا نکال دینے کی بات کر رہا ہوں — صرف اتنی بات ہے کہ آپ
دنیا میں رہیں — پھر دنیا آپ میں نہ رہے — تو اگر دنیا کی محبت دنیا کی چاہت

دنیا کی رغبت - دنیا کا حرص دنیا کا لالچ - دنیا کی تڑپ - اگر دل میں آ گیا تو اللہ کی محبت
خیر باد کر جاتی ہے کہ اب تو نے اپنے دشمن اس گھر میں بٹھا لیا ہے - ہم رخصت
ہوتے ہیں - اسی طرح دو غم ایک دل میں جمع نہیں ہوتے - غم مولا - یا غم دنیا -
اللہ نے جو فرمایا - کہ میرے اولیاء - انہیں نہ کوئی خوف ہوگا نہ کوئی غم ہوگا - خوف اور غم
کو اپنے در سے دھتکار دیا ہے - اس لئے کہ جو اولیاء ہوتے ہیں - وہ اللہ کے محبوب
بھی ہوتے ہیں - جب کوئی ولی ہو جاتا ہے - تو وہ صرف اللہ کا محب نہیں رہتا - وہ
اللہ کا محبوب بھی ہو جاتا ہے - مگر حقیقت یہ ہے محبوب اللہ کا پہلے بنتا ہے - محب
بعد میں ہوتا ہے - یہ فیصلہ ان پر ہوتا ہے - اللہ جب اپنی محبت کے لئے کسی کو چن لیتا
ہے - وہ ولی بن جاتا ہے - وہی محب ہوتا ہے - جس شخص کو اللہ اپنی محبت کے
لئے چن لیتا ہے

(حدیث) = اللہ جبرائیل کو بلا کر بتا دیتا ہے راز محبت - صحیح بخاری (۳) - اے جبرائیل فلاں
بندے کو جانتے ہو - فلاں شہر میں رہتا ہے - فلاں کا نام ہے - میں باری تعالیٰ جانتا ہوں - کیا
معاملہ ہے اس کے لئے کیا حکم ہے - بس وہ فرماتا ہے - مجھے اس سے محبت ہو گئی ہے - کتنا
پیارا جملہ ہے - ایک ہم ہیں - کہ مارے مارے پھرتے ہیں - کہ ہمیں اس سے محبت
ہو جائے - کسی سے - اس کی محبت کی خنکاری ہمیں بھی مل جائے - اسی بہانے اس
کی محبت کی خنکاری کی تڑپ لئے - اپنے اندر دل میں مارے مارے پھرتے ہیں - اللہ کے
خوش نصیب ہیں وہ لوگ - جن کے لئے خدا باری تعالیٰ جبرائیل کو بلا کر اپنا راز افشا
کرتا ہے - اللہ فرماتا ہے - مجھے اس بندے سے محبت ہو گئی ہے - (۳۰۔۳۲) -
ذرا اس جملے پر غور کریں - رب کی بارگاہ سے جملہ نکل رہا ہے - پھر جبرائیل امین پوچھتے ہیں
باری تعالیٰ اب میرے لئے کیا حکم ہے - تو نے اپنا راز محبت افشا کر دیا - پھر وہ رب ایسا
ہے - وہ دنیا کے محبوبوں کی طرح نہیں ہے - کہ جس سے میں محبت کروں اس سے اور کوئی
نہ کرے - نہیں اس کی محبت ایسی ہے - کہ جس سے میں محبت کروں - وہ چاہتا ہے کہ کوئی

اس سے محبت کرے۔ جب وہ کہے گا مجھے اس سے محبت ہو گئی ہے۔ تو گویا وہ اس بندے کے لئے وہ کہہ رہا ہے جو خود دنیا کے لئے محبت کرتا پھرتا ہے۔ وہ خود دنیا کی محبت دل میں سجائے پھرتا ہے۔ اور اس کے لئے فرمائے گا کہ مجھے اس سے محبت ہو گئی۔ حدیث پاک میں ہے آقا علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا۔ جو ہماری ملاقات سے نہیں چاہتا (صحیح بخاری ج 6 صفحہ ۲۷۲ نمبر رقم 7065) ہم بھی اس کی ملاقات نہیں چاہتے۔ مَنْ أَحَبَّ لِقَائِي أَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ جس نے میری ملاقات کی محبت رکھی میں بھی اس سے ملاقات کا مشتاق ہوتا ہوں۔ یہ تو سودا دست بدست ہے۔ ایسا تو نہیں ہو سکتا۔ کہ کسی سے محبت کرے اور ایسے ایسے سے کرے جو خود دنیا کی مال و دولت سے محبت کرتا پھرتا ہو۔ دنیا کی غلاظتوں سے عہدہ و منصب سے اور خود میں سے اور اپنے نفس سے۔ جو جھوٹی محبتوں کے دنیا کی محبت کے بت اپنے دل کے صنم کدہ میں سجائے پھرتا ہو۔ اس کی محبت کوئی اتنی ارزاں اور سستی چیز ہے۔ کہ وہ ایسے سے محبت کرے گا۔ نہیں وہ کہہ جاتا ہے جبرائیل۔ مجھے اس بندے سے محبت ہو گئی ہے۔ تو جبرائیل بھی پوچھتے ہیں باری تعالیٰ میرے لئے کیا حکم ہے۔ فرماتا ہے۔ جبرائیل تو بھی اس سے محبت کر۔ تو جبرائیل کو بھی اس محبت میں شریک کرتا ہے۔ اِنِّي أُحِبُّ فُلَانًا۔ تو یہ اللہ کا فعل ہوا یا نہیں (صحیح بخاری جلد ۳ صفحہ 1175 رقم 3037) اور جب جبرائیل کو کہا کہ تو بھی اس سے محبت کر تو اپنے فعل میں جبرائیل کو شریک کیا۔ وہ رب جو ہر ایک کو شرک سے منع کرتا ہے۔ کہ میرا کوئی شریک نہیں۔ جس سے محبت کر لے اس میں ہر ایک کو شریک بناتا پھرتا ہے۔ یہ شرک نہیں ہے یہ اشتراک ہے۔ وہ رب جو قرآن میں جا بجا فرماتا ہے۔ میرا کوئی شریک نہیں ہے۔ اور شریک بنانے والوں کو قیامت کے دن پکڑ لیا جائے گا۔ وہ رب جو شریک پسند نہیں کرتا۔ وہ جس سے محبت کر لے سارے جہاں کو اپنا شریک

بنانا چاہتا ہے۔ وہ قاعدہ بدل جاتے ہیں۔ وہاں اس کی محبت میں کشش پیدا ہوتا تو حسد پیدا ہو جاتا ہے۔ تاکہ محبت ایک بن جائے ہم سمت کی۔ تو فرماتا ہے کہ جبرائیل تو بھی محبت کر۔ تو پھر جبرائیل امین پوچھتے ہیں کہ باری تعالیٰ میں نے بھی محبت کر لی۔ وہ بندہ میرا بھی محبوب ہو گیا۔ اب مزید کیا حکم ہے۔ فرماتا ہے۔ اب جا آسمانوں کی پوری کائنات میں فرشتوں میں اعلان کر دے۔ ندا کر دے اور ان کو بتا دے میرا راز محبت افشاں کر دے آسمانوں میں۔ بتا دے میں نے فلاں سے محبت کی ہے۔ اے آسمان والو تم بھی سب اس سے محبت کرو۔

تو اللہ کے فرشتوں سے ولیوں سے مقرب بندوں سے محبت کی داستان تو وہاں سے شروع ہوتی ہے۔ یہاں زمین سے تو شروع ہی نہیں ہوتی۔ جو داستان زمین سے شروع ہو۔ تو پھر اہل زمین اس کو ختم بھی کر سکیں۔ اگر کوئی کہانی زمین سے شروع ہو تو اہل زمین مل جل کر محبت کر کے ختم بھی کر لیتے۔ نادان لوگ یہ کہانی محبت کی تو زمین سے شروع ہی نہیں ہوئی۔ یہ تو وہاں سے شروع ہو گئی ہے۔ اب اس محبت کو آپ اور ہم کیسے مٹا سکیں گے سر ہی ہو جائیں گے ٹھلے اپنا۔ ہم جتنی کوشش کر لیں گے۔ یہ کہانی یہاں کی ہے ہی نہیں۔ یہ لامکاں کی کہانی ہے۔ تو پہلے اس محبت کا اعلان آسمان پہ ہوتا ہے۔ پھر سارے فرشتے آسمان والے اس سے محبت شروع کر دیتے ہیں۔ یہ حدیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے۔ متفق علیہ حدیث ہے۔ تو سب آسمان والے محبت شروع کر دیتے ہیں۔ اس کے بعد پھر حکم ہوتا ہے باری تعالیٰ اب کیا کریں؟ تو بتا دیں جی۔ کیونکہ وہ شرک گوارہ نہیں کرتا ہے اپنی محبت میں۔ اس کی محبت نرالی ہے۔ اس لئے کہ وہ خود نرالا ہے۔ اس جیسا کوئی نہیں ہے۔ تو پھر وہ حکم دیتا ہے کہ اب یہ کرو۔ سب فرشتے زمین پر اتر جائیں۔ اور اہل زمین کے دلوں میں میرے اس محبوب بندے کی محبت کو بٹھا دیں۔ پھر اس کی مقبولیت زمین

پر اتاری جاتی ہے ۔ اور جب زمین پر اتاری جاتی ہے تو وہ ہر ایک کو نہیں ملتی ۔ آسمان میں
سب کو ملی ۔ کیونکہ سب پاک ہیں ۔ زمین میں اس کے محبوبوں کی محبت ہر ایک
کو نہیں ملتی ۔ ناپاک برتن میں کوئی دودھ اور پانی نہیں ڈالتا ۔ یہ نہیں ہوتا کہ زمین
کے ہر شخص کے دل میں ڈال دو نہیں ۔ اور فرشتوں کو خود سمجھ ہے ۔ کہ کون سا
سے دل اس قابل ہے جو رب کے محبوب سے محبت کریں ۔ اور کون سے
دل اس محبت کے قابل نہیں ہیں ۔ کہ جن میں اس کے محبوبوں کی محبت رکھی جائے
جو اس کے محبوبوں کی محبت کے لائق دل ہوتے ہیں ۔ ان دلوں میں وہ محبت ڈال
دی جاتی ہے ۔ جو اس کے محبوبوں کی محبت کے لائق نہیں ہوتے ۔ ان کے دلوں میں
وہ محبت ڈالی ہی نہیں جاتی ۔ تو یہ کوئی جھگڑے کی بات نہیں ۔ نہ محبت آپ نے
ڈالی نہ میں نے ڈالی جس جس دل کو رب نے چنا اس میں اس کے اولیاء کی محبت
آ گئی ۔ جن جن دلوں کو رب نے رد کر دیا وہ محبت اولیاء سے خالی رہ گئے
اللہ پاک جس کو چنتا ہے ۔ ملائکہ کے ذریعے چن لیتا ہے ۔ کہ کن دلوں میں وہ محبت
ڈالنی ہے ۔ اور کن دلوں میں وہ محبت نہیں ڈالنی ۔ تو لہذا نہ [illegible] عار اس
ہوا کریں نہ اور کوئی جلال میں آیا کرے ۔ یہ نہیں ہم محبت کرتے ہیں ۔ وہ لوگ کیوں نہیں
کرتے ۔ اس کے دل کو اللہ نے چنا نہیں ہے ۔ آپ کیسے رب بن سکتے ہیں ۔
جو کام رب کے پاک کا ہے وہ آپ نہیں کر سکتے ۔ اور یہ بات تو ہے نہیں جو
قرآن کے درس سنے گا ۔ لازماً اس کا دل بھی پاک ہو گا ۔ یہ کہیں نہیں لکھا ہوا ۔
بلکہ اس کے برعکس یہ لکھا ہوا ہے ۔ کہ بڑے لوگ ہوں گے جو قرآن بڑا پڑھیں گے ۔ مگر ان
کے حلق کے نیچے دل میں نہیں اترے گا ۔ تو قرآن پڑھنے والے تو قرآن پر قرآن
بیان کرنے والے یہ تو نہیں کہ قرآن اس کے دل میں سچ لگا ہے ۔ آقا علیہ السلام
اہل مدینہ کے اعراب کو بھی بتا رہا تھا ۔ کہ تم یہ نہ کہو کہ آمنا ۔ بلکہ کہو اسلمنا ۔ (صحیح
بخاری جلد ۱ ص ۱۸) یہ نہ کہو کہ ایمان آ گیا ۔ بلکہ یہ کہو کہ ہم اسلام میں آ گئے ۔ اس

لئے کہ ایمان ابھی تمہارے دلوں میں نہیں آیا ۔ قرآن کی بات سے لوگوں کی زبان پر حلق پر
تک آتا ہے ۔ مگر دل میں نہیں آتا ۔ وہ جن دلوں کو (دنیا) چنتا ہے ۔ انہیں دلوں میں اپنے محبوبوں
کی اپنی محبت رکھتا ہے ۔ اور جب اپنے محبوب بندوں کی محبت ہر دل میں نہیں
رکھتا ۔ تو بتائیے ۔ اپنی محبت ہر دل میں کیسے رکھ دے گا ۔ وہ محبت بڑی غیرت
مند ستھری ہوتی ہے ۔ وہ محبت میں لوگوں کو شریک تو کرتا ہے ۔ مگر اہل لوگوں کو کرتا
ہے ۔ نااہل لوگوں کو نہیں کرتا ۔ تو اپنی محبت ان دلوں میں نہیں رکھتا ۔ کہ جن
دلوں میں دنیا کی محبت ہو ۔ نفس کی محبت بھی ہو ۔ میں کی محبت بھی ہو ۔ جاہ و منصب
کی محبت بھی ہو ۔ مال و دولت کی محبت بھی ہو ۔ زین للناس حب الشہوات ۔۔۔ الحرث
آل عمران (14) ۔ جن کے جو دل سینکڑوں ناپاک محبتوں کے بتوں سے
بھرے پڑے ہوں ۔ بھلا اس میں وہ اپنی محبت رکھ دے گا ۔ اپنے محبوب بندوں کی محبت
کے لئے دل چنتا ہے ۔ تو اپنی محبت کے لئے تو سیدھے اور چنے ہوئے دلوں سے بھی زیادہ
چنے ہوئے دل دیکھے گا ۔ اسی لئے میں نے عرض کیا ۔ کہ دو محبتیں ایک دل
میں جمع نہیں ہوں گی ۔ (33-4) ۔ اسی طرح دو غم بھی ایک دل میں جمع نہیں ہوں گے
۔ دنیا اور غم آخرت ایک دل میں جمع نہیں ہوں گے ۔ غم دنیا اور غم مولا ۔ ایک دل میں
جمع نہیں ہوں گے ۔ اسی طرح دو خوف ایک دل میں جمع نہیں ہوں گے ۔ خوف دنیا اور خوف
اہل دنیا ۔ اور خوف الٰہی ۔ یہ بھی ایک دل میں جمع نہیں ہوں گے ۔ جو دنیا داروں سے
ڈرتا ہے ۔ وہ سمجھ لو اللہ سے نہیں ڈرتا ۔ وہ زبان سے کہتا کیسا جھوٹ
ہے ۔ اور جو اللہ سے ڈرتا ہے ۔ وہ دنیا میں کسی سے نہیں ڈرتا ۔ یہ معنی ہیں لا
خوف علیہم ولا ہم یحزنون (یونس 62) ۔ کیونکہ لا کے بعد خوف اور یحزنون
کا لفظ دو طور پر آ سکتا تھا ۔ لا خوفَ علیہم بھی آ سکتا تھا ۔ منصوبًا ۔ مگر
یہاں پر خوف نہیں کہا ۔ لا خوفٌ علیہم ۔ لا خوفَ آتا تو اطلاق ہو جاتا کسی
قسم کا خوف نہیں ہوتا ۔ اس میں خوف دنیا کی نفی بھی ہو جاتی ۔ خوف آخرت

کسی بھی نقصان ہو جاتی۔ ذرا برابر خوف ایک قسم کا خوف نہیں ہوتا۔ دوسری قسم کا خوف
ہوتا ہے۔ لیکن دنیا کا خوف نہیں ہوتا۔ ان سے محفوظ کر دیا جاتا ہے۔ اور اس کا
اپنا خوف ڈال دیا جاتا ہے۔ دنیا کا غم ان سے چھین لیا جاتا ہے۔ نقصان
بھی ہو جاتے۔ ولنبلونکم بشیء ——— الثمرات (بقرہ 155) آزمایا جاتا ہے
محبت ڈالنے سے پہلے آزمایا جاتا ہے۔ ولنبلونکم۔ پہلے تو خوف ہی سے آزمایا
جاتا ہے۔ بھوک سے آزمایا جاتا ہے۔ نفع نقصان سے آزمایا جاتا ہے۔
ثمرات چھین کر آزمایا جاتا ہے۔ مال دے کر آزمایا جاتا ہے۔ مال لے کر دوبارہ بھی
آزمایا جاتا ہے۔ لہذا سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب مال نہ ملا تھا۔ مال کی کثرت نہ تھی۔
تنگ دستی تھی۔ ہم صبر میں آزمائے گئے۔ (۵۷—۱۷) کامیاب ہو گئے۔ جب غنا آ گیا۔
مال کی کثرت آ گئی۔ آزمائے گئے تو ناکام ہو گئے۔ یہ لوگوں کی بات کر رہے ہیں۔ کچھ لوگ
تنگ دستی میں ناکام ہو جاتے ہیں۔ کچھ لوگ فراخ دستی میں ناکام ہو گئے ہیں۔ تنگ
دستی کی ناکامی صبر کا دامن چھوڑ بیٹھتے ہیں۔ اور خوش حالی اور فراخ دلی میں شکر
کا دامن چھوڑ بیٹھتے ہیں۔ یہ دھیان نہیں رہتا کہ کس نے دیا ہے۔ وہ سمجھتا ہے میں نے
اپنے ہنر سے کمایا ہے۔ تو اللہ رب العزت ولنبلونکم پر چھاؤ کر لیے ہیں۔ فتنہ ہے
پرکھا ہے۔ اور پھر اگر اچھا پایا ہے تب ثابت ہو جائیں۔ اور ثابت قدم
میں پر اس لئے ان میں دل کامیاب ہو جائے ثابت قدم رہتا ہے۔ صحرا میں اڑنے والے
پتے کی طرح نہ رہتے۔ جو حرص و ہوس دنیا کی آندھیوں میں کبھی اڑ کے ادھر
جاتا ہے۔ کبھی اڑ کے ادھر جاتا ہے۔ ان پتوں کی طرح نہ رہتا بلکہ رہتا ہے۔ جمع رہتا ہے
دل اس کی محبت پر اللہ کے خوف پر اس کے غم پر اللہ کی طرف اس کے شکر پر
اس کے توکل پہ اس کی رضا پر اس کی تقدیر پر۔ اس کی عطا پر اس کی رحمت پر،
اس کی قربت پر اور اللہ کی طرف تکنے اور اللہ پر جو دل جمع رہتا ہے پھر وہ ہٹتا نہیں کیا
سبب اس کا دل ایسی سیج ہے جاؤ اس پر سو جاؤ۔ اس کے دل کی دلہن بن جا۔

اس کے دل میں جم جا۔ اس لئے کہ یہ وہ دل ہے۔ جس نے ہر محبت اپنے اندر سے نکال
دی ہے۔ ہر غم نکال دیا ہے۔ ہر ترس نکال دی ہے۔ ہر رغبت نکال دی ہے۔
ہر حرص نکال دیا ہے۔ جب دل کا کمرہ ہر حرص و طلب سے پاک ہوتا ہے۔ اس کی
محبت دلہن بن کے دل کی سیج پہ آجاتی ہے۔ اس لئے پھر وہ کہتا ہے۔ وبشر الصابرین
راجعون۔ (بقرہ 156 - 155) اس آیت کا راز کچھ اور ہے۔ جب وہ ہر
امتحان میں پورے ہوتے ہیں۔ تو وہ فرماتا ہے ان کو خوشخبری سنا دو۔ مبارک دے دو
خوشخبری دے دو۔ اس لئے کہ جب مصائب والآلام و پریشانیاں آتی ہیں۔ تو یہ تکلیفوں
کی طرف دھیان نہیں کرتے۔ میری طرف دھیان کرتے ہیں۔ کہتے ہیں انا للہ وانا الیہ
تکلیف آئی تو کیا ہوا۔ ہم تو اللہ کے لئے ہیں۔ ہم تو اللہ کی طرف جانے والے ہیں۔
حضور داتا گنج بخش علی ہجویری کا شف بیان کیا۔ ایک عارف کی بات کہ ایک عارفہ
سے ملاقات ہوئی۔ تو میں نے ان سے پوچھا۔ آپ کہاں سے آئی ہیں۔ اس
عارفہ نے کہا اللہ کی طرف سے۔ آپ کدھر جا رہی ہیں۔ کہا اللہ کی طرف جا رہی ہوں۔
ان دلوں میں اپنی محبت رکھتا ہے۔ جن کے سفر کی ابتداء بھی اللہ ہوتا ہے
انتہا بھی اللہ ہوتا ہے۔ (42-20) جو آتے بھی اللہ کی طرف سے ہیں۔ اور جاتے
بھی اللہ کی طرف سے ہیں۔ اور رہتے بھی اللہ اللہ کی نگری میں ہیں۔ اس کی محبت کی نگری میں
رہتے ہیں۔ تو ان کو تو کیا مصیبت آئی تو کیا ہوا۔ ہم کو ان مصیبتوں اللہ خوش ہوتا ہے
کے لئے۔ تو کیونکہ سے ہیں ہم تو اللہ کے لئے ہیں۔ اور جانا بھی اللہ کی طرف ہے۔ فرمایا
جب دل اتنا ثابت ہو جاتا ہے مضبوط ہو جائے مستحکم ہو جائے۔ تو ان کے لئے
خوشخبری ہے۔ اولئک علیہم صلوات۔ (بقرہ 157) ان پر ان
کے رب کی طرف سے ہدایت ہے۔ کی طرف سے درود ہوتے ہیں۔ درود
کی بارش ہوتی ہے۔ اندر روشن ہوتی ہیں۔ جب اللہ کے دوستوں کی محبت ہر دل
میں نہیں ڈالتا۔ تو اپنی محبت ہر دل میں کیسے ڈالے گا۔ جن کے دل میں اپنی محبت

ڈال دیا۔ تو سمجھ لیں کہ اُس نے اُن کو چن لیا تھا۔ اور اُن کو جو چن لیا تھا۔ وہ ایسے چن لیا کہ
میں جبرائیل کو بتا دیا تھا۔ تو محبوب پہلے ہوتے ہیں۔ محب بعد میں ہوتے ہیں۔ جب یہ
صورت ہو گئی تو پھر اللہ رب العزت اپنے اُن دوستوں اپنے محبوبوں اور ولیوں کے لیے گھٹا دیتا ہے
دنیا کو۔ اب چونکہ اُس کی محبت آ گئی ہے۔ ان کے دلوں میں محب ہو گئے اللہ کے محبوب
ہو گئے اللہ کے۔ حضرت فضیل ابن عیاض نے عن طریق حضرت عبداللہ بن مسعودؓ
یہ حدیث رسولؐ روایت کی ہے کہ جب یہ محبوب ہو گئے اللہ کے دوست ہو گئے تو پھر اللہ
تعالیٰ خود ان کا اہتمام کرتا ہے۔ اُن کو محبت دنیا سے بچانے کا۔ چونکہ وہ محبوب بھی
بن گیا محب بھی بن گیا ـــــ وہ خود حفاظت کرتا ہے تاکہ اُن کے دل کسی دنیا کی
محبت میں پھنس نہ جائیں ـــــ وہ ایسا اہتمام کرتا ہے۔ دیتا ہے یا دنیا کم ہی کی تنگی
اولیاء کی کو (مسند الشہاب جلد ۲ صفحہ ۳۲۸ رقم 1453) اور یہ دیتا رہتا ہے
دنیا کو اے دنیا۔ دنیا ضرور دار شن لے میرے اولیاء کے اوپر کڑوی بن کے رہ۔ اور اُن
کے لئے بہت میٹھی نہ بن ـــــ یہ پیاری حدیث ہے ـــــ بڑی شیریں ہیں۔
کہ اگر تو دنیا اپنی شکل اُن کے لئے بہت میٹھی ـــــ اگر تو میرے اولیاء کے لئے بہت میٹھی
ہو گئی ہمیشہ بڑی میٹھی بن گئی ـــــ کہیں ایسا نہ ہو کہ اُن کے دل تجھ میں مبتلا نہ ہو جائیں
تیرے فتنے میں ـــــ اور میں نہیں چاہتا کہ انہیں مجھ سے محبت ہے۔ مجھے ان سے
محبت ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ تیرے فتنے میں الجھ جائیں۔ بس وہ تیرے ساتھ نہیں اُن کا
رہنا ہو ـــــ کشتی بڑی بھاری ـــــ زیادہ کی دنیا کے لئے اللہ کا یہ حکم ہوتا ہے۔ لہذا اُن کی زندگی
میں زہد و تقویٰ آتے رہتے ہیں ـــــ (24-55)

Abbas

۵-۲-۱۴۳۹ ۲۰۱۸
19-۷-
۱۰-12 PM

اس سے آگے بیان
جلد نمبر 2 پر ہے

(تقریر نمبر ۲۴۶ صفحہ ۱۶۸)

نحمده ونصلي ونسلم على سيدنا ومولانا محمد رسوله النبي الامين الكريم الحليم الكريم الرؤف الرحيم
وعلى آله الطيبين الطاهرين وصحبه الكرام المتقين المخلصين المنتجبين والخلفاء
الراشدين المهديين وجميع الاصحاب المكرمين والتابعين والأولياء والصالحين
الى يوم الدين برحمتك يا ارحم الراحمين.

① عمل کا گر جانا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ واصبر وما صبرک الا باللہ ولا تحزن علیہم
ولا تک فی ضیق مما یمکرون ان اللہ مع الذین اتقوا والذین ھم محسنون۔
(تعویذ زیر ناف باندھے)

یا مجیب۔ او کظلمات فی بحر لجی یغشاہ موج من فوقہ موج من فوقہ
سحاب ظلمات بعضھا فوق بعض ـــ فما لہ من نور۔
